پاکستان کے شیعہ

خودمختار مگر دباؤ کا شکار اقلیّت

عجیب لوگ ہیں یہ **خاندانِ عشق** کے لوگ
ہوتے جاتے ہیں **قتل** مگر کم نہیں ہوتے

مُصنف: **آندریاس رِیک**

مُترجم: **مظہر حُسین ہاشمی**

ابناک ریسرچ اکیڈمی اسلام آباد

ابناک

پاکستان کے شیعہ

خود مختار مگر دباؤ کا شکار اقلیت

مظہر حُسین ہاشمی

کتاب کے جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں۔

نام کتاب:	پاکستان کے شیعہ
مصنف:	Andreas T. Rieck
مترجم:	مظہر حسین ہاشمی
کمپوزنگ:	محمد تقی
پروف ریڈنگ:	فرحان حیدر
ایڈیشن:	اوّل
اشاعت:	31 جولائی 2026ء
تعداد:	ایک ہزار
قیمت:	2,000 روپے

ناشر:

ابناک ریسرچ اکیڈمی، اسلام آباد

اِنتساب

پیارے بیٹے

شوذَب عبدُاللّٰہ ہاشمی

کے نام

پیش لفظ

تاریخ محض ماضی کے واقعات کا قبرستان نہیں ہوتی، بلکہ یہ آئینے کا وہ گھر ہوتی ہے جس میں قومیں اپنے حال کا چہرہ دیکھتی ہیں اور مستقبل کی راہیں متعین کرتی ہیں۔ جب کسی خطے کی تاریخ کو تعصب، مصلحت یا فراموشی کی دُھول دُھندلا دیتی ہے، تو تحقیق کا قلم مصلح بن کر اُبھرتا ہے۔ زیرِ نظر کتاب" پاکستان کے شیعہ" (The Shias of Pakistan) اُسی گم گشتہ تاریخ کو دستاویزی شکل میں زندہ کرنے کی ایک مخلصانہ، غیر جانبدارانہ اور علمی کاوش ہے، جسے اردو قالب میں ڈھال کر قارئین کی عدالت میں پیش کیا جا رہا ہے۔

یہ کتاب ایک جرمن محقق اور مورخ ڈاکٹر آنڈریاس رِیک (Andreas Rieck) کی برسوں کی انتھک محنت کا نچوڑ ہے۔ مصنف نے اکھاڑے کے باہر بیٹھے ایک غیر جانبدار مبصر کی طرح، 1502ء سے لے کر اکیسویں صدی کے آغاز تک انڈیا اور پاکستان میں شیعہ کمیونٹی کی مذہبی، سیاسی اور سماجی تنظیموں کی تاریخ کو یکجا کیا ہے۔ یہ کتاب محض الزامات یا مفروضوں پر مبنی نہیں، بلکہ عدالتی فیصلوں، سرکاری دستاویزات، اخبارات کے تراشوں اور خود شیعہ اداروں کے اندرونی لٹریچر اور انٹرویوز کی بنیاد پر تیار کردہ ایک دستاویز ہے جو اردو ادب میں اِس سے پہلے مفقود تھی۔

مصنف نے پاکستان میں شیعہ اداروں کی تاریخ کا تفصیلی آغاز کرنے سے قبل، قارئین کو برصغیر کی اِس زرخیز مٹی کی تہہ میں چھپی تاریخی جڑوں سے روشناس کروایا ہے۔ کتاب میں اودھ کے سلاطین کی علم پروری کے مرکز 'لکھنؤ' اور قطب شاہی سلطنت کے گہوارے 'حیدرآباد دکن' جیسے بڑے بڑے شہروں میں شیعہ فکر، عزاداری اور ثقافت کے تاریخی فروغ پر گہری روشنی ڈالی ہے۔ لکھنؤ کی علمی و فقہی روایات اور دکن کے تاریخی عاشور خانوں کا تذکرہ نہایت عمدگی سے کیا ہے۔ یہ ابواب قاری پر یہ واضح کرتے ہیں کہ کس طرح اِن تاریخی مراکز نے ایک ایسی متمول، تعلیم یافتہ اور فکری طور پر پختہ شیعہ اشرافیہ اور مڈل کلاس کو جنم دیا، جس نے آگے چل کر ہجرت کے بعد پاکستان کے تعلیمی، انتظامی اور مذہبی و سیاسی ڈھانچے میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کیا۔

پاکستان کی تاریخ شیعانِ برصغیر کے لہو اور فکری توانائی کی مقروض ہے۔ تحریکِ پاکستان کا مطالعہ اُس وقت تک ادھورا ہے جب تک بانی پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناح، راجہ صاحب محمود آباد اور مرزا ابوالحسن اصفہانی جیسے اُن معماروں کا تذکرہ نہ کیا جائے جنہوں نے اپنی دولت، وقت اور تن من دھن کی بازی لگا کر علامہ اقبال کے مملکتِ خداداد کا خواب سچ کر دکھایا۔ تقسیم ہند کے بعد، جب پاکستان اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی جدوجہد کر رہا تھا، تو شیعانِ پاکستان نے ملک کی تعمیر و ترقی، عدلیہ، بیوروکریسی، مسلح افواج اور ادب و ثقافت میں خدمات کے ساتھ ساتھ ملکی بقا اور تحفظ کی خاطر اپنی آبادی کے تناسب سے بڑھ کر قربانیاں پیش کی ہیں۔

یہ ترجمہ محض ایک زبان سے دوسری زبان میں الفاظ کی منتقلی نہیں ہے، بلکہ ایک تہذیبی اور تاریخی امانت کو اردو زبان کے دامن میں منتقل کرنے کی علمی کاوش ہے، تاکہ ہمارے محققین، اساتذہ، طالب علم اور عام قارئین اپنی تاریخ سے براہِ راست مستفید ہو سکیں۔ اُمید ہے کہ یہ کتاب ہمارے فکری حلقوں میں سنجیدہ مکالمے اور علمی رواداری کی نئی راہیں کھولے گی۔

مظہر حسین ہاشمی

ریسرچ آفیسر، پی ای سی، اسلام آباد

نوٹ: مترجم کا مصنف کی تحریر سے متفق ہونا ضروری نہیں۔

مشمولات

	تشکر و اعترافات	12
	تلفظ نفیسی پر نوٹ	14
	دیباچہ	15
	مخففات کی فہرست	19
	فہرست اصطلاحات	22
1.	تاریخی پس منظر	30
	1947ء تک شمال مغربی ہندوستان میں شیعت کا پھیلاؤ	
	شیعہ سنی مسائل از دورِ مغلیہ تا 1939ء	41
	برطانوی ہندوستان میں شیعہ گروہی شعور کا ظہور	51
2.	شیعہ اور تحریک پاکستان	58
	1939ء تک مسلم سیاسی بیداری میں شیعہ خدمات	
	قراردادِ لاہور سے قیام پاکستان تک	41
3.	1958ء تک پاکستان میں شیعہ گروہی تنظیم نو اور داخلی اختلافات	80
	آئینی تحفظات اور دیگر حقوق کے حصول کی جدوجہد	91
	نصاب کا سوال، 1947ء- 1954ء	100
	1950ء کی دہائی میں شیعہ علما اور دینی مدارس	103
	شیعہ مذہبی اجتماعات کے خلاف بڑھتی ہوئی مزاحمت	112
	"مخصوص نشستوں" کا مطالبہ	123
4.	ایوب خان کا دور، 1958ء-1968ء	128
	مارشل لاء اور سیکولرازم کے اثرات	
	1963ء کے فسادات اور اِن کے بعد کے حالات	133
	سید محمد دہلوی اور اُن کی نئی شیعہ تحریک	140

	متشدد علما اور عوامی مبلغین کے درمیان اختلافات	150
	شیعہ مطالبات کی سرکاری سطح پر پیشرفت	159
5.	یحییٰ خان اور بھٹو دَور، 1969ء-1977ء	171
	نئے مسائل اور عبوری دَور میں جزوی کامیابیاں	
	حکومت اور" تین مطالبات"، 1969ء-1970ء	172
	1970ء کے انتخابات تک نظریاتی جدوجہد	175
	انتخابات سے لے کر 1971ء کی جنگ	180
	بھٹو حکومت اور شیعہ مطالبات، 1972ء-1974ء	183
	شیعہ علماء کے درمیان اختلافات اپنے عروج پر	194
	فرقہ وارانہ مسئلے کی دوبارہ اُٹھان	204
	شیعہ مطالبات تحریک کا زوال	212
6.	ضیاء الحق کا دَور، 1977ء-1988ء	219
	ضیاء کی اسلامی پالیسی اور ایرانی انقلاب کا اثر	
	مفتی جعفر حسین کی زیر قیادت TNFJ، 1979ء-1983ء	229
	سید عارف حسین الحسینی اور TNFJ کی بنیاد پرستی	240
	1980ء کی دہائی میں سنی انتہا پسندی کا چیلنج	251
7.	عبوری جمہوری دہائی، 1988ء-1990ء	259
	TNFJ سے TJP تک: عملی حکمت کی طرف واپسی	
	1990 کی دہائی میں فرقہ وارانہ انتقام	269
	تحریک جعفریہ پاکستان کا زوال	282
8.	مشرف اور زرداری دَور، 2000ء-2013ء	292
	شیعہ اقلیت کے خلاف بڑھتی ہوئی دہشت گردانہ کارروائیاں	
	کرم ایجنسی کے شیعہ زیر محاصرہ	315
	شیعہ گروہی تنظیموں کے جوابی اقدامات	324
9.	خلاصہ اور نتیجہ	344
	نوٹس	354

-1	تاریخی پس منظر	361
-2	شیعہ اور تحریک پاکستان	374
-3	1958ء تک پاکستان میں شیعہ	384
-4	ایوب خان دَور، 1958-1968ء	407
-5	یحیٰ خان اور بھٹو دَور، 1969-1977ء	425
-6	ضیاالحق دور، 1977-1988ء	444
-7	عبوری جمہوری دہائی، 1988-1999ء	463
-8	مشرف اور زرداری اَدوار، 2000-2013ء	477
-9	خلاصہ اور نتیجہ	507
	کتابیات	
	مصنف کیجانب سے کیے گئے انٹرویو	509
	اردو اخبارات اور رسائل	511
	انگلش نیوز پیپرز اور رسائل	511
	کتب اور آرٹیکلز مغربی زبانوں میں	513
	انڈیکس	521
	اختتام	562
	عکس اصل کتاب	563

تشکر و اعترافات

کسی اور سے بڑھ کر میں مرحوم سید حسین عارف نقوی کا مقروض ہوں، جن سے میری پہلی ملاقات 1991 میں ہوئی تھی، جنہوں نے مجھے پاکستان کے شیعوں کو تحقیق کے موضوع کے طور پر منتخب کرنے کی ترغیب دی، اور اِس کے بعد انہوں نے مجھے ضروری مواد کے زیادہ تر ذرائع فراہم کیے اور مسلسل رہنمائی کی تاکہ میں اپنی تحقیق مکمل کرسکوں۔ بدقسمتی سے سید حسین عارف، دسمبر 2012ء میں اِس کتاب کی اشاعت سے قبل انتقال کر گئے، انہوں نے اسلام آباد میں ایک سکول پرنسپل کے طور پر اپنی زندگی گزاری، لیکن اُن کا جنون علمی تحقیق تھا۔ مجھے نایاب اردو کتب، جرائد، پمفلٹس اور دیگر دستاویزات کی شکل میں اُن کی نجی لائبریری سے معلومات کا ایک حقیقی خزانہ ملا ہے، جو مجھے 1997ء سے 2001ء کے درمیان اُن کے گھر کے متعدد دورہ جات کے دوران دستیاب ہوا (اور اس سے قبل بھی، پاکستان کے شمالی علاقہ جات پر میری تحقیق کے سلسلے میں)۔ میں نے شیعہ اور سنی 'علماء' کے بارے میں اُن کے گہرے علم کی بھی تعریف کی ہے، جن میں سے بہت سے اُن کے اچھے دوست تھے، جبکہ اِس کے ساتھ ساتھ اُنھوں نے اُن سے اور پاکستان کی شیعہ تنظیموں سے ایک تنقیدی، علمی فاصلہ بھی برقرار رکھا۔ اِس طرح سید حسین عارف نے میرے موضوع پر درست نقطہ نظر حاصل کرنے میں میری بہت مدد کی۔ انہوں نے نہایت صبر و تحمل سے میرے لامتناہی سوالات کے جوابات دیے اور بہت سے دروازے بھی کھول دیے جن میں سب سے اہم پنجاب یونیورسٹی۔ وہاں میں چیف لائبریرین سید جمیل احمد رضوی کا بے حد مشکور ہوں، جنہوں نے مجھے ہفتہ وار رضا کار کے انمول بند مجموعے سے مضامین کی بہت بڑی تعداد میں فوٹو کاپی لینے کی اجازت دی، جو اس مطالعے کا سب سے اہم ماخذ ہے (دیکھیں دیباچہ)۔

پاکستان میں جن افراد سے انٹرویو کیا، اُن میں سے آغا مرتضیٰ پویا (اسلام آباد)، نصرت علی شاہانی (لاہور)، سید وزارت حسین نقوی (بھکر)، سید احمد جوہر اور سید جعفر نقوی (کراچی) اور ڈاکٹر ممتاز علی بنگش (پشاور) کے جوابات اور فراہم کردہ اضافی معلومات میرے لیے سب سے زیادہ مفید ثابت ہوئے۔

میں شیخ محمد صدیق، جو رضا کار کے بانی اور طویل عرصے تک مدیر رہے، کے ساتھ طویل گفتگو کرنا چاہتا تھا، لیکن بدقسمتی سے اُن کی بڑھتی عمر اور کمزور صحت نے صرف چند سوالات کے جوابات دینے کی اجازت دی۔ تاہم، میں نے اُن کے چالیس سال سے زیادہ عرصے کے عظیم کام کے لیے اپنی جانب سے دلی عزت اور احترام کا بھرپور اظہار کیا۔

لکھنؤ میں، سید انور عباس اور صحافی رضوی حیدر عباس نے میرے مختصر دورے کے دوران میری نہایت قیمتی مدد فراہم کی، جس میں تقسیم سے پہلے کی شیعہ تنظیموں سے متعلق کچھ ضروری ذرائع کی نقول بھی شامل تھیں (سیکشن 3.1 دیکھیں)۔ اسلام آباد میں، ڈاکٹر ہائن کیسلنگ، جو ہانز سائیڈل فاؤنڈیشن کے 2001ء تک ریذیڈنٹ نمائندے تھے، نے تحقیق کے دوران دل کھول کر مجھے ہر قسم کی مدد کی پیشکش کی (اور بعد میں مجھے 2002ء سے 2006ء کے وسط تک اپنے جانشین کے طور پر رہنمائی بھی دی)۔ جرمنی میں مجھے سب سے زیادہ مدد پروفیسر سید جمال ملک، پروفیسر ورنر اینڈے اور ہیمبرگ میں جرمن انسٹی ٹیوٹ آف مڈل ایسٹرن اسٹڈیز میں اپنے سابق ساتھی ڈاکٹر منیر ڈی احمد سے ملی۔ میں ڈوئچے فورشنگ سگیلشافت (جرمن ریسرچ فاؤنڈیشن) کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جس نے نومبر 1996ء سے اپریل 2000ء

تک میرے تحقیقاتی کام کیلئے وظیفہ فراہم کیا۔ اس وظیفے کی درخواست ہیمبرگ میں جرمن انسٹی ٹیوٹ آف مڈل ایسٹرن اسٹڈیز کے سابق ڈائریکٹر پروفیسر اڈواسٹائنباخ نے جمع کرائی تھی جن کے لیے میں اپنی شکرگزاری کے ساتھ ساتھ اِس بات کی معذرت بھی پیش کرتا ہوں کہ اپنے مسودے کی اشاعت میں اتنی تاخیر ہوئی۔

ڈاکٹر آنڈریاس رِیک برلن،

اگست 2015ء

تلفظ نویسی پر نوٹ

کتاب میں مجموعی طور پر انڈو- پاکستانی ناموں اور مقامات کی آسان ٹرانسلٹریشن (آسان رسمِ املا) استعمال کی گئی ہے، سوائے اس کے کہ اردو کتابوں اور مضامین کے مصنفین وعنواین یا اُن اردو اصطلاحات (جو اکثر فارسی یا عربی سے ماخوذ ہیں) کو اٹالکس میں پیش کیا گیا ہے۔ آسان رسمِ املا میں طوالت کے نشانات صرف چند مخصوص ناموں کے لیے استعمال کیے گئے ہیں تاکہ مختلف ناموں میں الجھن نہ پیدا ہو، جیسے کہ Nâsir اور Nasîr۔ عربی حرف "ع" کو زیادہ تر ناموں میں ابتداء میں (اپوسٹروف کے ساتھ) ظاہر کیا گیا ہے، سوائے ان معروف ناموں کے جیسے علی، عبداللہ اور دیگر وہ نام جو عربی "عبد" سے شروع ہوتے ہیں۔

ترچھے انداز میں درج اردو اصطلاحات اور کتابی وتحقیقی عناوین کی ترسیل میں اردو تلفظ ہی کو اساس بنایا گیا ہے۔ اسی بنا پر عربی حرف ث کو اکثر مقامات پر s کی صورت میں پیش کیا گیا ہے، تاہم چند علمی اصطلاحات اور تاریخی ناموں میں th کو ترجیح دی گئی ہے کیونکہ مستند علمی متون میں یہی رائج ہے؛ حدیث، (احادیث)، اہل حدیث؛ شہید ثالث؛ مجدد الف ثانی؛ اصحاب ثلاثہ؛ اتحاد ثلاثہ؛ اثنا عشریہ، شہابِ ثاقب؛ ثمر حسین؛ احتشام الحق تھانوی۔ اسی طرح عربی حرف ذ کو عموماً z سے منتقل کیا گیا ہے، مگر اسلامی مہینوں کے چند معروف ناموں میں، مثلاً Dhû al-Hijja—dh کی علامت استعمال کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں، اردو کے ناک سے ادا ہونے والے حروف (nasals) کو ân، ên،în، ôn اور ûn کی صورتوں میں نقل کیا گیا ہے۔

دیباچہ

پاکستان میں اِثنا عشری شیعہ مسلمانوں کی آبادی آج اندازاً دو سے ڈھائی کروڑ کے درمیان ہے، جو ایران کے بعد دنیا کی دوسری بڑی شیعہ آبادی شمار ہوتی ہے۔ تاہم، ایک ایسے ملک میں جہاں کل آبادی اٹھارہ کروڑ سے متجاوز ہے اور جس میں تقریباً پندرہ کروڑ افراد سنّی اکثریت سے تعلق رکھتے ہیں، شیعوں کی محض پندرہ فی صد یا کچھ زیادہ کی اقلیت ہونے کے باعث اُن کا حالاتِ زندگی ایران، عراق یا لبنان کے شیعوں سے کسی طور قابل قیاس نہیں۔ اُن ممالک میں شیعہ آبادی کی عددی قوت سیاسی اثر ونفوذ میں ڈھل چکی ہے، جب کہ پاکستان کے شیعہ، لبنان اور حالیہ عراق کے برعکس، عمومی طور پر کبھی اِس جانب مائل نہیں رہے کہ وہ شیعہ برادری کے لیے مخصوص سیاسی جماعتوں یا تنظیموں میں سرگرم شرکت کریں۔ پاکستان میں شیعہ جماعتیں اور تنظیمیں سیاسی عمل میں ہمیشہ ایک حاشیائی کردار ہی ادا کرتی رہی ہیں، اور ملک کے جو نامور سیاسی رہنما شیعہ پس منظر رکھتے تھے، اُنہوں نے بھی کبھی شیعہ گروہی پلیٹ فارم پر سیاست نہیں کی۔ اِس کے برعکس، سیاست اور سرکاری خدمت میں سرگرم پاکستانی شیعوں میں ایک نمایاں رجحان یہ رہا ہے کہ وہ اپنی شیعہ شناخت کو، بغیر چھپائے یا انکار کیے، زیادہ نمایاں کرنے کی بجائے اپنے سنّی ہم وطنوں کے ساتھ مشترکات کو اُجاگر کرتے ہیں۔ 1947ء میں قیامِ پاکستان سے لے کر آج تک، مرکزی دھارے کی سیاسی جماعتوں نے قیادت یا کارکنوں کی سطح پر کبھی سنّی اور شیعہ کی بنیاد پر کوئی امتیاز روا نہیں رکھا، اور شیعہ شہریوں نے سیاسی، پیشہ ورانہ اور سماجی زندگی کے تمام شعبوں میں بلاامتیاز بھرپور شمولیت اختیار کی ہے۔ بلکہ، اپنی تعلیمی اور سماجی پس منظر کے باعث وہ متعدد شعبوں میں نسبتاً بہتر اور نمایاں مقام بھی حاصل کرتے رہے ہیں۔ یہ بات بھی کہی جا سکتی ہے کہ پاکستان میں سنّی، شیعہ تقسیم مجموعی طور پر، یعنی شیعہ مخالف دہشت گرد حملوں کو چھوڑ کر، کبھی کوئی اہم سیاسی مسئلہ نہیں رہی، سوائے 1980ء کے سال کے جس میں یہ مسئلہ عارضی طور پر شدت اختیار کر گیا تھا۔

تاہم پاکستان کے شیعوں میں ہمیشہ ایسے افراد اور گروہ بھی موجود رہے ہیں جنہوں نے اپنی شیعہ شناخت کو کم کرنے کی بجائے اُس کو زیادہ نمایاں کیا، اور جو سیاسی میدان میں اِس مقصد کے تحت متحرک رہے کہ شیعہ کمیونٹی کے مساوی حقوق جہاں کہیں اور جب کبھی ان کے نزدیک خطرے سے دوچار محسوس ہوئے، وہاں اُن کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ اِس تحقیق میں بنیادی طور پر اِنہی افراد اور گروہوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ایک اہم گروہ شیعہ علماء کا ہے، جو اپنے پیشے کی نوعیت کے سبب ناگزیر طور پر اولاً اور بالخصوص شیعہ کمیونٹی ہی کو مخاطب کرتے ہیں، اگرچہ پاکستان کے اہم شیعہ علماء میں سے بہت سے ایسے بھی رہے ہیں جنہوں نے اپنے سنّی ہم منصبوں کے ساتھ بہترین ممکنہ تعلقات قائم رکھنے کی مسلسل کوشش کی۔ دوسرا اہم گروہ اُن سرگرم کارکنوں پر مشتمل ہے جو شیعہ اجتماعی/کمیونٹی تنظیموں کے قائدانہ حلقوں سے تعلق رکھتے تھے۔ ایسی تنظیمیں بیسویں صدی کے اوائل میں برطانوی ہندوستان ہی میں قائم ہو چکی تھیں، اور قیامِ پاکستان (1947ء) کے بعد نئی صورتوں میں منظم اور مجتمع ہوئیں۔ 1940ء کی دہائی کے اواخر سے 1970ء کی دہائی کے وسط تک یہ شیعہ تنظیمیں مختلف ناموں اور قیادتوں کے زیرِ سایہ کبھی ترقی اور کبھی زوال سے گزرتی رہیں، لیکن ایرانی انقلاب (1978ء-1979ء) اور اِس کے پاکستان پر اثرات سے پیشتر ان کی جانب علمی دنیا میں کوئی توجہ نہیں دی گئی تھی۔ ایرانی انقلاب کے بعد پاکستان کی شیعہ تنظیموں اور اُن کی سنّی تنظیموں کے ساتھ کشیدگی پر بعض مطالعات

سامنے آئے، جن کا محور بالعموم 1978ء کے بعد کے حالات و واقعات تھے، مثلاً منیر ڈی احمد (1987ء)، سلیم قریشی (1989ء)، آفاق حیدر (1993ء)، نکی کیڈی (1993ء)، ممتاز احمد (1998ء)، محمد قاسم زمان (1998ء) اور مریم ابوضحاب (1999ء) کے مضامین۔ یہ تحریریں میری تحقیق کا ابتدائی نقطۂ آغاز ثابت ہوئیں، جن کے ساتھ شمالی پاکستان میں 1990ء کی دہائی کے اوائل میں کی گئی اپنی ریسرچ (Rieck 1995, 1997ء، 2002ء) اور سید حسین عارف نقوی کی اردو تصانیف (1982ء، 1990ء، 1997ء، 1999ء) نے بھی اہم رہنمائی فراہم کی۔ اس مطالعے میں مزید جن اہم تحقیقی منابع سے استفادہ کیا گیا ہے، ان میں بالخصوص برصغیر (خاص طور پر ہندوستان) کے شیعوں پر مشتمل چند نمایاں تصانیف شامل ہیں، جیسے جان نارمن ہالسٹر (1953ء)، سید اطہر عباس رضوی (1982ء، 1986ء)، جوان کول (1988ء)، ندیم حسنین و شیخ ابرار حسین (1988ء)، ڈیوڈ پیناٹ (1992ء) اور ورنن شوبل (1993ء) کی یک جلدی تصانیف؛ اسی طرح سروجنی گنجو (1980ء)، امتیاز احمد (1983ء)، کیتھ ہیورٹشویو (1987ء) اور مشیر الحق/مشیر الحسن (1990ء-1997ء) کے مقالات۔ تاہم بدقسمتی سے جسٹن جونز کی کتاب Shia Islam in Colonial India (2011) سے استفادہ نہیں ہوسکا، کیونکہ اِس کا علم مجھے بہت تاخیر سے ہو پایا۔

اِس کتاب کے موضوعات پر کی گئی تحقیق کا اصل انحصار بنیادی طور پر برطانوی ہندوستان اور پاکستان میں شائع شدہ اُس اردو لٹریچر اور پمفلٹس پر رہا ہے جو خود شیعہ تنظیموں نے مرتب کیے تھے، جبکہ شیعہ علماء اور شیعہ تنظیموں کے موجودہ یا سابق فعال کارکنان کے میرے اپنے انٹرویوز ایک اضافی اور نہایت اہم ماخذ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ متعدد اردو شیعہ جرائد کے جائزے میں جو مجلہ نمایاں طور پر اُبھرتا ہے وہ ہفت روزہ رضا کار ہے۔ اِس کی ایک وجہ یہ ہے کہ اِس ہفت روزہ کا مکمل ریکارڈ، جس کا آغاز 1938ء کے اواخر کے اوّلین شمارے سے ہوتا ہے اور جو مسلسل 1981ء تک کے تمام برسوں پر محیط ہے، لاہور کی پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہے اور مجھے اِس تک مکمل رسائی حاصل رہی۔

دوسری وجہ یہ کہ اِس طویل مدت میں شیعہ تنظیموں سے متعلق اہم ترین تمام واقعات کی نہایت تفصیل کے ساتھ کوریج موجود ہے، سوائے چند معمولی خلا کے۔ رضا کار نے باقاعدگی سے دیگر شیعہ بلکہ بعض سنّی جرائد کے مضامین بھی نقل کیے ہیں۔ اِن جرائد کی مکمل فائلیں مجھے دستیاب نہ ہوسکیں؛ البتہ مختلف ذرائع سے جزوی مجموعے حاصل ہوئے، جن میں سب سے اہم وسیلہ سید حسین عارف نقوی کی ذاتی لائبریری، یا اُن کے تعاون سے فراہم کردہ مواد تھا۔ اِس کے علاوہ پاکستانی شیعہ مصنفین کی متعدد اردو کتابیں بھی اِس تحقیق کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئیں، خصوصاً سید محمد ہادی حسین (1958ء)، صفدر حسین ڈوگر (1987ء)، محمد وصی خان (1982ء، 1983ء) اور تسلیم رضا خان (1996ء، 1998ء) کی تصانیف۔

رضا کار نے دوسرے شیعہ اور یہاں تک کہ سنی جرائد کے مضامین بھی باقاعدگی سے شائع کیے ہیں، جن میں سے مجھے مختلف ذرائع سے (بنیادی طور پر سید حسین عارف نقوی کی نجی لائبریری سے، یا اُن کی مدد سے) صرف جزوی مجموعے ملے ہیں۔ پاکستانی شیعہ مصنفین کی لکھی گئی متعدد اردو کتب بھی قابل قدر ہیں، خاص طور پر سید محمد ہادی حسین (1958ء)، صفدر حسین ڈوگر (1987ء)، محمد وصی خان (1982ء، 1983ء) اور تسلیم رضا خان (1996ء، 1998ء) کی کتابیں۔

یہ مطالعہ اگرچہ بنیادی طور پر زمانی سلسلے کی پیروی کرتا ہے، تاہم اس میں تین الگ الگ ہم عصر پیش رفتوں کا جائزہ لیا گیا ہے، جن کا ایک دوسرے پر گہرا اثر رہا ہے۔ جن حصوں: 3.1, 3.4, 4.1, 4.4, 5.1, 5.3, 5.4, 5.6, 5.8, 6.2, 6.3, 1.1, 1.3, 2.1, 2.2، اور 3. 7 میں بحث کی گئی ہے، وہ بنیادی طور پر شیعہ برادریوں کی داخلی صورتِ حال سے متعلق ہیں، یعنی شیعہ اجتماعی تنظیمیں اور ان کی اندرونی قیادت کے جھگڑے، شیعہ علما کے ایک مستقل طبقے اور دینی مدارس کی تشکیل، اور علما اور ذاکرین (جنہیں برصغیر کے شیعہ مذہبی منظرنامے میں خاص مقام حاصل ہے) کے مابین رقابت۔ کچھ حد تک ان حصّوں میں ان مطالبات کا بھی ذکر ہے جو مختلف ادوار میں شیعہ تنظیموں نے متعلقہ حکومتوں کے سامنے رکھے، اور ان مطالبات کی قبولیت یا ناکامی کی کیفیت؛ اور یہی موضوع زیادہ صراحت سے حصّہ جات:

2.3، 6.3، 3.4، 5.4، 2.5، 5.5، 1.6، 1.7 اور 3.8 میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کتاب کا تیسرا اہم محور شیعہ-سنّی کشیدگی اور اس کے مختلف پہلوؤں کا مطالعہ ہے، جسے بنیادی طور پر حصّہ جات 2.1، 3.5، 4.2، 5.7، 6.4، 7.2، 8.1 اور 8.2 میں پرکھا گیا ہے۔

اس کتاب کے لیے بیشتر مواد پاکستان میں چار مرتبہ قیام کے دوران جمع کیا گیا، جن میں ہر قیام تین سے پانچ ہفتوں پر مشتمل ہوتا تھا، اور یہ سلسلہ موسمِ گرما 1997ء سے لے کر اوائل 2001ء تک جاری رہا۔ 2001ء کے اختتام تک مسوّدے کا ایک بڑا حصہ، حصہ 7.3 تک، تکمیل کے قریب پہنچ چکا تھا۔ بدقسمتی سے، اور مکمل طور پر میری اپنی کوتاہی کے باعث، میں نے مسوّدے میں موجود بقیہ خلا کبھی پُر نہ کیے اور نہ ہی اِسے دسمبر 2013ء تک اشاعت کے قابل بنا سکا۔ اب میں نے تین نئے حصے (8.1, 8.2, 8..3) شامل کیے ہیں جو 2000ء تا 2013ء کے حالات سے متعلق ہیں، اور ساتھ ہی کتابیات (bibliography) اور بعض حواشی کو بھی تازہ ترین صورت میں اپ ڈیٹ کر دیا ہے۔ اِس دوران 1980ء کی دہائی کے بعد پاکستان میں شیعہ گروہی تحریک اور شیعہ-سنی کشیدگی پر متعدد نئی تحقیقات سامنے آئی ہیں۔ ان میں سب سے جامع کتاب خالد احمد (2011ء) کی ہے، جب کہ سیّد ولی رضا نصر (2002ء)، عظمت عبّاس (2002ء)، مریم ابوضحاب (2002ء، 2007ء)، سروش عرفانی (2004ء)، انٹرنیشنل کرائسز گروپ (2005ء)، السانڈرو مونسوٹی (2007ء)، جارج اسٹوبر (2007ء)، نوشین علی (2008ء)، طاہر کامران (2009ء)، عارف جمال (2009ء)، منصور خان محمود (2010ء)، حسن عباس (2010ء)، محمد فیاض (2011ء) اور الیکس وٹنکا (2012ء) کے مضامین بھی خاصے اہم ہیں۔ تاہم، پاکستان کے ابتدائی تیس برسوں کے دوران شیعہ اقلیت کی صورتِ حال پر کوئی نئی علمی تحقیق میری نظر سے نہیں گزری۔

1947ء سے 1977ء تک کے حالات و واقعات، نیز تقسیم ہند سے قبل برصغیر میں شیعہ کمیونٹی کے مسائل، اِس کتاب میں نہایت تفصیل کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں، اور اِس کے لیے بنیادی طور پر شیعہ ماخذات اردو سے استفادہ کیا گیا ہے (باب 2 تا 5)۔ میں نے یہ کوشش بھی کی ہے کہ شیعہ تنظیمی صف بندی اور پاکستان میں شیعہ اقلیت کو پیش آنے والے اہم مسائل کی ایک نسبتاً جامع اور ہمہ جہت تصویر پیش کر سکوں، جو کل ملا کر چھیاسٹھ برس پر پھیلے ہوئے حالات کا احاطہ کرتی ہو۔

یوں، اگرچہ مجھے اِس امر کا افسوس ہے کہ اپنی تحقیق کی اشاعت میں اتنی طویل تاخیر کا مرتکب ہوا، تاہم مجھے پورا یقین ہے کہ یہ کتاب

پرانی محسوس نہیں ہوگی اور اپنے مقصد کی بخوبی تکمیل کرے گی۔ خصوصی تشکر کا مستحق میں کرسٹوف جعفر یلو اور سائمن وولفگانگ فُکس کو سمجھتا ہوں، نیز ہرسٹ کے مائیکل ڈوائر کا، جنھوں نے مجھے اِس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے مسلسل آمادہ رکھا؛ اور ڈیوڈ لن کا بھی ممنون ہوں جنھوں نے متن کی باریک بینی سے اِدارت کی۔

ڈاکٹر آنڈریاس رِیک

برلن، اگست 2015ء

مخففّات کی فہرست

AISC	آل انڈیا شیعہ کانفرنس
AISPC	آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس
AJK	آزاد جموں وکشمیر
ANP	عوامی نیشنل پارٹی
APSC	آل پاکستان شیعہ کانفرنس
ASWJ	اہل سنت والجماعت
AWSM	انجمن وظائفِ سادات ومومنین
B.A.	بیچلر آف آرٹس
BPC	بیسک پرنسپلز کمیٹی
CII	کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی
COAS	چیف آف آرمی سٹاف
DC	ڈپٹی کمشنر
D.I.G.	ڈپٹی انسپکٹر جنرل
Dist.	ڈسٹرکٹ
D.S.P	ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس
EBDO	ایلیکٹیو باڈیز ڈسکوالیفیکیشن آرڈر
FATA	فاٹا/ وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات
HDP	ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی
I.G.P	انسپکٹر جنرل پولیس
IJI	اسلامی جمہوری اتحاد
ISI	انٹر سروسز انٹیلی جنس
ISO	امامیہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن
ITHS	اِدارتِ تحفظِ حقوقِ شیعہ

JAH	جماعت اہلحدیث
JI	جماعت اسلامی
JSAMES	جرنل آف ساؤتھ ایشین اینڈ مڈل ایسٹرن اسٹڈیز
JUH	جمعیت علماء ہند
JUP	جمعیت علماء اسلام
JUP	جمعیت علماء پاکستان
KPK	خیبر پختونخوا
LeJ	لشکر جھنگوی
MAUSP	مجلس عمل علماء شیعہ پاکستان
MIP	ملت اسلامیہ پاکستان
MMA	متحدہ مجلس عمل
MNA	ممبر آف نیشنل اسمبلی
MPA	ممبر آف پراونشل اسمبلی
MQM	مہاجر قومی موومنٹ؛ متحدہ قومی موومنٹ
MRD	موومنٹ فار دا ریسٹوریشن آف ڈماکریسی/تحریک برائے بحالی جمہوریت
MWM	مجلس وحدت المسلمین
NA	نیشنل اسمبلی
NAP	نیشنل عوامی پارٹی
NWFP	نارتھ ویسٹ فرنٹیر پراونس/شمال مغربی سرحدی صوبہ
PA	پراونشل اسمبلی
PML	پاکستان مسلم لیگ
PPC	پاکستان پینل کوڈ
PPP	پاکستان پیپلز پارٹی
PTI	پاکستان تحریک انصاف
PuSPC	پنجاب شیعہ پولیٹیکل کانفرنس
Retd.	ریٹائرڈ

Rs.	روپیز/ روپے
S.	سید
SMC	شیعہ مطالبات کمیٹی
SMP	سپاہِ محمد پاکستان
SMUP	شیعہ مجلس علمائے پاکستان
SPP	شیعہ پولیٹیکل پارٹی
SSP	سپاہ صحابہ پاکستان
TAS	تنظیم اہلسنت
TIP	تحریک اسلامی پاکستان
TJP	تحریک جعفریہ پاکستان
TNFJ	تحریک نفاذ فقہ جعفریہ
TNSM	تحریک نفاذ شریعت محمدیہ
U.P	یونائیٹڈ پراونسز/متحدہ صوبے (بھارت)

لغت

اُردو اِصطلاحات یا الفاظ جو صرف اُردو میں اِن معنی کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔

احادیث	حدیث کی جمع
اہل بیت	پیغمبر محمد کے ”گھر کے لوگ“ یعنی فاطمہ اور شیعہ ائمہ
اہل حدیث	ایسا فرقہ ہے جو صرف اسلام کے احکام، قرآن اور حدیث سے اخذ کرنے کا دعویٰ کرتا ہے۔
اہل کتاب	”اہل کتاب“ یعنی یہودی اور عیسائی
اہلسنت	سنی مسلمان
اخلاقیات	اخلاقیات (سکولوں میں مضمون کے طور پر پڑھایا جانے والا)
امر بالمعروف	”نیکی کا حکم دینا“ ، قرآن کی ایک اصطلاح
انجمن	انجمن، معاشرہ؛ (مقامی) تنظیم
آل محمد	پیغمبر محمد کی فیملی -- اہل بیت
علم	کالا جھنڈا امام حسین کے پرچم کی علامت
عالم، عالم دین	علما کی واحد
علامہ	”فاضل آدمی“ ، ایک اعزازی لقب
امیر	”کمانڈر“ ؛ رہنما
اصحاب	صحابہ کی جمع
عاشورہ	10 محرم الحرام
اوقاف	وقف کی جمع
عوام	عام لوگ؛ آبادی؛ عوام
عوامی	مقبول، عام لوگوں کے لیے۔
عزاداری	امام حسین اور اہل بیت کے دیگر ارکان کے لیے شیعہ ماتمی تقریبات کے لیے اجتماعی اصطلاح
اعظم	اعظم (بڑا، کچھ اعزازی القابات میں)
اذان	مسلمانوں کا نماز کیلئے بلاوا
بریلوی	احمد رضا خان بریلی کے مکتب فکر کے پیروکار

بازی	”کھیل“، کچھ سرگرمیوں کو توہین آمیز معنی دینے کے لیے ایک لاحقہ
بدعا،جمع بدعت	اسلامی قانون یا عمل میں غیر قانونی ایجاد
چادر	پردہ،نقاب
چندہ	مذہبی مقاصد کے لیے عطیہ،رکنیت
چہلم	عاشورا کے بعد چالیسواں دن
دارالعلوم	”علم کا گھر“ کئی دینی مدارس کا عنوان
درسِ خارج	شیعہ مذہبی مدارس میں تعلیم کا اعلیٰ ترین درجہ
دیوبندی	مکتب فکر دارالعلوم دیوبند کے پیروکار
دین	مذہب
دینی مدارس	مذہبی سکول
دینیات	سکولوں میں مذہبی ہدایت
فتویٰ	اسلامی قانون کے سوال پر ایک عدالتی حکم نامہ
فقہ	مذہبی فقہ
فقہ جعفریہ	شیعہ اثنا عشری مذہبی فقہ،چھٹے امام جعفر صادق کے بعد اُن کے نام سے منسوب
غازی	”فاتح“ مسلمان فوجی ہیرو
غلو	”شدت پسندی“، جو بدعتی عقائد رکھتا ہے۔
حدیث جمع احادیث	اقوال اور روایات جو نبی یا شیعہ ائمہ سے منسوب ہیں
حافظ	جس نے پورا قرآن حفظ کر لیا ہو
حج	مکہ کی زیارت
حنفی	سنی مذہبی فقہ میں چار آرتھوڈوکس مکاتب فکر میں سے ایک
حرام	مذہبی طور پر حرام
حوزہ علمیہ	شیعہ کا اعلیٰ ترین دینی مدرسہ
ہجری	اسلامی کیلنڈر کے مطابق،حضرت محمدؐ کی ہجرت (622ء) سے شروع ہونیوالا
حدود،واحد حد	قرآن میں بیان کی گئیں اسلامی سزائیں
حسینی محاذ	ایک اصطلاح جو ہند-پاکستانی شیعوں کی طرف سے شہری تنازعات کے لیے استعمال کی جاتی ہے
عیدالفطر	رمضان المبارک کے بعد روزہ افطار کرنے کا دن

عیدمیلادالنبی	حضرت محمدکی سالگرہ
ادارہ	تنظیم،ادارہ
افطار	ماہ رمضان میں روزہ کھولنا
اجازہ جمع اجازت	شیعہ عالم کیلئے اُس کی اہلیت کی تصدیق کہ وہ بطور مجتہداور/ یامذہبی ٹیکس لینے کا اُس کا حق
اِجماع	(علما کا) اِجماع، اسلامی قانون کاایک ماخذ
اِجتہاد	”مشقت“ عقل اورفقہ کے اصولوں کااستعمال کرتے ہوئے مذہبی قانون کےنکات پرفیصلے تک پہنچنے کاعمل (اصول الفقہ)
امامہ	امامت،یعنی شیعوں میں ائمہ کو جو درجہ دیا گیاہے
امام بارگاہ	شیعہ عبادت گاہ،خاص طورپرمجلس کے لیے
اسلامیات	سکولزاورکالجزمیں تاریخ اورمذہب اسلام پراسباق
عصمت	شیعہ ائمہ کی معصومیت کارتبہ
جاگیر	خدمات کے بدلےحکومت کی طرف سے دی گئی زمین کے ایک ٹکڑے کےمحصول کاحق
جاگیردار	جاگیررکھنے والا
جلسہ	”سیشن“مجلس
جماعت	گروپ،پارٹی
جامعہ،جامعات	یونیورسٹی،کئی دینی مدارس کیلئے استعمال ہونیوالاعنوان
جمعیت	گروپ،پارٹی
جہاد	مقدس جنگ
جرگہ	قبائلی عمائدین کی مجلس
جلوس	شیعہ ماتمی جلوس
کافرجمع کفار	کافر
کلمہ	اسلامی عقیدے کااقرارکرنے کافارمولا
خانقاہ	صوفی بھائی چارے کے اجتماعات کے لیے ایک عمارت،روحانی اعتکاف کی جگہ
خطیب	مبلغ،خطیب
خوارج،واحد،خارجی	ایک ابتدائی مسلم فرقہ جوعلی ابن ابی طالب یامعاویہ کوخلیفہ تسلیم کرنے سے انکاری رہا
خلافت	خلافت

خلفائے راشدین	”صحیح ہدایت یافتہ“ اسلام کے پہلے چار خلفا
خمس	”پانچواں حصہ“، ایک مذہبی ٹیکس جو اصل میں پیغمبر محمد اور شیعوں کی جانب سے اپنے امام کو ادا کیا جاتا ہے
خواجہ	اشرافیہ کا ایک لقب
کرام واحد کریم	عام طور پر اردو میں علما کے ساتھ جبکہ سنی، صحابہ کے ساتھ استعمال کرتے ہیں
کفر	الحاد؛ توہین
لشکر	قبائلی فوج، متحرک ایڈہاک
مدح صحابہ	صحابہ کی تعریف
مدرسہ	(مذہبی) سکول
محاذ	فرنٹ
محفل جمع محافل	خوشی کے موقع پر شیعہ اجتماع، جیسے کسی امام کا یوم پیدائش
مجلس جمع مجالس	”اجلاس“، امام حسین اور اہل بیت کے دیگر ارکان کی شہادت کے ماتم کے لیے شیعہ اجتماع
مجلس خوانی	مجلس میں خطبات کا انعقاد
ملنگ	درویش (عام طور پر طنزیہ معنی میں)
مرجع التقلید	”تقلید کا حوالہ“ شیعہ اِثنا عشری کے لیے اعلیٰ ترین مذہبی اتھارٹی
مرکزی	سنٹرل
مرثیہ جمع مراثی	شیعہ امام کیلئے عزاداری
مشائخ	”بزرگ“، مذہبی معززین
مسجد	مسجد
معصوم	بے گناہ؛ شیعہ اماموں سے منسوب ایک خوبی
ماتم	خود کو ایذا پہنچانے یا زخمی کرنے کی دوسری شکلوں کی شیعہ سوگ کی تقریب
مولانا، مولوی	علما کا لقب
مذہب	مذہب، اردو میں عام طور پر کسی خاص مذہبی فرقے یا فرقے کے عقیدے کے لیے استعمال ہوتا ہے
میلاد النبی	عید میلاد النبی
ملت	”عوام“ ”قوم“؛ اردو میں کسی کے مذہبی فرقے کو بھی کہا جاتا ہے۔
محلہ	قصبے کا چوتھائی حصہ
مبلغ جمع مبلغون	مبلغ، تبلیغ

مفتی	ایک اسلامی فقیہ جوفتوے دینے کا مجاز ہو
مہاجر	”مہاجر“؛ وہ جو تقسیم 1947ء کے بعد ہندوستان سے پاکستان ہجرت کر کے آیا
محقق	فلسفی، مکمل محقق (بعض 'علماء' کو دیا گیا لقب)
محرم	اسلامی قمری تقویم کا پہلا مہینہ
مہتمم	مدرسہ کا منتظم
مجاہد	جہادی جنگجو
مجتہد	وہ ہے جس نے اجتہاد کے درجے کو حاصل کرنے کے لیے کافی تعلیم حاصل کی ہو
مناظرہ جمع مناظرت	مذہبی تنازعہ، اکثر سیاسی
مناظر	وہ جو مذہبی تنازعات کو روکنے کا تربیت یافتہ ہو
مقصر	وہ جو شیعہ اماموں کے رتبے کو حقیر سمجھتا ہو
مرید	شاگرد یا صوفی کا پیروکار
مردہ باد	مردہ باد، متضاد زندہ باد
مطالبات جمع	ڈیمانڈز
متولی	ایک شخص جس کو وقف کا انتظام سونپا گیا ہو
نذرانہ	مذہبی عطیہ، جو مبلغین کے لیے ادائیگی کے طور پر دیا جاتا ہے
نہی عن المنکر	”برائی سے روکنا“، قرآن سے ایک اصطلاح
نماز	مسلمانوں کی طرف سے روزانہ پانچ وقت کی نماز
ناموس	عزت
نوحہ جمع نوحہ جات	نبی کریم کی تعریف میں نظم یا گیت
نوروز	ایرانی نیا سال (21 مارچ)
نواب	ہندوستانی اشرافیہ کا لقب
ناظم اعلیٰ	”اعلیٰ ترین منتظم“ سیکرٹری جنرل
نظام مصطفی	اسلامی نظام، پیغمبر محمد کا حکم
پیر	(موروثی) نیک آدمی
پیش نماز	نماز پڑھانے والا
قاضی	جج؛ پاکستان میں: شریعت سے متعلق معاملات میں جج

قائداعظم	”عظیم رہنما“ محمد علی کو عطا کیا گیا ایک لقب
قائدملت جعفریہ	”شیعہ لوگوں کا لیڈر“، پاکستان میں 1964ء سے استعمال ہونے والا لقب
قوم	قوم؛ لوگ؛ فرقہ؛ برادری (عام طور پر پاکستانی شیعہ اپنے ہم مذہبوں کے لیے استعمال کرتے ہیں)
قومی	قوم سے تعلق، یعنی اکثر ”شیعہ“ کا مترادف ہے، جب شیعہ فرقہ پرست سیاق وسباق میں استعمال کیا جائے
ربیع I+II	اسلامی قمری کا تیسرا اور چوتھا مہینہ
راجہ	”بادشاہ“، ایک ہندوستانی اشرافیہ کا لقب
رمضان	اسلامی قمری تقویم کا نواں مہینہ ہے۔ (روزوں کا مہینہ)
روافض واحد رافضی	انکاری، ”انکار“ شیعوں کے لیے ایک توہین آمیز اصطلاح
رضا کار	”رضا کار“، ایک تنظیم کا اہم سرگرم رکن
رِبا	(غیر قانونی) قرض پر سود
صدقہ	”خیرات“، ایک مذہبی ٹیکس
سادات	سید کی جمع
صحابہ جمع	پیغمبر محمد کے ساتھی
صاحب	شریف آدمی
سہم امام	امام کا حصہ، خمس کا نصف
سجادہ نشیں	نیک شخص کی اولاد جو اپنے مزار اور اُس کی آمدنی کو کنٹرول کرے
سرپرست	کسی تنظیم یا پارٹی کا ”سرپرست“ سوادِ اعظم
سید	پیغمبر محمد کی آل اولاد
شریعہ	اسلامی مذہبی قانون
شرک	شرک
شوریٰ	کونسل
سیرت	نیک آدمی کی سوانح عمری، خاص طور پر نبی کریم
صوفی	ایک مسلمان صوفیانہ؛ مقدس آدمی
تعلقدار	کسی علاقے پر جائیداد کے حقوق کا حامل جس کے لیے اُس نے پہلے ریونیو اکٹھا کیا (1858 کے بعد یو پی)
تبرا	”اہل بیت کے دشمنوں“ سے اپنے آپ کو دُور رکھنے کا شیوہ
تبلیغ	تبلیغ؛ کسی مذہب کی تبلیغ کرنا؛ مذہب پرستی

تبلیغی دورہ جمع دورات	"تبلیغ کا دورہ" ، ایک مخصوص علاقے میں تبلیغ کا دور
تفسیر	پورے قرآن یا قرآن کے کچھ حصے کی تفسیر
تکفیر	کسی کو کافر قرار دینا
طالب، طالب علم جمع طلبا	دینی درسگاہ کا طالب علم
تنظیم	آرگنائزیشن
تقیہ	مذہبی عقائد بارے دھوکہ
تقلید	نقل، مذہبی قانونی سوالات میں مجتہد کی ہدایات پر عمل کرنا
تقصیر	"ذلت آمیز" ، آئمہ کی حیثیت کو پست کرنا
توحید	خدا کی احدیت پر یقین
تولّا	اہل بیت سے بیعت کا پیشہ
تعزیہ	شبیہ جو امام حسین کی قبر کی نمائندگی کرے
تعزیہ داری	جلوسوں میں تعزیے نکالنا
تحصیل	ضلع سے نیچے کی انتظامی اکائی
طلبا	دیکھیں طالبعلم
علما واحد عالم	اسلامی فقہ کا فاضل آدمی
اُمہ	تمام مسلمانوں پر مشتمل طبقہ
عرس	شادی؛ صوفی کے مزار پر سالانہ تقریب
عشر	"دسواں حصہ" : زرعی مصنوعات پر اسلامی ٹیکس
اصول دین	مذہبی اصول
اصول فقہ	فقہ (اسلامی) کے اصول
واعظ جمع واعظون	مبلغ
وکیل	ایک اعلیٰ درجہ کے شیعہ عالم کا نمائندہ جو اپنی طرف سے مذہبی ٹیکس وصول کرے
وقف جمع اوقاف	اوقاف، خیراتی ٹرسٹ
وکالہ	وکیل کا دفتر
وکالت نامہ	وکیل کو نامزد کرنے والا خط
وکالت فقیہ	"فقہی مشاورت کی سرپرستی" ، ایک نظریاتی عقیدہ جسے آیت اللہ خمینی نے تیار کیا

یوم	یوم (اردو میں: یادگار دن)
یوم القدس	یروشلم ڈے، اسرائیل کے خلاف سالانہ احتجاج کا دن آیت اللہ خمینی کے حکم پر 1979 کو متعارف کرایا
زکوٰۃ	جائیداد اور دولت کی بعض اقسام پر ایک مذہبی ٹیکس جس کا مقصد غریبوں اور محتاجوں کی مدد کرنا
ذاکر	"تلاوت کرنے والا"، وہ جو شیعہ مجلس میں اہل بیت کے فضائل اور مصائب پر خطبہ دے
ذاکری	ایک ذاکر کا پیشہ
ذوالجناح	جلوس میں امام حسین کی نمائندگی کرنیوالا گھوڑا
زندہ باد	زیادہ دیر رہے، متضاد مردہ باد

1

تاریخی پس منظر

1947ء تک شمال مغربی ہندوستان میں شیعیت کا پھیلاؤ

شیعیت، برصغیر میں تقریباً اتنی ہی قدیم ہے جتنی قدیم ہے خود اسلام کی آمد۔ ہندوستان میں اس کی ہزار برس سے زائد تاریخ نشیب وفراز سے عبارت ہے، جو کسی نہ کسی سطح پر عالم اسلام میں شیعیت کی مجموعی تقدیر کے نشیب وفراز سے ہم آہنگ دکھائی دیتی ہے۔ اگرچہ ہندوستان کی تدریجی فتوحات، جن کا آغاز 711ء میں محمد بن قاسم کے سندھ پر حملے سے ہوتا ہے اور جو سولھویں صدی میں اپنی معراج کو پہنچتی ہیں، بالعموم سنّی عربوں، ترکوں، افغانوں اور مرکزی ایشیائی اقوام کی قیادت میں ہوئیں، تاہم انہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے شیعہ سپاہی اور اُمراء بھی اکثر اوقات ان لشکری مہمات میں شریک رہے۔ نہ صرف یہ کہ اُنہوں نے ریاستی اور انتظامی مناصب سنبھالے بلکہ صدیوں تک برصغیر کے بعض خطّوں پر براہِ راست حکمرانی بھی کی۔ مزید برآں، وہ تبلیغی شخصیات، جنہوں نے مفتوحہ دیہی علاقوں میں ہندو آبادی کی بڑی تعداد کو اسلام قبول کرایا، بیشتر صوفیائے کرام اور سادات تھے، جو حضرت علی ابن ابی طالب اور اہلِ بیتِ اطہار کی خاص تکریم رکھتے تھے۔ یوں اُنہوں نے بعد ازاں باقاعدہ شیعی دعوت کے فروغ کی راہ ہموار کی[1]۔ تاہم اِس کے باوجود، شیعیت اپنی مختلف صورتوں کے باوجود، شامیانِ اقتدار وحمایت کے زیرِ سایہ رہنے کے باوجود، برِّ صغیر کے مسلمانوں کی صرف ایک اقلیت نے اختیار کی۔

اگرچہ اس حصّے کا بنیادی مقصد اُن خطّوں میں شیعیت کے پھیلاؤ کا جائزہ لینا ہے جو 1947ء میں مغربی پاکستان کا حصہ بنے، لیکن مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ابتدا اُن شیعی حکمران ریاستوں کے مختصر تاریخی خاکے سے کی جائے جو برِّ صغیر کے دیگر علاقوں میں قائم رہیں۔ ان میں سب سے پہلی ریاست دکن میں قائم بہمنی سلطنت (1347-1526ء) تھی، جس پر ایرانی النسل خاندان حکمران تھا، اور جس کا دارالحکومت پہلے گلبرگہ اور بعد ازاں بیدر (دونوں موجودہ بھارتی ریاست کرناٹک میں واقع ہیں) رہا۔

اگرچہ اِس طویل عرصے کے دوران ایران سے آنے والے شیعہ صوفیوں، علما، تاجروں اور مہم جو افراد کا ایک مسلسل سلسلہ اس خطّے کی جانب متوجہ رہا، لیکن بہمنی سلطنت کی آبادی مجموعی طور پر ہندو ہی رہی، اور اس کے مسلمان حکمران طبقے کی اکثریت بھی سنّی تھی[2]۔ پندرھویں صدی کے اواخر میں یہ سلطنت کئی چھوٹی ریاستوں میں تقسیم ہوگئی، جن میں سے تین پر شیعہ حکمران خاندان قائم ہوئے۔ انہی میں سے ایک جانشین ریاست کے بانی، یوسف عادل شاہ، جو عثمانی ترک نژاد تھے، نے بطور بہمنی گورنر ضلع بیجاپور میں 1489ء میں خود کو خودمختار بنالیا۔ ایران میں صفویوں کی کامیابی کی خبر سن کر اُنہوں نے شاہ اسماعیل کی پیروی کرتے ہوئے 1502ء میں اپنے زیرِ حکومت علاقے میں شیعیت کو سرکاری مذہب قرار دیا، اور یوں وہ برصغیر کے پہلے حکمران ٹھہرے جنہوں نے ایسا قدم اٹھایا۔ عادل شاہی سلطنت 1686ء تک برقرار رہی، جب اورنگزیب نے بیجاپور کو سلطنت مغلیہ میں شامل کرلیا۔ تاہم سنّیوں نے بیجاپور میں پہلے ہی 1583ء کے قریب اقتدار پر غلبہ حاصل کرلیا تھا[3]۔ دکن میں ایک اور شیعہ حکمران خاندان، نظام شاہی سلسلۂ احمدنگر، 1490ء میں وجود میں آیا۔ اِس کے بانی ایک ایسے ہندو نو مسلم کے فرزند تھے جو بہمنی سلطنت میں اعلیٰ ترین منصب تک پہنچ چکے تھے۔ بعض نظام شاہ حکمرانوں نے دیگر مسلمانوں پر شیعیت کی بالادستی

قائم کرنے کی کوشش کی لیکن اُنہیں کامیابی حاصل نہ ہوسکی، اور 1633ء میں شاہ جہاں نے اُن کی ریاست کو مغلیہ سلطنت میں شامل کرلیا[4]۔ جنوبی ہندوستان کی سب سے دیرپا شیعہ سلطنت قطب شاہی (1512-1687ء) تھی، جس کے بانی سلطان قلی قطب الدین ہمدان (ایران) کے قریب پیدا ہوئے تھے اور ترکمان قبائل کے قرا قویونلو اتحادی گروہ سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کا دارالحکومت حیدرآباد، جو 1591ء میں قدیم قلعہ گولکنڈہ کے قریب آباد ہوا، برصغیر میں شیعہ مادی اور فکری ثقافت کا مرکز بن گیا، جسے بعد میں فقط لکھنؤ نے پیچھے چھوڑا[5]۔ دکن کی شیعہ مذہبی وعلمی روایت کو مذکورہ ریاستوں کے مغلیہ سلطنت میں اِنضمام کے بعد سرپرستی تو حاصل نہ رہی، لیکن اِس نے بیسویں صدی تک اپنی سابقہ شان وشوکت کے بعض آثار محفوظ رکھے۔ 1947ء کے بعد جنوبی ہندوستان کی شیعہ علمی وفکری اشرافیہ کے کئی افراد پاکستان ہجرت کرگئے۔

دکن کے بعد برِّ صغیر کا دوسرا خطّہ جہاں اثنا عشری تشیع نے، اگرچہ قلیل مدت کے لیے، سیاسی غلبہ حاصل کیا، کشمیر تھا۔ کشمیر میں اسلام کے پھیلاؤ کا سہرا بنیادی طور پر سید علی ہمدانی (1314ء-84ء) اور سلسلۂ کبرویہ کے دیگر صوفیوں کے سر باندھا جاتا ہے۔ خود ہمدانی شیعہ نہ تھے، لیکن پندرھویں صدی کے اوائل ہی سے میر شمس الدین عراقیؒ (وفات 1526ء) نے سلسلۂ نوربخشیہ کے لبادے میں، جو کبرویہ کی ایک شاخ ہے اور ہمدانی کو نہایت بلند مقام دیتی ہے[6]، کشمیر میں تشیع کی تبلیغ کی۔ سید محمد نوربخش (1464ء-1392ء) کے پیروکاروں نے، جو کشمیر کی مرکزی وادی میں آباد تھے، بعدازاں کھل کر اثنا عشری تشیع اختیار کرلیا، اگرچہ وہ آج بھی ایک الگ کمیونٹی کی حیثیت سے موجود ہیں۔ یہ کمیونٹی بلتستان میں، جو کشمیر کے شمال میں واقع ہے اور جو 1947ء-48ء کی جنگ میں پاکستانی نظمِ اقتدار کے ماتحت آیا، بڑے پیمانے پر موجود ہے[7]۔

1528ء سے 1586ء تک کشمیر پر چک قبیلے کی شیعہ حکومت قائم رہی، جس میں صرف چودہ برس کی ایک درمیانی مدت مرزا حیدر دُغلت[8]، جو ماوراء النہر کا حملہ آور تھا، کے زیرِ حکمرانی گزری۔ اِن برسوں میں کشمیر میں شیعہ۔سنّی جھڑپیں پھوٹ پڑیں، جو بعدازاں مغلوں (1586ء-1752ء)، افغانوں (1752ء-1819ء)، سکھوں (1819ء-45ء) اور ڈوگرہ ہندو سلطنت (1846ء-1947ء) کے ادوار میں بھی بارہا سامنے آئیں[9]۔ اگرچہ کشمیر کی مجموعی آبادی میں آج صرف چند فی صد لوگ شیعہ ہیں، لیکن بلتستان اور اُس سے شمال مغرب کے بعض علاقوں گلگت اور نگر، میں ابتدائی سولہویں صدی سے لے کر اب تک حکمران خاندان بھی اور عام آبادی بھی زیادہ تر شیعہ (یا نوربخشی) رہی ہے[10]۔

1701ء سے 1757ء میں برطانوی تسخیر تک بنگال پر شیعہ گورنروں کی حکمرانی رہی جو اگرچہ باضابطہ طور پر مغلوں کے مقرر کردہ تھے، مگر عملاً تقریباً خودمختار ہوچکے تھے۔ اِسی عہد سے بنگالی شہروں-مثلاً مرشد آباد اور ہوگلی- میں ایرانی تاجروں اور اُن کی اولاد کی جانب سے عظیم الشان امام بارگاہیں تعمیر ہوئیں اور ایسے جاگیریں اوقاف کی صورت وقف کی گئیں جن کا مقصد عزاداری کے فروغ کو یقینی بنانا تھا۔ اِن شہروں میں برصغیر اور ایران دونوں سے شیعہ علما کی ایک بڑی تعداد بھی کھنچ کر آنے لگی[11]۔

برصغیر میں تشیع کی نشوونما پر سب سے گہرا اثر وسطی وادیٔ گنگا میں اوَدھ کی ڈیڑھ صدی-یعنی 135 برس- پر محیط شیعہ حکمرانی کا پڑا۔ اوَدھ کی شیعہ سلطنت کے بانی میر محمد امین المعروف ''برہان الملک'' 1708ء میں [12]نیشاپور (ایران) سے دہلی کے مغل دربار میں آئے اور

1722ء میں اوَدھ (جو اُس وقت تک مغل صوبہ تھا) کے گورنر مقرر ہوئے۔ برہان الملک اور اُن کے ابتدائی دو جانشین اگرچہ زوال پذیر مغلیہ سلطنت کی ہی خدمت کرتے رہے، لیکن 1773ء میں نواب شجاع الدولہ نے تیزی سے طاقت حاصل کرتی ایسٹ انڈیا کمپنی کے ساتھ پہلا معاہدۂ تحفظ کیا۔ 1819ء میں اوَدھ کی آزاد بادشاہت کا اعلان ہوا، جو 1856ء میں برطانوی الحاق تک برقرار رہی[13]۔ 1722ء سے 1856ء تک اوَدھ کے تمام حکمران کٹر شیعہ تھے۔ اُنہوں نے امام بارگاہوں اور مساجد کی تعمیر اور مراسم محرم کی انجام دہی پر بے پناہ وسائل خرچ کیے۔ صفوی سلطنتِ ایران (جو 1722ء ہی میں ختم ہو چکی تھی) کے طرز پر ایک ''شیعہ ریاست'' قائم کرنے کے جذبے کے تحت انہوں نے شیعہ فقہ کے عقل پسند اصولی مکتب کے حامل ایک نئے طبقۂ علما کی دل کھول کر سرپرستی کی۔ اُنہی کی ہدایت پر 1786ء میں اوَدھ کے نو مقرر کردہ دارالحکومت لکھنؤ (1775ء سے) اور فیض آباد میں شیعہ جمعہ باجماعت نمازیں شروع کی گئیں[14]، جو بعد ازاں دوسرے شہروں میں بھی رائج ہوئیں۔ لکھنؤ کے ممتاز شیعہ علما سرکاری وظیفوں کے ساتھ ساتھ خمس و زکوٰۃ کی تحصیل اور تقسیم کے ذریعے غیر معمولی دولت مند ہو گئے[15]۔ اُن کا عروج خصوصاً امجد علی شاہ (r.1842-47) کے دور میں ہوا، جنھوں نے ایک باقاعدہ شیعہ عدلیہ قائم کی اور ایک بڑا شیعہ دینی مدرسہ بنوایا[16]۔ اوَدھ میں شیعہ علماء، زمینداروں اور سرکاری اہلکاروں کے اِس بڑھتے ہوئے غلبے کے ساتھ، سنی سابقہ اشرافیہ اور سنی مذہبی اداروں کے زوال کا عمل بھی چلتا رہا[17]۔

برطانوی دورِ حکومت اور اس کے بعد بھی لکھنؤ ہندوستانی تشیع کا مذہبی اور فکری مرکز بنا رہا۔ اگرچہ اَوَدھ کے بہت سے ممتاز شیعہ زمیندار اور علما 1857-58ء کی برطانوی مخالف بغاوت (''غدر'') میں شریک تھے، لیکن شکست کے بعد جب برطانوی حکومت نے مفاہمت کی کوششیں کیں تو اُنہوں نے نہایت سرعت سے اِس کا مثبت جواب دیا۔ اَوَدھ کی سابق سلطنت میں کئی شیعہ تعلقہ داروں کے پاس بڑی جاگیریں برقرار رہیں، اور 1858ء کے بعد بھی- اگرچہ نسبتاً محدود پیمانے پر- شیعہ علما اور مذہبی اداروں کی سرپرستی جاری رہی[18]۔

دکن میں بھی اثنا عشری شیعہ ریاستیں دراصل سنی مسلم فتوحات کے بعد ہی قائم ہوسکیں، اور یہی صورتِ حال کشمیر میں شیعہ اقتدار سے دو صدی قبل اور اَوَدھ میں چھ صدی قبل بھی رہی تھی۔ اِس کے برعکس برصغیر کے مغربی علاقوں میں اسماعیلی تشیع کا پھیلاؤ زیادہ تر داعیانِ اسماعیلی کی تبلیغ کے ذریعے ہوا۔ ہندوستان میں اسماعیلی دعوت کی اولین کامیابیاں دسویں صدی عیسوی میں سندھ اور جنوبی پنجاب میں حاصل ہوئیں۔ تقریباً 958ء میں ملتانی ریاست قائم ہوئی جو فاطمی خلافتِ قاہرہ کی باقاعدہ نمائندہ سمجھی جاتی تھی۔ یہ ریاست 1005ء میں محمود غزنوی کی یلغار تک قائم رہی[19]۔ سندھ میں اسماعیلیت کا وجود بعد ازاں ٹھٹہ کی سومرہ سلطنت (1051ء-1351ء)[20] کے زیرِ سایہ محفوظ رہا، اور وہاں سے اِس کا اثر پڑوسی گجرات اور ہندوستانی مغربی ساحل (حتیٰ کہ بمبئی) تک مضبوطی سے پھیلتا چلا گیا۔ انہی ساحلی خطوں میں اسماعیلیوں کی دو بڑی اور مستحکم برادریاں اُبھریں- بوہرے اور خوجہ- جو اگرچہ سنی حکمرانوں کے ادوار میں کئی مرتبہ تعاقب و ابتلا کا شکار ہوئے، مگر تجارت کے میدان میں مسلسل ترقی کرتے رہے۔ بوہرے عموماً سابق ہندو ہیں جنہیں یمن سے آئے ہوئے داعیانِ مستعلوی نے گیارھویں صدی سے اسلام اور اسماعیلیت میں داخل کیا تھا[21]۔ خوجہ برادری کی تشکیل نزاری اسماعیلی داعیوں کے زیرِ اثر ہوئی جو بارھویں صدی سے گجرات، سندھ اور پنجاب میں تبلیغ کرتے رہے[22]۔ اِن دونوں برادریوں میں وقت گزرنے کے ساتھ متعدد ذیلی شاخیں

پیدا ہوئیں۔ خوجہ برادری کے اکثریتی دھڑے کے روحانی پیشوا قاسم شاہی ائمہ 1841ء تک ایران ہی میں مقیم رہے، جب کہ حسن علی شاہ- جو آغا خان اوّل (1800ء-1881ء) کے نام سے معروف ہوئے، قاجاری فرمانروا فتح علی شاہ کے خلاف ایک ناکام بغاوت کے بعد ہندوستان آگئے۔ آغا خان نے جلد ہی برطانوی حکومت سے قریبی تعلقات قائم کرلیے اور 1846ء میں بمبئی میں سکونت اختیار کی۔ 1846ء سے 1866ء تک برطانوی ہندوستان کی عدالتوں میں متعدد مقدمات کے ذریعے اُنھوں نے خوجہ برادری پر اپنی مذہبی وسماجی اتھارٹی کو مضبوط کیا[23]، تاہم متعدد ناراض خوجے بعد ازاں اثنا عشری تشیع میں داخل ہو گئے۔ یہی صورتِ حال بوہروں کے ایک چھوٹے سے گروہ کے ساتھ بھی پیش آئی۔ پاکستان کے قیام کے بعد کراچی آنے والے بوہرہ اور خوجہ، خواہ اسماعیلی ہوں یا اِثنا عشری، نے نہ صرف تجارت میں اپنی روایتی کامیابی جاری رکھی، بلکہ قومی صنعتی اور بینکاری نظام کے قیام میں بھی نمایاں کردار ادا کیا[24]۔

مغل سلطنت کے قلب یعنی آگرہ، لاہور اور دہلی- میں امامیہ اثنا عشری شیعوں کی بدلتی ہوئی حالتِ زار اور اُونچ نیچ کا تذکرہ بھی یہاں ضروری ہے، جو سولھویں صدی سے اٹھارہویں صدی کے آخر تک جاری رہی۔ ابتدائی مغل فرمانرواؤں نے ایران کے صفوی سلاطین کے ساتھ دوستانہ مراسم قائم رکھے، اور ایرانی النسب شیعہ دربارِ مغلیہ، فوج اور انتظامیہ میں اثر و نفوذ کے متعدد مناصب تک پہنچ گئے۔ بابر، جس نے 1526ء کی فتوحات کے ذریعے برّ صغیر میں مغلیہ سلطنت کی بنیاد رکھی، نے سمرقند کی جانب ایک مہم کے دوران شاہ اسماعیل صفوی کی عسکری معاونت کے حصول کی غرض سے کچھ ایسے علامات وشعائر اختیار کیے جو امامیہ شیعیت سے وابستگی ظاہر کرتے تھے[25]۔ اس کے فرزند اور جانشین ہمایوں نے اپنے ایرانی جلاوطنی کے برسوں میں، جہاں وہ شیر شاہ سوری سے شکست کھا کر پناہ گزین ہوا تھا[26]، شیعہ مذہب اختیار کرنے کے نہایت قریب پہنچ گیا تھا۔ ہمایوں نے 1555ء میں دہلی کو دوبارہ فتح کیا، ایسی فوج کے ساتھ جس میں شیعہ ایرانی اور ترکمان سپاہیوں کی بڑی تعداد شامل تھی، اور آئندہ ڈیڑھ صدی تک "ایرانی" اور "تورانی" (ماوراء النہر کے ترک) سپاہیوں اور افسران کے مابین رقابت اور کشمکش فوج کے اندر مستقل فساد اور تناؤ کا سبب بنی رہی۔ ہمایوں کے بیٹے اکبر نے اپنی پرورش شیعہ ترکمان امیر، بیگم خان (بیرم خان) کی سرپرستی میں پائی، جو اکبر کے ابتدائی ایامِ حکومت (1556ء-1560ء) میں دراصل نگرانِ سلطنت تھا[27]۔ اگرچہ اکبر کے دَور کے اختتام (1605ء) تک بااثر شیعوں کے خلاف سازشیں اور دشمنی میں اضافہ ہوتا گیا، تاہم اکبر کی طویل حکمرانی مذہبی رواداری اور شیعہ اثر و رسوخ کے نمایاں اضافے سے عبارت رہی۔ اکبر نے شیعہ اہلکاروں کو نہایت اعلیٰ انتظامی مناصب عطا کیے[28] اور سنّی علما کی ناراضی مزید بڑھا دی، خصوصاً جب اُس نے 1582ء میں اپنے خود ساختہ "دینِ الٰہی" کا اعلان کیا[29]۔

اکبر کے جانشینوں کے دورِ حکومت میں مغلیہ سلطنت میں شیعہ برادری کے لیے حالات مزید سخت ہوتے گئے۔ اس تبدیلی کی ایک نمایاں مثال سید نور اللہ شوشتری کی سرگزشت ہے، جنھیں برصغیر کی تاریخ میں "شہید ثالث" اور عظیم ترین شیعہ عالم کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ شوشتری 1584ء میں ایران سے اکبر کے دربار میں وارد ہوئے اور 1586ء میں لاہور کے قاضی مقرر کیے گئے، حالانکہ انہوں نے عہد کیا تھا کہ اپنے فیصلے چاروں سنی فقہی مسالک کے مطابق ہی صادر کریں گے[30]۔ شیعہ عقائد کے دفاع میں اُن کی فصیح و بلیغ تصانیف نے اُن کے خلاف مخالفین کا ایک حلقہ پیدا کر دیا، جنھوں نے جہانگیر کے عہد میں اُن سے سخت انتقام لیا[31]۔ اِس کے باوجود، جہانگیر اور اُس کے جانشین شاہ جہاں، دونوں کے ادوار میں، متعدد شیعہ اہلکار انتظامیہ اور فوج میں اعلیٰ مناصب تک پہنچنے میں کامیاب رہے[32]۔

مغل بادشاہ اورنگزیب عالمگیر سخت سنی مذہبی نقطۂ نظر رکھتے تھے اور شیعہ مذہبی علامتوں اور رسوم کے خلاف برسرِ پیکار رہے۔ اُن کے دورِ حکومت (1658ء–1707ء) میں محرم کے جلوسوں پر پابندی عائد کر دی گئی[33] اور دکن کی شیعہ سلطنتوں کو بالآخر مغلیہ اقتدار کے تابع کر لیا گیا۔ ان کے حکم پر سنی علما نے فقہ حنفیہ کا جس جامع قانونی مجموعہ کی تدوین کی، یعنی فتاویٰ عالمگیریہ، اس میں اُن شیعوں کو بدعت گزار قرار دیا گیا جو پہلے دو خلفا پر لعن طعن کرتے تھے[34]۔ تاہم، اِس قدر سخت گیر رویّے کے باوجود اورنگزیب اپنے طویل اور مسلسل فوجی مشنوں کے باعث ایرانیوں اور دیگر شیعہ ماہرین کی خدمات سے بے نیاز نہ ہو سکے، جو سلطنت کے استحکام اور توسیع کے لیے ناگزیر قرار پاتے تھے[35]۔

اورنگزیب کے جانشین بادشاہ بہادر شاہ (دَورِ حکومت 1707ء–1712ء) نے ایسے رجحانات ظاہر کیے جو شیعہ نواز سمجھے گئے، اور جنہوں نے لاہور میں تیز نوعیت کے فرقہ وارانہ تصادم کو جنم دیا[36]۔ اٹھارویں صدی کے دوران مغلیہ سلطنت مسلسل زوال پذیر رہی، اور اسی کے ساتھ لاہور، دہلی اور شمالی ہند کے کئی دیگر شہروں میں ایسے تنازعات میں اضافہ ہوتا گیا۔ شمال مغربی ہند پر نادر شاہ افشار (1739ء–1740ء) اور احمد شاہ درّانی (1748ء سے 1762ء کے درمیان چھ حملے) کی یلغاروں نے قتل و غارت اور تباہی کے علاوہ فرقہ وارانہ کشیدگی کو مزید بھڑکایا[37]۔ جب افغان اپنی مفتوحہ ہندوستانی اراضی پر اختیار کھو بیٹھے تو خطے میں شیعہ برادری کی حالت کچھ بہتر ہوئی[37]۔ 1772ء میں مغل بادشاہ شاہ عالم ثانی کی دہلی واپسی کے بعد، جب انہوں نے ایرانی النسل شیعہ مرزا نجف (وفات 1781ء) کو اپنا وزیرِ مختار مقرر کیا[38]، شیعہ ایک بار پھر دہلی میں آباد ہونے کی طرف مائل ہوئے۔ تاہم اِس دور تک "مغل" بادشاہ "عملاً برطانوی سرپرستی پر منحصر ہو چکا تھا، اور 1803ء کے بعد دہلی کا مؤثر اقتدار انگریزوں کے ہاتھ میں آ گیا تھا[39]۔

اب اُن خطّوں کی طرف آتے ہیں جو 1947ء میں پاکستان کے مغربی حصّے میں شامل ہوئے۔ اِن علاقوں میں شیعہ عقائد کے پھیلاؤ، اور یہاں تک کہ موجودہ دَور میں شیعہ آبادی کی درست جغرافیائی تقسیم، سے متعلق اب بھی بہت سے سوالات تشنۂ تحقیق ہیں۔ آٹھویں صدی عیسوی کے وسط ہی میں اہلِ بیت کے حامی بعض افراد اُموی حکومت کے مظالم سے بچتے ہوئے سندھ میں آ بسے۔ ان میں سب سے معروف عبداللہ الأشتر علوی تھے، جنہوں نے سندھ کے گورنر عمرو بن حفص اور بعد ازاں ایک ہمسایہ ہندو راجہ کی سرپرستی میں زیدی شیعہ مسلک کی تبلیغ کی۔ 768ء میں ایک فوجی کارروائی کے نتیجے میں وہ اور اُن کے پیروکار منتشر کر دیے گئے[40]۔ بعض چھوٹے زیدی گروہ ممکن ہے کہ سندھ میں اُس وقت تک باقی رہے ہوں جب نویں صدی میں یہاں اور جنوبی پنجاب میں اسماعیلی دعوت کا آغاز ہوا[41]۔ 1005ء میں ملتان کے گرد و نواح میں اسماعیلی ریاست کی تباہی کے بعد ایک خاموش اور بتدریج تبدیلی کا عمل شروع ہوا جس میں کچھ اسماعیلی، اثنا عشری شیعہ عقائد کی طرف مائل ہونے لگے، اور یہی رجحان بعد کے زمانوں میں سندھ تک بھی پھیل گیا۔

سولہویں صدی سے پہلے وادیِ سندھ میں اِثنا عشری شیعہ برادریوں کے بارے میں تاریخی شواہد نہایت کم دستیاب ہیں، تاہم یہ قرین قیاس ہے کہ گیارہویں صدی سے ایران، عرب اور ماوراء النہر سے پنجاب اور سندھ آنے والے بہت سے صوفیا اور سادات یا تو شیعہ تھے یا کم از کم اُن کے عقائد شیعہ فکر سے قریب تر تھے[42]۔ پاکستان کے قلبی خطّے میں جگہ جگہ صوفی بزرگوں کے آستانے اور مزارات پھیلے ہوئے ہیں، جن میں سے بعض نہ صرف مقامی طور پر بلکہ پورے ملک میں عقیدت و احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں، اور جن کے سجادہ نشین آج تک دینی وقار، معاشی فوائد اور سیاسی اثر و نفوذ سے بہرہ مند ہیں۔ اگرچہ ان میں سے اکثر بزرگوں نے کبھی اپنے آپ کو صریحاً شیعہ ظاہر نہیں کیا، مگر اُن

کے حلقۂ اثر نے سندھ اور پنجاب کے وسیع دیہی علاقوں میں مسلم آبادی کے ایک بڑے حصّے میں وہ رجحانات پیدا کیے جنہیں بجا طور پر "خُفیہ شیعیت" (crypto-Shia) کہا جاسکتا ہے[43]۔ یہ رجحانات دو پہلوؤں سے نمایاں تھے: حضرت علی ابن ابی طالب اور اہلِ بیت رسول کی گہری تعظیم؛ "پیری مُریدی" کا مضبوط رشتہ یعنی موروثی روحانی پیشواؤں سے جذباتی وابستگی اور فرمانبرداری۔

سولھویں صدی کے اوائل سے، جب ایران میں اِثنا عشری تشیع کو سیاسی عروج حاصل ہوا اور ابتدائی مغل سلاطین نے نسبتاً روادارانہ مذہبی پالیسی اختیار کی، برِّ صغیر کے مختلف خطّوں میں متعدد سادات، پیروں اور سجادہ نشینوں نے اعلانیہ طور پر اپنے آپ کو اِثنا عشری شیعہ کہنا شروع کیا۔ ان میں نمایاں ترین گروہ سید جمال الدین یوسف شاہ گردیزی (1057ء–1137ء)[44] کے متوسلین و متبعین کا تھا، جن کے تمام خانوادے نے، اپنے مُریدوں سمیت، شیعہ مذہب قبول کرلیا۔ اسی طرح سید جلال الدین حیدر نقوی بخاری[45] (وفات 1291ء، اُچ) کی نسل سے تعلق رکھنے والے بڑی تعداد میں سادات نے بھی مغلیہ دور اور بعد کے زمانوں میں اثنا عشری تشیع اختیار کیا۔ اُچ کے نقوی بخاری سادات آج پاکستان بھر میں، بالخصوص جنوبی پنجاب[46] کے سرائیکی خطّے میں پائے جاتے ہیں، اور اُن کی اکثریت شیعہ عقیدے سے وابستہ ہے۔ اسی طرح ملتان کے قریشی خاندان[47]، جو چودھویں صدی سے شہر کی مقامی سیاست پر غالب رہا اور بعد ازاں پنجاب کے طاقتور زمیندار خانوادوں میں شمار ہونے لگا[48]، سولھویں صدی کے بعد سے سنی اور شیعہ دونوں شاخوں پر مشتمل رہا ہے، اور اِن دونوں شاخوں کے درمیان باہمی رشتہ داری و نکاح کے روابط بھی مسلسل قائم رہے ہیں۔

جب صفوی ایران نے اثنا عشری تشیع کو ریاستی مذہب کا درجہ دے دیا، تو اس کے بنیادی عقائد کی علانیہ تبلیغ مغل سلطنت کے متصل علاقوں میں زیادہ عام ہوتی گئی۔ انہی ابتدائی مبلغین تشیع میں سید محبوبِ عالم، المعروف شاہ جیونہ (1490ء–1564ء) ایک اہم نام ہیں، جو اپنی زندگی کے آخری عشرے میں جھنگ کے قریب ایک گاؤں میں سکونت پذیر ہوئے[49]۔ اُن کے سلسلے نے انیسویں صدی کے آغاز ہی سے جھنگ کے اطراف میں وسیع جاگیریں حاصل کرلیں اور تب سے یہ خاندان ضلع جھنگ کا سب سے بااثر اور غالب خاندان چلا آرہا ہے، اور ملکی سیاست میں بھی نمایاں کردار ادا کرتا رہا ہے[50]۔ پنجاب اور سندھ میں اُن سے کہیں زیادہ اثر انگیز شخصیت سید محمد راجو شاہ بخاری (وفات: 1544ء–1591ء) کی تھی، جن کا مزار لیہ کے نزدیک واقع ہے اور جو راجن پور کے علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ وہ تقیہ کے رائج طریق عمل کے مخالف تھے اور روایت ہے کہ انہوں نے شہنشاہ ہمایوں تک کو متاثر کیا تھا لیکن مخدومُ المُلک[51] نے بادشاہ کو اُن سے ملاقات کی اجازت دینے سے روک دیا[52]۔ یہ دونوں بزرگ، اور اُن جیسے دیگر کئی شیعہ صوفیا، پنجاب کے مغربی ترین خطے، جہاں دریائے سندھ اور چناب کی وادیاں آباد ہیں، میں ایک غیر معمولی اثر چھوڑ گئے۔ یہی وہ خطہ ہے جہاں موجودہ پاکستان میں اِثنا عشری تشیع کے قدیم ترین مراکز قائم ہوئے۔ بڑے شہروں کے علاوہ پاکستان کی شیعہ آبادی کا سب سے بڑا حصہ انہی علاقوں میں رہتا ہے، یعنی (شمال سے جنوب تک): اٹک، راولپنڈی، جہلم، میانوالی، سرگودھا، ڈیرہ اسماعیل خان[53]، بھکر، جھنگ، ڈیرہ غازی خان، ملتان اور مظفر گڑھ۔ اِن میں سے آخری چھ اضلاع میں شیعہ آبادی کا ایک بڑا تناسب بلوچ النسل ہے، خواہ آج اُن کی مادری زبان سرائیکی ہی کیوں نہ ہو۔ بلوچ قبائل نے پندرھویں صدی کے اختتام سے سیت پور سے کروڑ تک دریائے سندھ کے مشرقی کنارے پر اپنا تسلط قائم کر رکھا تھا[55]۔

بعد ازاں ان جماعتوں کو بلوچ کلہوڑوں نے مزید تقویت پہنچائی، جو 1772ء میں تالپوروں کے ہاتھوں سندھ سے بے دخل کیے

جانے کے بعد ڈیرہ غازی خان کے نواح میں آبسے۔ بعد میں یہ لوگ سیرائی کہلائے، اور یہ امر مسلّم ہے کہ اُن میں اکثریت شیعوں کی تھی[56]۔ اسی طرح، یہ بھی قرائن سے ثابت ہوتا ہے کہ لاہور میں کم از کم سولھویں صدی کے اواخر سے ایک خاصی نمایاں شیعہ آبادی تھی، اگرچہ اُن میں سے ایک بڑا حصہ شاید تقیہ سے کام لیتا رہا، خصوصاً اُس زمانے میں جب جہانگیر، شاہجہان اور اورنگزیب کے عہد میں لاہور سلطنت مغلیہ کا صدر مقام تھا[57]۔

اٹھارویں صدی کے اوائل سے، تشیع کو موجودہ صوبہ خیبر پختونخوا کے وادی کرّم میں بھی متعارف کرایا گیا، اور یہ کام بنیادی طور پر طوری قبائل نے انجام دیا، جو پشتو بولنے والے افغان تھے اور غالباً ترک نسل کے تھے۔ طوری قبائل نے اُس وادی پر قابض پشتون بنگش قبیلے کو شکست دی، جو پندرھویں صدی کے آغاز میں وہاں کا کنٹرول سنبھال چکا تھا، اور تب سے اُنہوں نے اِس قبیلے کے نصف افراد اور اورکزئی قبیلے کے بعض ذیلی گروہوں کو شیعہ مذہب اختیار کرنے پر آمادہ کیا[58]۔ بیسویں صدی کے اوائل تک، کچھ سید خاندان جو مسلم فتوحات کے زمانے میں کرّم وادی کے راستے آئے تھے، اِن شیعہ قبائل میں سب سے زیادہ اثر و رسوخ رکھتے تھے[59]۔ 1892ء میں، جب انہوں نے افغانستان کے امیر عبدالرحمن کے خلاف ایک طویل بغاوت کی، تو طوریوں نے مدد کے لیے برطانوی حکومت سے رجوع کیا، جس کے نتیجے میں برطانویوں نے کرّم ایجنسی قائم کی، یہ شمال مغربی سرحدی صوبہ (موجودہ خیبر پختونخوا) میں بعد میں شامل ہونے والی سات ”قبائلی ایجنسیوں“ میں سب سے پہلی تھی[60]۔ کرّم ایجنسی، جوٹل سے پاراچنار اور وہاں سے پیواڑ پاس تک پھیلی ہوئی ہے، برصغیر اور بعد میں پاکستان میں شیعیت کا ایک اہم گڑھ رہی ہے، اور ملک بھر میں چلنے والی تمام شیعہ تحریکوں کو انسانی وسائل فراہم کرتی رہی ہے[61]۔

پنجاب اور سندھ میں شیعہ کمیونٹی کی صورتحال میں بہتری

اُس وقت واقع ہوئی جب احمد شاہ درانی کی وفات کے فوراً بعد 1772ء میں افغان سلطنت کے ٹوٹنے کے اثرات سامنے آئے۔ سندھ میں میر فتح علی ٹالپور نے ایک شیعہ بلوچ سلطنت قائم کی، جس نے موجودہ سندھ کے بیشتر علاقوں پر 1783ء سے لے کر برطانوی تسلط کے آغاز 1839-43ء تک حکمرانی کی۔ اگرچہ یہ سلطنت مختلف شاخوں میں تقسیم ہوگئی، جو میرپور، حیدرآباد اور خیرپور میں آباد ہوگئیں[62]۔ خیرپور کی ریاست، جس کے میر علی مراد نے 1843ء میں ایک بغاوت کے دوران برطانوی حکومت کے ساتھ وفاداری برقرار رکھی، برطانوی دور حکومت کے تمام عرصے تک برقرار رہی اور اسے 1955ء میں مغربی پاکستان کی دیگر ریاستوں کے ساتھ ضم کر دیا گیا[63]۔ ٹالپور میر شیعہ کمیونٹی کی عزاداری کی تقریبات کی سرپرستی کرتے اور کچھ شیعہ مساجد و امام بارگاہوں کی تعمیر میں حصہ لیتے، مگر اُن کے دورِ حکومت میں شیعہ آبادی مجموعی طور پر اقلیت ہی رہی۔ سندھ میں عزاداری کی روایت کے عام ہونے میں ایک اہم کردار میرزا فریدون بیگ کے نسلوں نے ادا کیا، جو ساقز (کردستان) سے ہجرت کر کے حیدرآباد میں میر کرم علی ٹالپور کے دربار میں اثر و رسوخ حاصل کر گئے (وفات 1828ء)[64]۔ اُن کے ایک پوتے، میرزا قلیچ بیگ (1858-1929ء)، نہ صرف مذہبی موضوعات پر کثیر التحریر تھے بلکہ سندھی زبان میں ناول اور ڈرامے کے

بانی کے طور پر بھی شہرت رکھتے تھے[65]۔

پنجاب میں افغانوں کے بعد پیدا ہونے والے اقتدار کے خلا کو بنیادی طور پر سکھوں نے پُر کیا۔ سیاسی استحکام اُس وقت واپس آیا جب سکھ مہاراجہ رنجیت سنگھ (وفات 1839ء) نے 1799ء میں لاہور اور 1818ء میں ملتان پر قبضہ کر کے اپنے دائرہ اقتدار کو مضبوط کیا۔ اُن کے دَور میں شیعہ عوام کو رفتہ رفتہ یہ اجازت ملنے لگی کہ وہ تعزیہ کے جلوس سڑکوں پر نکال سکیں، جبکہ اُن کے مجالس، جو بند دروازوں کے پیچھے منعقد ہوتی تھیں، لاہور اور دیگر شہروں میں تیزی سے بڑھنے لگیں[66]۔ اُس دَور کے ایک مشہور شیعہ مبلغ پیر سید لال شاہ کا تعلق کسرا سے تھا، جو پورے مغربی پنجاب اور سندھ میں تبلیغ کرتے، ہزاروں مریدوں کو متاثر کرتے اور کہا جاتا ہے کہ اُنھوں نے 46 امامبارگاہیں قائم کیں[67]۔ اُس وقت عزاداری کو فروغ دینے والے اہم شیعہ اہلِ علم خاندانوں میں لاہور کے بخاری فقیر نمایاں تھے۔ فقیر عزیز الدین نے رنجیت سنگھ کے دربار میں اعلیٰ عہدے سنبھالے اور خاندان نے وسیع جاگیریں حاصل کیں[68]۔ شاہ جیونہ کی نسلوں نے بھی سکھوں کے ساتھ تعلقات اُستوار کیے، جبکہ سیال، جو جھنگ کے دَور میں بنیادی طور پر شیعہ جاگیردار خاندان تھا، زیادہ سرکش رہا اور صرف اس کے بعد برطانوی پنجاب کے الحاق (1849ء) کے بعد ہی دوبارہ اقتدار میں آیا، اور وہ بھی برطانوی اتحادی کے طور پر[69]۔

صرف سیال ہی نہیں، بلکہ پنجاب کے بیشتر مسلم جاگیردار خاندان، چاہے شیعہ ہوں یا سنی، بالآخر 1845ء-1849ء کے سکھوں کے خلاف برطانوی جنگوں کے دوران برطانوی حکومت کے ساتھ متحد ہو گئے اور صدی بھر کی برطانوی حکمرانی کے سب سے بڑے فائدہ اُٹھانے والے بن گئے[70]۔ اُن کی جاگیریں برطانوی زمین کے عنوانات کے ذریعے باقاعدہ درج کی گئیں اور جتنی زیادہ خدمات اُنھوں نے اپنے نئے آقاؤں کے لیے انجام دیں، اُن کی زمینیں اُتنی ہی بڑھیں۔ اُن کی وفاداری سب سے قیمتی اُس وقت ثابت ہوئی جب 1857ء کی 'بغاوت' کے دوران برطانویوں نے عارضی طور پر دہلی، لکھنؤ اور شمالی ہندوستان کے بڑے حصوں پر اپنا کنٹرول کھو دیا، لیکن پنجاب پُرسکون رہا۔ یہی صوبہ برطانوی ہندی فوج کے لیے سب سے اہم بھرتی مرکز بن گیا، جہاں اُن جاگیرداروں میں سے کئی افسر کے طور پر خدمات انجام دیتے، علاوہ ازیں وہ انڈین سول سروس، عدلیہ اور آہستہ آہستہ قائم ہونے والے خود مختار اداروں، جیسے کہ میونسپل کونسلوں، میں بھی کام کرتے رہے۔

بظاہر برطانوی حکمرانوں نے پنجاب میں جاگیردار اشرافیہ کو مستحکم کرتے ہوئے سنی اور شیعہ میں کوئی تمیز نہیں کی۔ تاہم شیعوں کے پاس برطانوی وفاداری کے لیے اور بھی مضبوط وجوہات موجود تھیں، کیونکہ اُن کی حکمرانی کے دوران پہلی بار اُنھیں مکمل مذہبی آزادی میسر آئی۔ قدیم نمایاں پنجابی شیعہ خاندان، جیسے لاہور کے فقیر، جھنگ کے سیال، رجوئے اور جھنگ کے شاہ جیونہ سادات، اور ملتان کے گردیزی اور قریشیوں نے اپنی دولت اور اثر و رسوخ کے کچھ حصے کو تعزیہ کے جلوسوں کی سرپرستی اور امامبارگاہوں و شیعہ مساجد کی تعمیر کے لیے استعمال کیا۔ تاہم انیسویں صدی کے پنجاب میں شیعہ مذہب کی مضبوطی میں سب سے اہم کردار قزلباش خاندان نے ادا کیا، جو محض 1849ء میں لاہور میں آباد ہوا تھا۔ لاہور کے قزلباش محض اُس وسیع سلسلے کی ایک شاخ ہیں جو نادر شاہ نے 1738ء-40ء کی مہمات کے دوران ایران سے افغانستان اور شمالی ہندوستان لائے تھے، اور جن کے آباؤ اجداد نے دو صدی قبل ایران میں صفوی حکومت کو قائم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا تھا[71]۔

یہ قزلباش خاندان سردار علی خان قزلباش کے نسل زادے ہیں، جنہوں نے نہ صرف نادر شاہ کی بلکہ احمد شاہ درانی کی افواج میں بھی اعلیٰ عہدے سنبھالے تھے[72]۔ علی خان کے ایک پوتے، علی رضا خان قزلباش (وفات 1865ء)، کے پاس کابل میں جاگیر تھی جب برطانوی فوج نے 1839ء میں وہاں گیریژن قائم کیا، اور اُس نے اُنہیں قیمتی خدمات فراہم کیں۔ جب 1842ء میں برطانوی فوج کو افغانستان سے پسپائی اختیار کرنی پڑی، تو علی رضا خان بھی اُن کے ساتھ گئے اور اپنی تمام جاگیریں کھو بیٹھے، مگر اُنہیں ماہانہ پنشن دی گئی۔ بعد ازاں، سکھوں کے خلاف برطانوی جنگوں اور 1857ء-58ء کی "بغاوت" کے دوران اُن کی خدمات کے عوض اُنہیں فراخدلی سے نوازا گیا، جب اُن کے ایک بھائی کی جان گئی اور دوسرے کو باغیوں سے لڑتے ہوئے دو مرتبہ زخم آئے۔ 1858ء کے بعد علی رضا خان کو اودھ اور بہرائچ (یوپی) میں ڈیڑھ لاکھ روپے سالانہ تنخواہ پر 147 دیہات کے تعلقدار کے منصب پر مقرر کیا گیا، اِس کے علاوہ 1849ء کے بعد پنجاب میں حاصل کی گئی جاگیریں بھی شامل تھیں، 1863ء میں اُنہیں نواب کا خطاب بھی دیا گیا[73]۔

علی رضا خان اور اُن کے بھائیوں کی تمام نسل برطانوی حکومت کی وفادار حامی رہی[74]۔ اُن کی وسیع جاگیریں سب سے پہلے اُن کے بیٹوں نوازش علی خان (وفات 1890ء)[75] اور ناصر علی خان (وفات 1896ء)[76] کو منتقل ہوئیں، اور بعد میں یہ اُن کے پوتے فتح علی خان (1862-1923ء)[77] کے حصے میں آئیں۔ 1923ء سے 1936ء تک قزلباش خاندان کی قیادت اور اُس کی جاگیریں محمد علی خان، ناصر علی خان کے بیٹے، اور فتح علی خان کے بیٹے نثار علی خان (1901-44ء) کے درمیان متنازع رہیں، جس میں بالآخر نثار علی خان کا حق برطانیہ کی اعلیٰ عدالت نے تسلیم کر لیا[78]۔ 1944ء میں نثار علی خان کے بعد اُن کے بھائی مظفر علی خان (1908-82ء) نے قزلباش خاندان کی قیادت سنبھالی اور اگلے چار دہائیوں تک شیعہ گروہی اُمور میں کلیدی کردار ادا کیا، جیسا کہ اِس کتاب کے اگلے ابواب میں تفصیل سے بیان کیا جائے گا۔

علی رضا خان قزلباش لاہور میں قیام پذیر ہونے کے بعد پنجاب میں مجالس اور تعزیہ کے جلوسوں کے سب سے بڑے سرپرست بن گئے۔ انہوں نے موچی گیٹ کے نزدیک ایک مسجد اور مدرسہ قائم کیا اور سید ابوالقاسم الحائری (1833-1906ء) کو لاہور لایا، جو اُس دور کے پنجاب کے ممتاز شیعہ عالم تھے[79]۔ علی رضا خان نے تلونڈی (لُدھیانہ) کے جدید فکر کے عالم سید رجب علی شاہ نقوی (1806-69ء) کی بھی سرپرستی کی، جو 1834ء سے برطانوی حکومت میں اعلیٰ عہدوں پر فائز تھے اور 1858ء میں انہیں لقب "ارسطو جاہ" (یعنی ارسطو کے مرتبے کے حامل) دیا گیا۔ سید رجب علی نے اپنی سیاسی اثر و رسوخ کا پورا استعمال شیعہ مذہب کو فروغ دینے میں کیا، تقیہ کی مخالفت کی، لُدھیانہ میں شیعہ پرنٹنگ پریس (مجمع البحرین) قائم کیا، اور نواب علی رضا خان کو راضی کیا کہ وہ اپنی کچھ زمینوں کی آمدنی کو عزاداری کے اخراجات کے لیے وقف کر دیں[80]۔ علی رضا خان کے بیٹے ناصر علی خان نے 1892ء میں قزلباش وقف کو بہت وسعت دی اور اسے مزید مستحکم کیا[81]۔

اُنیسویں صدی کے اواخر سے، لاہور میں تعزیہ کے جلوس برصغیر کی سب سے شاندار تقریبات میں شمار کیے جاتے رہے ہیں، جنہیں صرف لکھنؤ (اور پاکستان کے قیام کے بعد کراچی) کے جلوس ہی پیچھے چھوڑ پائے ہیں۔ مرکزی جلوس کا آغاز آج تک موچی گیٹ کے نزدیک قزلباش حویلی سے ہوتا ہے۔ لاہور کے پرانے شہر کی گلیوں سے گزرتے ہوئے یہ تعزیے بیس گھنٹے تک سڑکوں پر سفر کرتے ہیں اور آخرکار

اُنہیں کربلا گامے شاہ میں اُتارا جاتا ہے، جو ایک مسجد اور مزار کے قریب واقع ہے، اور یہ تعمیر نواب نوازش علی خان قزلباش نے انیسویں صدی کے اوائل کے ایک ملنگ کے لیے کروائی تھی[82]۔

لاہور کے قزلباش خاندان کی ایک شاخ نے انیسویں صدی کے اواخر میں پشاور میں بھی عزاداری کے جلوس متعارف کروائے۔ اِس شہر کی چھوٹی شیعہ برادری اُس وقت بنیادی طور پر تاجروں اور ایران، کشمیر اور افغانستان سے آئے مہاجرین پر مشتمل تھی، اور بعد میں اسے کرم وادی کے طوری اور بنگش قبائل اور پنجابی شیعوں کی آمد سے اسے مزید تقویت ملی، جنہوں نے اپنے خاص مذہبی روایات کا حصہ ڈالنے میں کردار ادا کیا[83]۔ بلوچستان میں قابل ذکر واحد شیعہ آبادی کوئٹہ میں پائی جاتی ہے، جو زیادہ تر وسطی افغانستان سے ہزارہ ہیں اور انیسویں صدی کے اواخر میں افغان امیر عبدالرحمن کے دَورِ حکومت میں یہاں منتقل ہوئے۔ اِن کی تعداد 1980ء اور 1990ء کی دہائیوں میں افغان جنگوں کے دوران بڑھی اور آج اِن کا تخمینہ تقریباً تین-چار لاکھ کے درمیان ہے[84]۔ 1876ء سے جب برطانوی حکومت نے کوئٹہ میں مستقل گیریژن قائم کیا، پنجاب کے کچھ شیعہ بھی وہاں آباد ہو گئے۔

پنجاب اور سندھ میں- جیسے ہندوستان کے دیگر حصوں میں بھی-شیعہ مذہب کے فروغ کے لیے عزاداری کی تقریبات کی اہمیت کو کم نہیں کیا جا سکتا۔ رنگ برنگے تعزیہ کے جلوس ہمیشہ بڑی تعداد میں سنی مسلمانوں (بلکہ ہندو اور سکھوں کو بھی) اپنی جانب کھینچتے رہے، جو اکثر جگہوں پر گزشتہ دہائیوں تک فعال طور پر اِن جلوسوں میں حصہ لیتے رہے۔ یوں عزاداری کی تقریبات بتدریج بہت سے صوفی مزارات پر بھی متعارف کرائی گئیں، جیسے کہ سندھ کے مشہور مزار، لال شہباز قلندر، سیہون (سندھ)[85]۔ اسی طرح، شیعہ مجالس میں ذاکر کی جانب سے دیئے جانے والی انتہائی جذباتی خطبات عام لوگوں پر گہرا اثر ڈالتے تھے، جو اپنے روزمرہ کے معمولات میں بہت سی ناانصافیوں اور تکالیف کا شکار ہوتے تھے، اور اس لیے اماموں کے مصائب کی داستانوں سے آسانی سے متاثر ہو جاتے تھے۔ سرائیکی بیلٹ، خصوصاً ملتانی لہجے والے ذاکر، پنجاب بھر میں اور بعد میں پورے مغربی پاکستان میں بہت مقبول ہوئے[86]۔ شیعہ عقائد کے فروغ کا ایک اور اہم ذریعہ مراثی بھی ہیں، یعنی کربلا کے شہداء پر فارسی، اردو یا سندھی میں نوحے۔ مراثی اردو شاعری کی قدیم ترین اصناف میں سے ہیں، جو سب سے پہلے دکن میں مرتب کی گئی اور بعد میں اٹھارویں و انیسویں صدی کے دہلی و لکھنؤ میں اعلیٰ درجے پر ترقی اور نکھار حاصل کیا[87]۔ بعض بہت مقبول سندھی شعراء، جیسے شاہ عبداللطیف بھٹائی (وفات 1752ء) اور عبدالوہاب سچل سرمست (وفات 1826ء) نے بھی مراثی تحریر کیں[88]، اور یوں امام حسین کے لیے عقیدت اور احترام کے جذبات پیدا کرنے میں مدد کی حتیٰ کہ ان کے سنی ہم وطنوں میں بھی۔

چونکہ برصغیر میں عوامی اسلام نے کئی ہندو رواج اختیار کر لیے تھے اور عام طور پر اس میں ہم آہنگی کی طرف رجحان پایا جاتا رہا ہے، لہٰذا دیہی علاقوں میں شیعہ اور سنی کے درمیان فرق حالیہ عرصے تک واضح نہیں رہا۔ حتیٰ کہ حالیہ دہائیوں میں سنی علماء اکثر اپنے ہم مذہبوں کی "جہالت" پر افسوس کرتے رہے، جو شیعہ تقریبات سے متاثر ہو کر "نیم شیعہ" بن جاتے تھے[89]۔ اِس لیے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ دیہی پنجاب اور سندھ کے بعض حصوں میں سنی مسلمانوں کا شیعہ مذہب اختیار کرنا اُنیسویں صدی کے وسط تک بتدریج اور نہایت نفیس انداز میں ہوا، جس میں زیادہ تر صوفی، ملنگ اور دیگر گشت گذار مبلغین کا کردار رہا، جنہوں نے اہل بیت کے متعلق شیعہ عقائد کو عام کیا لیکن سنی حساسیت کو ناراض کرنے سے گریز کیا۔ تاہم برطانوی حکومت کے تحت یہ صورتحال بدل گئی، جب شیعوں کو مذہبی ظلم وستم کے خطرے سے نجات مل گئی۔ سید رجب

علی شاہ اور سید ابو القاسم الحائری سے شروع کرتے ہوئے، شیعہ مبلغین نے مناظرات (یعنی مذہبی عقائد پر عوامی مباحثے) پنجاب اور ہمسایہ علاقوں میں متعارف کروائے، جو کہ اُنیسویں صدی کے اوائل سے دہلی اور لکھنؤ میں معروف تھے[90]۔ بیشتر مناظرات شیعہ اور سنی علماء کے درمیان منعقد ہوتے لیکن سنی و شیعہ علماء کے ساتھ عیسائی مذہبی شخص، ہندو پنڈت یا مرزا غلام احمد (احمدیہ فرقے کے بانی) کے پیروکاروں کے درمیان بھی اکثر مناظرات دیکھنے میں آتے[91]۔ عموماً مناظرے اِس طرح ترتیب دیے جاتے کہ بڑی تعداد میں سامعین موجود ہوں، جو عموماً اپنے فرقے کے مقررین کی حمایت کرتے لیکن مخالف کی دلیل اور کرشمے سے متاثر بھی ہو سکتے تھے۔ ایک کامیاب مناظر بننے کے لیے صرف فصاحت و بلاغت کی ضرورت نہیں ہوتی تھی، بلکہ مذہبی ماخذوں پر گہرا عبور بھی درکار تھا تاکہ حریف کی دلیل کو مستند اقتباسات کے ذریعے رد کیا جا سکے۔

بیسویں صدی کے ابتدائی عشروں میں مناظرہ کا رواج غیر معمولی حد تک پھیل گیا، اور اسی کے ساتھ برِّ صغیر کے شیعہ اور سنی طبقات میں ایک نئی نوعیت کی فرقہ جاتی خود آگاہی بھی پروان چڑھی[92]۔ شیعہ مآخذ پر اعتبار کیا جائے تو محض پنجاب میں ہی 1950ء کی دہائی کے اواخر تک ہزاروں سنّی مسلمان مناظروں کے اثر سے شیعہ مکتبِ فکر میں داخل ہوئے[93]۔ عوامی مناظروں کی خطیبانہ کشاکش کے ساتھ ساتھ مناظرہ نگاری کا ایک وسیع ادبی سلسلہ بھی بیسویں صدی کے اوائل میں پروان چڑھا، جس میں اکثر نہایت جارحانہ اور توہین آمیز زبان استعمال کی جاتی تھی۔ تاہم یہ امر مشتبہ ہے کہ ایسی تحریروں نے عقائدِ شیعہ کی ترویج پر کوئی نمایاں اثر ڈالا ہو۔ بہر کیف، 1919ء میں لکھنؤ میں قائم ہونے والا المدرستہ الواعظین اس فن کی باقاعدہ تربیت کا ادارہ بن گیا، جہاں شیعہ مبلغین کو فنِ مناظرہ کی عملی و نظری مہارتیں سکھائی جاتی تھیں۔ بعد ازاں یہی مبلغین تبلیغی دوروں پر بھیجے جاتے، جو چند ماہ سے لے کر کئی برس تک جاری رہتے، اور برطانوی ہندوستان کے مختلف اضلاع میں خدمات انجام دیتے، جن میں وہ علاقے بھی شامل تھے جو بعد ازاں مغربی پاکستان کہلائے[95]۔

لیکن اگرچہ شمال مغربی انڈیا میں شیعہ آبادی نے سکھوں اور تالپوروں کے زمانے سے لے کر بیسویں صدی کے وسط تک یقیناً خاطر خواہ وسعت اختیار کی، تاہم 1921ء کی مردم شماری، جو برصغیر میں شیعہ اور سنّی مسلمانوں کے درمیان امتیاز کرنے والی آخری مردم شماری تھی[96]، میں خود کو شیعہ ظاہر کرنے والے افراد کی کُل تعداد اُن علاقوں میں اب بھی نہایت کم تھی[97]۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ بہت سے شیعہ، خصوصاً دیہی علاقوں میں، اِس مردم شماری کے وقت تک تقیہ پر عمل پیرا رہے[98]۔ پاکستان کے قیام کے ساتھ ہی شیعہ آبادی میں اضافہ ہونے کا ایک اہم سبب ہندوستان کے دیگر حصوں سے آنے والے شیعہ مہاجرین کا سیلاب تھا[99]، جس نے نہ صرف شیعوں کی تعداد میں اضافہ کیا بلکہ غالباً مجموعی آبادی کے تناسب میں بھی اپنے حصّے کو بڑھایا۔ تاہم پاکستان میں شیعہ آبادی کی صحیح تعداد کبھی باقاعدہ طور پر ثبت نہیں کی گئی، اور یہ مسئلہ آج تک اِختلاف اور قیاس آرائی کا موضوع بنا ہوا ہے[100]۔

مُغل دَور سے لے کر 1939ء تک شیعہ سنی تنازعات

جیسا کہ گزشتہ حصے میں واضح کیا گیا ہے، برصغیر میں تشیّع کے فروغ کے ساتھ اکثر شیعہ-سنّی کشیدگی بھی دیکھی گئی ہے۔کم از کم سولہویں صدی کے اواخر سے، ایسے ٹکراؤ اس قدر باقاعدگی سے رونما ہوتے رہے ہیں کہ انہیں برصغیر میں اسلام کی تاریخ کا ایک مستقل پہلو سمجھا جا سکتا ہے، (بالکل اسی طرح جیسے دنیا کے اُن دیگر مسلم خطّوں میں جہاں قابلِ لحاظ شیعہ آبادی موجود رہی ہے)۔ناگزیر طور پر، اس مطالعے میں ان واقعات کو مناسب توجہ دی گئی ہے، کیونکہ بیسویں صدی کے اوائل سے لے کر تالیف کے زمانے تک شیعہ گروہی شعور کی تشکیل میں ان کا نمایاں کردار رہا ہے۔تاہم اس کے ساتھ یہ امر بھی پیشِ نظر رہے کہ اس تحقیق کا مقصد یہ تاثر دینا نہیں کہ برصغیر میں شیعہ-سنّی تعلقات عمومی طور پر کشیدہ رہے ہیں، یا یہ کہ ہر دَور میں ایسے تنازعات نے دونوں برادریوں کے بڑے حصّے کو متاثر کیا ہو[101]۔

برصغیر میں شیعہ-سنّی نوعیت کے رنگ لیے ہوئے سب سے اولین بڑا تصادم جنوبی پنجاب میں اسماعیلی سلطنت کی تباہی تھا، جو گیارہویں صدی کے اوائل میں محمود غزنوی کے ہاتھوں پیش آیا[102]۔ایران سے آنے والے اِثنا عشری شیعہ مہاجرین اور مقامی سنّیوں کے درمیان کشیدگی کا پہلا واضح ذکر دہلی میں فیروز شاہ تغلق (1351ء-1388ء) کے عہدِ حکومت میں ملتا ہے[103]۔اِسی دَور سے دکن میں اِثنا عشری شیعہ سلاطین کے اُبھار کے ساتھ بھی کبھی کبھار فرقہ وارانہ تشدد دیکھنے میں آیا،لیکن شیعوں کے بڑھتے ہوئے اثر ونفوذ نے جب مغلیہ سلطنت کے وسیع سیاسی اور سماجی ڈھانچے میں جگہ بنانا شروع کی تو سنّی ردِّعمل نے پہلی بار واقعی بڑے پیمانے پر شدت اختیار کی۔فرقہ وارانہ تنازع کے کئی بنیادی اسباب-اور یہاں تک کہ دونوں فریقوں کے اِستدلال کے طریقے-سولہویں صدی کے اواخر سے تقریباً جوں کے توں چلے آرہے ہیں[104]۔اُس دور میں بعض بلند پایہ شیعہ اہلکار اور درباری اکبر کے وسعتِ نظر اور دینی رواداری کے مشیر تصور کیے جاتے تھے، اور بعض پر یہ شبہ بھی کیا گیا کہ اُنھوں نے بادشاہ کے روایتی اسلامی تعلیمات سے تدریجاً دُور ہونے میں کردار ادا کیا۔چنانچہ جب اکبر کے بعد سنّی علما نے دوبارہ اثر ورسوخ حاصل کیا تو اُن کا ردِّعمل اکبر کی مبینہ بدعتوں ہی کے خلاف نہیں تھا بلکہ اُسی شدّت سے تشیّع کے بڑھتے ہوئے اثر کے خلاف بھی تھا[105]۔

شیعہ عقائد کے خلاف سب سے نمایاں مناظرانہ تصانیف میں سے ایک، جس نے برصغیر کے کئی پشتوں کے سنّی علما کے فکری رجحانات پر گہرا اثر چھوڑا، ایک نہایت شہرت یافتہ عالم شیخ احمد سرہندی (1564ء-1624ء) کی ہے، جنہیں برصغیر میں مجددِ الفِ ثانی کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے[106]۔اُنہوں نے یہ کتاب تقریباً 1587ء میں ردُّ الروافض کے عنوان سے تحریر کی، جس میں اُنہوں نے صاف لفظوں میں یہ رائے ظاہر کی کہ شیعہ، پیغمبر محمدؐ کی زوجہ عائشہؓ پر سبّ وشتم کے سبب ''کافر'' قرار پاتے ہیں[107]۔اُسی دَور میں ہندوستان میں ایک اور شیعہ مخالف کتاب بھی نہایت مقبول تھی، النواقض فی الردّ علی الروافض، جس کے مصنف مرزا مخدومی وہ سابق وزیر تھے جو ایرانی شاہ اسماعیل صفوی دوم کے دربار میں خدمت انجام دے رہے تھے مگر بعد ازاں سنّی مسلک اختیار کر لیا۔سنہ 1587ء میں ہی قاضی نوراللہ شوشتری نے اِس کتاب کا جواب مصائب النواصب کے نام سے قلم بند کیا[108]۔اکبر کے عہد میں شیعہ دشمنی صرف اُن کے عقائد پر زبانی یا قلمی حملوں تک محدود نہ رہی۔1561ء سے 1579ء کے درمیان ملا عبداللہ انصاری ''مخدوم الملک'' اور شیخ عبدالنّبی، جو دونوں اکبر کے

مرکزی وزرا (صدر الصدور) تھے، نے اپنی سرکاری حیثیت استعمال کر کے متعدد نامور شیعہ شخصیات کو بے بنیاد الزامات کے تحت قتل کروایا۔ 1585ء میں اکبر ہی کے دربار سے وابستہ ایک ممتاز شیعہ عالم، ملا احمد تتوی، کو لاہور میں قتل کر دیا گیا[109]۔ چار برس بعد متعصّبین نے اُن کی قبر کھدوائی اور اُن کے جسدِ خاکی کو نکال کر نذرِ آتش کر دیا[110]۔

سنّیوں کا شیعوں کے خلاف اُس زمانے میں بھی ایک بنیادی شکوہ- اور جو آج تک برقرار ہے- یہ تھا کہ شیعہ صحابۂ کرام کے بارے میں اِک نقطۂ نظر کے حامل ہیں۔ مصائبُ النواصب میں شوشتری نے اُن صحابہ پر لعنت (لعن) بھیجنے کے شیعی عمل کا دفاع کیا جنہیں اہلِ بیت کا دشمن سمجھا جاتا تھا[111]۔ اپنی دوسری اہم تصنیف مجالس المؤمنین، جو اسلام کے ابتدائی دور سے لے کر عہدِ صفویہ کے آغاز تک ممتاز شیعہ شخصیات کے حالاتِ زندگی پر مشتمل ایک جامع تذکرہ ہے اور 1602ء میں مکمل ہوا، میں شوشتری نے یہ مؤقف پیش کیا کہ پیغمبر کے اُن معاصرین کو ہی ''اصحاب'' کہا جاسکتا ہے جو بیک وقت ایمان و عدل دونوں اوصاف کے حامل ہوں۔ اُن کے نزدیک اصحاب پر لعنت بھیجنا اصولاً جائز نہیں، لیکن اگر کوئی ایسا کرے بھی تو وہ مسلمان رہتا ہے[112]۔ اپنی شہرۂ آفاق کتاب 'اِحقاقُ الحق و اِبطالُ الباطل' میں شوشتری نے تحریر کیا کہ ''رسولِ اکرم نے مسلمانوں کو ہدایت فرمائی تھی کہ اصحاب میں سے صرف اُن افراد کی پیروی کرنا جو شرافت، علم اور فضیلت کی کامل مثال ہوں، اور یہ اوصاف صرف علی ابن ابی طالب اور اہلِ بیت پر صادق آتے ہیں۔'' اُنہوں نے یہ اِستدلال بھی پیش کیا کہ ''قرآنِ کریم میں کوئی ایک آیت بھی ایسی نہیں ملتی جو عام صحابہ کی مدح میں وارد ہوئی ہو یا جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہو کہ اُن کی سابقہ لغزشوں کو اللہ تعالیٰ نے لازماً معاف کر دیا تھا۔'' شیعہ'' صرف اُن اصحاب پر لعنت کرتے ہیں جو اہل بیت کے دشمن تھے، اور انہوں نے ایسا خدا تعالیٰ، پیغمبر اور اُن کے قریبی رشتہ داروں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے کیا''[113]۔

1605ء میں شوشتری کی تصنیف اِحقاقُ الحق مکمل ہونے کے کچھ عرصہ بعد سلطان اکبر کا انتقال ہوگیا، اور سنّی علماء نے سخت گیر رجعت پسندی کے نفاذ کے لیے دباؤ ڈالنا شروع کیا۔ شیخ احمد سرہندی نے اپنے اہم خطوط میں بزرگ اشراف سے یہ مطالبہ کیا کہ ''مبتدعین (شیعوں) کی صحبت سے اجتناب کیا جائے، کیونکہ وہ کافروں سے بھی بدتر ہیں، اور اُن کا احترام اسلام کو برباد کرنے کے مترادف ہے[114]۔'' اکبر کے جانشین، جہانگیر، اگرچہ ابتدا میں مذہبی رواداری کی پالیسی واپس لینے میں ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کیا، بالآخر شوشتری کے دشمنوں کی سازشوں کے آگے جھک گئے۔ 'اِحقاقُ الحق' کے چند ترجمہ شدہ اقتباسات کی بنیاد پر شوشتری کو کوڑے مارنے کی سزا سنائی گئی، اور اس دوران وہ 1610ء میں وفات پا گئے[115]۔ ہندوستان میں اُن کے اِس صدمہ خیز انجام نے اُن کئی شیعہ اہلکاروں کے لیے اِنتباہ کا کردار ادا کیا، جو مغل دربار میں بااثر عہدوں پر فائز تھے، اور اُنہیں دوبارہ تقیہ کی مشق اپنانے پر مجبور کیا[116]۔ تاہم بعض دیگر نے حتیٰ کہ اورنگزیب کے سخت شیعہ مخالف دَور میں بھی کھلے عام اپنے عقیدے کا اظہار جاری رکھا[117]۔

اورنگزیب کے انتقال اور مغلیہ طاقت کے زوال کے بعد تشیّع کی دوبارہ بیداری نے فرقہ وارانہ مناظرات اور تصادمات کو نئی قوت بخشی۔ جبکہ اَوَدھ اور بنگال اٹھارویں صدی کے پہلے نصف میں شیعہ مضبوط قلعوں کے طور پر اُبھرے، دہلی اور لاہور میں شیعہ مخالف رجحانات بڑھنے لگے۔ شاہ ولی اللہ دہلوی (1703ء-1762ء)، جو اپنے دَور کے برصغیر کے سب سے اہم مسلم فکری و دینی مفکر مانے جاتے ہیں[118]، نے مسلمانوں کی زوال پذیر حالت کی ایک بڑی وجہ کو فرقہ وارانہ تقسیم قرار دیا۔ اپنی بعض تصانیف میں اُنہوں نے شیعہ وسنّی عقائد کے

اختلافات کو کم کرنے کی کوشش کی، اور علی ابن ابی طالب اور تمام شیعہ ائمہ کی روحانی عظمت کی تعریف کی، ساتھ ہی یہ بھی زور دیا کہ شیعہ اسلام کے دائرے سے باہر نہیں ہیں[119]۔ تاہم شاہ ولی اللہ کا اصل مقصد سنّیوں میں پہلے دو خلفاء کی فضیلت پر ایمان کو مضبوط کرنا تھا، جیسا کہ اُنہوں نے تفضیلیہ سنّیوں[120] پر اپنے کتابوں ' ازالة الخفاء عن خلافة الخلفاء اور قرةالعين فى تفضيل الشيخين ' میں حملے کر کے دکھایا[121]۔ 1732ء میں مکّہ میں قیام کے دوران انہوں نے شیخ احمد سرہندی کی کتاب 'ردُّ الروافض' کا عربی ترجمہ بھی کیا[122]۔ اگرچہ بعض سنّی علماء کے نزدیک شاہ ولی اللہ کا رویہ شیعوں کے بارے میں معتدل تھا، لیکن وہ ہندوستانی اسلام میں ایک احیائی تحریک کے پیش رَو تھے جو کئی جہتوں میں صریحاً شیعہ مخالف ہو گئے۔

ہندوستان میں شیعہ عقائد کی سب سے جامع اور مکمل تردید شاہ ولی اللہ کے بڑے بیٹے، شاہ عبدالعزیز (1746ء-1824ء) کی کتاب تحفہ اثنا عشریہ تھی، جسے 1789ء میں مکمل کیا گیا۔ اس کتاب کے بارہ ابواب میں، دیگر موضوعات کے ساتھ، "شیعہ مذہب" کی ابتدا اور تاریخی ارتقاء، شیعہ "حربی تذویرات" (مقاعد)، نبوت و امامت کے بارے میں اُن کے عقائد، پہلے تین خلفاء کے خلاف شیعہ اعتراضات (مطاعین)، اور تولاّ وتبرّا کے مسائل زیرِ بحث آئے[123]۔ باب گیارہ میں "شیعہ مذہب کی خصوصیات" جیسے "غلط فہمیاں" (اوہام) اور "یکطرفہ سخت عقیدہ" (تعصب) پر روشنی ڈالی گئی[124]۔ تحفہ اثنا عشریہ اپنی اشاعت کے فوراً بعد مشہور ہو گئی اور متعدد جوابی تصانیف کی راہ ہموار کیں۔ ان میں سب سے قابل ذکر 'نزہتہ الاثنا عشریہ' از حکیم مرزا محمد کامل دہلوی[125] اور لکھنؤ کے ممتاز مجتہد سید دلدار علی[126] اور مفتی سید محمد قلی[127] کی کئی کتابیں شامل ہیں۔ اُس دَور میں سنّی-شیعہ مناظرات میں اضافہ جزوی طور پر محمد ابن عبدالوہاب نجدی (1703ء-1787ء) کے اصلاحی و پاکیزہ نظریات کے ہندوستان میں زائرین اور حج کرنے والوں کے ذریعے پھیلنے سے بھی متاثر ہوا[128]۔ لیکن سنّی مسلمانوں کی سیاسی طاقت کے زوال اور بعض علاقوں میں شیعہ عروج کے سبب پیدا شدہ احساسِ محرومی زیادہ اہم عوامل تھے۔ اورنگزیب کے انتقال کے بعد مغلیہ سلطنت کی تدریجی تحلیل، بغاوت کرنے والے حکمرانوں اور ہندو مرہٹوں، سکھوں اور برطانوی فوج کے حملوں کے نتیجے میں ہوئی، جو 1803ء میں دہلی میں مغل 'بادشاہ' کے برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی کے پنشنر میں بدل جانے کے ساتھ عروج کو پہنچی۔ سابق سنّی اشرافیہ کے کئی افراد نے اپنی آمدنی کے ذرائع کھو دیے، اور علماء بھی بری طرح متاثر ہوئے، کیونکہ اسلامی قوانین کی جگہ "اینگلو-محمڈن" قوانین[129] نافذ کیے گئے۔ اِس دوران اَوَدھ کی شیعہ حکمرانی والی ریاست برطانوی سرپرستی میں خوشحالی کے عروج پر پہنچی[130]۔

شاہ عبدالعزیز ایسے عالم تھے جو دہلی کے اپنے مدرسے میں تدریس، کتابیں وخطوط لکھنے اور بے شمار فتویٰ جات صادر کرنے تک محدود رہے، لیکن اُن کے بعض شاگردوں نے زیادہ عملی اقدامات کی طرف پیش قدمی کی۔ س۔ احمد بریلوی (1786ء-1831ء)[131]، جو بعد میں سکھوں کے خلاف متروک جہادی رہنما کے طور پر مشہور ہوئے[132]، 1818ء سے 1821ء تک شمالی ہندوستان کے شہروں کا دورہ کیا اور سیکڑوں پیروکاروں کے ساتھ شیعہ عقائد و عملی رسوم کے خلاف تبلیغ کی۔ اُن کے حملوں کا بنیادی ہدف تعزیہ کے جلوس تھے، جو شیعوں کے ساتھ ساتھ سنّیوں میں بھی مقبول ہو چکے تھے۔ سید احمد نے بار بار تعزیے جلانے کی کارروائی کی، جس سے بعض مقامات پر فسادات پھوٹ پڑے۔ لکھنؤ میں کہا جاتا ہے کہ اُنہوں نے سید دلدار علی کو یہ چیلنج دے کر شرمندہ کیا کہ وہ تقیّہ اور نفاق میں فرق بیان کریں[133]۔ ظاہر ہے کہ اَوَدھ کے حکمرانوں نے بھی سید احمد اور اُن کی جماعت پر زیادہ پابندیاں نہیں لگائیں، جو کسی صورت میں اَوَدھ کے سنّیوں سے زیادہ حمایت حاصل نہ کر

سکے [134]۔اُن کا بعد میں 1826ء میں افغانستان اور پشاور کے راستے شروع کیا گیا جہاد بھی ناکام رہا، جس سے برصغیر میں خالص سنّی اسلام کے لیے سیاسی بنیاد بنانے کے خواب دم توڑ گئے، مگر سید احمد کی توانائی اور شہادت نے معاصرین پر گہرا اثر چھوڑا۔اُن کے لیکچرز میں مقبول بھارتی مسلم رسوم جیسے" قبروں کی عبادت" کی مذمت کی گئی اور صوفی اِزم کی ایک" پاکیزہ" شکل کی تلقین کی گئی، جو کتاب الصراط المستقیم میں محفوظ کیے گئے، جو" مجاہدین کا بنیادی رہنما کتابچہ" [135] اور بے شمار پیروکاروں میں دستور العمل بن گئے۔ یہ کتاب اُن کے قریبی ساتھی شاہ محمد اسماعیل (1797-1831ء) [136] نے 1817ء-18ء میں مرتب کی تھی، جو شاہ ولی اللہ کے پوتے تھے اور سید احمد کے ساتھ بالاکوٹ میں سکھوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے تھے۔شاہ اسماعیل بھی سید احمد کی طرح نڈر مبلغ تھے اور اپنی تصانیف، جن میں سب سے اہم تقویت الایمان ہے، کے ذریعے تحریک کے اثر کو نمایاں طور پر بڑھانے میں معاون ثابت ہوئے [137]۔

مؤخر الذکر کتاب، جو 1824ء میں مکمل ہوئی، نے کئی سنّی علماء میں شدید مخالفت پیدا کر دی، اور سید احمد اور شاہ اسماعیل کے پیروکاروں کو بعد ازاں" ہندوستانی وھابی" قرار دیا گیا [138]۔تاہم یہ الزام محض جزوی طور پر درست تھا۔اُن کی تحریک سے اگلی دہائیوں میں ایک نیا گروہ اُبھرا، جسے اہلِ حدیث کہا جاتا ہے [139]، جو وھابیوں کی طرح تمام" شرک" کی شکلوں، بشمول اولیاء کی زیارت اور اُن کے مزارات کی تعظیم، کے سخت مخالف تھے، لیکن دیگر وھابی عقائد کے ساتھ اُن میں کچھ اختلافات بھی پائے جاتے تھے [140]۔ابتدا میں اہلِ حدیث صرف سنّی علماء کے درمیان ایک فکری مکتب تھا، لیکن اٹھارویں صدی کے آخر تک یہ ایک منفرد اسلامی فرقہ بن چکا تھا، جس کے شمالی ہندوستان میں سیکڑوں ہزاروں پیروکار تھے، جن میں کئی سابق مسلم اشرافیہ سے تعلق رکھتے تھے [141]۔اہلِ حدیث ہمیشہ سے شیعہ عقائد و رسوم، خاص طور پر تعزیہ کے جلوسوں، کے سخت مخالف رہے ہیں، لیکن اُن کی محدود سماجی بنیاد (حالانکہ حالیہ برسوں تک) اور سنّی اسلام کی بعض روایتی رسومات پر تنقید میں مصروفیت نے اُنہیں شیعوں کے ساتھ بڑے پیمانے پر تصادم میں مشغول ہونے سے روکے رکھا [142]۔

شاہ ولی اللہ کی تحریک کی ایک اور شاخ، دیوبندی مکتبہ فکر نے انیسویں صدی کے اواخر سے لے کر اب تک شیعہ مذہب کے متعدد جذباتی مخالفین پیدا کیے ہیں۔ اِس مکتب کا نام دہلی کے شمال مشرق میں 90 میل دُور چھوٹے سے قصبے دیوبند کے نام پر رکھا گیا ہے جہاں 1867ء میں ایک دارالعلوم (دینی مدرسہ) قائم کیا گیا، جو اگلی دہائیوں میں اِسی طرز کے درجنوں مدارس کے لیے ایک نمونہ بن گیا۔ دیوبند میں 'عُلماء' کی تدریس اور مدرسے کی مالی معاونت کرنے والے ہزاروں عطیہ دہندگان کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ دینی تعلیم اور اسلامی اصولوں کی پاسداری کا ایسا معیار قائم کیا جائے، جو ہندوستانی مسلمانوں کو برطانوی حکمرانی -کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے قابل بنائے-- جو 1857ء کی ناکام بغاوت--اور ہندو احیاء پسندی [143] کے بعد مضبوطی سے قائم ہو چکی تھی۔لیکن پہلے ہی دیوبند مدرسہ کے بانی ڈائریکٹر محمد قاسم نانوتوی (1833ء-77ء) نے تحفہ اِثنا عشریہ کا خلاصہ 'ہدایت الشیعہ' [144] کے عنوان سے لکھا۔شریک بانی رشید احمد گنگوہی (1829ء-1905ء) نے سنّیوں کو مشورہ دیا کہ وہ محرم کی مجالس سے دُور رہیں اور شیعوں کے ساتھ نماز سے گریز کریں جنہیں اُنہوں نے خدا کی یکتائی، حضرت محمدؐ کی انسانی نوعیت، اور نبوت کی ختمیت سے انکار کرنے کا الزام دیا [145]۔ یہاں تک کہ عظیم مصلح سید احمد خان (1817ء-93ء) بھی کٹر سنی احیائی تحریک سے متاثر تھے [146]، خاص طور پر اپنی ابتدائی دہائیوں کے دوران۔ 1844ء میں اُس نے تحفه اِثنا عشریه کے دو ابواب کا اردو میں ترجمہ کیا [147]، اس کے بعد اُن کی رِسالت راہِ سُنت دررَدّ بدعت (1850ء) شائع

ہوئی، جس میں شیعہ روایات جیسے مراثی، تعزیہ اور 'علم' پر تنقید کی گئی[148]۔ اِس کے باوجود، سید احمد خان کی ہندوستانی مسلمانوں میں جدید سائنسی تعلیم کو فروغ دینے کی کوششوں، جو علی گڑھ کالج کی کامیابی سے مکمل ہوئیں۔ شیعوں کی بھرپور حمایت حاصل تھی[149]۔ علی گڑھ کے شعبہ دینیات میں سنی اور شیعہ فقہ کے لیے الگ الگ سیکشن تھے جبکہ سنی ابتدائی طور پر دیوبند مدرسے کے قریب تھے۔ محمد قاسم نوتوی کو نگران کمیٹی میں عہدے کی پیشکش کی گئی تھی، لیکن اُنھوں نے شیعوں کے ساتھ کسی قسم کے تعاون سے انکار کر دیا تھا۔ اُن کے داماد، قاری عباس حسین کو 1876ء[150] میں سنی دینیات کا پروفیسر مقرر کیا گیا تھا۔ سید احمد خان کے جانشین سید مہدی علی خان "محسن الملک" (1837-1907)[151]، نے علیگڑھ کالج کے سربراہ کے طور پر 1870ء میں اپنے شیعہ سے سنی اسلام میں آنے کی وجوہات کو ایک وسیع پیمانے پر پڑھی جانے والی کتاب "آیات بینات" میں شائع کیا تھا[152]۔

اُنیسویں صدی کے اوائل سے پرتشدد فرقہ وارانہ تنازعات بنیادی طور پر شیعہ محرم کی مجالس اور جلوس کی وجہ سے شروع ہوئے تھے جو اُس دَور میں زیادہ وسیع اور جارحانہ ہوگئے تھے۔ یہ خاص طور پر لکھنؤ پر لاگو ہوتا ہے جہاں شیعہ مُجتہدین، جنہیں اوَدھ کے حکمرانوں کی سرپرستی حاصل تھی، 1820ء کی دہائی میں پہلے تین خلفاء پر سرعام نفرین پر اصرار کرتے تھے[153]۔ یہ عمل چاہے شیعہ اور سنی کے درمیان" فرق کو واضح " کرنے کیلئے کیا گیا ہو[154] یا محض نئی پائی جانے والی طاقت کے گھمنڈ کی عکاسی کرنا ہو، لکھنؤ میں شیعہ تقریبات نے اُس وقت سے لے کر کئی مواقع پر سنی جذبات کو ٹھیس پہنچائی، اور یہ شہر انڈیا میں حالیہ برسوں تک شیعہ-سنی جھڑپوں کے لیے ایک منفرد ہنگامی مرکز بنتا رہا[155]۔ اٹھارویں صدی کے بیشتر حصے میں شاہ ولی اللہ اور دیگر سنی 'علماء' کی مزاحمت کے باوجود دہلی میں بھی تعزیہ کے جلوس نکالے جاتے رہے لیکن فرقہ وارانہ تشدد کے چند واقعات رپورٹ ہوئے[156]۔ ایک یادگار واقعہ ایک مشہور نقشبندی صوفی مرزا مظہر جانِ جاناں کا واقعہ کے تھوڑی دیر بعد کا قتل تھا جب اُس نے 1781ء میں دورانِ محرم شیعوں کے تعزیہ کے احترام کا مذاق اڑایا تھا[157]۔ حیدرآباد (دکن) میں، جہاں صدیوں پرانی محرم کی رُوایات، اورنگ زیب کی موت کے بعد سنی آصف جاہی شاہی سلسلہ کے تحت بحال ہوئی تھیں، یہ مجالس عام طور پر پُرامن رہیں[158]۔ اگرچہ اُنیسویں صدی کے دوران شمالی ہندوستان کے کئی مقامات پر محرم کے دوران فرقہ وارانہ تشدد کے معمولی واقعات پیش آئے، زیادہ تر واقعات سابق اوَدھ ریاست میں دیکھنے میں آئے[159]۔

انگریزوں کے دورِ حکومت میں ہندوستانی مسلمانوں کے درمیان فرقہ وارانہ اختلافات اور بھی گہرے ہوگئے۔ اِس رجحان کا ایک نمایاں علامت انیسویں صدی کے اواخر سے مناظروں کی کثرت تھی[160]، جبکہ دوسری علامت ایسی تنظیموں کا ظہور تھا جو صرف ایک مخصوص فرقے کے لیے مختص تھیں[161]۔ برصغیر کے بہت سے مسلمان، چاہے وہ شیعہ ہوں یا سنّی، جو فرقہ واریت کے اثرات پر نکتہ چینی کرتے ہیں، عام طور پر اِس" وباء" کی ابتداء کو انگریزوں کی" تفرقہ ڈالو اور حکومت کرو" پالیسی سے جوڑ دیتے ہیں۔ اگرچہ برصغیر میں ہندو مسلم تفرقہ کو مضبوط کرنے کے لیے انگریزوں پر الزام لگانے کے لیے معقول دلائل موجود ہیں، لیکن سنّیوں اور شیعوں کے تعلق میں تفرقہ ڈالنے کے حوالے سے یہ دلیل کم متاثر کن ہے۔ ہندوستان میں برطانوی انتظامیہ، جو ہمیشہ امن و امان اور اِستحکام کے بارے میں بہت زیادہ فکرمند رہی، عموماً فرقہ وارانہ جھگڑوں کو دُور کرنے کے لیے اپنے سخت گیر اقدامات استعمال کرتی تھی[163]۔ لیکن برصغیر کے بڑے حصوں، خصوصاً شمال مغربی علاقوں میں، برطانوی حکمرانی مسلم اہلِ شان کی معاونت اور بھارتی فوج و پولیس میں مسلم افراد کی بھرتی پر سخت انحصار کرتی رہی۔ انیسویں

صدی کے اواخر سے، جب ہندو اکثریت والا انڈین نیشنل کانگریس آہستہ آہستہ برطانوی اختیار کے لیے ایک چیلنج کے طور پر اُبھرا، برطانوی حکام مسلمانوں کی سیاسی توازن قائم کرنے کی کوشش میں دلچسپی لینے لگے۔ مسلمانوں کو کمزور کرنے کے لیے فرقہ وارانہ تصادم کو ہوا دینا نہ تو کسی مقصد کی تکمیل کرتا، اور نہ ہی یہ برطانوی سامراجی مفادات کے مطابق ہوتا۔

پھر بھی برطانوی حکمرانی کے کچھ ضمنی اثرات نے شیعوں کے ساتھ ساتھ ہندوستان میں دیگر مسلم اور غیر مسلم کمیونٹیز کے درمیان "فرقہ وارانہ" شناختوں کی طرف رجحان کو تیز کیا۔ امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے، برطانوی حکام نے انیسویں صدی کے پہلے حصے میں مذہبی مقامات اور جلوسوں کے تنازعات میں مداخلت کی تھی، مذکورہ کمیونٹیز کے مقامی "تاریخی حقوق" کی چھان بین کی تھی، اور اپنی ثالثی کے ذریعے باضابطہ طور پر ایسے حقوق قائم کیے تھے[164]۔ 1857ء کے بعد، ایک نئی پالیسی کا اعلان ہوا، جس کے تحت مذہبی عبادت کے حقوق کی حفاظت ہر فرد کے لیے یقینی بنائی گئی، قطع نظر اس کے کہ پہلے کیا رواج رہا یا جگہ کون سی ہے، اور اقلیتوں کے لیے مذہبی آزادی کو بتدریج یقینی اور مسلمہ حق سمجھا جانے لگا[165]۔ ایک اور اہم عنصر رابطے کے نئے ذرائع اور کتابوں، پمفلٹس، پوسٹروں کی سستے داموں اشاعت اور اردو و دیگر ہندوستانی زبانوں میں پریس کا اُبھار تھا[166]۔ تعلیم یافتہ طبقے نے نہ صرف اپنے اپنے فرقے کے مذہبی لٹریچر تک بہت آسان رسائی حاصل کی بلکہ ملک بھر میں اُن کے ہم مذہبین کو درپیش مسائل کے بارے میں ملک گیر شعور بھی بڑھا۔ یہ رجحان بنیادی طور پر مسلمانوں کی ہندو اور دیگر غیر مسلم برادریوں کے مقابلے میں اجتماعی آگاہی بڑھانے کے لیے تھا، لیکن اس کا اثر مسلمان فرقوں کے اندر بھی شعوری طور پر محسوس ہونے لگا۔

بیسویں صدی کے ابتدائی عشروں میں شیعہ-سنّی تعلقات پر سب سے گہرے اثرات انہی واقعات کے پڑے جو لکھنؤ میں رونما ہوئے۔ محرم 1906ء کے دوران شہر کے سنّیوں، جو اُس زمانے میں بڑی تعداد میں تعزیے نکالا کرتے تھے، کو تعزیوں کی تدفین کے لیے ایک علیحدہ "کربلا" اور جلوس گزرنے کے لیے الگ راستہ مقرر کر دیا گیا۔ انتظامیہ کا یہ اقدام شیعہ برادری کے اُن اعتراضات کے جواب میں تھا جو انہوں نے مقامی سنّیوں کے ہاتھوں محرم کو بتدریج "میلے" یا "تماشائی تہوار" میں بدل دینے کے خلاف کیے تھے۔ تاہم سنّیوں نے اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے جلوس کو غالباً سنّی رنگ دینے کی کوشش کی اور مدحِ صحابہ یعنی چاروں خلفائے راشدین کی بطور چار یار تعریف و توصیف بلند آواز سے پڑھنا شروع کر دیا۔ اِس کے جواب میں شیعوں نے تبرا یعنی پہلے تین خلفا پر علانیہ لعنت بھیجنے کا معمول اختیار کر لیا۔ نتیجتاً 1907ء اور 1908ء کے محرم میں وہی صورتِ حال دہرائی گئی اور شدید فسادات پھوٹ پڑے۔ اواخر 1908ء میں اتر پردیش کی حکومت نے ٹی۔ سی۔ پگٹ کی صدارت میں ایک کمیٹی قائم کی، جس نے سفارش کی کہ عاشورا، چہلم اور 21 رمضان (ولادتِ امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب) کے موقع پر مدحِ صحابہ عوامی مقامات پر پڑھنے پر پابندی عائد کی جائے، کیونکہ یہ سنّیوں کی کوئی قدیم مذہبی روایت نہیں بلکہ ایسی نو ایجاد رسم ہے جو شیعوں کے لیے نہایت باعث اشتعال ہے[168]۔ کمیٹی نے یہ بھی تجویز کیا کہ سنّی دیگر دنوں میں لائسنس لے کر مدحِ صحابہ پڑھ سکیں، جبکہ شیعوں کو تبرّا سے باز رکھا جائے۔ حکومت نے جنوری 1909ء میں پگٹ کمیٹی کی سفارشات کی توثیق کر دی، اور بعد کے برسوں میں اِن فیصلوں کی نظرِ ثانی کی سنّی درخواستیں مسلسل ناکام رہیں[170]۔

لکھنؤ میں مدحِ صحابہ کے تنازعے نے وہاں کے مقامی سنّیوں میں ایک نئی بیداری کو نمایاں کیا، جو اوّدھ میں شیعہ حکومت کے

خاتمے کے پچاس برس بعد اپنی عددی اور معاشی قوت کا شعور حاصل کر چکے تھے[171]۔شیعہ جانب کے لیے یہی تنازعہ 1907ء میں پہلی آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے انعقاد کا محرّک بنا[172]۔صورتِ حال اُس وقت قابو میں آئی جب 1912ء سے 1935ء تک شیعہ ایّام تعزیہ و سوگ پر مدحِ صحابہ کے جلوسوں کی ممانعت سختی سے نافذ کی گئی[173]۔بعد ازاں شیعہ-سنّی کشیدگی میں کمی واقع ہوئی، اِس لیے بھی کہ 1911ء کے بعد ہندوستانی مسلمانوں میں برطانوی راج کے خلاف جذبات میں تیزی سے اضافہ ہونے لگا،جس کی انتہا 1919ء سے 1923ء تک جاری رہنے والی تحریکِ خلافت کی صورت میں سامنے آئی[174]؛اور پھر مسلم-ہندو تعلقات کی بگڑتی ہوئی کیفیت نے بھی اِس تناؤ کو قدرے پس منظر میں دھکیل دیا۔

صرف 1930ء کی دہائی کے اوائل میں، جب مسلمان سیاسی تنظیمیں انتشار اور کمزوری کا شکار تھیں،سنّی فرقہ وارانہ قوتیں اِتنی مستحکم ہو سکیں کہ وہ برسوں سے قائم توازن کو پلٹ سکیں[175]۔1931ء میں مولانا عبدالشکور،جو 1906ء تا 1908ء کی مدحِ صحابہ تحریک کے سب سے نمایاں محرّک رہ چکے تھے،نے لکھنؤ میں دارالمبلّغین کی بنیاد رکھی؛ یہ ایسا ادارہ تھا جو مکمل طور پر مخالفِ شیعہ مناظروں کے لیے مبلغین تیار کرنے کے لیے وقف تھا[176]۔اِسی عرصے میں عزاداری کے خلاف مناظرانہ لٹریچر کی طباعت میں نمایاں اضافہ ہوا[177]۔1935ء میں کچھ سنّیوں نے مجلسِ احرارِ اسلام کی سرپرستی میں چہلم کے موقع پر دیرینہ پابندی کو چیلنج کرتے ہوئے اعلانیہ مدحِ صحابہ پڑھ ڈالی[178]۔اگلے ہی برس سنّیوں نے عیدِ میلادالنبی (بارہ وفات) پر مدحِ صحابہ کے جلوس نکالنے کی اجازت طلب کی،اور جب یہ اجازت نہ ملی تو عدم تعاون اور سول نافرمانی کی تحریک شروع کر دی[179]۔1936ء-37ء میں صورتحال مزید بگڑ گئی،جس پر یوپی حکومت نے 1908ء کی سفارشات کا دوبارہ جائزہ لینے کے لیے ایک نئی کمیٹی مقرر کی۔جون 1937ء میں پیش کی گئی Allsop کمیٹی کی رپورٹ نے اصولی طور پر سنّیوں کے مدحِ صحابہ کے حق کو تسلیم کیا،مگر لکھنؤ میں پابندی برقرار رکھنے کی سفارش کی،اِس بنا پر کہ اِس کا مقصد واضح طور پر شیعوں کو مشتعل کرنا تھا[180]۔جب مارچ 1938ء میں یہ رپورٹ عام ہوئی تو سنّی حلقوں میں غم و غصہ مزید پھیل گیا۔مولانا عبدالشکور نے جہاں کہیں بھی مدحِ صحابہ پر پابندی ہو[181]، وہاں اِسے واجب قرار دیا۔جمعیت علماء ہند[182] کے سربراہ مولانا حسین احمد مدنی بھی سول نافرمانی کی اِن اپیلوں میں شامل ہو گئے[183]۔

تنازع بالآخر مارچ 1939ء میں اس وقت نقطۂ عروج پر پہنچ گیا جب مجلسِ احرار نے اپنے ہزاروں حامیوں کو ایک نئے سلسلۂ احتجاج کے لیے لکھنؤ پہنچا دیا تاکہ تحریک کا ایک اور دَور شروع کیا جا سکے[184]۔31 مارچ کو کانگریس کی سربراہی میں قائم یوپی حکومت نے ایک حکومتی اعلامیہ جاری کیا،جس میں اعلان کیا گیا کہ سنّیوں کو ہر سال بارہ وفات کے موقع پر،عوامی اجتماعات اور جلوسوں میں مدحِ صحابہ پڑھنے کی اجازت ہوگی[185]،جو اُس سال 3 مئی کو ہوا۔یہ فیصلہ دراصل جمعیت علماء ہند اور مجلسِ احرار کو کانگریس کے ساتھ منسلک رکھنے، مسلمانوں کے اندرونی اختلافات کو مزید گہرا کرنے اور یوں مسلم لیگ کو کمزور کرنے کی حکمتِ عملی کے تحت کیا گیا تھا[186]؛ تاہم شیعی حلقوں کے شدید اور غیر متوقع ردِّعمل نے سب کو حیران کر دیا۔1938ء کی مدحِ صحابہ تحریک کے ردِّعمل میں قائم ہونے والی تنظیم "تنظیم المؤمنین" نے فوراً اپنے رضاکار امام باڑہ آصف الدولہ روانہ کیے،جنہوں نے کھلم کھلا تبرّا پر عائد پابندی کو چیلنج کیا۔سنّیوں کی بڑی تعداد قریبی ٹِلہ مسجد میں جمع ہو رہی تھی،اور ممکنہ تصادم کو روکنے کے لیے پولیس کو فائرنگ کرنا پڑی اور شہر میں کرفیو نافذ کر دیا گیا[187]۔

یہ تو صرف اس سلسلے کا آغاز تھا جسے بعد ازاں "تبرّا تحریک" کے نام سے یاد کیا جانے لگا،ایک ایسی سول نافرمانی کی تحریک جو چھ ماہ

تک مختلف شدت کے ساتھ جاری رہی۔ اپریل سے ستمبر 1939ء کے دوران تقریباً سترہ تا اٹھارہ ہزار شیعہ محض اجتماع کی پابندی اور تبرّا کے اعلانیہ اعلان کے حکم کی خلاف ورزی پر گرفتار کیے گئے۔ ان میں سے بہت سے لوگ پنجاب، سرحد (NWFP)، بمبئی اور بنگال جیسے دُور دراز علاقوں سے لکھنؤ پہنچے تھے[188]۔ کچھ شیعہ زمینداروں نے رضا کاروں کو لکھنؤ بھیجنے کے اخراجات برداشت کیے اور اپنے اپنے حلقوں میں تحریک کا انتظام بھی کیا[189]۔ اس زمانے میں متحدہ صوبہ جات کے برطانوی گورنر نے رپورٹ دی کہ مدحِ صحابہ کی سرکاری اجازت نے شیعوں میں "شدید جذباتی ہیجان" پیدا کر دیا ہے[190]، جبکہ شیعہ جرائد اس بے مثال جوش وولولہ سے فرقہ جاتی موقف کو مضبوط کرنے کی تلقین کر رہے تھے[191]۔ یوپی مسلم لیگ کے اُس وقت کے جوائنٹ سیکرٹری عبدالوحید خاں نے لکھا کہ تحریک میں تنظیم المؤمنین اور مجتہدین کے درمیان گویا "جذبے اور حمیت کا مقابلہ" جاری تھا[192]۔ شیعہ علما سول نافرمانی اور گرفتاری دینے والوں کی صفِ اوّل میں شامل تھے[193]۔ لکھنؤ کے سرکردہ مجتہد سید ناصر حسین (1867ء-1942ء)[194]، نے خود گرفتاری نہیں دی، تاہم اپنے بڑے صاحبزادے محمد ناصر (1895ء-1922ء)[195] اور اپنے معتمد و جانشین محمد سعید (1914-1967)[196] دونوں کو تین ماہ کے لئے جیل بھیج دیا۔ جون کے وسط میں، جب شیعہ رہنماؤں کے ایک وفد نے کلکتہ کا سفر کیا اور کانگریس لیڈر مولانا ابوالکلام آزاد کے ساتھ تحریک کے اختتام کے لیے ایک باوقار مفاہمتی فارمولا طے کیا، تو سید ناصر حسین اور دیگر مجتہدین نے اِسے وِیٹو کر دیا[197]۔ وہ مدحِ صحابہ کی مکمل پابندی سے کم کسی چیز پر راضی ہونے کو تیار نہ تھے۔ بالآخر اکتوبر 1939ء میں، جب مولانا ابوالکلام آزاد خود سترہ دن کے لیے لکھنؤ تشریف لائے[198]، تو اُن کی درخواست پر شیعوں نے تبرّا تحریک ختم کر دی، اگرچہ اپنے مطالبات کی مکمل یقین دہانی کے بغیر۔ بعد ازاں 19 اپریل 1940ء کو، اُس سال کے بارہ وفات سے کچھ پہلے، مولانا آزاد نے 31 مارچ 1939ء کے حکومتی اعلامیے کو "غلط فہمی پر مبنی ایک فیصلہ" قرار دیا اور اہلِ سنت سے اپیل کی کہ وہ مدحِ صحابہ کا جلوس نہ نکالیں[199]۔ تاہم یہ اپیل مؤثر نہ ہوئی اور دونوں فریقوں، سنی جلوس اور شیعہ جوابی جلوس، کے درمیان سخت فسادات پھوٹ پڑے۔ اِس کے فوراً بعد مدحِ صحابہ پر پابندی دوبارہ نافذ کر دی گئی، جو 1963ء تک برقرار رہی[200]۔

"تبرّا تحریک" ہندوستان کی تاریخ میں شیعہ برادری کی سب سے بڑی اجتماعی سیاسی وسماجی متحرکیت تھی، مگر اِس کی حکمت پر خود بہت سے شیعہ بھی سوال اُٹھاتے رہے۔ اِس تحریک نے پورے برصغیر میں شیعہ-سنی تعلقات میں شدید تناؤ پیدا کیا، جس کا نتیجہ کئی مقامات پر شیعوں کے سماجی بائیکاٹ پر منتج ہوا[201]۔ مہاتما گاندھی نے 23 مئی 1939ء کو ایک شیعہ وفد سے ان کی درخواست پر ثالثی کے لیے ملاقات کی تھی۔ اس کے کچھ ہی عرصہ بعد انہوں نے تنظیم المؤمنین کے صدر کو ایک خط لکھا، جس کے چند اقتباسات درج ذیل ہیں:

..........اتنی بات بہر حال بالکل واضح ہے کہ جہاں مدحِ صحابہ کا مطلب خلفائے راشدین کی مدح وثنا ہے، وہاں تبرّا اوّلین تین خلفاء پر لعنت بھیجنے کا نام ہے۔ عوامی سطح پر کسی کی تعریف کرنے کے حق کو تو کسی حد تک سمجھا جا سکتا ہے، لیکن کیا مردوں پر لعنت بھیجنے جیسی کوئی چیز بھی حق کے طور پر تسلیم کی جا سکتی ہے؟ کیا یہ مذہب کا حصہ ہے؟......میں اس امر کو بخوشی تسلیم کرتا ہوں کہ خلفائے ثلاثہ کی مدح کرنا کوئی مذہبی فرض نہیں، خصوصاً سرِعام اور ایسے لوگوں کے سامنے جنہیں اس کے سننے سے رنج پہنچتا ہو۔ لہٰذا......میں آپ کو، امن وسکون کی خاطر، مشورہ دوں گا کہ آپ سول نافرمانی واپس لے لیں اور تبرّا کے عوامی اعلان کو بغیر کسی شرط کے بند کر دیں، اور یہ معاملہ اہلِ سنت کی دانائی پر چھوڑ دیں کہ وہ بھی اپنے شیعہ بھائیوں کے جذبات مجروح نہ کریں[202]۔ شیعہ، تاہم، اس بات پر اصرار کرتے تھے اور آنے والی دہائیوں تک کرتے رہے

--کہ تبرّا کو محض 'لعنت بھیجنے' کے ہم معنی قرار نہیں دیا جاسکتا۔ یکم مئی کو لکھنؤ کے ایک اخبار میں شائع ہونے والے ایک مضمون نے تبرّا کے دفاع میں درج ذیل دلائل پیش کیے تھے (اقتباسات):

موجودہ احتجاج نے لازماً ہر شخص کو یہ جاننے پر آمادہ کر دیا ہے کہ اصل معاملہ کیا ہے۔ ایک نہایت سادہ جواب یہ ہے کہ سائل کو پِگٹ کمیٹی اور آلسپ کمیٹی کی رپورٹوں کی طرف رجوع کرنے کا کہا جائے۔ لیکن بدقسمتی سے، حتیٰ کہ یوپی کابینہ کے اندر بھی بہت کم لوگ ایسے ہیں جنہوں نے ان میں سے کسی ایک رپورٹ کو پڑھنے کی زحمت گوارا کی ہو۔ وہ صرف سنی مُبلغین کے پیش کردہ موقف پر انحصار کرتے ہیں اور اِسی بنا پر یہ یقین کر بیٹھے ہیں کہ تبرّا کا مطلب گالی دینا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ عامۃ الناس، موجودہ شیعہ تحریک کے حقیقی مفہوم کو اسی طرح غلط سمجھتے رہیں... اس لیے ضروری ہے کہ تبرّا کی ایک واضح اور غیر جانبدارانہ تشریح پیش کی جائے۔

تبرّا... لُغوی طور پر "کسی شخص یا چیز سے اظہارِ بیزاری کرتے ہوئے خود کو اُس سے جدا رکھنے یا الگ کر لینے" کو کہتے ہیں۔ اِس لفظ کا اصل مفہوم اُس وقت اور زیادہ روشن ہو جاتا ہے جب ہم اس کی ضد تولّا کو سامنے رکھیں، جو کسی سے وابستگی، محبت، عقیدت اور اس کے ساتھ اپنی وابستگی ظاہر کرنے کے معنی میں آتا ہے۔پس، پیغمبرِ اسلام اور اُن کے اہلِ بیت کے بارے میں شیعوں کا رویّہ فطری طور پر تولّا کا ہے، اور اِسی طرح اُن اشخاص کے بارے میں—جن کے متعلق ان کا عقیدہ ہے کہ انہوں نے رسولِ اکرم یا آپ کے خاندان یا آپ کی نسل کو اِیذا پہنچائی—اُن کا رویّہ لازماً تبرّا کا ہوتا ہے۔

شیعوں کا عقیدہ ہے ... کہ پیغمبر کے بعض صحابہ نہ صرف ذاتی مفادات کے اسیر اور سازشوں میں ملوّث تھے، انہوں نے اسلام کی اصل پاکیزگی کو مجروح کیا اور اس کی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا، بلکہ یہ بھی کہ انہوں نے رسولِ خدا اور آپ کے اہل بیت کو طرح طرح سے اذیت پہنچائی اور ستایا۔ اہلِ بیتِ نبوی پر ظلم و جَور کی یہ طویل تاریخ... بالآخر کربلا کی تاریخی سرزمین پر اپنے نقطۂ عروج کو پہنچی... اور یہی وہ بنیادی سبب ہے جس کی بنا پر شیعہ صحابہ کے بعض طبقات، ان کے ہمنواؤں اور متّبعین کے خلاف تبرّا کرتے ہیں۔

اب آئیے اُس اصل عبارت کا جائزہ لیتے ہیں جوفارمولہ تشکیل دیتے ہیں جسے تبرّا کہا جاتا ہے۔ یہ فارمولا محض تین الفاظ پر مشتمل ہے: "بَر فُلاں لَعنت"۔ اِن الفاظ کا مطلب ہے: "فلاں شخص پر خدا کی رحمت و برکت نہ ہو" (لفظی معنی: خدا کی رحمت سے دُور ہو)۔ ... یہی وہ مفہوم ہے جسے دانستہ یا نادانستہ گالی کے ہم معنی قرار دے دیا جاتا ہے۔اگر اب بھی کچھ لوگ عوامی طور پر اِن

الفاظ—"فلاں پر لعنت"—کی تلاوت کو گالی سمجھ کر اس پر اعتراض کریں، تو منطقاً اُنہیں قرآنِ مجید کی تمام وہ آیاتِ مبارکہ بھی ممنوع قرار دینی چاہییں جن میں جگہ جگہ لعنت کا ذکر آیا ہے—جھوٹ گھڑنے والوں پر لعنت، کمزوروں پر ظلم کرنے والوں پر لعنت، فساد پھیلانے والوں پر لعنت، وغیرہ۔ قرآنِ حکیم ہی تبرّا کے لیے استعمال کے لیے بنیادی دلیل اور اتھارٹی فراہم کرتا ہے...[203]

برطانوی ہندوستان میں شیعہ فرقہ واریت کا ظہور

مذہبی گروہی سوچ نے بیسویں صدی میں برصغیر کی تقدیر کو کسی بھی دوسری سیاسی قوت، حتیٰ کہ سیکولر قوم پرستی سے بھی زیادہ متاثر کیا ہے۔ آزاد بھارت میں اِس اِصطلاح نے منفی مفہوم اختیار کر لیا ہے اور اِسے عام طور پر برطانوی نو آبادیاتی وراثت کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جسے تقسیم کرو اور حکومت کرو کے اصول کے تحت عمل میں لایا اور پروان چڑھایا گیا[204]۔ اِس کے نتیجے میں 1920ء کی دہائی سے ہندو اور مسلم طبقات کے درمیان خونریز فسادات کی کثرت ہوئی، جو حالیہ دہائیوں میں آزاد بھارت میں اور زیادہ شدید اور بار بار ہونے لگے ہیں[205]، جبکہ انتہا پسند ہندو مذہبی جماعت بندی کی بڑھتی ہوئی لہر بھارت کے سیاسی نظام کی سیکولر بنیادوں کو آہستہ آہستہ کمزور کر رہی ہے[206]۔ تاہم سب سے زیادہ ناپسندیدہ حقیقت یہ ہے کہ مسلم جماعت بندی کے نتیجے میں بالآخر بھارت کا ٹوٹنا ممکن ہوا اور برطانوی راج کا خاتمہ ہوا، باوجود اس کے کہ ہندو اکثریتی بھارتی نیشنل کانگریس نے اسے متحد رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی تھی۔

پاکستان میں زاویہ نظر بالکل مختلف ہے۔ دراصل "مسلم فرقیانہ سوچ" کی اصطلاح شاذ و نادر ہی وہاں استعمال ہوتی ہے۔ اس کے بجائے ہندوستانی تاریخ کے تناظر میں اس رجحان کا حوالہ دینے والی ایک پسندیدہ اصطلاح "مسلم قومیت" رائج ہے، جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس نے بالآخر تحریک پاکستان میں اپنی مکمل صورت اور عملی اظہار پایا، اور جس کی جڑیں بعض مورخین نے برصغیر میں اسلام کی آمد کے ابتدائی عہد تک پہنچا دی ہیں[207]۔ ایک دوسری مقبول اصطلاح "مسلم سیاسی بیداری" بھی ہے[208]، جسے اس کتاب کے اگلے حصے میں اختیار کیا گیا ہے۔ بہرحال بیشتر پاکستانی مصنفین نے ہندوستان میں مسلم کمیونلزم کو مثبت مفہوم میں یا پھر ہندو غلبے کی کوشش کے خلاف ایک ردِّعمل کے طور پر پیش کیا ہے۔

اس کتاب میں ''شیعہ قومیت پر مبنی سیاست''، ''شیعہ قوم پرست'' اور ''شیعہ جماعتی تنظیمیں'' جیسی اصطلاحات کا استعمال ایک غیر جانبدارانہ مفہوم میں کیا گیا ہے، جن میں نہ کوئی مثبت اور نہ منفی اشارہ پایا جاتا ہے۔ یہ اصطلاحات اُن سرگرمیوں اور تنظیموں کی نشان دہی کرتی ہیں جو بالخصوص - یا کم از کم اوّلاً - شیعہ برادری کے مفادات کے فروغ یا تحفظ کے لیے قائم کی جاتی ہیں، خواہ وہ ساتھ ہی ساتھ ''مسلمانوں کے باہمی اتحاد'' یا ''وطن کی خدمت'' جیسے اہداف کا دعویٰ بھی کرتی ہوں۔ چونکہ ''شیعہ جماعتی تنظیمیں'' کی اصطلاح پاکستان میں انگریزی زبان[209] کی کتابوں یا ذرائع ابلاغ میں تقریباً کبھی استعمال نہیں ہوتی، اسی لیے اسے اس کتاب کے عنوان میں شامل نہیں کیا گیا۔ البتہ اردو کے الفاظ ''قومی'' اور ''قومیت'' - جنہیں ہندوستان اور پاکستان کی شیعہ تنظیمیں ہمیشہ اپنی شناخت اور سرگرمیوں کے لیے استعمال کرتی آئی ہیں، کو مناسب طور پر ''قومیتی'' اور ''قومیتی اُمور'' کے ترجمے کے برابر سمجھا جا سکتا ہے[210]۔

برصغیر میں شیعہ کمیونلزم (شیعہ قومیت پر مبنی سیاست) کا ظہور مجموعی طور پر ہندوستانی مسلمانوں کے کی قومیت پر مبنی سیاست کے ساتھ ہی ہوا، مگر 1947ء تک اِس نے تاریخ کے دھارے پر کوئی نمایاں اثر نہ ڈالا۔ آزاد ہندوستان میں یہ یکسر غیر اہم ہو کر رہ گیا[211]، جب کہ پاکستان میں اِسے معمولی سا اثر و رسوخ حاصل کرنے کے لیے بھی دو دہائیوں سے زیادہ عرصہ درکار ہوا[212]۔ یہ تحریک کبھی بھی ہندوستانی شیعوں کے ایک محدود سے طبقے سے بڑھ کر کسی وسیع تر حلقے کو متحرک نہ کر سکی، اور 1940ء کی دہائی میں سیاسی طور پر پوری طرح تحریک پاکستان کے

سامنے دب کر رہ گئی، جسے اہلِ سنّت اور اہلِ تشیّع دونوں طبقات کی مضبوط تائید حاصل تھی[213]۔ اِس کے باوجود، شیعہ کمیونلزم (شیعہ قومیت پر مبنی سیاست) کی فکری بنیادوں میں آل انڈیا مسلم لیگ کی نظریاتی ساخت سے خاصی مماثلت پائی جاتی تھی۔ جس طرح مسلم لیگ ہندوستان میں ہندو اکثریت کے مدمقابل مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی سیاسی خود اعتمادی کے احیاء کی علمبردار تھی، اسی طرح شیعہ تنظیمیں بھی سنّی اکثریت کے مقابل شیعہ اقلیت کے لیے تحفظات حاصل کرنے کی کوشش میں عموماً وہی دلائل سامنے لاتی تھیں۔ ان کی اصل اُلجھن، خصوصاً 1940ء کی دہائی میں، یہ تھی کہ ہندو اکثریت کے مقابل ''مسلم قضیے'' کا دفاع اُن کی اکثریت کے لیے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر گیا حتیٰ کہ اس کی خاطر وہ ''شیعہ قضیے'' کے دفاع کو- جو سنّی اکثریت کے پس منظر میں درپیش تھا- ثانوی حیثیت دینے پر مجبور ہو گئے۔

شیعہ گروہی تنظیمیں سب سے پہلے لکھنؤ میں وجود میں آئیں، جو برصغیر میں براہِ راست برطانوی حکمرانی کے تحت بھی شیعہ مذہبی علوم کا مرکز رہا تھا۔ برطانیہ نے 1856ء میں شیعہ علماء کے دائرۂ اختیار کو ختم کر دیا اور امجد علی شاہ[214] کے قائم کردہ شیعہ مدرسہ کو بھی بند کر دیا، مگر اِس کے باوجود اُنہوں نے بعض علماء کو وظیفے اور القابات دینے کا سلسلہ جاری رکھا، حتیٰ کہ کچھ علماء نے ''سپاہِ باغی'' کی حمایت کی تھی[215]۔ اُنہوں نے چند شیعہ تعلق داروں کی حیثیت کو بھی مستحکم کیا، جو بدلے میں عزاداری اور شیعہ مذہبی و دیگر اداروں کی سرپرستی کرتے رہے[216]۔ علماء نے لکھنؤ میں نئی مدارس بھی قائم کیے، جیسے مدرسۃ ناظمیہ (1892ء) اور سلطان المدارس (1899ء)، اور انجمنیں تشکیل دیں[217] تاکہ عزاداری کی تقریبات اور دیگر مقامی قومیتی اُمور کا انتظام کیا جا سکے، جس کے لیے شہری تاجروں اور زمینداروں سے مالی امداد لی جاتی تھی۔ اِن مقامی انجمنوں کا قیام اُن تمام شہروں میں ہوا جن میں شمالی بھارت میں قابلِ ذکر شیعہ آبادی موجود تھی، اور اُن کا اثر برصغیر میں شیعہ مذہبی زندگی کا لازمی جزو بن کر اب تک باقی ہے[218]۔ اِن انجمنوں کی خاص خصوصیت یہ تھی کہ وہ سالانہ اجلاس منعقد کرتے تھے، جن میں علماء، سرکردہ شخصیات، اور انگلش میڈیم سکولوں میں تعلیم یافتہ جدید پیشہ ور طبقے کے افراد شریک ہوتے تھے (جیسے وکلاء، سول افسران اور صحافی)۔ اُس وقت تک، اور بیسویں صدی کے پہلے دو دہائیوں تک، مجتہدین کی اتھارٹی ہندوستانی شیعوں میں اب بھی بہت زیادہ تھی۔ تاہم، اکثر مجتہدین کے قدامت پسندانہ رویّے جدید تعلیم یافتہ دانشوروں کی تنقید سے محفوظ نہیں رہے۔ مثال کے طور پر، جب 1904ء میں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس[219] نے لکھنؤ میں اپنا سالانہ اجلاس منعقد کیا، تو علماء نے فتویٰ دیا کہ کوئی بھی شیعہ علیگڑھ کالج میں داخلہ نہ لے جب تک وہ شریعت کے مطابق مکمل شیعہ مذہبی تعلیم فراہم نہ کرے۔ اِس کے بعد صحافت میں علماء کے خلاف کئی سخت مباحث اور اعتراضات شائع ہوئے[220]۔ پرانے مذہبی اور اشرافیہ کے اداروں کو نئے شیعہ پیشہ ور طبقے کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوششیں، 1907ء میں پہلی آل انڈیا شیعہ کانفرنس (AISC) کے انعقاد کے پیچھے ایک اہم سبب تھیں۔ شاید اتنی ہی اہمیت اِس بات کی تھی کہ دسمبر 1906ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام نے ایک مثال قائم کی، اور اُسی سال کے اوائل میں لکھنؤ میں شیعہ-سنی تصادم کی نئی لہر بھی اُبھری۔ AISC کی براہِ راست پیش رو انجمن صدر الصدور تھی، جسے 1901ء میں لکھنؤ کے ایک مجتہد، سید آغا حسن (1865-1929)[223] نے قائم کیا۔ یہ انجمن پورے ہندوستان میں اسی طرز کی شیعہ انجمنوں کے لیے نمونہ کا کام کر رہی تھی[224] مگر جدید طرز کے شیعہ رہنما جیسے سید حسین بلگرامی اور بدر الدین طیّب جی اِس کے مخالف تھے[225]۔ اِس قسم کی تنقید کے جواب میں، اور انجمن صدر الصدور کو وقت کے انداز اور اُمیدوں کے مطابق ڈھالنے کے لیے، فیصلہ کیا گیا کہ 1907ء میں اِس کا سالانہ اجلاس آل انڈیا شیعہ کانفرنس کی شکل میں منعقد کیا جائے۔ اِس منصوبے کے پیچھے محرک

قوت میں سید آغا حسن کے علاوہ خواجہ غلام الثقلین (وفات 1915ء)[226]، ڈاکٹر مرزا محمد ہادی رسوا (1858ء-1931ء)[227] اور سید علی غضنفر شامل تھے[228]، جن میں سے آخری دو نے زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لیے اُتر پردیش کے شیعہ مراکز کا دَورہ بھی کیا[229]۔ AISC کا قیامتی اجلاس 6-8 اکتوبر 1907ء کو لکھنؤ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت سید نجم الحسن (1863ء-1938ء) نے کی[230]۔ اس اجلاس میں تقریباً ایک ہزار مندوبین شریک ہوئے، جن میں ممتاز شیعہ علماء، سرکردہ شخصیات، وکلاء اور بیرسٹر، صحافی اور شیعہ انجمنوں کے چیئرمین شامل تھے۔ زیادہ تر مندوبین اُتر پردیش سے تعلق رکھتے تھے، تاہم دیگر صوبوں جیسے پنجاب، بمبئی[231]، بہار، بنگال اور ریاستیں جیسے حیدرآباد، خیرپور، رامپور وغیرہ کی نمائندگی بھی موجود تھی[232]۔

اِس اجلاس کے دوران انجمن صدر الصدور کو تحلیل کر کے آل انڈیا شیعہ کانفرنس (AISC) قائم کی گئی، جو آج تک ہندوستان میں شیعہ کمیونٹی کی سب سے اہم تنظیم کے طور پر موجود ہے۔ اِس کے بنیادی مقاصد مندرجہ ذیل طور پر وضع کیے گئے:

1- شیعہ برادری کی اخلاقی، سماجی (تمدنی)، اقتصادی اور مذہبی ضروریات کو پورا کرنے کی ہر ممکن کوشش، وہ ذرائع اختیار کرتے ہوئے جو شریعت کے خلاف نہ ہوں۔
2- خود شیعہ کمیونٹی کے درمیان اتحاد و اتفاق کو فروغ دینا اور مشترکہ مفادات کے لیے دیگر اسلامی مسالک اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کے ساتھ ہم آہنگی اور تعاون کی کوشش کرنا۔
3- شیعوں کے شہری، مذہبی اور تعلیمی حقوق کے تحفظ کے لیے کوششیں کرنا۔
4- شیعہ اوقاف کی اصلاح اور نگرانی کرنا۔ مختلف مقامات پر عوامی یا محدود عام اجلاس منعقد کرنا اور مقامی ضروریات کے پیشِ نظر مناسب اقدامات کی سفارشات مرتب کرنا۔
5- مختلف مقامات پر عوامی یا محدود عام اجلاس منعقد کرنا اور مقامی ضروریات کے پیشِ نظر مناسب اقدامات کی سفارشات مرتب کرنا[233]۔

AISC کا بانی کنونشن پہلے ہی جدید فکر رکھنے والے افراد، جن کی اوّلین ترجیح شیعہ کمیونٹی کی معاشی ترقی تھی[234]، اور علماء و دیگر قدامت پسندوں کے درمیان اِختلافات نے تناظر کو متاثر کیا۔ اِس فرقہ وارانہ تصادم نے تقریروں میں نمایاں جگہ پائی اور سخت گیر عناصر نے بھرپور موقع پالیا[235]۔ ڈاکٹر رُسوا کی جانب سے ایک قرارداد پیش کی گئی کہ AISC کا مذہبی مناظرات یا اِشتعال انگیز مطبوعات سے کوئی تعلق نہیں، لیکن طویل اور متنازع بحث کے بعد یہ قرارداد مسترد کر دی گئی۔ نتیجتاً، خواجہ غلام الثقلین نے شدید ناخوشی کے عالم میں AISC چھوڑ دی[236]۔

اُن علماء اور جدید پیشہ ور افراد کے درمیان موجود خدشات اور بار بار ہونے والے اِختلافات کے باوجود، AISC اپنے قیام کے پہلے 13 سال کے دوران اپنے سالانہ اجلاسوں میں شریک افراد کی تعداد بڑھانے اور کچھ قومیتی منصوبے شروع کرنے میں کامیاب رہی، اگرچہ یہ اقدامات نسبتاً محدود پیمانے پر تھے۔ 1907ء سے 1933ء تک، AISC نے مختلف ہندوستانی شہروں میں 25 سالانہ اجلاس

منعقد کیے، جنہوں نے ہندوستانی شیعوں میں ملک گیر تعلقات قائم کرنے اور قومیتی شعور اُجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ہر اجلاس میں AISC کے صدر اور سیکرٹری جنرل کی نئی انتخابی تقرری ہوتی تھی، اور قیادت علماء اور سرکردہ شخصیات کے درمیان گردش کرتی رہتی، جیسا کہ درج ذیل جائزے میں دکھایا گیا ہے[237]:

جدول 1: آل انڈیا شیعہ کانفرنس (AISC) کے سالانہ اجلاس، 1907ء-1933ء

سیشن	تاریخ	مقام	صدر	سیکرٹری جنرل
پہلا	10/1907	لکھنو	نجم الحسن	سید علی غضنفر
دوسرا	12/1908	لکھنو	ایضاً	ایضاً
تیسرا	12/1909	لکھنو	ایضاً	ایضاً
چوتھا	10/1910	امروہہ	سید ناصر حسین[238]	ایضاً
پانچواں	10/1911	بینارس	سید محمد حسین[239]	ایضاً
چھٹا	10/1912	پٹنہ	نواب حامد علی خان آف رام پور (1875ء-1939ء)[240]	ایضاً
ساتواں	1913	جون پور	نواب سید محمد[241]	ایضاً
آٹھواں	10/1914	لکھنو	سید علی الحائری[242]	ایضاً
نواں	1915	الہ آباد	راجہ سید ابو جعفر[243]	فتح علی خان قزلباش[244]
دسواں	4/1917	لکھنو	راجہ توکل حسین[245]	ایضاً
گیارہواں	12/1917	لکھنو	راجہ سید اصغر علی[246]	ایضاً
بارہواں	4/1919	آگرہ	سید محمد ہادی[247]	ایضاً
تیرہواں	4/1920	نگینہ	راجہ یسین علی خان[248]	سید محسن مرزا[249]
چودہواں	12/1920	لکھنو	نواب شجاعت علی خان[250]	راجہ یسین علی خان
پندرہواں	12/1921	ملتان	نواب مظفر علی خان آف مظفر نگر	ایضاً
سولہواں	4/1923	جھنگ	حشمت علی خیر اللہ پوری[251]	ایضاً
سترہواں	3/1924	فیض آباد	سید ابن الحسن[252]	سید کلب عباس[253]
اٹھارواں	3/1925	بمبے (ممبے)	نواب سرفراز حسین[254]	میر واجد علی
انیسواں	1926	پٹنہ	آغا ہاشم اصفہانی	مرزا عابد حسین[255]
بیسواں	1928	کلکتہ	میر علی نواز ٹالپور[256]	ایضاً
اکیسواں	1928	سکر (سکھر)	نواب فضل علی خان[257]	ایضاً

سیشن	تاریخ	مقام	صدر	سیکرٹری جنرل
بائیسواں	12/1929	الہ آباد	مرزا علی محمد[258]	سید مصطفیٰ رضا
تئیسواں	4/1931	منٹگمری	راجہ سید رضا علی خان آف رامپور[259]	سید معجز حسین
چوبیسواں	3/1932	لاہور	حشمت علی خیر اللہ پوری	ایضاً
پچیسواں	4/1933	دہلی	مرزا محمد اکرم حسین[260]	ایضاً

صرف پنجابی شیعوں کو اُن کی روایتی فرقہ وارانہ مرکزیت سے دُور کرنے میں اضافہ کر رہی تھیں۔ یہ خصوصاً اِس لیے ناپسندیدہ تھی کیونکہ پنجاب کے شیعوں نے 1939ء کی تبرا تحریک کے دوران لکھنؤ کے ساتھ کافی یکجہتی کا مظاہرہ کیا تھا۔ تاہم پنجاب میں بھی کچھ اختلافی آراء موجود تھیں۔ اپریل 1944ء میں ''رضا کار'' میں شائع ایک مضمون میں، سیّد ناصر علی شاہ گردیزی، جنھوں نے جناح کو تعریف کے ساتھ یاد کرتے ہوئے الزام لگایا کہ جناح ''شیعہ کی طرح سادہ لوح'' ہیں اور مسلمانوں کے مختلف فرقوں میں موجود مذہبی تعصب اور تنگ نظری سے لاتعلق ہیں۔ مزید برآں، شیعوں کو قائداعظم سے انفرادی طور پر ضمانتیں درکار نہیں تھیں، بلکہ اُنہیں یہ ضمانتیں مسلم لیگ بطور پارٹی سے حاصل کرنی تھیں۔ یہاں تک کہ اگر مسلم لیگ کے تمام رہنماؤں کا اجتماعی عہد بھی پاکستان میں مذہبی آزادی کے تحفظ کے لیے کیا جائے، تو وہ کافی نہیں ہوگا؛ بلکہ مسلم لیگ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ شیعوں کے سیاسی، سماجی اور مذہبی حقوق کو اپنے پارٹی آئین میں تحریری ضمانت کے طور پر درج کیا جائے[158]۔

مسلم لیگ کے خلاف بنیادی شکایات کا تعلق اُس کی اس بے پروائی سے تھا جو شیعوں کے خلاف عدمِ برداشت کے بڑھتے ہوئے مظاہر کے بارے میں ظاہر کی جاتی تھی، حتیٰ کہ اُس کی اپنی صفوں کے اندر بھی۔ جیسے جیسے مسلم لیگ ایک عوامی تحریک کی شکل اختیار کرتی گئی، اِس مقصد کے لیے مذہبی خطیبوں کی مدد ناگزیر ہوگئی تاکہ عوام کو پاکستان کے مقدس نصب العین کے لیے متحرک کیا جاسکے، چاہے ان میں سے بعض اپنی تقاریر میں فرقہ وارانہ لب ولہجہ ہی کیوں نہ اختیار کرلیتے[159]۔ تحریکِ پاکستان کی حمایت کرنے والے سنّی علما کے بارے میں کم از کم یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ وہ مستقبل کی اسلامی ریاست کے اپنے تصور کے حوالے سے بتدریج زیادہ بیباک ہوتے گئے۔ اُن کا عمومی خیال یہ تھا کہ یہ ریاست سنّی فقہ حنفی اور اوّلین دو خلفا کی مثالوں کی پابند ہوگی۔ حتیٰ کہ مسلم لیگ میں شامل شیعہ اراکین بھی اِن علما کے خیالات کو علانیہ چیلنج کرنے کی جرأت نہیں کرتے تھے، جب تک کہ تحریکِ پاکستان کی کامیابی کے لیے اِن علما کی تائید درکار تھی۔

سب سے سخت گیر شیعہ مخالف علماء اُن جماعتوں سے وابستہ تھے جو مسلم لیگ کی سیاسی رقیب تھیں، مثلاً جمعیت علمائے ہند اور مجلسِ احرار[160]۔ تاہم جب اِن جماعتوں کے مبلغ، شیعہ مخالف حملے کرتے، اُنہیں کافر، رافضی[161]، بدعتی[162]، تبرائی یا منافق[163] قرار دیتے، خصوصاً 1944ء کے اواخر کے بلدیاتی انتخابات کے دوران، تو مسلم لیگ شیعوں کے دفاع میں سامنے آنے سے ہچکچاتی رہی[164]۔ چونکہ دوسری عالمی جنگ کے آغاز کے بعد گورنر یو پی نے مدحِ صحابہ تحریک کے کارکنوں پر پابندیاں سخت کر دی تھیں[165]، اس لیے یہ عناصر پنجاب کی طرف متوجہ ہوئے، جہاں اپریل 1944ء میں امرتسر میں ''تنظیم اہل سنت مرکزی'' (TAS) قائم کی گئی[166]۔ مارچ 1945ء میں لاہور میں اِس کا پہلا سالانہ اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت مولانا ظفر المُلک لکھنوی اور مفتی کفایت اللہ دہلوی نے کی۔ اِس اجلاس میں مولانا محمد علی جالندھری اور دیگر مقررین نے شیعوں کے خلاف شدید اِشتعال انگیز تقاریر کیں[167]۔ 1940ء کی دہائی میں پنجاب بھر میں شیعہ مذہبی رسومات پر حملوں اور اِن پر مقامی حکام کی جانب سے پابندیوں میں نمایاں اضافہ ہوا[168]، لیکن نہ تو مسلم لیگ اور نہ ہی پنجاب اسمبلی کے شیعہ اراکین نے شیعہ تنظیموں اور ذرائع اِبلاغ کے مسلسل احتجاجوں پر کوئی خاطر خواہ توجہ دی۔

25 جولائی 1944ء کو سیّد علی ظہیر نے جناح صاحب کے نام ایک خط لکھا جس میں اُنہوں نے دیگر شکایات کے ساتھ یہ اعتراض بھی اٹھایا کہ سنّی عُلما بار بار مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے پاکستان کے لیے پہلے دو خلفا کے طرزِ حکومت کو رہنما اصول کے طور پر پیش کرنے کی

کوشش کر رہے ہیں۔ اگرچہ انہوں نے اِس امر کا اعتراف کیا کہ انہیں شیعوں کی نمائندگی کا کوئی عام مینڈیٹ حاصل نہیں، لیکن اس کے باوجود علی ظہیر نے ضروری سمجھا کہ مسلم لیگ سے پاکستان میں مذہبی آزادی کے تحفظ، انتخابات کے دوران شیعہ مخالف فرقہ وارانہ پروپیگنڈے پر پابندی، اور وزارتوں، اسمبلیوں، دیگر منتخب اداروں، عدالتوں اور انتظامیہ کے تمام شعبوں میں شیعہ نمائندگی کے مناسب اور مؤثر حصّے کی باقاعدہ ضمانتیں طلب کی جائیں۔ مزید برآں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ مسلم لیگ کو پاکستان کے حصول کے ساتھ ساتھ پورے ملک کی آزادی پر بھی برابر توجہ دینی چاہیے۔ یہ دعویٰ کرتے ہوئے کہ نہ صرف آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس (AISPC) بلکہ بیشتر شیعہ عوام بھی اب تک مسلم لیگ سے فاصلہ اختیار کیے ہوئے ہیں، علی ظہیر نے قائدِ اعظم کو دعوت دی کہ وہ AISPC کو ایک ایسا جواب دیں جو" دونوں فریقوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کر سکے"[169]۔

31 اگست 1944ء کے اپنے جواب میں جناح صاحب نے پورا اعتماد ظاہر کیا کہ شیعوں کی اکثریت بالآخر مسلم لیگ کی حمایت کرے گی، اور اُن افراد کو جو محض" غلط فہمیوں" کی بنا پر اب تک فاصلے پر کھڑے تھے"غیر دانا'' قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ شیعوں کے لیے اس خدشے کی کوئی بنیاد نہیں ہونی چاہیے کہ مسلم لیگ اُن کے ساتھ انصاف نہیں کرے گی۔ ساتھ ہی انہوں نے ایسے ''نامناسب'' اور ''غیر منطقی'' اقدامات سے بھی خبردار کیا جو مسلم صفوں میں تفرقہ پیدا کرنے کا باعث بنیں[170]۔ جناح صاحب اس قدر سرد اور مختصر جواب دینے کے اہل اس لیے ہوئے کہ علی ظہیر جس تنظیم کی نمائندگی کا دعویٰ کر رہے تھے، یعنی آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس، وہ اب ملک گیر اثر و رسوخ تقریباً کھو چکی تھی۔ جناح نے درست اندازہ لگا لیا تھا کہ AISPC کی کمزوری کی ایک بنیادی وجہ یہ تھی کہ اِس نے اتر پردیش کے باہر صوبوں اور اضلاع میں کبھی اپنی شاخیں قائم ہی نہیں کیں[171]۔ ادھر پنجاب شیعہ پولیٹیکل کانفرنس (PuSPC) تو اکتوبر 1943ء کی اپنی لاہور نشست کے بعد سے ہی AISPC سے ایک آزاد راستہ اختیار کرنے کا اعلان کر چکی تھی۔ اسی دوران آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے اعزازی سیکریٹری جنرل، سید کلبِ عباس نے بھی علی ظہیر کے اس اقدام سے خود کو الگ کر لیا۔ انہوں نے امیر حیدر خان محمود آبادی کی پیش کردہ تجویز کی تائید کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ مختلف صوبوں کے شیعہ نمائندوں کا اجلاس کسی مرکزی مقام اور بہتر یہ کہ لکھنؤ کے علاوہ کسی بھی جگہ بلایا جائے، تاکہ شیعہ قوم کے لیے کسی مشترکہ فارمولا کی تلاش کی ایک اور سنجیدہ کوشش کی جا سکے[172]۔

سنہ 1945ء میں شیعہ جماعتی تحریک کی کوششیں 1939ء کے بعد پہلی مرتبہ ایک ایسی انتہاء کو پہنچیں جو اِس سے پہلے دیکھنے میں نہ آئی تھی، اگرچہ مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہو سکے۔ اسی سال اپریل میں حسین بھائی لال جی (1886ء-1971ء)، جو بمبئی کے ایک ممتاز خوجہ اثنا عشری شیعہ رہنما اور تاجر تھے[173]، نے وائسرائے لارڈ ویول کو ایک یادداشت پیش کی، جو بعد ازاں پریس میں بھی شائع ہوئی۔ اِس یادداشت میں ہندوستان کے" دو کروڑ شیعوں" کی آبادی کے تناسب سے تمام منتخب اداروں بلکہ سول سروس میں بھی نمائندگی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ اُنہوں نے شیعہ اور سنّی برادری کے درمیان تہذیب، روایت اور رواج کے امتیازات کو واضح کیا اور یہ موقف اختیار کیا کہ شیعہ اب سنّی اکثریت" اور اُن کے نمائندے مسلم لیگ" کے احساسِ انصاف پر اعتماد نہیں کر سکتے۔ اُن کے بقول، جس طرح کانگریس نے" شیڈول شدہ ذاتوں" کے لیے بعض تحفظات تسلیم کیے تھے، مسلم لیگ شیعہ اقلیت کو ایسے ہی حقوق اور ضمانتیں دینے پر آمادہ نہیں تھی[174]۔

چونکہ لال جی کے اِس اقدام کی کانگریس کی طرف سے اعلانیہ حوصلہ افزائی کی گئی تھی، اس لیے مسلم لیگ نے اسے" مسلم صفوں کی

وحدت کو سبوتاژ کرنے کی ایک اور کوشش" قرار دیتے ہوئے شدید مذمت کی۔ جون 1945ء میں لال جی نے ایک "کھلے خط" میں، جو تمام ہندوستانی شیعہ رہنماؤں کے نام تھا، اپنے موقف کو مزید صریح انداز میں پیش کیا۔ اس میں انہوں نے خبردار کیا کہ پاکستان میں سنّی انتہاپسندی کے باعث شیعہ ایک "تدریجی فنا" کے خدشے سے دوچار ہوں گے، جبکہ ایک متحدہ ہندوستان کی حکومت کے تحت کچھ نہ کچھ امید باقی رہے گی[175]۔ اُس وقت تک اُن کا اپریل میمورنڈم شیعوں میں وسیع پیمانے پر مقبول ہو چکا تھا۔ 26 مئی 1945ء کو لال جی کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں PuSC کے صدر نواب احسان علی خان جو بعد ازاں مسلم لیگ کے غیر مشروط حامی بن گئے، نے بھی یہ اندیشہ ظاہر کیا کہ پاکستان میں شیعہ حقوق کا کوئی تحفظ میسر نہ آئے گا۔ انہوں نے یہ شکایت بھی کی کہ پنجاب حکومت میں ایک بھی شیعہ وزیر شامل نہیں، حالانکہ شیعوں میں اہل اور قابل افراد کی کمی نہیں اور وہ صوبے کی آبادی کا "20 فیصد" بنتے ہیں[176]۔ شیعوں کے لیے جداگانہ انتخابی حلقوں کا مطالبہ رضا کار نے بھی کیا، جس نے پنجاب اسمبلی کے چودہ شیعہ ارکان کی اس بے بسی پر افسوس ظاہر کیا کہ وہ آنے والے انتخابات میں اپنی نشستوں سے محرومی کے خوف سے کسی بھی شیعہ شکایت یا مطالبے کے حق میں آواز اٹھانے کی جرأت نہیں کرتے تھے[177]۔

5 جولائی 1945ء کو لکھنؤ کے ممتاز علمائے کرام نے ایک نہایت واضح اور دوٹوک سیاسی بیان جاری کیا، جس میں ہندوستانی شیعوں سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ اپنے حقوق کے تحفظ کی خاطر اپنی ایک علیحدہ تنظیم تشکیل دیں[178]۔ اسی زمانے میں مسلم لیگ بھی اُس دعوے کی سرکاری سطح پر توثیق کے قریب پہنچ چکی تھی کہ وہ ہندوستانی مسلمانوں کی "واحد نمائندہ" جماعت ہے، یہ پیش رفت لارڈ ویول (25 جون تا 14 جولائی 1945ء) کی زیرِ صدارت شملہ کانفرنس کے دوران سامنے آئی[179]۔ کانفرنس کی ناکامی کے بعد برطانوی حکومت نے فیصلہ کیا کہ مرکزی اور صوبائی مجالس قانون ساز کے انتخابات منعقد کیے جائیں، مرکزی اسمبلی کے لیے دسمبر 1945ء میں اور صوبائی اسمبلیوں کے لیے فروری 1946ء میں۔ ان انتخابات کا نتیجہ پاکستان موومنٹ کی کامیابی کے لیے فیصلہ کن ثابت ہونا تھا۔

اگست 1945ء میں آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس (AISPC) کی مرکزی کونسل نے یہ طے کیا کہ 14 اور 15 اکتوبر کو لکھنؤ میں ایک اور آل پارٹیز شیعہ کانفرنس منعقد کی جائے۔ اس مقصد کے لیے پورے ہندوستان کی 167 شیعہ انجمنوں کو دعوت نامے بھیجے گئے، نیز متعدد ممتاز شخصیات کو بھی مدعو کیا گیا یہاں تک کہ جناح کو بھی[180]۔ جناح نے یکم اکتوبر 1945ء کے اپنے جواب میں اپنا معروف مؤقف ایک بار پھر دہرایا کہ......

مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے، شیعہ کانفرنس کے منتظمین، ہمارے دشمنوں کی گمراہی اور غلط رہنمائی میں آ گئے ہیں۔ میری ہر شیعہ بھائی کو یہ نصیحت ہے کہ اِس نازک مرحلے پر بِلا کسی تردُّد مسلم لیگ میں شامل ہو جائیں۔ کوئی دوسرا راستہ اختیار کرنا ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے عمومی طور پر نقصان دہ ہے اور شیعہ مفاد کے لیے تو کہیں زیادہ مضر ثابت ہوگا۔ مسلم لیگ اور مَیں بارہا واضح کر چکے ہیں کہ ہم مسلمانوں کے ہر مسلک اور غیر مسلم اقلیتوں کے ساتھ پوری دیانت، انصاف اور منصفانہ سلوک کے قائل ہیں ... مسلم لیگ کسی بھی مسلک کے عقائد یا مذہبی معاملات میں ہرگز مداخلت نہیں کرے گی ... شیعوں کی بھاری اکثریت مسلم لیگ کے ساتھ ہے، اور

اگر کوئی جائز شکایت موجود بھی ہو تو وہ ہمارا اندرونی معاملہ ہے، جسے آل انڈیا مسلم لیگ ہی کے دائرے میں حل کیا جا سکتا ہے181۔

محمود آباد کے امیر حیدر خان جنہوں نے (بیماری کا عذر پیش کر کے) آل پارٹیز کانفرنس میں حاضری نہیں دی، نے29 اور 30 ستمبر کو اپنی مرضی سے منتخب کردہ شیعہ نمائندوں کا ایک مشاورتی اجلاس طلب کیا۔ اس نشست میں جن مطالبات پر اتفاق کیا گیا اور بعد ازاں مسلم لیگ کو پہنچائے گئے، وہ درج ذیل تھے:

1)- مسلم لیگ کی جانب سے ایک غیر مبہم اور دوٹوک اعلان کہ پاکستان کے زیربحث علاقوں میں وہ حکومت قائم کی جائے گی جو پیغمبرمحمد(منہاجِ نبوت) سنت کے مطابق ہو، نہ کہ پہلے دوخلفاء(سیرتِ شیخین) کے اصولوں پرہو؛

2)- انتخابات میں شیعہ برادری کے لیے مخصوص نشستوں کے علاوہ ریاست کے انتظامی و عدالتی اداروں میں بھی اُن کی مناسب نمائندگی کا اہتمام کیا جائے؛

3)- انتخابی مہمات کے دوران شیعہ مذہب پر حملوں اور فرقہ وارانہ پروپیگنڈے سے تحفظ کی باقاعدہ ضمانت دی جائے؛

4)- شیعہ بچوں کو سنی تاریخ یا سنی دینیات پڑھنے کا کوئی لازمی تقاضا نہ ہو؛

5)- پاکستان کے مجوزہ علاقوں میں شیعہ حقوق اور اُن کے معاشرتی طرزِ زندگی (تمدن) کے باقاعدہ تحفظ کی یقینی ضمانت فراہم کی جائے182۔

PuSPC نے 7 اکتوبر کو اپنی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا کہ وہ آل پارٹیز شیعہ کانفرنس کی حمایت کی جائے، اگرچہ اِس کے کچھ اراکین -- جو مسلم لیگ میں بھی سرگرم تھے -- اِس بات کی پوری کوشش کر رہے تھے کہ لکھنؤ کانفرنس کو کانگریس کی کارستانی قرار دیا جائے183۔ راجہ غضنفر علی خان نے پنجاب کے چند حلقوں میں شیعہ-سنی تنازعات کو" اخلاص اور محبت کے ساتھ" حل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ صوبے میں مجموعی طور پر شیعہ-سنّی تعلقات" نہایت خوشگوار" ہیں184۔ اگرچہ مسلم لیگ کے کسی بھی مدعو شدہ رہنما نے آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت نہیں کی، تاہم کانفرنس اپنی نمائندگی کے اعتبار سے مناسب حد تک بھرپور تھی، کیونکہ پورے ہندوستان سے آئے ہوئے شیعہ نمائندوں نے طویل اور آزادانہ مباحثوں میں حصہ لیا185۔ کانفرنس میں کانگریس کے حق میں کوئی تقریر نہ ہوئی، اور سید قلب عباس کی پیش کردہ وہ مرکزی قرارداد- جو بعد ازاں تقریباً متفقہ طور پر منظور بھی کر لی گئی- مسلم لیگ پر کسی بھی صریح تنقید سے گریز کرتی تھی۔ تاہم، اِس قرارداد میں" شیعہ حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت" پر زور دیا گیا تھا اور تمام صوبوں کے اراکین پر مشتمل ایک ورکنگ کمیٹی قائم کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا جس پر یہ ذمہ داری ہو کہ وہ نہ صرف AISPC کے نئے ضوابط مرتب کرے بلکہ دیگر جماعتوں، بالخصوص مسلم لیگ، سے مذاکرات کر کے آئندہ انتخابات سے قبل کسی مشترکہ سمجھوتے تک پہنچنے کی کوشش کرے186۔

تاہم، یہ آخری اور سب سے سنجیدہ کوشش، جس کا مقصد پورے ملک میں ایک ایسا شیعہ پلیٹ فارم قائم کرنا تھا جو مسلم لیگ پر کسی حد تک دباؤ ڈال سکے، گزشتہ کوششوں کی طرح ہی دسمبر 1945ء کے مرکزی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات سے قبل ہی دم توڑ گئی۔ اُس وقت مسلم لیگ کی بھارت کے مسلمانوں، بشمول پنجاب کے، میں عوامی مقبولیت میں خاطرخواہ اضافہ ہو چکا تھا، اور زیادہ سے زیادہ شیعہ قائدین مسلم لیگ کی بلاشرط حمایت کی طرف مائل ہو گئے۔ اِس کی ایک مثال شیخوپورہ سے تعلق رکھنے والے شیخ کرامت علی ہیں، جو 1938ء سے 1940ء تک PuSPC کے صدر اور اکتوبر 1943ء سے PuSPC کے نائب صدر رہے، اور جنہوں نے 1938ء اور 1939ء میں قصور میں ہونے والے احتجاج کے دوران گرفتار ہونے والے شیعوں کا بلا معاوضہ قانونی طور پر دفاع کیا تھا[187]۔ 1945ء کے اواخر میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر اپنی انتخابی مہم کے دوران اُنہوں نے اپنی شیعہ شناخت کو تقریباً ناقابل شناخت بنانے کے لیے بہت تکلیفیں اٹھائیں، یہاں تک کہ اِس بات سے بھی انکار کیا کہ ”کوئی بھی شیعہ اصحاب الثلاثۃ (پہلے تین خلفاء) کے خلاف رنجش رکھ سکتا ہے“ [188]۔ جہاں شیعہ امیدواروں نے سنی ووٹروں کو خوش کرنے کے لیے، تمام نظریاتی اختلافات اور شیعہ-سنی کے درمیان[189] شدید تنازعات کو دُھندلانے کی پوری کوشش کی، وہیں مسلم لیگ کے اندر موجود سنّی علماءُ نے زیادہ کھل کر اپنی رائے دینا شروع کر دی۔ مثال کے طور پر، مولانا ظفر احمد عثمانی نے لیگ کے روزنامہ المنصور (دہلی) میں ایک فتویٰ شائع کیا، جس میں دلیل دی گئی کہ شیعوں کو لیگ میں شامل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، اس دلیل کے ساتھ کہ سنی - بت پرستوں (یعنی ہندوؤں) کے ساتھ تصادم کے دوران خوارج کافروں کے ساتھ تعاون کر سکتے ہیں۔ کیونکہ خوارج بھی اسلام اور کفر کے خلاف کھڑے ہوں گے[190]۔ اُن کے ساتھی مولانا اس نصیر الحق کو 3 نومبر 1945ء کو نوائے وقت میں اس نتیجے کے ساتھ پیش کیا گیا کہ نبی کے مطابق صرف وہ لوگ جو خلفائے راشدین کے راستے پر چلیں وہ صحیح راہ پر ہیں، جبکہ دیگر تمام گروہ، جماعتیں یا فرقے ”شیطانی کام“ ہوں گے[191]۔ یقیناً مسلم لیگ کی طرف سے ایسے پارٹی ممبران کے خلاف کسی بھی طرح کا تادیبی اقدام نہیں کیا گیا۔

اگرچہ آل پارٹی شیعہ کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی مسلم لیگ سے کوئی تسلی بخش یقین دہانی حاصل کرنے میں ناکام رہی، تاہم اس وقت کے لیے شیعہ برادری کی اکثریت مسلم لیگ کے حق میں ووٹ دینے کو ترجیح دینے لگی، چاہے مقابل جماعت کانگریس ہو یا اس کے کسی مسلم اتحادی گروہ۔ یہ بات بمبئی میں بھی سچ تھی، جہاں حسین بھائی لال جی نے مرکزی قانون ساز اسمبلی کی دو نشستوں پر انتخاب لڑا تھا: ایک سنی احمد ہارون جعفر کے خلاف، جنہیں سیاسی دفاتر سے پانچ سال تک پابندی کے باوجود لیگ کا ٹکٹ دیا گیا تھا۔ 1936ء کے صوبائی انتخابات کے دوران[192] فرقہ وارانہ پروپیگنڈا، اور دوسرا خود قائداعظم جناح کے خلاف۔ جناح نے پولنگ سے چند دن پہلے اپنے حق میں بارہویں شیعہ بوہرہ کمیونٹی کے روحانی سربراہ سید طاہر سیف الدین کا فتویٰ جمع کرتے ہوئے بھاری مارجن سے کامیابی حاصل کی[193]۔

1945ء کے مرکزی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں مسلم لیگ کی شاندار کامیابی کے بعد - جس نے تمام 30 مسلم نشستیں جیت لیں، جن میں تین شیعہ بھی شامل تھے[194] - سیاسی پُرجوش شیعہ رہنما اپنی کمیونٹی کو اور بھی زیادہ جوش و خروش کے ساتھ ترغیب دینے لگے کہ وہ فروری 1946ء کے صوبائی انتخابات میں مسلم لیگ کی بلاشرط حمایت کریں۔ ایک قابل ذکر اِستثناء نواب قزلباش تھا، جو یونینسٹ پارٹی کے ٹکٹ پر دوبارہ منتخب ہوئے، اگرچہ اِس پارٹی کی نشستیں کم ہو کر 88 سے 21 رہ گئی تھیں، جن میں ہندو اور سکھ بھی شامل تھے[195]۔ شیعہ

امیدواروں نے (تمام جماعتوں کو ملا کر) پنجاب اسمبلی کی 175 رکنی پنجاب قانون ساز اسمبلی میں سے 86 مسلم نشستوں میں کم از کم 8 اور سندھ اسمبلی کی 34 مسلم نشستوں میں سے 5 پر کامیابی حاصل کی[196]۔

صوبائی انتخابات کی تاریخ سے کچھ پہلے، محمود آباد کے امیر حیدر خان نے اخبارات میں جناح کے اپریل 1940ء کے خط کے اقتباسات شائع کیے، انہوں نے مزید کہا کہ انہیں نواب لیاقت علی خان اور اسماعیل خان (مسلم لیگ کے بااثر رہنماؤں)[197] کی جانب سے بھی ایسی ہی "ضمانتیں" ملی ہوئی ہیں۔ ساتھ ہی اُنہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ اس نے ہمیشہ فرقہ وارانہ کشیدگی کو ہوا دی اور موجودہ انتخابی مہم میں بھی یہی حربہ اپنایا۔ عمومی طور پر دیکھا جائے تو ایسا لگتا ہے کہ مسلم لیگ کے امیدواروں نے واقعی زیادہ تر تمام مسلمانوں میں ہم آہنگی اور اتحاد کی تبلیغ کی، اِس کے باوجود کچھ "کالی بھیڑیں" اپنی الگ راہ رکھتی ہیں۔ یہ خاص طور پر شیعہ لیگیوں کے لیے درست تھا، جنہوں نے اپنے آپ کو فرقہ وارانہ سرگرمیوں سے حتی الامکان دُور رکھا۔ جبکہ لال جی کے وہ حامی جنہوں نے شیعہ گروہی پلیٹ فارم پر الیکشن لڑا اُنہیں "پاکستانی صوبوں" میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا[198]۔

مسلم لیگ نے 1945ء/46ء کے انتخابات کے ساتھ طاقت کا ایک اہم امتحان پاس کیا، لیکن ایک الگ مسلم ریاست کے لیے جدوجہد، جس کی کانگریس نے شدید مزاحمت کی، 1947ء کے وسط تک پوری طرح سے جیت نہیں پائی تھی۔ لہٰذا کچھ شیعہ رہنما مسلم لیگ پر دباؤ ڈالنے کی کوششیں جاری رکھے ہوئے تھے[199]، اور یہاں تک کہ لیگ کے ٹکٹ پر منتخب ہونے والوں نے 8-9 اپریل 1946ء کو دہلی میں لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس کے موقع پر ایک غیر رسمی میٹنگ کے دوران شیعہ حقوق کا دفاع کرنے پر اتفاق کیا[200]۔ انتخابات کے بعد، کانگریس نے ایک بار پھر "شیعہ کارڈ" کھیلنے کی کوشش کی جس میں لال جی کو برطانوی "کابینہ مشن" کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا انتظام کیا گیا[201]، اور اگست 1946ء میں سید علی ظہیر کو کانگریس نے عبوری حکومت کے ایک ممبر کے طور پر نامزد کیا تاکہ برطانوی راج سے اقتدار کی منتقلی کی تیاری کی جا سکے[202]۔ یہ دونوں شیعہ رہنما، جو ہندو اکثریتی صوبوں سے تعلق رکھتے تھے، پہلے ہی بھارت میں اپنے آئندہ سیاسی کیریئر کا راستہ ہموار کر چکے تھے اور مسلم لیگ پر بالکل بھی اثر انداز نہ ہو سکے[203]۔ مسلم لیگ کے وفادار ستون، امیر احمد خان محمود آباد، بھی اپنی مسلسل درخواست پر اطمینان حاصل نہ کر سکے کہ لیگ کم از کم ایک شیعہ عالم کو ہندوستان کی آئینی اسمبلی کے لیے نامزد کرے؛ چنانچہ اُنہوں نے اگست 1946ء کے اوائل میں اُس باڈی سے استعفیٰ دے دیا[204]۔ جب لیگ نے عبوری حکومت میں تعاون کرنے پر رضامندی ظاہر کی تو کانگریس نے 15 اکتوبر 1946ء سے پہلے ظہیر کی نامزدگی واپس لے لی[205]۔

پنجاب میں شیعہ جماعتی تنظیمیں 1946ء کے صوبائی انتخابات کے بعد سے لے کر 14 اگست 1947ء کو پاکستان کے قیام تک کے باقی عرصے میں نہایت غیر مؤثر رہیں۔ PuSPC حتیٰ کہ اپنی ورکنگ کمیٹی کا ایک بھی اجلاس منعقد کرنے میں ناکام رہی۔ جبکہ اس کے سیکرٹری جنرل نے شیعہ پریس میں بے جان بہانے پیش کیے[206]، PuSPC کے صدر کو یہ جواب دینے کی ضرورت پیش آئی کہ آخر انہوں نے 1945ء کے اواخر سے اپنی سیاسی پالیسی میں مکمل تبدیلی کیوں کر دی ہے[207]۔ PuSPC کے صدر، نواب قزلباش، جو فروری 1946ء میں مسلم لیگ کو خارج رکھتے ہوئے پنجاب کی مخلوط حکومت میں وزیرِ آمدن بنے، نے وزیر اعظم خضر حیات خان ٹوانہ کو مشورہ دیا کہ مسلم لیگ کے حامیوں کی طرف سے جاری سول نافرمانی کی تحریک کے خلاف سخت کارروائی کی جائے[208]۔ جب ٹوانہ کو وسیع پیمانے پر

احتجاج کے پیشِ نظر استعفیٰ دینا پڑا، تو قزلباش کی بنیادی ترجیح مسلم لیگ کے ساتھ تعلقات درست کرنا بن گئی، جس میں بعد میں اُنہیں زیادہ دشواری نہ ہوئی۔ 8 ستمبر 1946ء کو PuSPC ورکنگ کمیٹی کے اجلاس کے دوران اُنہوں نے بار بار مداخلت کی تا کہ ایسی مسودہ قرار دادیں واپس لے لی جائیں جو مسلم لیگ کی نظر میں توہین آمیز سمجھی جا سکتی ہیں[209]۔ مارچ 1947ء میں لاہور میں PuSPC کا ایک سالانہ اجلاس منعقد کرنے کا منصوبہ بنایا گیا، جو 1943ء کے بعد پہلا اجلاس ہوتا لیکن اِس مہینے پنجاب میں مسلمانوں اور سکھوں کے درمیان شدید فرقہ وارانہ فسادات کے سبب اِسے منسوخ کرنا پڑا[210]۔

جب برطانوی حکومت نے بالآخر 3 جون 1947ء کو ایک الگ مسلم ریاست کے قیام کے مطالبے کے سامنے ہتھیار ڈال دیے اور پاکستان کی آئینی اسمبلی تشکیل پا گئی[211]، تو مسلم لیگ نے اسمبلی کو اسلامی شریعت کے نفاذ کے متعلق مشورے دینے کے لیے سات رکنی ذیلی کمیٹی مقرر کی، جس کے تمام ارکان سنی تھے[212]۔ اِسی طرح آئینی اسمبلی کے لیے تین سنی علماء کو شامل کیا گیا، مگر کسی شیعہ عالم کو نہیں[213]۔ پاکستان کے قیام کے موقع پر اس کے اکثر شیعہ مستقبل کے شہری شاید اپنے سنی ہم وطنوں کی طرح پُر جوش تھے، لیکن کچھ حلقے اب بھی اِس بات پر افسردہ تھے کہ نئی اُبھرتی ریاست میں اُن کے حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری حفاظتی اِقدامات ابھی تک حل طلب ہیں[214]۔

3

1958ء تک پاکستان میں شیعہ

فرقہ وارانہ تنظیم نو اور نئی داخلی تقسیم

14 اگست 1947ء کو قیامِ پاکستان کے بعد شیعہ-سنی مسئلہ کو دوبارہ سر اُٹھانے میں کچھ وقت لگا۔ ابتدائی چند مہینوں تک دیگر تمام اُمور اس عظیم سانحے کے زیرِ سایہ دبے رہے جو نئی کھینچی گئی سرحد کے دونوں جانب مسلمانوں اور ہندوؤں وسکھوں کے درمیان باہمی قتلِ عام اور وسیع پیمانے پر جبری نقل مکانی کی صورت میں رونما ہوا۔ چونکہ یہ بیشتر خونریزی صوبہ پنجاب میں ہوئی - جسے ریڈکلف کمیشن کے فیصلے کے مطابق پاکستان اور بھارت کے درمیان تقسیم کیا گیا تھا - اس لیے شیعہ آبادی بھی اس سے شدید طور پر متاثر ہوئی۔ مشرقی پنجاب میں قائم کئی قدیم شیعہ بستیاں اپنے مکینوں سے بالکل خالی ہوگئیں[1]، اور بچ جانے والے بہت سے مہاجرین کو مغربی پنجاب کے شہروں اور دیہی علاقوں میں قائم خصوصی "مہاجر کالونیوں" میں آباد کیا گیا۔ یہ نئی بستیاں یا محلے عموماً بھارت میں اپنے آبائی گاؤں یا قصبے سے تعلق رکھنے والے افراد کو دوبارہ یکجا کر دیتے تھے، اور ساتھ ہی ایک ہی مسلک سے وابستہ لوگوں کو بھی[2]۔ مشرقی پنجاب سے آنے والے مہاجرین کے علاوہ، تقسیم کے بعد کے ابتدائی برسوں میں بھارت کے دیگر صوبوں بالخصوص اتر پردیش، بہار، حیدر آباد (دکن)، دہلی اور بمبئی سے بھی شیعہ آبادی کے سیکڑوں ہزار افراد پاکستان منتقل ہوئے۔ ان مہاجرین میں شیعہ فکری و علمی اشرافیہ کے متعدد ارکان شامل تھے، جن میں دینی علما بھی تھے، اور ان میں سے بیشتر نے کراچی، لاہور اور پاکستان کے دیگر بڑے شہروں میں سکونت اختیار کی[3]۔ اس طرح پاکستان نہ صرف واحد سب سے بڑی مسلم ریاست بن گیا (اور 1971ء میں بنگلہ دیش کی علیحدگی تک یہی حیثیت برقرار رہی)، بلکہ ایران کے بعد دنیا میں سب سے بڑی شیعہ آبادی رکھنے والا ملک بھی ٹھہرا[4]۔ بظاہر 1947ء میں جو خطہ مغربی پاکستان کہلایا، وہاں مہاجرین کی آمد کے باعث مجموعی مسلم آبادی میں شیعوں کا تناسب بھی بڑھ گیا[5]۔ بہرحال، تقسیمِ ہند کے ساتھ ہونے والی آبادیوں کی اِس وسیع تر تبدیلی نے پنجاب، کراچی، حیدر آباد اور دیہی سندھ کے بعض علاقوں میں شیعہ بستیوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ کر دیا۔

ملک کے دیگر حصّوں میں اگرچہ اس پیشرفت پر زیادہ توجہ نہ دی گئی، تاہم 1947ء-48ء میں ریاست کشمیر کے انتہائی شمالی علاقے میں ایک ایسا واقعہ رونما ہوا جو پاکستان میں شیعیت کے مستقبل کے لیے خاصی اہمیت کا حامل ثابت ہوا۔ اگست 1947ء تک کشمیر کی حیثیت اور اس کی ممکنہ تقسیم کے بارے میں کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہو سکا تھا لیکن اس وقت ہندو مہاراجہ کی حکومت نے گلگت ایجنسی پر مکمل کنٹرول دوبارہ حاصل کر لیا تھا، جو اس سے قبل ایک برطانوی پولیٹیکل ایجنٹ کے زیرِ انتظام رہا تھا[6]۔ اکتوبر 1947ء میں پاکستان اور بھارت کے درمیان کشمیر کی جنگ کے آغاز کے فوراً بعد، گلگت اسکاؤٹس کی - جن میں اکثریت شیعہ اور اسماعیلیوں کی تھی - بغاوت نے اس قصبے میں مہاراجہ کی حکمرانی کا خاتمہ کر دیا[7]۔ 1948ء کے وسط تک شمالی پہاڑی علاقوں کے مقامی مسلمانوں نے نہ صرف پوری گلگت ایجنسی اور اس سے ملحقہ علاقوں پر قبضہ جما لیا، بلکہ بلتستان کے دو اضلاع - سکردو اور کارگل - کو بھی اپنے زیرِ نگیں لے لیا، جو ایک وسیع خطہ تھا اور جہاں بنیادی طور پر تبتی زبان بولنے والی شیعہ آبادی آباد تھی[8]۔ اس کے بعد سے گلگت اور بلتستان پاکستان کی وفاقی حکومت کے زیرِ انتظام رہے

ہیں، اگرچہ 1972ء میں مقامی آبادی کو محدود پیمانے پر خود اختیاری دی گئی اور اسی وقت پورے خطے کو" شمالی علاقہ جات" کا نام دیا گیا۔ ان علاقوں کی آئینی و سیاسی حیثیت کئی دہائیوں سے سنی اور شیعہ حلقوں کے درمیان کشمکش کا باعث بنی رہی ہے، اور نومبر 1947ء کی گلگت بغاوت کے بعد سے بعض سنی حلقے "شیعہ ریاست" کے تصور کو ایک خطرے کے طور پر پیش کرتے رہے ہیں[9]۔ قابل ذکر امر یہ ہے کہ 1946ء ہی میں بلتستان میں شیعہ-سنی تصادمات وقوع پذیر ہو چکے تھے[10]، اور بعد کی دہائیوں میں یہی خطہ پاکستان میں ایک" شیعہ ماڈل ایریا" کے تصور کے سب سے زیادہ قریب سمجھا جانے لگا[11]۔

تقسیم ہند اور ہندو-مسلم-سکھ-باہمی مظالم کے المیے کے چند ہی مہینوں بعد مغربی پاکستان میں شیعہ جماعتی ازسرِنو تنظیم کا آغاز ہو گیا۔ اس عمل کا مرکزِ ثقل ہمیشہ سے پنجاب رہا، جہاں شیعہ قیادت نے تقسیم سے پہلے ہی کے برسوں میں لکھنؤ اور وہاں قائم خود ساختہ" آل انڈیا" شیعہ تنظیموں سے اپنی خود مختار حیثیت منوا لی تھی۔ 1947ء کے بعد مغربی پنجاب کے شیعہ زمینداروں اور جماعتی کارکنوں کو بھارت کے دیگر علاقوں سے آنے والے علما اور دانش وروں کی تائید و تقویت حاصل ہوئی، جو اسی صوبے میں آ کر آباد ہوئے۔ شیعہ تنظیمِ نو کے ابتدائی برسوں میں، اگرچہ متحارب دھڑوں میں، اتر پردیش کے ضلع بلند شہر کے ایک ہی قصبے (شکار پور) سے تعلق رکھنے والے دو علما نے نہایت نمایاں کردار ادا کیا۔ ان میں سے ایک حافظ کفایت حسین (1898ء-1968ء) تھے، جو لکھنؤ کے مدرسۃ الواعظین کے فارغ التحصیل تھے۔ انہیں 1920ء میں تبلیغ کی غرض سے پشاور بھیجا گیا تھا اور بعد ازاں 1925ء سے 1932ء تک صوبہ سرحد (موجودہ کے پی) میں شیعہ قاضی مقرر رہے۔ انھوں نے 1925ء میں اس وقت خاص شہرت حاصل کی جب انہوں نے اہلِ حدیث مکتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے مولانا حافظ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی کے اس دعوے کو رد کر دیا کہ شیعہ قرآنِ مجید حفظ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ پاراچنار (1934ء)، راولپنڈی (1937ء) اور رام پور (1946ء) میں قیام کے بعد وہ بالآخر 1947ء سے لاہور میں مستقل طور پر مقیم ہو گئے۔ 1964ء تک-جب انہیں فالج کا دورہ پڑا-وہ پاکستان میں شیعہ مجالس کے غالباً سب سے مقبول خطیب سمجھے جاتے تھے اور عموماً انہیں اعزازی لقب رئیسُ الحفّاظ سے یاد کیا جاتا تھا[12]۔ اگرچہ وہ 1948ء سے پاکستان کے شیعہ جماعتی امور میں سرگرمی سے شریک ہو گئے تھے، تاہم انہوں نے کبھی اتنی نمایاں سیاسی امنگ کا اظہار نہیں کیا جتنا ان کے حریف مولانا محمد بشیر انصاری (1901ء-1983ء) نے کیا، جن کا کیریئر کئی اعتبار سے اسی نوعیت کا تھا۔ انصاری 1934ء میں راولپنڈی کے نزدیک واقع قصبے ٹیکسلا اور قریبی ہری پور (ضلع ہزارہ، صوبہ کے پی) میں سنی علما کے ساتھ نہایت پرہجوم مناظروں کے دوران ہزاروں سنیوں کو تشیع میں داخل کرنے کے باعث فاتحِ ٹیکسلا کے لقب سے شہرت پا گئے۔ 1920ء کی دہائی سے ہی انہوں نے پنجاب اور صوبہ سرحد میں متعدد تبلیغی دورے کیے تھے، جن کے نتیجے میں بظاہر مزید بہت سے افراد نے تشیع قبول کیا، اور 1947ء میں انہوں نے ٹیکسلا میں سکونت اختیار کر لی[13]۔ حافظ کفایت حسین اور مولانا محمد بشیر انصاری، دونوں نے 1940ء کی دہائی میں تحریکِ پاکستان کی حمایت میں متعدد خطابات کیے تھے؛ تاہم جہاں اول الذکر نے شیعہ حقوق کے دفاع پر بھی زور دیا، وہیں مؤخر الذکر مسلم لیگ کے لیے "غیر مشروط" مبلغین میں شمار ہوتے تھے۔ پاکستان کے قیام کا ہدف حاصل ہو جانے کے بعد انصاری مسلم لیگ سے اپنی وفاداری کے صلے کے حصول کے لیے بے تاب دکھائی دیتے تھے[14]۔ چنانچہ 1947ء کے اواخر ہی میں انہوں نے پاکستان میں شیعہ علما کی ایک تنظیم قائم کرنے کی پہلی کوشش کی، جس کی صدارت وہ خود کرنا چاہتے تھے۔ ان کی ابتداء پر راولپنڈی میں علما کا

ایک اجلاس منعقد ہوا، تاہم صدارت کے انتخاب کو اُس وقت مؤخر کر دیا گیا جب سید محمد دہلوی - جو پاکستان میں شیعہ قیادت کے طور پر سولہ برس بعد ابھر کر سامنے آنے والے تھے- کو ایک متبادل امیدوار کے طور پر پیش کیا گیا[15]۔

1948ء کے اوائل تک شیعہ جماعتی امور سے وابستہ تمام حلقوں میں اس امر کا شعور پیدا ہو چکا تھا کہ پرانی شیعہ تنظیموں کی از سرِ نو تشکیل اور آزاد مسلم ریاست پاکستان کی نئی ترجیحات کے مطابق خود کو ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے۔ نواب قزلباش نے 4-5 جنوری کو لاہور میں پنجاب یونائیٹڈ شیعہ پولیٹیکل کانفرنس (PuSPC) کے آخری اجلاس کی صدارت کی، جس میں اس کا نام بدل کر "مغربی پنجاب شیعہ سیاسی کانفرنس" رکھ دیا گیا، اور شیعہ مہاجرین کی کفالت و امداد کے لیے ایک "مرکزی شیعہ فلاحی کمیٹی" قائم کی گئی[16]۔ بعد کے ہفتوں میں پہلی آل پاکستان شیعہ کانفرنس (جو 20-21 مارچ 1948ء کو لاہور میں منعقد ہوئی)[17] کے انعقاد میں ان کا اثر و رسوخ فیصلہ کن ثابت ہوا۔ تاہم 1946ء میں مسلم لیگ کی مخالفت کے باعث اپنی "سیاسی بحالی" کے اِلتوا کے پیشِ نظر انہوں نے پس منظر میں رہنے کو ترجیح دی اور نمایاں کردار راجہ غضنفر علی خان کے سپرد کر دیا- جو مسلم لیگ کے دیرینہ رہنما تھے اور پاکستان کی پہلی وفاقی حکومت میں وزیرِ مہاجرین کے منصب پر فائز ہو چکے تھے[18]۔ اسی دوران ایک اور اقدام شیعہ زمینداروں اور علما کی جانب سے سامنے آیا، جنہوں نے 6-7 مارچ کو لائل پور (فیصل آباد) میں منعقدہ ایک اجلاس میں مغربی پاکستان جعفریہ کانفرنس کی بنیاد رکھی۔ اس اجلاس کی صدارت پیر سید نوبہار شاہ نے کی[19]۔ تاہم یہ تنظیم زیادہ دیر پا ثابت نہ ہو سکی، اور اس اجلاس میں شریک ہونے والوں کی اکثریت نے دو ہفتے بعد لاہور میں منعقد ہونے والی آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) میں بھی شرکت کی۔

اِس کانفرنس کا آغاز میں پاکستان بھر کے شیعہ کارکنوں نے خیر مقدم کیا اور اِس سے خاصی بلند توقعات وابستہ کی گئیں۔ تاہم منتظمین کا ایجنڈا اپنا تھا، جو پختہ جماعتی کارکنوں کے مقاصد سے خاصا مختلف تھا۔ آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) کے سرکاری طور پر "بانی" مولانا محمد بشیر انصاری کی اصل دلچسپی درحقیقت شیعہ مجلسِ علماء پاکستان (SMUP) میں مرکوز تھی، جسے انہوں نے دو ہفتے قبل اپنے دوست سید نجم الحسن کراروی (1918ء-1982ء) کے ساتھ قائم کیا تھا۔ کراروی بھی اُتر پردیش سے تعلق رکھنے والے ایک اور سیاسی اُمنگ رکھنے والے شیعہ عالم تھے، جو 1947ء میں پشاور منتقل ہوئے تھے[20]۔ لاہور کانفرنس کے دوران، SMUP کو باضابطہ طور پر منظرِ عام پر لایا گیا- جسے انصاری نے لکھنؤ میں قائم شیعہ مجلسِ علما اور آل انڈیا شیعہ کانفرنس (AISC) کی طرز پر APSC کا ایک طرح کا "نگران" ادارہ بنانے کا تصور کیا تھا۔ اس موقع پر مولانا محمد بشیر انصاری کو اس کا چیئرمین اور سید نجم الحسن کراروی کو سیکرٹری جنرل منتخب کیا گیا[21]۔ کہا جاتا ہے کہ انصاری اس وقت خاصے متفکر ہو گئے تھے جب "مرکزی شیعہ امدادی کمیٹی" کے ایک اجلاس- جس میں بیشتر شیعہ اراکین اسمبلی شریک تھے- میں یہ تجویز پیش کی گئی کہ دستور ساز اسمبلی کی شریعت کمیٹی کے لیے دو دیگر شیعہ علماء کو نامزد کیا جائے[22]۔ حقیقت یہ ہے کہ 21 مارچ کو منظور کی جانے والی آل پاکستان شیعہ کانفرنس کی ایک قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کہ نو منتخب SMUP کو اُن دونوں نمائندوں کے نام تجویز کرنے کا حق حاصل ہونا چاہیے[23]۔

بعد میں اِس کانفرنس کے ناقدین کے تاثرات کے مطابق، آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) منعقد کرنے کا بنیادی مقصد مسلم لیگ کے شیعہ سیاستدانوں کے لیے ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا جس پر وہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے سامنے اپنے ذاتی مفادات

پیش کرسکیں اور پاکستان کے قیام میں اپنی خدمات کو یاد دلوا سکیں[24]۔ جہاں دوسری جانب شیعہ حقوق کے تحفظ کے لیے فکرمند افراد نے اِس مسئلے پر تقریباً سو علماء سے مشورہ کرکے ایک فہرست تیار کی، جس میں شیعہ مطالبات اور "خصوصیات" شامل تھیں، اور اسے کانفرنس سے قبل استقبالیہ کمیٹی میں تقسیم کیا گیا۔ کچھ مطالبات کو APSC کی قراردادوں میں شامل کیا گیا، مگر مبینہ طور پر وہ افراد جو تمام مطالبات کے حق میں تھے، 20-21 مارچ کے اجلاسوں سے خارج کر دیے گئے[25]۔ مجلسِ عمومی کے اجلاسوں کے دوران متنازعہ مباحث کو جتنا ممکن ہو دبا دیا گیا[26]۔ اپنی کلیدی تقریر میں راجہ غضنفر علی خان نے دعویٰ کیا کہ پاکستان کے لیے جدوجہد کے دوران شیعہ مسلمانوں کی تمام قربانیاں اور خدمات "صرف اسلام کی خاطر" پیش کی گئی تھیں، اور اب وہ تمام فرقہ وارانہ امنگوں، تنگ نظری اور انتہا پسندی کو الوداع کہیں گے جو "برطانویوں نے ہمیں سکھائی تھی"۔ انہوں نے قائداعظم کی طرف سے کیے گئے سابقہ وعدوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور کہا کہ علما کا فریضہ ہے کہ وہ شیعہ مسلمانوں کے شبہات اور خدشات کو دور کریں[27]۔ بعد میں راجہ غضنفر علی خان کو بغیر کسی انتخاب کے آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) کا صدر مقرر کر دیا گیا[28]، تاہم دیگر عہدوں کے لیے سخت مقابلہ رہا۔ خوجہ محمد لطیف انصاری کو APSC کا پہلا سیکرٹری جنرل منتخب کیا گیا[29]۔

20 مارچ کو بغیر کسی طویل مباحثے کے منظور کی جانے والی ایک قرارداد بعد میں بعض شرکاء کی جانب سے بھی شدید مخالفت کا شکار ہوئی اور یہ کئی سال تک شیعہ داخلی اختلافات کا محور بنی رہی۔ پہلی APSC کی قرارداد نمبر 6 میں درج تھا:

... پاکستان میں علیحدہ حقوق کے مطالبے کو روکنے کا حل یہ ہے کہ حکومتِ پاکستان تمام پاکستانی مسلمانوں کو ایک قوم قرار دے[30]، بغیر کسی فرقہ یا نسل کے فرق کے، اور وہ تمام قوانین ختم کر دے جو کسی مخصوص فرقے کے لیے بنائے گئے تھے[31]۔

اُسی دن ریڈیو پاکستان پر ایک بیان میں راجہ غضنفر علی خان نے مزید کہا کہ شیعوں کو اسمبلیوں میں علیحدہ نشستوں کی ضرورت نہیں ہوگی اور نہ ہی وہ کسی خاص حقوق کا مطالبہ کریں گے۔ ان کا شیعہ اور سنی کے درمیان تمام اختلافات کو کم تر ظاہر کرنا بظاہر اُن کے ذاتی نقطہ نظر کی ایماندارعکاسی تھا، لیکن یہ ان بے شمار شیعوں کی توقعات پر پورا نہیں اترتا تھا جو اپنی جماعت کو نئی مسلم ریاست کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے منظم دیکھنا چاہتے تھے۔ چند ہی دنوں میں، ان فعال کارکنوں میں سے بعض نے لاہور میں سید مظفر علی شمسی[33] کے گھر ملاقات کی تاکہ وہ اس سلسلے میں اقدامات پر غور کریں جسے وہ شیعہ مفادات کی فروخت سمجھتے تھے۔ اِس میں فیصلہ کیا گیا کہ "ادارہ تحفظ حقوقِ شیعہ پاکستان" (ITHS) قائم کیا جائے، جس کی صدارت مغربی پنجاب کے نوجوان شیعہ علما میں سب سے اہل، مفتی جعفر حسین (1914-1983ء) کو دی گئی[34]۔ حافظ کفایت حسین، جنہیں ITHS کا سینئر وائس چیئرمین مقرر کیا گیا[35]، نے 16 اپریل 1948ء کو روزنامہ رضاکار میں APSC اور اس کی قرارداد نمبر 6 کے خلاف بیان جاری کیا[36]۔ اسی طرح کے متعدد بیانات شیعہ علما، دیگر افراد اور ملک بھر کے مقامی انجمنوں کی جانب سے اسی جریدے میں مہینوں تک جاری رہے، جس نے اگلے برسوں میں ITHS کے لیے ایک حقیقی زبانِ حال کا کردار ادا کیا[37]۔ لاہور سے شائع ہونے والا دوسرا اہم شیعہ ہفت روزہ شیعہ APSC[38] کا سرکاری جریدہ رہا، جس کا 1951ء سے نئے ہفت روزہ اسد نے ساتھ دیا[39]۔

ITHS نے اپنی پہلی بڑی کھلی نشست لاہور میں 19-20 جون 1948ء کو منعقد کی[40]۔ اگرچہ اس کے بانی رہنما تین ماہ قبل ہونے والی APSC میں شریک نہیں تھے، اس اجلاس میں اب کچھ شیعہ علماء، معزز شخصیات اور دانشور بھی شامل ہوئے جو اِس کانفرنس

میں شریک تھے لیکن اُس کی کارروائیوں سے متفق نہیں تھے[41]۔ APSC کی قراردادنمبر 6 کے براہِ راست جواب میں، ITHS کے اجلاس میں منظور ہونے والی ایک قراردادنمبر 6 کے براہ راست جواب میں کہا گیا:

...... شیعہ، مُسلم قوم کی ایک اہم اقلیّت ہیں جنہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اُن کے کچھ حقوق اور مذہبی اِختصاص بھی ہیں لیکن موجودہ حالات کی نازک حساسیّت کو محسوس کرتے ہوئے وہ فی الحال الگ نمائندگی کا مطالبہ کرنا مناسب نہیں سمجھتے۔ اِس کے باوجود وہ حکومت سے پُرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنے تمام محکموں میں شیعوں کی مناسب اور متوازن نمائندگی کو یقینی بنائے[42]۔

جبکہ دیگر بیشتر قراردادیں مارچ 1948ء میں منعقد ہونے والی آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) میں پہلے سے منظور شدہ مطالبات ہی کا اعادہ تھیں، تاہم قراردادنمبر 9 میں APSC کو "پاکستان کے شیعوں کی غیر نمائندہ "تنظیم قرار دیا گیا[43]۔ سید اظہر حسن زیدی (1914ء-1986ء)، جو اُترپردیش سے تعلق رکھنے والے ایک اور نامور شیعہ خطیب تھے اور ITHS کے جونیئر وائس چیئرمین مقرر کیے گئے تھے[44]، نے اپنی تقریر میں APSC کی قراردادنمبر 6 میں نسلی امتیاز کے خاتمے کے مطالبے کو اسلامی احکام کے منافی قرار دیا۔ انہوں نے سامعین کو یاد دلایا کہ اسلام نسب کے امتیاز کو برقرار رکھتا اور اس کی حفاظت کرتا ہے، جیسا کہ سادات (پیغمبر محمدؐ کی اولاد) کے لیے خمس کی تخصیص اور اُن کے لیے صدقہ حرام قرار دینے کے احکام سے واضح ہوتا ہے[46]۔ جہاں تک APSC کی اس تجویز کا تعلق ہے کہ مخصوص فرقوں کے لیے بنائے گئے قوانین کو ختم کر دیا جائے، انہوں نے اپنے شیعہ بھائیوں سے سوال کیا کہ کیا وہ چاہتے ہیں کہ نکاح، طلاق اور وراثت جیسے معاملات میں اُن کے مقدمات کا فیصلہ سنی مُلّا کریں[46]؟

بظاہر آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) کے منتظمین نے اپنے شیعہ ہم وطنوں کے ایک بڑے طبقے میں موجود جماعتی جذبات اور خدشات کی شدت کا درست اندازہ نہیں لگایا تھا۔ ان کی بنیادی دلیل یہ تھی یعنی یہ کہ مسلمانوں کی وحدت ہر قیمت پر برقرار رکھی جانی چاہیے تھی۔ پاکستان کے قیام کا مقصد حاصل ہوجانے کے بعد سیاسی اعتبار سے اپنی بہت سی فوری اہمیت کھو چکی تھی۔ اگرچہ نئی ریاست بدستور کشمیر کے تنازعے (بھارت کے خلاف پہلی جنگِ کشمیر دسمبر 1948ء تک جاری رہی) نیز شدید معاشی اور انتظامی مسائل کے دباؤ میں تھی[47]، تاہم بتدریج حالات کے معمول پر آنے کے ساتھ ساتھ شیعہ-سنی کشیدگی بھی دوبارہ ابھرنے لگی۔ اس مرحلے پر یہ ایک تلخ تنازعہ بن گیا کہ آیا شیعہ اقلیت کی جانب سے خصوصی حقوق اور تحفظات کے مطالبات پاکستان کی بقا اور استحکام کے لیے زیادہ خطرناک ہیں، یا شیعہ اقلیت پر سنی دباؤ-اس "خداداد ریاستِ پاکستان" کے لیے-زیادہ نقصان دہ ہے۔ دوسری طرف APSC کے حامی مذہبی سطح پر بھی "مسلمانوں کی وحدت" کی دلیل پر زور دیتے رہے۔ ان کے نزدیک شیعوں کے اپنے مفادات اسی میں بہتر طور پر محفوظ تھے کہ وہ مشترک عقائد اور اقدار کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کریں اور سنی اکثریت سے علیحدگی یا اخراج سے بچیں۔ بعض اوقات وہ یہاں تک خبردار کرتے تھے کہ اگر شیعہ اپنے فقہی و اعتقادی اختلافات کو حد سے زیادہ نمایاں کریں تو پاکستان میں ان کے "اچھوت" (pariah) بن کر رہ جانے کا خطرہ ہے۔ بعد کے زمانے میں یہی خدشہ APSC کے شیعہ مخالفین کی جانب سے الٹ مفہوم میں کثرت سے پیش کیا جانے لگا: ان کے بقول بعض سنی متعصب

عناصر پاکستان میں شیعوں کو دانستہ طور پر ایک "اچھوت" حیثیت تک گرا دینے پر تلے ہوئے تھے، اور اس خطرے کا مؤثر جواب صرف شیعہ حقوق کے دفاع کے لیے ایک مضبوط اور منظم جماعتی تنظیم ہی ہو سکتی تھی۔

شیعہ جماعتیت کے بارے میں یہ بنیادی اختلافِ زاویہ نظر پاکستان میں تقریباً چھ دہائیوں تک کسی نہ کسی صورت میں برقرار رہا۔ عمومی طور پر وہ تنظیمیں جو "شیعہ حقوق" کے مطالبے میں صاف گو اور جارحانہ انداز اختیار کرتی تھیں، عوامی سطح پر کہیں زیادہ مقبول ثابت ہوئیں؛ تاہم ان کے مقابل نسبتاً مفاہمتی رویّہ رکھنے والی تنظیمیں بھی ہمیشہ کچھ نہ کچھ اثر و رسوخ برقرار رکھنے میں کامیاب رہیں، جس کی وجہ ریاستی اقتدار کے مراکز اور سنی اکثریت کے ساتھ ان کے بہتر تعلقات تھے۔ 1948ء کے اوائل میں دو باہم متحارب شیعہ تنظیموں کا ظہور محض اصولی اختلافات کا نتیجہ نہیں تھا، بلکہ اس کے دیگر پہلو بھی تھے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے، آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) بنیادی طور پر سیاسی مقاصد کے تحت قائم کی گئی تھی، اور آئندہ دہائیوں میں بالخصوص 1951ء کے وسط میں نواب قزلباش کے اس کے صدر بننے کے بعد بھی یہ بڑی حد تک سیاسی سرپرستی کا ایک آلہ بنی رہی۔ اس کے برعکس، ادارۂ تحفظِ حقوقِ شیعہ (ITHS) کا قیام ان افراد کا ایک جوابی ردِعمل تھا جن کی محرکات زیادہ تر جماعتی یا دینی نوعیت کی تھیں، جن میں بعض ایسے علما بھی شامل تھے جو ابتدا میں خاصا اثر و نفوذ رکھتے تھے۔ تاہم چند ہی برسوں کے اندر ITHS پر بھی بڑے زمینداروں، دولت مند تاجروں، سول سروس کے ارکان اور پیشہ ور احتجاجی کارکنوں کا غلبہ ہو گیا، اور علما کا کردار بتدریج ثانوی حیثیت اختیار کرتا چلا گیا[48]۔ 1948ء ہی میں APSC اور ITHS کے درمیان حکومت سے متعلق کئی اہداف اور مطالبات مشترک ہو چکے تھے[49]، اور آہستہ آہستہ ملک گیر سطح پر دو شیعہ تنظیموں کے وجود- جو باہمی مناظرانہ کشمکش میں خاصی توانائی ضائع کر رہی تھیں- کی توجیہہ ناقدین کی جانب سے محض سیاسی اور شخصی رقابتوں کے تناظر میں کی جانے لگی۔ اسی پس منظر میں دہلی سے تعلق رکھنے والے ایک معزز شیعہ دانشور محمد سلطان مرزا (1889ء–1965ء)، جو 1948ء میں کراچی منتقل ہوئے تھے، نے 1954ء کے اوائل میں لکھا:

> تفرقے کی یہ وبا پنجاب سے چل کر کراچی تک آ پہنچی ہے۔ کراچی سے کئی وفود پنجابی شیعوں کے درمیان مصالحت کرانے آئے، مگر وہ خود بھی اسی مرض میں مبتلا ہو گئے... کراچی میں جو نئی شیعہ جماعتیں قائم ہوئیں، وہ دراصل یہی پنجابی جماعتیں ہیں... ان دونوں جماعتوں کی تاریخ نہایت دلچسپ ہے۔ پنجابی لوگ بڑے سرگرم اور جری ہوتے ہیں... مگر وہ ذاتی حیثیت اور اقتدار کے لیے، اور خود غرض مقاصد کے تحت لڑ رہے ہیں... یہ تنازع فقہ کے مسائل کا ہے، نہ سماجی نظریات کا، نہ اصولوں یا عقائد کے دفاع کا... ایک جماعت کوئی بھی تجویز پیش کرے، خواہ مفید ہو یا نہ ہو، دوسری جماعت لازماً اس کی مخالفت کرے گی۔ نتیجتاً کچھ بھی حاصل نہیں ہو پاتا...[50]

تاہم 1948ء کے بعد کے ابتدائی برسوں میں ادارۂ تحفظِ حقوقِ شیعہ (ITHS) بظاہر اپنے اس دعوے کو خاصی حد تک منوانے میں کامیاب رہا کہ وہ "پاکستان کے شیعوں کی واحد نمائندہ تنظیم" ہے[51]، جبکہ اس کے برعکس آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) کو اپنی تاسیسی کانفرنس کی متنازعہ اور باعثِ تشویش قرارداد نمبر 6 کی وضاحت کرنے- اور بعد ازاں بتدریج اس سے دست بردار ہونے- میں خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ 1948ء کے بعد کے ابتدائی برسوں میں ادارۂ تحفظِ حقوقِ شیعہ (ITHS) کو ایک ایسا ابتدائی موقع میسر آیا جس

کے ذریعے وہ ایک مشترک مقصد کے لیے ملک گیر سطح پر شیعوں کو متحرک بھی کرسکا، اور ساتھ ہی خود کو "شکست خوردہ" آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) سے ممتاز بھی کر دکھایا۔ یہ موقع لاہور کے روزنامہ احسان میں 10 محرم 1368ھ (13 نومبر 1948ء) کو شائع ہونے والے ایک اداریے کی صورت میں سامنے آیا، جس میں نہ صرف شیعوں کی مرکزی مذہبی روایت عزاداری پر شدید حملہ کیا گیا تھا، بلکہ پیغمبر محمدؐ کے بعد خلافت کے حق کے بارے میں اہلِ بیتؑ سے متعلق شیعہ عقیدے کو بھی "غیر معقول" قرار دیا گیا تھا[52]۔ اس اداریے کے ردِّ عمل میں 20-21 نومبر کو لاہور اور کراچی میں بڑے پیمانے پر احتجاجی اجتماعات منعقد ہوئے، جن میں روزنامہ احسان کے مدیر ابوسعید بزمی کے خلاف فوری سرکاری کارروائی کا مطالبہ کیا گیا۔ آئندہ ہفتوں میں یہ احتجاجی مظاہرے ملک بھر کی شیعہ آبادیوں تک پھیل گئے، جبکہ ITHS کے وفد نے وزیرِ اعظم اور پنجاب کے چیف سیکرٹری کے سامنے اپنا موقف پیش کیا۔ اس کے برعکس APSC نے شیعہ غم و غصے کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی اور اخبار کے خلاف کسی سزا کی تجویز کو مسترد کر دیا[54]۔ ITHS کے مطابق، اسی رویّے نے بزمی کو - جو ابتدا میں شیعہ جذبات مجروح کرنے پر معذرت کر چکے تھے - مزید حوصلہ دیا، چنانچہ انھوں نے 29 نومبر کو شائع ہونے والی ایک تحریر میں، جسے انھوں نے "نصیحت خیر" کا عنوان دیا، شیعوں سے کہا کہ وہ "فرنگی دَور کی سطح" سے بلند ہو جائیں اور نئی ریاستِ پاکستان میں محض مسلمانوں کی حیثیت سے بات کریں اور برتاؤ اختیار کریں[55]۔ بعد ازاں اخبار اور اُس کے پرنٹنگ پریس دونوں کو فرقہ وارانہ کشیدگی بھڑکانے کے جرم میں فی کس تین ہزار روپے کی ضمانت جمع کرانے کی سزا سنائی گئی۔[56]

نومبر 1948ء سے جنوری 1949ء کے دوران ڈیرہ غازی خان کے قریب چوٹی زیرین میں عزاداری کے جلوسوں پر پابندی کے خلاف جاری تحریک دونوں شیعہ تنظیموں کے مابین شدید اختلاف کا باعث بن گئی۔ اس موقع پر ادارۂ تحفظِ حقوقِ شیعہ (ITHS) نے اپنے متعدد سرکردہ رہنماؤں کو جائے وقوعہ پر بھیجا اور آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) پر بے عملی کا الزام عائد کیا[57]۔ 15-17 اپریل 1949ء کو ITHS نے جو اس سے قبل صرف ضلعی سطح پر اجلاس منعقد کرتی رہی تھی راولپنڈی میں اپنی پہلی ملک گیر کانفرنس منعقد کی۔ اگرچہ اس کے حریفوں نے اس اجتماع کو ناکام بنانے کی بھرپور کوشش کی حتیٰ کہ شہر میں تصادمات اور کرفیو کے نفاذ کی افواہیں بھی پھیلائیں، تاہم اِس کے باوجود ITHS پاکستان کے قیام کے بعد اب تک سب سے بڑے شیعہ اجتماع کے انعقاد میں کامیاب رہی۔ جریدہ رضاکار کے مطابق اس کانفرنس میں تقریباً پندرہ ہزار شیعہ شریک ہوئے، جن میں بڑی تعداد علما اور ممتاز شیعہ شخصیات کی تھی[58]۔ اس موقع پر مفتی جعفر حسین اور ITHS کے تمام اعلیٰ عہدے داروں نے نئی قیادت کے انتخاب کے لیے اپنی اپنی استعفیٰ پیش کیے، مگر اجتماع نے متفقہ طور پر سب کو ان کے عہدوں پر برقرار رکھا۔ اسی کانفرنس میں شیعہ جمعیت العلماء پاکستان بھی قائم کی گئی، جس کی صدارت مفتی سید محمد احمد سونی پتی نے کی، تاکہ شیعہ مجلسِ علماء پاکستان (SMUP) کے دعوؤں کا جواب دیا جاسکے، اگرچہ ان دونوں تنظیموں میں سے کوئی بھی آئندہ کبھی خاص سیاسی یا جماعتی اہمیت حاصل نہ کرسکی۔ راولپنڈی کنونشن میں مجموعی طور پر چھیالیس قراردادیں منظور کی گئیں، جن میں متعدد مطالبات شامل تھے، اور اُن میں سے کئی خاص طور پر شیعہ مہاجرین کے حق میں تھیں۔[60]

منتظمین گزشتہ ایک برس کے دوران پاکستان کے شیعوں کے اذہان میں رونما ہونے والی ایک "انقلابی تبدیلی" پر بے حد مسرور تھے، اور بظاہر اِس دعوے کے لیے کچھ معقول جواز بھی موجود تھا۔ اب ایک ایسی شیعہ تنظیم وجود میں آچکی تھی جس کی ملک گیر رسائی

تھی- حالانکہ ITHS کو سندھ اور بلوچستان[61] میں رسمی شاخیں قائم کرنے میں کئی برس لگے- جو شیعہ مطالبات کو بھرپور اور جامع انداز میں پیش کرتی تھی، اور ساتھ ہی پاکستان اور تمام مسلمانوں کے مشترکہ مقاصد کے تئیں اپنی وفاداری میں کسی قسم کی گنجائش نہیں چھوڑتی تھی۔ ITHS کے کنونشنز میں دی جانے والی متعدد تقریریں، اور رضا کار میں شائع ہونے والے متعدد مضامین، تنظیم کے دعووں کی حمایت کرتے ہوئے پہلے اس بات کو یاد دلاتے کہ پاکستان کے قیام میں تمام مسلم فرقوں کی وحدت کس طرح کارگر ثابت ہوئی اور اس مقصد کے لیے شیعوں نے جو قربانیاں دیں، ان کا ذکر کیا جاتا۔ اس کے بعد پاکستان کے دفاع اور اس کے استحکام کے لیے وفاداری کا اظہار کیا جاتا، اور پھر مخصوص شیعہ مطالبات کی طرف پیشرفت کی جاتی۔ اسلامی اتحاد (Pan-Islamic loyalty) کا اظہار بھی باقاعدگی سے کیا جاتا، جیسے کشمیر، فلسطین اور مسلم دنیا میں مغربی سامراجیت کی مخصوص کارروائیوں کے سلسلے میں منظور کی جانے والی قراردادوں میں دیکھا جا سکتا ہے۔ تقسیم سے قبل، آل انڈیا شیعہ سیاسی کانفرنس (AISPC) بھی کافی پرزور تھی، لیکن اسے کانگریس سے تعلقات کے سبب غداری کے الزام کا سامنا کرنا پڑا، اور 1940ء کے بعد "پاکستان کے صوبوں" میں اس کا اثر و رسوخ نمایاں طور پر کم ہو گیا تھا۔

1949ء کے کامیاب راولپنڈی کنونشن تک آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) کے حامی عموماً ادارۂ تحفظِ حقوقِ شیعہ (ITHS) کو کم تر ثابت کرنے اور اس کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے تک ہی محدود رہے تھے۔ اس کے بعد دونوں بڑی شیعہ تنظیموں کو متحد کرنے، یا کم از کم کسی مشترکہ پلیٹ فارم پر لانے کی کوششیں باقاعدہ معمول بن گئیں۔ اگرچہ بعض اوقات ان کوششوں کو جزوی کامیابی بھی حاصل ہوئی، مگر کوئی بھی مفاہمت دیرپا ثابت نہ ہو سکی، یہاں تک کہ دہائیوں بعد دونوں تنظیمیں بالآخر غیر مؤثر ہو گئیں۔ ITHS کے کنونشن کے فوراً بعد حافظ کفایت حسین اور محمد بشیر انصاری نے اس عام تاثر کو زائل کرنے کی کوشش کی کہ شیعہ صفوں میں تقسیم کی اصل وجہ ان دونوں کے درمیان ذاتی رقابت ہے۔ سید نجم الحسن کراروی کی ثالثی میں ہونے والی ایک ملاقات کے بعد، دونوں نے اعلانیہ طور پر کسی بھی شخصی اختلاف کی تردید کی[62]۔ دو ماہ بعد وہ دوبارہ سیالکوٹ میں ایڈووکیٹ سید مرید حسین شاہ کے گھر ملے اور ایک مفاہمتی فارمولے پر اتفاق کیا[63]۔ اگست 1949ء کے اوائل میں، بظاہر APSC کی رضامندی کے ساتھ، حکومت نے ITHS کے چیئرمین مفتی جعفر حسین کو تعلیماتِ اسلامی بورڈ میں شیعوں کی نمائندگی کے لیے نامزد کیا[64]۔ اس کے بعد 9-11 ستمبر کو بھکر میں منعقدہ ایک اجلاس کے دوران نواب قزلباش- جو اس سے قبل APSC کے کم نمایاں حامی رہے تھے- کو پنجاب میں ITHS کا چیئرمین منتخب کر لیا گیا[65]۔

جب 10 مارچ 1950ء کو آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) نے 1948ء کے بعد اپنا پہلا عمومی کنونشن منعقد کیا تو اس نے ایک مرتبہ پھر ادارۂ تحفظ حقوقِ شیعہ (ITHS) کو اس حد تک بددل کر دیا کہ مؤخر الذکر نے تمام شیعوں سے اس اجلاس کے بائیکاٹ کی اپیل کر دی۔ نتیجتاً محض 500 سے 600 افراد شریک ہوئے، جن میں تقریباً 35 علماء شامل تھے، اور کھلے اجلاسوں کا دورانیہ بھی دو دن کے بجائے ایک دن تک محدود کر دیا گیا[66]۔ مزید برآں، اس کنونشن سے پہلے کے ہفتوں میں APSC نے خاصی الجھن پیدا کر دی تھی، جب استقبالیہ کمیٹی کے چیئرمین سید ہادی علی شاہ بخاری کی جانب سے ایک پوسٹر شائع کیا گیا جس میں اسمبلیوں میں شیعوں کے لیے علیحدہ نمائندگی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ بعد ازاں راجہ غضنفر علی خان نے ایک پریس کانفرنس میں اس مطالبے سے مکمل طور پر لاتعلقی کا اعلان کر دیا[67]۔ آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) کا انعقاد ایران کے شاہ محمد رضا پہلوی کے لاہور کے دورے کے ساتھ ہم آہنگ کیا گیا تھا تاکہ شیعہ حلقوں کی توجہ

زیادہ سے زیادہ حاصل کی جاسکے، لیکن شاہِ ایران کے دورے کا پروگرام صرف سرکاری ملاقاتوں تک محدود رہا[68]۔ مزید یہ کہ APSC کے کنونشن کے دوران جب شیخ غضنفر علی نارووالی نے 1948ء کی قرارداد نمبر 6 کے خلاف ایک تقریر میں اکثریتی تائید حاصل ہوتی دکھائی دی، تو اس قرارداد پر مزید بحث کو دبا دیا گیا اور آگے بڑھنے نہیں دیا گیا[69]۔

تین ماہ بعد پاکستان میں اب تک کی سب سے بڑی ملک گیر شیعہ تحریک اس مقصد کے لیے برپا ہوئی کہ سیالکوٹ ضلع کے بھارت سے متصل ایک چھوٹے سے قصبے نارووال میں جلوس پر عائد پابندی اٹھائی جائے۔ یہ معاملہ ان بے شمار شیعہ-سنی تنازعات سے ملتا جلتا تھا جو پاکستان کے ابتدائی عشرے میں مختلف علاقوں میں سامنے آئے۔ یہاں ایک مہاجر دینی رہنما نے ایامِ عزاداری کے موقع پر جلوسوں کا آغاز کیا تھا، جو اس قصبے میں اس سے پہلے رائج نہیں تھے اور جن پر بعض مقامی سنی حلقوں نے اعتراض کیا۔ مئی 1950ء کے اوائل میں ضلع سیالکوٹ کے ڈپٹی کمشنر نے ان مطالبات کے آگے جھک کر ان نئے جلوسوں پر پابندی عائد کرنے کا حکم دے دیا[70]۔ مقامی انتظامیہ اور شیعہ عمائدین کے درمیان مذاکرات ناکام ہو جانے کے بعد شیعوں نے فیصلہ کیا کہ وہ 31 مئی کو دفعہ 144 تعزیراتِ پاکستان (اجتماعات پر پابندی) کے تحت عائد ممانعت کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے جلوس نکالیں گے۔ تحریک کے آغاز سے چند گھنٹے قبل مقامی پولیس انسپکٹر نے احتیاطی گرفتاریاں شروع کر دیں، جن میں حافظ کفایت حسین بھی شامل تھے، جو اسی صبح مزید گفت و شنید کے لیے ریل کے ذریعے نارووال پہنچے تھے۔ آنے والے دو ہفتوں کے دوران مجموعی طور پر تقریباً 1,500 شیعوں کو - جن میں سے بہت سے دور دراز علاقوں سے نارووال آئے تھے - دفعہ 144 کی خلاف ورزی کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ ان کے ساتھ سختی برتی گئی اور پولیس کی جانب سے توہین آمیز سلوک بھی روا رکھا گیا، اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ پولیس نے کئی پہلوؤں سے حد سے زیادہ ردِعمل کا مظاہرہ کیا[71]۔ نارووال کا حسینی محاذ - جس کے اثرات پورے پنجاب میں محسوس کیے گئے - بالآخر 13 جون کو اس وقت ختم کیا گیا جب مسلم لیگ کے صوبائی سربراہ میاں عبدالباری اور حافظ کفایت حسین (جو اس وقت بھی جیل میں تھے) کے درمیان ایک معاہدہ طے پا گیا۔ اس معاہدے کے تحت طے ہوا کہ آئندہ پنجاب میں شیعہ جلوسوں سے متعلق ہر تنازعے کی صورت میں شیعہ اور سنی نمائندوں پر مشتمل مقامی کمیٹیاں قائم کی جائیں گی جو اس معاملے میں حکومت کو مشورہ دیں گی؛ حکومت ان شیعہ سرکاری ملازمین کو بحال کرے گی جنہیں احتجاج میں شرکت کے باعث برطرف یا تبادلے کا سامنا کرنا پڑا تھا؛ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اور نارووال کے انسپکٹر جنرل پولیس کے خلاف تحقیقات کا حکم دیا جائے گا؛ نارووال میں جلوس بیس دن کے اندر نکالا جائے گا؛ اور اس کے مجوزہ راستے کے تعین کا حتمی اختیار میاں عبدالباری کے پاس ہوگا[72]۔

جیسا کہ سابقہ فرقہ وارانہ تنازعات کے دوران بھی دیکھا جا چکا تھا، اس مرتبہ بھی آئی ٹی ایچ ایس، اے پی ایس سی کے مقابلے میں معاملے کو زور زبردستی سے آگے بڑھانے کے لیے کہیں زیادہ سرگرم تھی اور بظاہر پوری تحریک کی اصل منظم کرنے والی بھی وہی تھی۔ اے پی ایس سی کے ارکان نے آنے والے انتخابات میں سنی ووٹروں پر اس تحریک کے منفی اثرات سے خبردار کیا تھا، بلکہ اُن میں سے ایک پر تو یہ الزام بھی لگایا گیا کہ اس نے مقامی پولیس افسروں کو اس تحریک کو سختی سے کچلنے کا مشورہ دیا تھا[73]۔ اِسی پس منظر میں، 17 جون 1950ء کو اے پی ایس سی کی درخواست پر لاہور میں سید مرتضیٰ علی شاہ کے گھر شیعہ قائدین کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں یہ تجویز پیش کی گئی کہ ایک آل پاکستان شیعہ بورڈ قائم کیا جائے، جو آئندہ نارووال جیسے معاملات میں یہ فیصلہ کرے کہ حسینی محاذ شروع کیا جائے یا نہیں[74]۔ اس تجویز

کا مقصد بالکل واضح تھا: یعنی آئی ٹی ایچ ایس کو اس بات سے روکنا کہ وہ یک طرفہ فیصلوں کے ذریعے تمام شیعانِ پاکستان کو مشکلات سے دوچار کرے۔ تاہم، 22 جولائی کو منعقد ہونے والے آئی ٹی ایچ ایس کونسل کے اجلاس میں اس منصوبے کو مسترد کر دیا گیا[75]۔

سنہ 1951ء کے اوائل میں، جب آئی ٹی ایچ ایس نے اپنا دوسرا عمومی اجلاس راولپنڈی میں (27 تا 29 اپریل) منعقد کیا، تو یہ نئی تنظیم کسی حد تک اپنی ابتدائی توانائی سے محروم ہوتی ہوئی محسوس ہونے لگی۔ مولوی سید محمد احمد سونی پتی (1901ء-1958ء)، جو اس سے کچھ ہی عرصہ قبل صوبائی چیئرمین منتخب ہوئے تھے[76]، پنجاب اسمبلی کے انتخابات میں- جو ایک ماہ پہلے منعقد ہوئے تھے- شیعہ امیدواروں کے خلاف کھلی اور صریح فرقہ وارانہ پروپیگنڈا مہم پر بڑی بے بسی کے ساتھ شکوہ کناں نظر آئے، حالانکہ اس قسم کے پروپیگنڈے پر پابندی عائد کرنے کے لیے نیا قانون بھی نافذ ہو چکا تھا[77]۔ راولپنڈی اجلاس میں منظور کی جانے والی ایک قرارداد میں امیر حیدر خان آف محمود آباد سے- جو تقسیم ہند کے بعد بھارت میں مقیم رہے تھے- یہ درخواست کی گئی کہ وہ اپریل 1940ء میں قائداعظم محمد علی جناح کا اپنے نام لکھا ہوا وہ خط فراہم کریں، جس میں پاکستان میں شیعوں کے مساوی حقوق سے متعلق ان کی دی گئی "ضمانتوں" کا ذکر تھا[78]۔ ایک اور قرارداد میں ایک مرتبہ پھر اس امر پر زور دیا گیا کہ ریاست کے تمام اداروں میں شیعہ برادری کی "مناسب نمائندگی" کو یقینی بنایا جائے[79]۔

ادھر اے پی ایس سی بھی کسی نمایاں پیش رفت میں کامیاب نہ ہو سکی اور اسے کسی حد تک اپنی پالیسی کو آئی ٹی ایچ ایس کے مؤقف سے ہم آہنگ کرنا پڑا۔ 8 اپریل 1951ء کو ہفت روزہ شیعہ میں قرارداد نمبر 6 کا ایک "نظرثانی شدہ" متن شائع کیا گیا، جس میں حکومت کو یہ مشورہ برقرار رکھا گیا کہ وہ تمام مسلمانوں کو ایک قوم تصور کرے، تاہم اس کے ساتھ یہ اضافہ بھی کیا گیا: "......تاہم اے پی ایس سی مذہبی معاملات میں شیعہ شخصی قانون، الگ نمائندگی، اور عزاداری اور تمام مذہبی امور کے لیے مکمل تحفظ کا مطالبہ کرتی ہے، اور ان میں کسی بھی قسم کی مداخلت کو ہرگز برداشت نہیں کر سکتی[80]۔" ستمبر 1951ء میں راجا غضنفر علی خان- جو اس وقت ایران میں پاکستان کے سفیر مقرر ہو چکے تھے- نے اے پی ایس سی کی صدارت سے استعفیٰ دے دیا۔ چند ہی مہینوں کے اندر وہ پاکستان اور ایران کے باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے میں اپنی خدمات کے باعث اپنے سابق ناقدین تک کے ہاں احترام حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ خصوصاً ایرانی سرزمین میں واقع شیعہ مقدس مقامات کی زیارت کے لیے پاکستانی زائرین پر ویزا کی پابندی کے خاتمے کو نہایت سراہا گیا[81]۔ بالآخر 22 دسمبر 1951ء کو آئی ٹی ایچ ایس کی ورکنگ کمیٹی نے اے پی ایس سی کے اس مطالبے کو- جو اٹھارہ ماہ سے زیرِ غور تھا- قبول کر لیا کہ دونوں تنظیموں کی مساوی نمائندگی کے ساتھ ایک آل پاکستان شیعہ بورڈ قائم کیا جائے[82]۔ اس فیصلے سے قبل کے ہفتوں میں دونوں گروہوں نے ایک اور سول نافرمانی کی تحریک کے دوران قابلِ ذکر حد تک باہمی اتحاد کا مظاہرہ کیا تھا، جو لاہور کے علاقے کرشن نگر میں ایک شیعہ جمعہ مسجد کی تعمیر پر سنی اعتراضات کے خلاف شروع کی گئی تھی[83]۔

آل پاکستان شیعہ بورڈ کا باضابطہ افتتاح 20 جنوری 1952ء کو لاہور کی دیال سنگھ لائبریری میں منعقد ہونے والے ایک مشترکہ اجلاس میں عمل میں آیا، جس میں آئی ٹی ایچ ایس اور اے پی ایس سی کے سو سے زائد نمائندوں نے شرکت کی۔ تمام مقررین اس امر پر متفق تھے کہ شیعہ صفوں میں موجود انتشار ہی اب تک حکومت کی جانب سے ان کے جائز مطالبات کو سنجیدگی سے نہ لیے جانے کی بنیادی وجہ رہا ہے، اور انہوں نے "اتحاد کے ایک نئے دور" کے آغاز کے بارے میں امید اور خوش بینی کا اظہار کیا۔ اجلاس کی صدارت کرنے والے راجا

تاہم، یہ صورت حال کا صرف ایک رُخ تھا۔ دوسری طرف، 1950ء کی دہائی کے اواخر سے شیعہ پریس میں شائع ہونے والے بہت سے مضامین نے اپنے معاشرے میں خاص طور پر اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان نسل میں ایک "بڑھتی ہوئی مادیت پرستی" اور مذہب میں تیزی سے کمی کی مذمت کی اور 'علماء' سے اس چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے اُن کا پرانے زمانے کا تبلیغی انداز تبدیل کرنے کی اپیل کی۔ اس بار مذہبی عقیدے کے عام زوال کی وجہ سے، ایک بار پھر پاکستان میں شیعہ اقلیت کا وجود ہی داؤ پر لگ گیا[21]۔ لیکن بعض سنی مذہبی جماعتوں کے برعکس، جنہوں نے ایوب خان کی مبینہ طور پر اسلام مخالف پالیسیوں کی وجہ سے اس کا مقابلہ کیا[22]، شیعہ تنظیموں نے کبھی بھی نئی حکومت پر ایسا کوئی الزام نہیں لگایا۔

ایوب خان نے اپنے اقتدار کے آغاز[23] سے ہی "ملاؤں" کے لیے کسی بھی سیاسی کردار کے خلاف اپنی ناپسندیدگی کو واضح کر دیا تھا، اور وہ کچھ سیکولر اصلاحات کو نافذ کرنے کے لیے مذہبی لابی کی مخالفت کرنے سے گریز نہیں کیا۔ مذہبی طبقہ کے اثر و رسوخ میں کمی لانے کی اولین تدابیر میں پہلا اقدام اپریل 1959ء سے "وقف املاک آرڈیننس" تھا، جس کے تحت ایک "چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف" کو اُن کے اثاثوں کو رجسٹر کرنے اور کنٹرول کرنے کے لیے ذمہ دار بنایا گیا[24]۔ اگرچہ ریاست نے اوقاف کی آمدنی پر قبضہ نہیں کیا، لیکن 1960ء کے

بعد سے لاگو ہونے والے مزید قوانین کی ایک سیریز نے محکمہ اوقاف کو پاکستان کے سینکڑوں منافع بخش اوقاف کے انتظام کا ذمہ دار بنا دیا، جس کی آمدنی اب بیوروکریٹک ہدایات کے مطابق استعمال کی گئی[25]۔ نئے ضوابط کو اوقاف کی مبینہ بدانتظامی اور سجادہ نشینوں اور متولیوں کی طرف سے ان کے اثاثوں کے غلط استعمال کے ساتھ جواز بنایا گیا، جیسا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے 1952ء میں پہلے ہی ایسے ہی اقدامات اٹھائے گئے تھے[26]۔ دونوں صورتوں میں ITHS اور اُس کے ترجمان رضا کار نے ریاست کی جانب سے اوقاف کی نگرانی کے اصول کی تعریف کی تھی، لیکن مطالبہ کیا تھا کہ سنی اور شیعہ اوقاف کی انتظامیہ کو الگ کر دیا جائے اور صرف شیعوں کو اوقاف کا انچارج بنایا جائے[27]۔ یہ مطالبہ اپریل 1961ء کے لاہور میں ITHS کنونشن میں دہرایا گیا، اور یہ 1964ء کے بعد سے نئی شیعہ تحریک کے تین مرکزی مطالبات میں سے ایک بن گیا[28]۔ APSC کی پوزیشن مختلف تھی، کیونکہ اِس کے صدر قزلباش خود پاکستان کے سب سے بڑے شیعہ اوقاف میں سے ایک کو کنٹرول کر رہے تھے۔ اگرچہ کھلے عام ریاستی نگرانی کی مخالفت نہیں کی لیکن قزلباش ہمیشہ مختلف ہتھکنڈوں کے ذریعے اوقاف بورڈ میں اپنے خاندانی وقف کے اثاثوں پر کسی بھی طرح سے کنٹرول برقرار رکھنے کے اثر و رسوخ برقرار رکھنے کی کوشش کرتے رہے[29]۔

جب کہ پاکستان میں متعدد مقدس افراد کے مزارات کے سجادہ نشینوں میں کچھ مشہور مذہبی شخصیات شامل تھیں، زیادہ تر حسب معمول بڑے زمینداروں کی طرح بن چکے تھے، جو کسی نہ کسی دور کے اجداد کے مذہبی وقار سے فائدہ اٹھا رہے تھے۔ اُن میں پنجاب میں خاص طور پر سرگودھا، جھنگ اور ملتان کے اضلاع کے متعدد شیعہ قابل ذکر تھے[30]۔ ایوب خان کی حکومت نے 1961ء میں شروع ہونے والی زمینی اصلاحات کی تکمیل کے طور پر اوقاف سے متعلق اپنے نئے قوانین پیش کیے، حالانکہ بعد میں یہ زیادہ مؤثر نہیں رہے[31]۔ اُن کا ایک اور ضمنی اثر بہت سے دینی مدارس کو حکومت کے کنٹرول میں لانا تھا، لیکن بظاہر چند شیعہ مکاتب میں سے کوئی بھی شامل نہیں تھا[32]۔ سنی اور شیعہ مدارس دونوں نے ملک گیر تنظیموں کی تشکیل کے ساتھ اِس چیلنج کا جواب دیا[33]۔

مارشل لاء دور میں سب سے زیادہ متنازعہ مسئلہ مسلم فیملی لاء آرڈیننس تھا جسے 1961ء میں نافذ کیا گیا تھا۔ شادی کے قرآنی اصولوں کی مبینہ خلاف ورزی کرنے پر سنی مذہبی جماعتوں کے ساتھ ساتھ بعض شیعہ 'علماء' نے بھی اِس کی شدید مخالفت کی تھی[34]۔ اس فیلڈ میں نئی قانون سازی کے خلاف شیعہ مظاہرے جولائی 1964ء میں اُس وقت زیادہ پھیل گئے جب مغربی پاکستان کی اسمبلی نے بیواؤں کے وراثت کے حقوق کے حوالے سے کچھ ضوابط میں تبدیلی کا بل منظور کیا[35]۔ اس کی مذمت "مذہب میں مداخلت" (مُداخلت فی الدّین) کے طور پر کی گئی کیونکہ یہ فقہ جعفریہ سے متصادم ہے، اور شیعہ ایم پی ایز پر غفلت کا الزام لگایا گیا[36]۔

فروری 1960ء میں 80 ہزار نام نہاد "بنیادی جمہوریت دانوں" کے لیے انتخابات ہوئے، جن میں سے ہر ایک نے 800 سے 1500 شہریوں کی نمائندگی کی، جس کے بعد ایوب خان کو پانچ سالہ مدت کے لیے پاکستان کا صدر منتخب کیا گیا[37]۔ اس کے فوراً بعد صدر نے ایک کمیشن مقرر کیا جو ایک رپورٹ کی صورت میں آئینی تجاویز پیش کرے[38]۔ اپریل 1960ء میں اپنا کام شروع کرتے ہوئے، اس نے انگریزی، اردو اور بنگالی زبان میں ایک تفصیلی سوالنامے کی تقریباً 28 ہزار کاپیاں "مختلف تنظیموں اور عوام کے سرکردہ اراکین" میں تقسیم کیں، جس پر پاکستان بھر میں کمیشن کے ممبران کے ذاتی انٹرویوز کے علاوہ مجموعی طور پر 6,269 جوابات موصول ہوئے اور اِس کا مطالعہ کیا گیا[39]۔ 5-6 مئی 1960ء کو جامعہ اشرفیہ لاہور میں چالیس سنی علماء کے اجلاس میں سوالنامے پر بحث ہوئی اور اُس کے جوابات مرتب

کیے گئے[40]۔ اگرچہ واضح طور پر شیعہ مخالف تعصب پر مشتمل اِن سفارشات نے بعد کے آئین کو کسی بھی طرح سے متاثر نہیں کیا،لیکن وہ اِس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ مارشل لاء کے نفاذ کے بعد سے کتنے کم رویوں میں تبدیلی آئی تھی (اقتباسات):

2) اہل سنت والجماعت کے طریقے کے مطابق پاکستان کا سرکاری ریاستی مذہب اسلام ہے، اور اُس کے سربراہ کا ایک راسخ العقیدہ(صحیح العقیدہ) مسلمان ہونا ضروری ہے۔ یہی بات تمام وزراء اورسرکاری عہدیداران پر لاگو ہوتی ہے۔

23) سابقہ آئین [41]کا آرٹیکل 129 جو ہر شہری کو کسی بھی مذہب کی پیروی اور اُس کی تبلیغ کا حق دیتا ہے مکمل طور پر غیر اسلامی ہے۔ اسلام میں اِرتداد سے بڑا کوئی جرم نہیں ہے اور اسلامی حکومت نہ تو کفر کی تبلیغ کی اجازت دے سکتی ہے اور نہ ہی اسلام سے اِرتداد کی۔ لہٰذا اِسے مذکورہ آرٹیکل میں شامل کرنا ضروری ہے: "... لیکن پاکستان میں تبلیغ کی اجازت صرف اسلام کے لیے ہوگی جس کی بنیاد 'ما انا علیه و اصحابی' ہے[42]، اور کسی بھی مسلمان کو 'ما انا علیه و اصحابی ' کا اسلام چھوڑنے کی اجازت نہیں ہوگی[43]۔

40) پاکستان کی تاریخ کے دوران چھوٹے فرقوں نے ہمیشہ تنگ نظری اور جنونیت کا مظاہرہ کیا ہے اور بڑی اکثریت کے لیے تکلیف کا باعث بنے ہیں... اس لیے عوام کے خدشات اور حکومت پر اُن کے عدم اعتماد کو دُور کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ایسے افراد کو وزارتوں اور دیگر ذمہ دار عہدوں پر نہ رکھا جائے...[44]

شیعہ تنظیموں نے اپنی طرف سے اُن آئینی مطالبات کو دہرایا جو پہلے ہی 1953ء میں کیے جا چکے تھے[45]۔ ITHS نے 15 اور 29 مئی 1960ء کو لاہور میں ایڈوکیٹ سید محمد علی زیدی کے گھر میٹنگ میں سوالنامے پر بحث کی[46]۔

کمیشن نے اپنی رپورٹ اپریل 1961ء میں مکمل کی،لیکن نئے آئین کو نافذ ہونے میں یکم مارچ 1962ء تک کا وقت لگا۔ اُس میں ایوب خان کے "بنیادی جمہوریت دانوں" کو شامل کیا گیا۔ جنہوں نے اپریل 1962ء میں ایک نئی قومی اسمبلی کا انتخاب کیا اور ایک صدارتی نظام متعارف کرایا،لیکن 1956ء کے آئین میں شامل اقلیتوں کے لیے تمام تحفظات کو تقریباً ایک جیسے الفاظ میں برقرار رکھا[47]۔ اس کے نئے عناصر میں سے ایک اسلامک ایڈوائزری کونسل (مجلس مشاورتِ اسلامی) کی تشکیل تھی، جسے بعد میں ایڈوائزری کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی (CII) کا نام دیا گیا[48]۔ کونسل نے بنیادی طور پر سیکولر اور قوم پرست پالیسیوں کو اسلامی جواز فراہم کرنے کے لیے مذہبی اشرافیہ کے اصلاحی ذہن رکھنے والے عناصر کو یکجا کرنے کی ایک کوشش کی نمائندگی کی[49]۔ ایک نئے قائم کردہ "اسلامک ریسرچ انسٹیٹیوٹ"[50] کی مدد سے، قانون سازی اور عمومی پالیسیوں میں اسلام کے احکام کے مناسب اطلاق کے لیے سفارشات پر کام کرنا تھا،لیکن اسے کوئی ویٹو پاور نہیں دیا گیا[51]۔ اگست 1962ء میں مقرر کیے گئے اِس کے 8 ارکان میں حافظ کفایت حسین بھی تھے[52]، جو مارچ 1964ء

تک اس کی کارروائی میں حصہ ڈال سکے جب اُنہیں فالج کا دورہ پڑا[53]۔ نومبر 1965ء میں آخر کار اُن کی جگہ مفتی جعفر حسین نے لے لی[54]۔ یہ صرف بعد کے دَور میں ہی تھا کہ CII کی سفارشات شیعوں کے لیے کچھ اہمیت کی حامل تھیں[55]۔

1959ء اور 1962ء کے درمیان کے سالوں میں بحران کا دَور اور شیعہ گروہی سرگرمیوں کی بتدریج از سرِ نو تشکیل ہوئی۔ 1958ء کے اوائل میں ITHS اور APSC کے انضمام کی کوششیں ناکام ہونے[56] اور فرقہ وارانہ تنازعہ ٹھنڈا ہونے کے بعد، اِن دونوں تنظیموں کے لیے کام کرنے میں شیعوں کی دلچسپی کم پڑ گئی۔ ملتان میں خمس[57] کے تنازعات یا نمازِ جمعہ کے تنازعات[58] جیسے چھوٹے چھوٹے اندرونی جھگڑے ضدی پن سے لڑے گئے جس سے دانشوروں کے درمیان شیعہ علماء کی ساکھ کو مزید نقصان پہنچا۔ ان سالوں میں شیعہ پریس کی طرف سے اٹھائے جانے والے دیگر مسائل میں مقامی انجمنوں کی نئی تنقید بھی شامل تھی، جن پر الزام لگایا گیا تھا کہ وہ اپنی اپنی برادریوں کی فلاح و بہبود کے لیے تعمیری کام کرنے کے بجائے،[59] اور عطیات (چندہ) جمع کرنے کی ضرورت سے زیادہ عادت جس نے "چندہ کھانے والوں کا ایک طبقہ" پیدا کر دیا ہے[60]۔ 7-9 اپریل 1961ء کو ITHS نے 1956ء کے بعد اپنا پہلا "سالانہ اجلاس" منعقد کیا جب حافظ کفایت حسین چیئرمین منتخب ہوئے تھے[61]۔ مؤخر الذکر ایک سال بعد ہی قائم مقام سیکرٹری جنرل مظفر علی شمسی[62] کے ساتھ ذاتی جھگڑے کے بعد تقریباً اپنے قائدانہ فرائض سے دستبردار ہو چکے تھے لیکن 1961ء کے اوائل میں ہی اُن کی جگہ لے لی گئی[63]۔ اُن کے جانشین میجر (ر) سید مبارک علی شاہ (ر) (1900ء-75ء)، ایک زمیندار اور شاہ جیونہ (ضلع جھنگ) کی اولاد، اُن چند سابق شیعہ نائبین اور وزراء میں سے ایک تھے جنہوں نے اکثر شیعہ مفادات اور مطالبات پر بات کی تھی[64]۔ بعد میں وہ سید محمد دہلوی کے وفادار حامی بن گئے[65]، جبکہ شمسی، جو اپریل 1961ء کے کنونشن میں ITHS کے باضابطہ سیکرٹری جنرل منتخب ہوئے تھے[66]، نے پہلے ہی اُسی سال ITHS اور APSC دونوں کو تبدیل کرنے کے لیے ایک نئی تنظیم کے قیام کے اقدامات پر تنقید کی تھی[67]۔ اکتوبر 1962ء میں ITHS کونسل کے ایک اجلاس میں انہوں نے "دیرینہ بیماری اور بہت زیادہ نجی مصروفیت کی وجہ سے" اپنا استعفیٰ پیش کیا لیکن کونسل کے تمام ممبران نے اُن پر زور دیا کہ وہ اپنے عہدے پر رہیں[68]۔ بظاہر وہ شروع سے ہی 1964ء کے کراچی "علماء" کنونشن اور سید محمد دہلوی کے نئے قائدانہ کردار کے خلاف تھے، حالانکہ اس کے بعد صرف دو سال بعد وہ کھل کر ان کی مخالفت میں سامنے آئے[69]۔

کسی بھی صورت میں، ITHS نہ تو APSC کے ساتھ اپنی دشمنی پر قابو پانے میں کامیاب رہا، اور نہ ہی فرقہ وارانہ اہداف کے لیے شیعہ جوش و جذبے کو بحال کرنے میں۔ اپریل 1961ء کے کنونشن کی دو اہم قراردادوں میں ایک شیعہ روزنامہ اور نوجوانوں کو زیادہ مستند روزگار فراہم کرنے کیلئے صنعتی سرگرمیوں میں مصروف ایک "شیعہ لمیٹڈ کمپنی" کی بنیاد رکھنے کا اعلان کیا گیا تھا، لیکن یہ منصوبے کبھی شروع نہیں ہوئے[70]۔ تیسری اہم قرارداد لاہور میں ایک نیا شیعہ ہاسٹل بنانے کا فیصلہ تھا، جس پر عمل درآمد میں مزید گیارہ سال لگے[71]۔ اگلے دو سالوں میں ITHS کی طرف سے شروع کیا جانے والا واحد قابل ذکر اقدام 20 جنوری 1963ء کو مفتی جعفر حسین کے زیرِ اہتمام ایک کنونشن تھا، جو دینیات کے لیے علیحدہ شیعہ نصاب کے مسئلے کے لیے وقف تھا[72]۔ اس نے وہی مطالبات بحال کیے جو 1950ء کی دہائی کے اوائل میں بہت کم کامیابی کے ساتھ کیے جا چکے تھے، لیکن تین ماہ بعد بھی رقابتوں کی وجہ سے APSC کی جانب سے ایک متوقع ورکنگ کمیٹی کا انتخاب نہیں کیا جا سکا[73]۔ اس کے فوراً بعد، 1963ء کے محرم کے تشدد اور اِس کے متواتر نتائج شیعہ تنظیموں کے لیے ہر چیز پر چھائے رہے۔

1963ء کے فسادات اور اُن کے نتائج

1959ء سے 1962ء کے سالوں میں فرقہ وارانہ محاذ نسبتاً پرسکون رہنے کے ساتھ ساتھ شیعہ مذہبی زندگی میں بھی کچھ کمی آئی ۔ 1959ء کے بعد سے محرم میں صرف ایک سرکاری تعطیل رہ گئی ، جسے عام طور پر روایتی طریقے سے عزاداری کے لیے ناکافی سمجھا جاتا تھا[74] ۔لاہور میں، جہاں ملک کے سب سے بڑے عزاداری کے جلوس روایتی طور پر نکالے جاتے تھے، اُن پر 1961ء میں پابندی عائد کر دی گئی اور اگلے سال کچھ نئی پابندیاں لگانے کے بعد ہی اُن کی اجازت دی گئی[75] ۔ نارووال میں اگست 1961ء میں چہلم کے جلوسوں پر پابندی کی خلاف ورزی کرنے پر متعدد شیعوں کو گرفتار کیا گیا[76] ۔اس کے باوجود شیعہ گروہی مسئلہ کے حوالے سے مارشل لاء حکومت کی پالیسی سے کافی حد تک مطمئن تھے ۔

لیکن جون 1962ء میں مارشل لاء کے خاتمے کے بعد، اس میں زیادہ دیر نہیں لگی کہ شیعہ مخالف پروپیگنڈا لفظی اور تحریری طور پر دوبارہ زور و شور سے شروع ہو گیا۔ اِس لحاظ سے" بانی" ہفتہ وار تنظیم اہل حدیث (لاہور) تھی، جس نے پہلے بھی 1961ء میں محرم کے دوران شیعوں کی مرثیہ گوئی (مراثی اور نوحات) کو"کتوں کی دردناک چیخوں" سے تشبیہ دی تھی[77] ۔لیکن اس جریدے کا ایڈیٹر اپنے سنی ہم وطنوں کی" پیر پوجا" اور" قبر پوجا" کی بالکل اسی طرح مذمت کر رہا تھا جیسے اُس نے شیعوں پر" تعزیہ کی پوجا پاٹ" کا الزام لگایا[78]،اس طرح خود کو اکثریتی فرقے میں بھی الگ تھلگ کر دیا۔شیعوں کے لیے سب سے سنگین چیلنج، جیسا کہ 1950ء کی دہائی کے اواخر میں، TAS اور اس کے کئی مبلغین کی طرف سے آیا جو سنی عوام کے جذبات کو بھڑکانے کے قابل تھے ۔

اُن کی مخالفانہ تنقید کا اصل مقصد عزاداری کے جلوس رہے ۔ اِس طرح 1963ء کے اوائل میں TAS کے رہنما نورالحسن بخاری نے لاہور میں ایک ITHS کنونشن منعقد کیا جس میں شیعہ عزاداری روایات پر نئے سرے سے حملے کے نقطہ آغاز کے طور پر علیحدہ دینیات کے مطالبے کے لیے وقف کیا گیا[79] ۔ یکم فروری 1963ء کو TAS کے جریدے دعوت کے اداریے میں شیعہ طرزِ عمل کے خلاف ایک دلچسپ نئی دلیل پیش کی گئی ہے (اقتباسات):

TAS ... 12 سالوں سے جدوجہد کر رہی ہے کہ آبادی کے کسی حصے کی بستی میں کوئی فرقہ وارانہ مجلس، میٹنگ(جلسہ) یا جلوس نہیں نکالا جا سکتا اگر وہ اُس کے عقائد سے متصادم ہو۔ اگر ہر فرقہ کی مخصوص رسومات اپنی مخصوص عبادت گاہوں یا اُس کے پیروکاروں کے ذاتی گھروں تک محدود رہیں تو دو فرقوں کے درمیان جو جھگڑے ہم ہر سال مختلف شکلوں میں دیکھتے ہیں وہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گے---

ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہمارے علاقوں اور حلقوں میں اور ہمارے نوجوانوں کے سامنے شیعہ تعزیہ داری اور اُن کے خاص فرقہ پرست ماتمی جلوس غیر شعوری طور پر اپنے عقائد پر اثر انداز ہو

رہے ہیں اور ہمارے وہ لوگ اور سکول کے بچے جو اپنے مذہب سے ناواقف ہیں اسے اپنے عقیدے کے حصے کے طور پر قبول کر رہے ہیں۔ اگر وہ مکمل طور پر شیعہ نہ بھی ہو جائیں، یقیناً وہ آہستہ آہستہ آدھے شیعہ بن رہے ہیں۔ یہ ہمارے لیے خاصی تکلیف کا باعث ہے، کیونکہ ہم اپنی قوم کا مستقبل سیاہ رنگوں میں دیکھ رہے ہیں[80]۔

اوپر کا حوالہ دیا گیا متن شاید سب سے زیادہ ایماندارانہ وضاحت پر مشتمل ہے جو TAS کی طرف سے شیعہ عوامی مذہبی تقریبات کے خلاف اپنی شدید مخالفت کے لیے دی گئی ہے۔سنی" بستیوں" یا" کوارٹرز" (آبادی) کے حوالے سے، یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ پاکستان کے زیادہ تر شیعہ سنی اکثریتی علاقوں میں بکھرے ہوئے تھے[81]۔ یہ اعتراف کہ بہت سے" جاہل" سنیوں کو شیعہ تقریبات کی عادت ہوگئی تھی-- جو کہ چند دہائیوں پہلے تک محرم کے جلوسوں میں متعدد سنیوں کی فعال شرکت سے واضح تھا[82]-- یہ بھی ظاہر کر رہا تھا: مختصراً یہ کہ شیعوں کے ساتھ مذہبی روایات کو شیئر کرنے میں بالکل وہی معمول تھا جسے بعض سنی متعصب ہر قیمت پر تباہ کرنا چاہتے تھے تاکہ وہ اپنے عقیدے کی پاکیزگی کو بحال کر سکیں۔

اپریل 1963ء میں، محرم 1383ھ (25 مئی تا 23 جون) سے کچھ ہفتے پہلے، لاہور میں فرقہ وارانہ کشیدگی بڑھ رہی تھی، جس کا آغاز روزنامہ کوہستان کے ایک مضمون کے خلاف شیعہ مظاہروں سے ہوا جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ امام علی نے کسی موقع پر شراب نوشی کی تھی[83]۔ 12 اپریل کو کرشن نگر کوارٹر میں TAS ایک نئی چال کے ساتھ سامنے آئی، جس میں معاویہ (جس نے علی کی خلافت کا مقابلہ کیا تھا) کے لیے ایک یادگاری دن قرآن کی تلاوت کے ساتھ منانے کا اعلان کیا[84]۔ اشتعال انگیز پوسٹرز تقسیم کیے گئے، جن میں خلیفہ معاویہ کی تمام معزز ناموں اور تحسین کے ساتھ تعریف تھی جو شیعہ عام طور پر اپنے امام علی کے لیے مخصوص رکھتے ہیں[85]۔ حکام نے" یوم معاویہ" پر کسی قسم کی تقریبات پر پابندی لگا کر ردعمل کا اظہار کیا، اور سنی پریس اتنا ہی تنقیدی تھا جتنا کہ 1957ء-58ء میں" یوم عمر" کے لیے TAS کی مہم کے حوالے سے تھا[86]۔ انتظامیہ نے محرم کے دوران تشدد کو روکنے کے لیے لاہور میں سنی اور شیعہ معززین کی ایک مصالحتی کمیٹی بھی بلائی۔ طے پانے والے معاہدوں کو بظاہر سنی مبلغین اور شیعہ دونوں نے توڑا جنہوں نے 9 محرم کو بغیر لائسنس کے اضافی جلوس نکالنے کی کوشش کی[87]۔ 10 محرم (3 جون) کو قدیم شہر کے بھاٹی گیٹ کے قریب واقع اونچی مسجد کے سامنے سے گزرتے ہوئے مرکزی عزاداری کے جلوس پر پتھروں، لاٹھیوں اور چھریوں سے حملہ کیا گیا۔ ہر طرف سے حملے کم از کم نصف گھنٹہ تک جاری رہے جس میں دو افراد ہلاک اور 100 سے زائد زخمی ہوئے[88]۔ پولیس نے گولیاں چلائیں، لیکن روکنے میں ناکام رہی یہاں تک کہ جلوس کربلا گامے شاہ پہنچ گیا[89]۔

اُسی دن، پاکستان کے کئی دیگر قصبوں اور دیہاتوں میں فرقہ وارانہ جھڑپیں ہوئیں[90]۔ سب سے زیادہ متاثر ضلع خیرپور میں ٹھیڑی تھا جہاں ایک امام بارگاہ کو آگ لگا دی گئی جس سے درجنوں شیعہ نمازی ہلاک ہو گئے[91]۔ سرکاری اطلاعات کے مطابق 10 محرم کو مجموعی طور پر مرنے والوں کی تعداد 120 تک پہنچ گئی[92]۔ تشدد کی نئی لہر بہت سے شیعوں کے لیے صدمے کے طور پر سامنے آئی جن کا ماننا تھا کہ 1958ء میں مذہبی رواداری اور امن وامان کا دور شروع ہوا تھا۔ نواب قزلباش جیسے کچھ شیعہ رہنماؤں نے اس خطرے کو پہلے ہی سمجھ لیا تھا اور حکام کو خبردار کیا تھا، لیکن فسادات کے بعد اُن میں سے کسی نے بھی حکومت پر الزام نہیں لگایا۔ شیعہ پریس نے اپنی طرف سے مطالبہ کیا کہ

حکومت اِس کی گہرائی سے تحقیقات کرے جس سے واضح طور پر TAS اور دیگر شیعہ مخالف جنونیوں کی ذمہ داری ثابت ہو۔اس کے رویے کی عکاسی کچھ ہفتوں بعد راجہ لہراسب علی خان کے رضاکار میں لکھے گئے ایک آرٹیکل میں ہوئی (اقتباسات):

مسلمانوں کا ایک فرقہ دوسرے فرقے کی مذہبی تقریبات یعنی شیعوں کے ماتمی جلوس کے روایتی مشاہدات کو روکنا چاہتا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے اس نے تشدد کا طریقہ اختیار کیا۔ اس کا واضح مقصد شیعوں کو خوفزدہ کرنا تھا تاکہ وہ اِن تقاریب کو انجام دینے سے باز رہیں۔ پس [لاہور میں] جلوس پر اُن لوگوں نے حملہ کر دیا جو اِس نیت سے جمع ہوئے تھے، اور جن میں فسادات سے متاثر ہونے والوں کے علاوہ دوسرے حلقوں کے درجنوں لوگ شامل تھے۔ انہوں نے بغیر کسی روک ٹوک کے پتھروں، بوتلوں اور بغیر لائسنس کے ہتھیاروں کا استعمال کیا اور آتش زنی سے پیچھے نہیں ہٹے۔ اس طرح کے واقعات صرف لاہور، خیرپور اور نارووال میں ہی نہیں بلکہ بعض دیگر مقامات پر بھی ہوئے، خواہ پریس میں اس کا ذکر نہ ہو۔ اگر شیعوں کی امن پسندی اور دوسرے محب وطنوں کی دور اندیشی نہ ہوتی تو نقصان بہت زیادہ ہوتا۔۔۔

اگر کوئی دوسرے شخص یا گروہ کے عقائد سے اتفاق نہیں کرتا اور ان کی تقریبات کو غلط سمجھتا ہے تو اُسے اُن میں شرکت نہیں کرنی چاہیے۔ لیکن اُسے کوئی حق نہیں کہ وہ خود کو قانون سے بالاتر رکھے اور طاقت کے ذریعے اُن کی اصلاح کی کوشش کرے۔ اِس کے علاوہ، حالیہ فسادات میں ملوث مولویوں کو دوسروں کے عقائد کا فیصلہ کرنے کا کیا معیار ہے؟ کیا یہ ممکن نہیں کہ وہ خود غلط ہوں؟ ...

پاکستان ایک جمہوری ملک ہے جہاں تمام شہریوں کے حقوق مساوی ہیں اور جہاں عوامی مقامات کو اجتماعات وغیرہ کے لیے استعمال کرنا بنیادی حق ہے۔شیعوں کے ساتھ پہلا ظلم یہ ہے کہ انہیں عوامی مقامات پر جلوس نکالنے کی اجازت نہیں ہے۔ جب تک کہ انہوں نے پہلے سے لائسنس حاصل نہ کر لیا ہو، جبکہ دیگر تمام مسلم فرقے بغیر کسی لائسنس کے مکمل آزادی کے ساتھ جہاں چاہیں جلوس نکال سکتے ہیں...[96]

صدر ایوب خان نے فسادات کے ایک دن بعد ایک اعلان میں انہیں پاکستان اور تمام مسلمانوں کے لیے باعثِ شرم قرار دیا اور خبردار کیا تھا کہ کوئی بھی فرقہ اپنے عقائد کو دوسرے فرقوں پر نافذ نہیں کر سکتا[97]۔اس کے باوجود بعض سنی مذہبی جماعتوں کے قائدین، جنہوں نے ایک ہی وقت میں نئے مسلم عائلی قانون کے خلاف اور آئین میں بعض اسلامی دفعات کی بحالی کے لیے مہم چلائی[98]، سرکش موڈ میں تھے۔ اِن الزامات کے علاوہ کہ مسلح شیعوں نے خود لاہور میں جھڑپوں کو اُکسایا تھا[99]، 16 جون کو لاہور میں چھ سنی گروپوں کے اجلاس

میں تمام شیعہ عزاداری کے جلوسوں پر پابندی لگانے کا مطالبہ پُر زور انداز میں دہرایا گیا[100]۔ جے یو آئی کے رہنما مفتی محمود اور غلام غوث ہزاروی کے علاوہ شیخ حسام الدین، ماسٹر تاج الدین انصاری اور شورش کشمیری پر مشتمل مشترکہ بورڈ تشکیل دیا گیا[101]۔ ہزاروی نے محرم میں تشدد کی ذمہ داری جنونی شیعہ پولیس افسران اور دیگر سرکاری ملازمین پر عائد کی[102]۔ تین ہفتے بعد، لاہور کے قدیمی شہر کے موچی گیٹ کے قریب ایک جلسہ عام میں جس کی صدارت ڈی سی نے کی اور مقصد مقامی سنیوں اور شیعوں کے درمیان مفاہمت تھا، حافظ کفایت حسین اور مظفر علی شمسی نے اس دعویٰ کو دہرایا کہ کسی بھی مذہبی شخصیت کو گالی دینا اور اُن کی توہین کرنا شیعوں کے لیے قطعی طور پر حرام ہے۔ انہیں کوثر نیازی نے چیلنج کیا، (جو کہ اس وقت بھی جماعت اسلامی کے رکن ہیں)، وہاں خلفائے راشدین کی تعریف اور پھر سامعین میں موجود سنیوں کو اُن کی نیک نیتی پر قائل کرنے کے لیے کلمات کہے[103]۔

جولائی کے وسط میں مغربی پاکستان کی حکومت کی جانب سے لاہور کے فسادات کی ذمہ داریوں کی انکوائری کے لیے مقرر کردہ ایک کمیشن نے اپنی تفتیش شروع کی، جس کی کارروائی جزوی طور پر پریس میں شائع ہوئی[104]۔ پہلے گواہوں میں سے ایک میاں غلام قادر تھے، جو جے یو پی کے ایک ریٹائرڈ افسر اور سرپرست تھے جن کا انٹرویو سب سے پہلے کیا گیا[105]۔ یہاں تک کہ اِس نسبتاً اعتدال پسند جماعت کے نمائندے نے شیعوں کے حق میں حکومت پر صریح تعصب کا الزام لگایا۔ اُس نے دوسری چیزوں کے ساتھ، محرم کے جلوسوں کے دوران سنیوں کو اپنی دکانیں کھلی رکھنے کی ذمہ داری کے بارے میں شکایت کی، اور 1947ء کے بعد سے اُن کی تعداد میں بہت زیادہ اضافے کے بارے میں شکایت کی[106]، اور یہ کہ شیعہ مبینہ طور پر" سال بھر" اپنی مجالس میں سزا سے استثنیٰ کے ساتھ صحابہ کو گالیں دیتے ہیں [107]۔ شیعہ ایڈووکیٹ خاقان بابر کے کچھ سوالات کے جواب میں غلام قادر نے کہا:

پاکستان اسلام کے نام پر حاصل ہوا۔ [مسلم لیگ کی] قراردادوں میں شیعہ اور سنی کا کوئی ذکر نہیں تھا۔ نہ ہی اس بات کا ذکر کیا گیا کہ شیعوں کو اپنے جلوس نکالنے کا حق حاصل ہو گا خواہ یہ سنیوں کے جذبات کی خلاف ورزی کیوں نہ کریں۔...

[مذہبی] آزادی کچھ ممنوعات کو خارج نہیں کرتی ہے۔ اگر کچھ لوگ یزید کے حامی ہوں اور جلوس نکالنا چاہیں تو کیا وہ ایسا کرنے میں آزاد ہوں گے؟[108]

ITHS کے سیکرٹری جنرل مظفر علی شمسی سے 27 جولائی اور 16 اگست 1963ء کو کمیشن نے تفتیش کی تھی[109]۔ وہ اور دیگر شیعہ گواہوں کو اُن کے عقیدے کی تفصیلات کے بارے میں پوچھ گچھ سے مشروط کیا گیا[110]۔ اس طرح کے ایک سوال کے جواب میں اُس نے پہلے تین خلفاء کو غاصب قرار دیا جبکہ ایک بار پھر اِس بات کی تردید کی کہ شیعہ کبھی ان کو یا دوسرے صحابہ کو گالی دیتے ہیں۔ یہ پوچھے جانے پر کہ آیا پہلے تین خلفاء کو مومن یا مسلمان کہا جا سکتا ہے، شمسی نے دلیل دی کہ اِس معاملے پر علماء کی طرف سے طویل بحث کی ضرورت ہے[111]۔ اُس نے لاہور میں مرکزی عزاداری کے جلوس کے روایتی روٹ میں کسی تبدیلی کو بھی" مذہب میں مداخلت" (مُداخله فی الدّین) کے طور پر مسترد کر دیا اور کہا کہ اس کے شرکاء کی پولیس کی طرف سے اسلحہ جانچ پڑتال ناقابل قبول اور" سنگین توہین" ہوگی[112]۔

اُس وقت سنی جماعتوں کی طرف سے بار بار سامنے آنے والا ایک مطالبہ حکومت کی طرف سے" قابل اعتراض لٹریچر" کو ضبط کرنا تھا[113]۔ یکم ستمبر 1963ء کو رضا کار کے ایک اداریے میں شیعہ اور سنی دونوں مصنفین کی جانب سے بہت زیادہ اِشتعال انگیز مناظرہ لٹریچر صدی کی پہلی دہائیوں سے موجود ہونے کا اعتراف کیا گیا لیکن فرقہ وارانہ جذبات کو اُبھارنے کے لیے اس کا پتہ لگانے اور دوبارہ پرنٹ کرنے کے لیے" تباہ کن عناصر" کو موردِ الزام ٹھہرایا گیا۔ اس کے علاوہ، شیعہ جرائد اُس وقت کے سنی پمفلٹس سے اپنے ائمہ اور 'علماء' کے خلاف بہت سے توہین آمیز تبصروں کا حوالہ دے سکیں گے، لیکن جلتی آگ میں تیل ڈالنے سے گریز کریں گے[114]۔ "مسلم اتحاد کے خود ساختہ پرچم بردار" کہ شیعوں کو پہلے تین خلفاء کے بارے میں درج ذیل غیر مبہم دلائل کے ساتھ احترام کے ساتھ بات کرنی چاہئے:

... وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ یہ افراد (پہلے تین خلفاء) سنیوں اور شیعوں کے درمیان مُتنازع ہیں۔ شیعوں کے لیے تولّا اور تبرّا دونوں اُن کے ایمان کا حصہ ہیں۔ تولّا کا مطلب ہے محمد اور ان کی آل کے دوستوں سے دوستی، جب کہ تبرّا کا مطلب یہ ظاہر کرنا ہے کہ محمد اور ان کی آل کے دشمنوں سے کسی کا کوئی تعلق نہیں ہے...

سُنیوں کا طریقہ یہ نہیں ہے کہ وہ عظیم مذہبی شخصیات کی ''باہمی رقابتوں'' میں دخل اندازی کریں، بلکہ اُن کے بارے میں خاموشی اختیار کریں ... اس کے بالکل برعکس، شیعوں کا طریقہ یہ ہے کہ ان افراد یا جماعتوں کو زیرغور نہیں لاتے جنہوں نے محمد اور اُن کی آل کی حق پر ہوتے ہوئے مخالفت کی ہو اور اس لیے یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ اُن کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے...

تاریخی حقائق کو کوئی نہیں بدل سکتا۔ تاریخ اسلام ہمیں بتا رہی ہے کہ پیغمبر اسلام کی وفات کے بعد مسلمانوں میں خلافت کے سوال پر مقابلہ لڑا گیا... اور علی اور اُن کے پیروکاروں (شیعوں) نے "مخالف فریق" بننے کا انتخاب کیا۔ سنی بھائیوں کا دعویٰ ہے کہ اسلام ایک جمہوری نظام کی حمایت کر رہا ہے، اور یہ کہ پیغمبر کی وفات کے بعد مسلمانوں کی اکثریت نے ابوبکر کو خلیفہ منتخب کیا ہے... اس لیے انہیں... شیعوں کو حزب اختلاف کی جماعت کے طور پر قبول کرنا چاہیے...

شیعہ قبول کرتے ہیں کہ پیغمبر کی وفات کے بعد پہلے تین خلفاء، اسلامی مملکت کے کمانڈر تھے اور اُنہیں پیغمبر کا جانشین کہا جاتا ہے۔ لیکن سنیوں کو یہ حق حاصل نہیں ہوگا کہ وہ شیعوں کو پہلے تین خلفاء کے بارے میں وہی عقیدہ رکھنے کا پابند کریں جیسا کہ خود سنیوں کا ہے ... جس طرح شیعوں کو اہل بیت کے اماموں کومعصوم اور اپنامذہبی لیڈر تسلیم کرنے کا سنیوں سے مطالبہ کرنے کا کوئی حق نہیں ہے...[115]

ITHS کو لاہور (کربلائے گامے شاہ) میں صرف چار ماہ بعد (18 اکتوبر 1963ء) محرم کے واقعات کے خلاف احتجاج کرنے کیلئے تقریری میٹنگ کی اجازت دی گئی[116]۔ اُس وقت تک کراچی میں شیعہ حقوق کے دفاع کے لیے متبادل پلیٹ فارم تشکیل دینے کی تیاریاں آخری مرحلے میں پہنچ چکی تھیں[117]۔ دسمبر 1963ء میں انکوائری کمیٹی نے لاہور پر اپنی رپورٹ کے اقتباسات شائع کیے۔ (دیگر حصوں کو" مفاہمت کی جاری کوششوں میں رکاوٹ نہ ڈالنے کے لیے" روک دیا گیا)[118]۔ اس میں" پروپیگنڈے اور جوابی پروپیگنڈے" کا ذکر کیا گیا جس نے گزشتہ برسوں کے دوران فرقہ وارانہ کشیدگی کو ہوا دی لیکن اس کا الزام TAS یا کسی مخصوص افراد پر ڈالنے سے گریز کیا۔ اِس کی بجائے، پرانے شہر کی تنگ گلیوں میں طویل عزاداری کے جلوسوں کی وجہ سے مقامی سنیوں کو جو تکلیف ہوئی، اُس پر کچھ تفصیل سے روشنی ڈالی گئی[119]۔ بظاہر فرقہ وارانہ تشدد کو بھڑکانے والوں کی شناخت سے زیادہ اہم یہ سوالات تھے کہ آیا مقامی انتظامیہ کی طرف سے اٹھائی گئی حفاظتی احتیاطیں کافی تھیں، اور کیا فسادات شروع ہونے کے بعد پولیس کی تعیناتی مناسب تھی[120]۔

انکوائری کمیٹی کے چیئر مین کی دس سفارشات کے ساتھ رپورٹ بند ہوئی جنہیں حکومت نے اصولی طور پر قبول کر لیا تھا:

1) مصالحتی کمیٹی کا قیام؛

2) جلوسوں کے لیے کوئی نیا لائسنس نہیں اور اُن لوگوں کے لائسنس کی منسوخی جنہوں نے شرائط کی پابندی نہیں کی ؛

3) جلوس کے روایتی راستوں میں کوئی تبدیلی نہ ہو سوائے سیکورٹی خطرات کی صورت میں یا منتظمین کے ساتھ خوشگوار معاہدے کے؛

4) لائسنس ہولڈرز کے لیے جلوسوں کی سیکیورٹی کے حوالے سے اضافی شرائط؛

5) اگر ممکن ہو تو مرکزی ذوالجناح کے جلوس کا دورانیہ کم کیا جائے؛ اور نماز یا اذان کے وقت مساجد کے سامنے ماتم نہ ہو؛

6) دوسرے فرقے کے رہنماؤں کے لیے توہین آمیز حوالوں کی سخت سزا؛

7) محرم میں اسلحہ لے جانے پر پابندی؛

8) نجی رضاکاروں کو ٹریفک ڈیوٹی یا پولیس کی طرف سے عام طور پر انجام دی جانے والی دیگر ڈیوٹی پر کام نہیں کرناچاہیے؛

9) افواہیں پھیلانے کی سزا؛

10) لاہور پولیس فورس کی مضبوطی121-

جیسا کہ ہوا، 1963ء کے فرقہ وارانہ تشدد کے کسی بھی مجرم کو کبھی سزا نہیں دی گئی، چاہے وہ لاہور میں ہو یا ٹھیری میں[122]۔ پاکستان میں کسی بھی حکومت کا بنیادی المیہ یعنی شیعہ اقلیت کے حق میں جانبدار نہ سمجھے جانے کی ضرورت، کی وجہ سے 1963ء کے واقعات کے

باوجود ایوب خان کے دَور کے دوسرے نصف میں سنی انتہا پسندوں کے ساتھ نسبتاً نرمی برتی گئی۔
اگلے سالوں میں محرم میں سخت حفاظتی اقدامات کے ذریعے اسی قسم کے تشدد کے پھوٹ پڑنے کو روکا تو گیا،لیکن" توازن" کے نام پر شیعہ برادری کو پہلے سے زیادہ پابندیوں کے ساتھ زندگی گزارنی پڑی[123]۔

سید محمد دہلوی اور اُن کی نئی شیعہ تحریک

1963ء کے واقعات نے شیعہ گروہی تنظیم میں ایک نئی شروعات کے لیے ایک عمل انگیز کے طور پر کام کیا، جو کچھ سالوں سے ہوا میں تھی۔ 1958ء کے اوائل میں ITHS اور APSC دونوں کے ساتھ عدم اطمینان بڑھ گیا تھا جب اُن کو ضم کرنے کی ایک امید افزا کوشش ناکام ہوگئی تھی[124]۔ اگلے سالوں میں نئی کوششیں اور اقدامات دوبارہ شروع کیے گئے[125]، لیکن یہ واضح ہوگیا کہ دونوں تنظیموں کے سرکردہ اراکین "شیعوں کے ترجمان" کے طور پر اپنی حیثیت سے کسی بھی چیز کو ترک کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ اِس کا اطلاق خاص طور پر APSC کے صدر نواب مظفر علی خان قزلباش پر ہوا، جو ایگزیکٹو پاور سے محروم ہونے کے بعد شیعہ اُمور میں زیادہ دلچسپی لینے لگے[126]، اور مظفر علی شمسی کو، جو 1961ء میں نئے چیئرمین کے انتخاب اور 1962ء میں اپنے مستعفی ہونے کے بعد بھی ITHS کے حقیقی مضبوط آدمی رہے[127]۔ لیکن دونوں تنظیموں میں بہت سے دوسرے عہدے دار تھے جنہیں اُن کے تحلیل یا اِنضمام میں کوئی دلچسپی نہیں تھی۔

اِن حالات میں، اِس بات کی امید کم تھی کہ منظم شیعوں کی دو کیمپوں میں تقسیم، جس نے حکومت یا مقامی حکام کے ساتھ اُٹھائے جانے والے تمام مسائل پر اُن کے سودے بازی کی طاقت کو کمزور کر دیا، پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ 1959ء کے بعد سے 'علماء' کی سربراہی میں ایک نئی تنظیم کے لیے تجاویز پیش کی گئی تھیں[128]، اور بظاہر 1961ء تک انھیں کچھ قبولیت مل گئی تھی[129]۔ 'علماء' کو اب بھی شیعہ عوام میں عزت اور مقبولیت حاصل تھی، لیکن کچھ شیعہ دانشوروں نے طویل عرصے سے اپنے 'علماء' پر شدید تنقید کو شائع کیا تھا[130]۔ کریم بخش حیدری نے اپنے معمول کے اکھڑ پن کے ساتھ فروری 1961ء میں حافظ کفایت حسین کی جگہ ITHS کے نئے چیئرمین کے انتخاب کے موقع پر لکھا:

"عبا و قبا"[131] کی ہاتھ چُمائی اور صلوٰۃ و سلام کے شور شرابے کے باوجود ہم نے بارہا یہ تجربہ کیا ہے کہ ایک عالمِ دین کی قیادت سے شیعہ (قومی) تنظیموں کو بہت کم فائدہ پہنچا ہے... تاجروں اور معززین کے ساتھ اسے جو ذاتی اثر و رسوخ اور احترام حاصل ہے وہ شیعوں کی بھلائی کے لیے بہت کم اور ہمیشہ اپنے پیشہ ورانہ مفادات کے فروغ کے لیے زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ ایک عالمِ دین کبھی بھی انقلابی کوششیں نہیں کرتا... خواہ وہ مُجتہد ہی کیوں نہ ہو، وہ اپنے لیے بہتر یہی سمجھتا ہے کہ وہ ہمیشہ کوشش اور محنت (جدوجہد) سے دُور رہے اور اپنی قیادت کو بعض فِقہی سوالات کے حوالے سے رہنمائی تک محدود رکھے۔ اُن کے نزدیک زندگی کا مطلب جدوجہد اور کوشش نہیں ہے بلکہ بے عملی، آرام، تحفظ، سکون، ذاتی مفاد، وقار اور عزت ہے۔

وہ نائب امام[132]، آیت اللہ فی العالمین[133]، حجۃ الاسلام والمسلمین[134]، خطیب یا مُبلغ (واعظ) جیسے القابات قبول کرنے کو قیادت کی ایک شاندار نشانی سمجھتا ہے۔ اُن کی قوم و ملت کی خدمت اور اُس کی ترقی کے لیے کوششیں کرنا اُن کے دائرۂ اِجتہاد سے باہر ہیں ... ITHS[135] کے قائد کی حیثیت

سے ایک ’’عالمِ دین‘‘ کے ساتھ ہمارے تلخ تجربات ہمارے لیے عِبرت کی مثال ہیں...[136]۔

تین سال بعد، کچھ دنوں کے اندر کراچی میں ہونے والے ’’علماء‘‘ کنونشن پر تبصرہ کرتے ہوئے (نیچے ملاحظہ کریں) وہی مصنف شیعہ ’’علماء‘‘ پر اور بھی زیادہ تنقیدی ہو گئے تھے۔ ایک مضمون میں، جس کا آغاز پاکستانی معاشرے میں علماء کے احترام اور ان کی اصل میں قابل انجام خدمتوں کے ذکر سے ہوتا ہے، وہ اچانک ایک بالکل مختلف لہجے میں لکھتے ہیں:

لیکن افسوس! پاکستان میں ہمارے ’علماء‘ پیشه ور ذاکر بن چکے ہیں۔ انہوں نے [شیعه] لوگوں کے اتحاد اور ایمان کو الوداع کهه دیا ہے۔

اُن میں سے اکثر، نامور اور طاقتور لوگوں کے قصیده خوان[137] بن چکے ہیں۔ ITHS اور APSC نے اُن پر ترس کھایا ہے ... لیکن دونوں تنظیموں میں اُن کی موجودگی سٹیج کی سجاوٹ یا اُلجھی ہوئی تقریریں کرنے تک ہی محدود رہی ہے۔ اُن کے پاس نه تو اپنا کوئی عهده ہے اور نه ہی کوئی ضابطه اخلاق اور نه ہی احترام اور وه صرف ’’لاؤڈ سپیکر‘‘ کے طور پر خدمت کرنے پر راضی ہیں، اپنے ذاکری کاروبار سےخود کو مخمور کرتے ہیں۔ (اُن کی)قوم کی قیادت: کالعدم۔ قوم کی نمائندگی: غیر موجود؛ مذہبی علم کی ترقی: ختم؛ تبلیغ کے ساتھ اصلاح اور تنظیمی کام : صفر؛ [وه] شیعه مطالبات کی کوششوں سے دُور رہتے ہیں۔ آج اجتهاد کا مطلب 'عباوقبا ' ہے۔ مجتهد کا مطلب پیر و مرشد ہے[138]۔ عالم کا مطلب خطیب(مقرر) ،اور مبلغ (واعظ و مبلغ) کا مطلب ہے ذاکر۔

اِس کے ساتھ ہی ہمارے معاشرے میں [عورتوں کی] نقاب کشائی(بے پردگی) کی مغربی عادت ایک وبا کی طرح پھیل چکی ہے۔ مذہب کا احترام ختم ہو رہا ہے۔ مجلس نمود و نمائش اور معاوضے (نذر و نیاز) کیلئے عزاداری عام ہو گئی ہیں۔ غُلّو اور خود نمائی نے ہمارے ایمان اور [مذہبی] اعمال کو کھوکھلا کر دیا ہے[139]۔ نماز جمعه کی بجائے فلمی ذاکری ہے؛ ہمارے ہاں [مذہبی] مدارس کی ترقی کی بجائے خوبصورت امام بارگاہیں ہیں، اور ہماری مساجد قرآن پاک کے دروس اور باجماعت نمازوں سے محروم ہیں۔

الگ دینیات کا اِیشو عُلما کے سپرد کیا گیا ہے، اور اِس کا نتیجه ہم دیکھ چکے ہیں[140]۔ عزاداری کے تحفظ کا تعلق علمائے کرام کے پیشه ورانه مفاد سے ہے، لیکن عزاداری کے تحفظ کی کوششیں اُن کے ورکنگ ایجنڈے پر شاید ہی نظر آئیں؛ وه اُنہیں ITHS اور APSC پر چھوڑ دیتے ہیں ... حجاج کے پاسپورٹ[141] کی دیکھ بھال کرنا ’علماء‘ کے اعلیٰ مرتبے سے مطابقت نہیں رکھتا۔ چار(مذہبی) کتابوں کے مطابق اوقاف میں شیعه فقه اور حقوق کے تحفظ کے لیے ملک گیر مُہم اُن کی دسترس سے باہر

ہے[142]۔ وہ دینی مدارس کی تنظیم پر ایک دوسرے سے متفق نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ ان کے ذاکری کاروبار کے لیے نقصان دہ ہو گا... وہ ایک مجلس کی 100 روپے فیس لیتے ہیں اور اپنے آپ کو مہنگے اور قیمتی 'عبا و قبا' شاندار منبراور فن خطابت سے گفتار کا غازی بناتے ہیں لیکن کام اور کوششیں لوگوں کی لیے چھوڑتے ہیں اور اپنے لیے سکون کو ترجیح دیتے ہیں ---[143]

یہ خاص طور پر ایک ایسے شخص کے خیالات تھے جسے کچھ سال پہلے راسخ العقیدہ علماء کے ترجمان اخبار المبلغ کے مدیر نے" ہماری قوم کا سب سے مخلص شخص" کہا تھا[144]۔ درحقیقت بعد میں آنے والے بہت سے لوگوں نے ذاکرین کے بارے میں اپنے شکوک وشبہات کو مکمل طور پر شیئر کیا[145]، حالانکہ وہ شاید اِس بات سے متفق نہیں ہوں گے جس طرح وہ ''علماء'' اور ذاکرین کو ایک ٹوکری میں ڈال رہا تھا۔ کریم بخش حیدری یقیناً 'علماء' کی مبینہ بے حسی اور سستی کے خلاف اپنی باتوں کو حد سے زیادہ بڑھا رہے تھے، لیکن اُن کی تنقید کا عمومی سلسلہ ان برسوں میں بہت سے دوسرے شیعہ دانشوروں نے بھی سنایا[146]۔

اِس طرح بہت سے مبصرین کے لیے یہ اتنا بڑا اور خوشگوار حیرت کا باعث تھا کہ 1964ء کے اوائل میں پاکستان کے شیعہ 'علماء' نے ملک کی بنیاد رکھنے کے بعد پہلی بار اچانک شیعہ گروہی تحریک کی قیادت کی۔ کراچی میں 5 سے 7 جنوری 1964ء تک سید محمد دہلوی کی صدارت میں ہونے والا" آل پاکستان شیعہ علماء کنونشن" دونوں لحاظ سے کافی کامیاب ثابت ہوا، ایک تو اِس میں تقریباً 200-250 'علماء' کی کثیر تعداد میں شرکت[147] اور دوسرا اتحاد کا ایک شاندار مظاہرہ۔

مرزا یوسف حسین کے مطابق، جو اگلے سات سالوں میں سید محمد دہلوی کے دست راست بننے والے تھے[148]، کنونشن کے انعقاد کا خیال ابتدا میں حیدر آباد کے کچھ 'علماء' سے آیا تھا[149]۔ وہ خود اور شیخ جواد حسین (ہنگو)، سید صفدر حسین مشہدی (پشاور) اور حبیب الحسن (حیدر آباد) کو دہلوی کے ساتھ مل کر کنونشن کی تیاری کے لیے کراچی بلایا گیا تھا جنہوں (دہلوی) نے اِس کے اخراجات خود ادا کیے تھے[150]۔ مرزا یوسف حسین نے دعوت نامے کے خط کی تصنیف کا دعویٰ بھی کیا، جو دسمبر 1963ء میں شیعہ پریس میں شائع ہوا تھا۔ اِس نے 'عالمی سطح پر مادیت کی لہر کو روکنے کے لیے' قائدانہ کردار ادا کرنے کے لیے 'علماء' کو اُن کا فرض یاد دلایا اور شیعوں کو متحد اور منظم کرنے اور" انہیں اخلاقی اور مذہبی زوال سے بچانے" کے لیے ایک مؤثر پروگرام کا مطالبہ کیا۔ ساتھ ہی پاکستان کے مسلم عوام کے اتحاد کو مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا[151]۔

یہ کنونشن ناظم آباد (کراچی) کی رضویہ کالونی کے امام بارگاہ شاہ کربلا میں منعقد ہوا[152]۔ سید ابن حسن نجفی[153] کی ایک افتتاحی تقریر نے 1857ء سے تحریک آزادی میں شیعہ علماء کے کردار اور 1897ء سے برطانوی ہندوستان میں شیعہ گروہی تنظیموں کے بانیوں کے طور پر کردار کو یاد کیا[154]۔ سید محمد دہلوی نے اپنی تقریر میں 1947ء سے تحریک پاکستان اور نئی ریاست کے استحکام کیلئے شیعوں کی خدمات پر زور دیا اور پھر اپنے حل طلب مسائل کا دوبارہ آغاز کیا، جس میں علیحدہ دینیات، شیعہ اوقاف پر خصوصی شیعہ کنٹرول، اور عزاداری کی آزادی اور تحفظ کے دیرینہ مطالبات پر توجہ دی گئی[155]۔ اِن تینوں اُمور کو کنونشن میں اعلان کردہ پانچ نکاتی" پروگرام آف ایکشن" کا بنیادی مرکز بنایا گیا تھا، جس میں" مسلمانوں کے اتحاد کے ذریعے پاکستان کا دفاع اور استحکام" (نقطہ 1) اور" کشمیر پالیسی میں حکومت کے ساتھ یکجہتی" (نقطہ 5) بھی شامل

تھے[156]۔کنونشن کے اختتامی دن" ایکشن کمیٹی" (مجلس عمل علماءِ شیعہ پاکستان، MAUSP) تشکیل دی گئی تھی تاکہ "عملی پروگرام کو عملی جامہ پہنایا جاسکے" ،اور سید محمد دہلوی متفقہ طور پر اِس کے چیئرمین منتخب ہوئے[157]۔اس کے بعد اُن کے حامیوں نے اُنہیں قائدِ ملت جعفریہ کے نام سے منسوب کر دیا[158]۔

دہلوی، واضح طور پر کراچی کنونشن کے پیچھے محرّک تھے، اور اگرچہ اُنہوں نے اِس کے افتتاح کے موقع پر اپنے لیے کوئی قائدانہ کردار تلاش نہ کرنے کا بہانہ کیا لیکن اُنہوں نے اس طرح کا کردار نہایت مؤثر طریقے سے اور پوری اِستقامت اور خلوص کے ساتھ اپنی زندگی کے بقیہ ساڑھے سات سال میں ادا کرنا تھا۔1899ء میں پیتن ہیرھی (ضلع بجنور، یوپی) میں پیدا ہوئے، انہوں نے قیام پاکستان سے بہت پہلے ہندوستانی شیعوں میں بطور خطیب اِعظم ("سب سے بڑے مبلغ") شہرت حاصل کی تھی[159]۔اپنے والد کی طرح وہ 1920ء کی دہائی کے اوائل سے دہلی عربی اسکول میں پڑھاتے تھے۔اسی دوران انہوں نے مجالس میں تبلیغ کرنا شروع کر دی تھی اور رام پور کے نواب رضا علی خان اور بمبئی کی خوجہ شیعہ اثنا عشری برادری کے ایک سرکردہ رکن حاجی داؤد ناصر جیسے دولت مند سپانسرز کی توجہ مبذول کرائی تھی[160]۔1937ء میں دہلی کے کچھ دشمنوں نے اُن پر ریپ کا الزام لگا کر اُن کی شہرت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی لیکن ایک مقدمہ کے بعد وہ تمام الزامات سے بری ہو گئے جس میں لکھنؤ کے سید وزیر حسن نے اُن کا دفاع کیا اور حیدر آباد (دکن) کے نظام نے اخراجات کی ادائیگی کی[161]۔1939ء میں انہوں نے لکھنؤ میں تبرّا مہم کی حمایت کو متحرک کرنے کے لیے پنجاب اور سرحد (کے پی) کا دورہ کیا[162]۔جب اگست 1947ء میں اُن کی پاکستان سے ہمدردی کی وجہ سے رام پور میں اُن کی بہت بڑی ذاتی لائبریری کے کچھ حصے جل گئے تو وہ بمبئی (ممبئی) چلے گئے اور اپنی لائبریری کی باقیات کو کراچی منتقل کرنا شروع کر دیا جہاں سے بالآخر 1952ء میں وہ ہجرت کر گئے[163]۔انہوں نے حاجی داؤد ناصر اور ابراہیم پیر بھائی جیسے خوجہ تاجروں کی سرپرستی کو انجوائے کرنا جاری رکھا اور مشرقی افریقہ[164]، برما، اور مشرق وسطیٰ کے ممالک میں متعدد تبلیغی دَوروں کے لیے اُنہیں مدعو کیا گیا[165]۔دہلوی نے ITHS کے کچھ اور کنونشنز میں بھی شرکت کی لیکن بظاہر کبھی بھی لیڈنگ پوزیشن میں نہیں[166]، اپنا زیادہ تر فارغ وقت مطالعہ اور لکھنے میں صَرف کرتے تھے[167]۔

تاہم، 1960ء کی دہائی کے اوائل میں، دہلوی نے پاکستان کے بہت سے دوسرے شیعہ افراد کے جذبات کا اشتراک کیا کہ اپنی برادری کے جمود اور احساس کمتری پر قابو پانے کے لیے کچھ کرنا ضروری ہے، جو اُس وقت مذہبی معاملات میں دلچسپی کھو رہی تھی۔اگرچہ اُن کی فکری صلاحیت اور مذہبی عقیدت کو بہت زیادہ عزت دی جاتی تھی لیکن ITHS میں اُن کا کم پروفائل شیعہ اجتماعی معاملات میں یکجہتی کا کردار ادا کرنے کے لیے موزوں تھا۔ITHS اور APSC دونوں نے کراچی کنونشن میں اپنے نمائندے بھیجے جنہوں نے دہلوی کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اعلان کیا[168]۔محمد بشیر انصاری کے مطابق، جنہوں نے خود بھی شرکت کی، طویل بحث ہوئی کہ آیا ITHS اور APSC کو ایک نئی تنظیم کے حق میں تحلیل کر دینا چاہیے، لیکن آخر میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ انہیں اپنی جگہ رہنا چاہیے۔نئی تشکیل شدہ "ایکشن کمیٹی" (MAUSP) پر صرف حکومت کو مذکورہ بالا "تین مطالبات" ماننے پر مجبور کرنے کا الزام عائد کیا گیا[169]۔

پاکستان میں نئے اعلان کردہ "تمام شیعوں کے رہنما"، اگرچہ اپنی 66ویں سالگرہ کے قریب پہنچ چکے تھے، کامیاب کراچی کنونشن کی وجہ سے پیدا ہونے والی رفتار کو برقرار رکھنے اور بڑھانے میں کامیاب رہے۔حمایت کو متحرک کرنے کا اُن کا سب سے مؤثر طریقہ پورے

پاکستان میں شیعہ مراکز کے اکثر دَورہ جات تھے، جسے اُنہوں نے تقریباً 1971ء میں اپنی موت تک جاری رکھا۔ 20 فروری سے یکم مارچ 1964ء تک اُنہوں نے لاہور کا دَورہ کیا، مقامی شیعہ علما، وکلا اور معززین، اور مغربی پاکستان کے گورنر جنرل امیر محمد خان کے ساتھ ملاقات کی۔ اُن کا کربلاء گامے شاہ میں قیام ایک بڑے عوامی اجتماع کے ساتھ اختتام کو پہنچا[170]۔

29 فروری کو ایک پریس کانفرنس میں، سید محمد دہلوی نے "تین مطالبات" اور اُن کے مضمرات (اقتباسات) پر ایک جامع بیان دیا:

قیامِ پاکستان کے بعد مسلمانوں نے محض یہ سمجھ لیا تھا کہ اُن کا مقصد حاصل ہو گیا ہے اور وہ جو چاہیں کرنے میں آزاد ہیں۔ مسلمان دِین سے دُور ہوگئےہیں، مادیت پرستی تیزی سے پھیلی اور اخلاق زوال پذیر ہو گئے ہیں۔ ہمارے نوجوان اپنی اسلامی ثقافت (تہذیب) سے بہت دُور ہو گئے ہیں۔ اِن تمام چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری تھا کہ تمام مسالک کے ''علماء'' اسلامی ملک میں اسلام کے تحفظ کے لیے متحد ہوتے۔ کراچی میں شیعہ علماء کنونشن کا ایک اہم مقصد فرقہ واریت کی لعنت پر قابو پانے اور مسلمانوں کے درمیان ایک اچھا ماحول پیدا کرنے کے لیے ملک کے تمام 'علماء' کو متحد کرنے کے طریقے تلاش کرنا تھا۔

پاکستان کسی ایک قوم یا ایک مذہب کا ملک نہیں ہے، بلکہ تمام مسلم فرقوں نے متحد ہو کر اس کی تخلیق میں مدد کی ہے... شیعہ یہ سوچ کر مُسلم لیگ کے رُکن بنے کہ... پاکستان میں اپنے مذہبی حقوق کی مکمل آزادی ہو گی۔ کہ انتخابات میں تمام مکاتبِ فکر کو موقع ملے گا، اور یہ کہ سرکاری اداروں میں کوئی فرقہ وارانہ تفریق نہیں ہوگی... لیکن اب ہمارے ملک کو فرقہ واریت کے طوفان کا سامنا ہے...

پہلا مسئلہ مشترکہ مذہبی تعلیم کا ہے۔ سکولوں اور کالجوں میں ہمارے بچوں کو اس طرح کی دینی تعلیم دی جاتی ہے کہ وہ اپنے ہی مسلک کو بالکل نہیں سمجھتے۔ اس لیے ہم چاہتے ہیں کہ شیعہ اور سُنی دونوں بچے اپنی اپنی مذہبی تعلیم حاصل کریں ... تاکہ شاگرد اپنے مذہب اور اس کے تقاضوں سے پوری طرح واقف ہوں[171] اور اِس طریقے سے سچے مسلمان بن سکیں ... مثال کے طور پر علی گڑھ یونیورسٹی میں شیعہ اور سُنی دینیات کے لئے الگ الگ شاخیں ہیں اور دونوں فرقوں کے لیے الگ الگ باجماعت نماز[170]...

دوسرا مسئلہ شیعہ اوقاف سے متعلق ہے... حکومت نے متولیوں اور منتظمین کے ذریعے ان کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے قوانین بنائے ہیں۔ ہم مبارکباد پیش کرتے ہیں ... اِس نیک اقدام کے لیے؛ لیکن ساتھ ہی ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ محکمہ اوقاف خود متولّی بننے کے بجائے قانون کے مطابق اُن کو سُپروائز کرے۔ وقف کی آمدنی صرف اُس کے مقصد کے مطابق استعمال کی جا سکتی ہے[173] ... اِسے

کیسے حاصل کیا جائے؟ ... انڈیا میں انگریزوں کے دَور حکومت میں اور اب ہندو راج میں شیعہ اور سُنی دونوں ہی محکمہ اوقاف کے اندر اپنے اپنے اوقاف کی نگرانی کر رہے ہیں ... ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اسی طرح شیعہ اوقاف کو بھی شیعہ کنٹرول میں رکھا جائے ...

تیسرا مطالبہ عزاداری سے متعلق ہے۔ فرقہ پرست عناصر شیعہ اور سُنی کے درمیان اتنی زیادہ دُشمنی پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ وہ ایک دوسرے کے گلے تک پہنچ جائیں اور اس سے پاکستان ختم ہو جائے گا... وہ انگریزوں اور ہندوؤں کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ پاکستان کے یہ دشمن، عوام میں عزاداری کے بارے میں غلط خبریں پھیلا رہے ہیں، مثلاً شیعہ مجالس اور جلوسوں میں پیغمبر کے صحابہ کو گالیاں دی جاتی ہیں، کہ شیعہ مسلمان نہیں ہیں، کہ شیعہ پانی میں تھوکتے ہیں اور دوسروں کو پینے کے لیے دیتے ہیں۔ شیعہ بُت پرست ہیں، اور کون جانے کہ وہ کیا ہیں ... دوسرے فرقوں کی نظر میں شیعہ ایک ناپاک اقلیّت بن چکے ہیں۔

وہ یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ اب اِس ملک میں اُن کے جان و مال اور مذہبی نعرے اور تقریبات محفوظ نہیں رہے...

ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ اقلیتی فرقہ اکثریتی فرقے کے حکم پر اپنے قدیمی مذہبی عقائد اور رسومات کو ترک کر دے۔ تیرہ صدیوں کی یاد کو مٹایا نہیں جا سکتا۔ عزاداری شیعوں کے ایمان کا حصہ ہے، اور ایک ایسا حق ہے جس کے لیے ہر شیعہ کسی بھی وقت قربانی دینے کے لیے تیار ہے۔ پاکستان کے دشمن سامنے آئیں اور بتائیں کہ شیعوں نے کب اور کہاں صحابہ کو گالی دی؟ انہوں نے سنیوں سے کب نفرت کی ہے؟ یہ سب فرقہ پرست عناصر کی سازشیں (ریشہ دوانیاں) ہیں... مَیں شیعہ علماء کے نام پر سُنی 'علماء' سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ متحد ہو جائیں اور ایسے دشمن عناصر سے نجات حاصل کریں اور حکومت کا ساتھ دیں۔ ہم شیعہ علماء نے پاکستان کے شیعوں کو متحد کرنے اور پاکستان کو مضبوط اور مُستحکم رکھنے کے لیے حکومت کی مدد کرنے کا فیصلہ کیا ہے...

سید محمد دہلوی اور اُن کے حامیوں کے حکومت و ملک کے ساتھ وفاداری کے وعدے جیسا کہ اوپر بیان کیے گئے آنے والے سالوں میں باقاعدگی سے شیعہ مطالبات کے ساتھ دہرائے جاتے رہے۔ مارچ 1964ء میں صدر ایوب خان نے پہلی بار دہلوی کی قیادت میں ایک وفد کا استقبال کیا اور کچھ مبہم وعدے کئے[175]۔ دوسری میٹنگ 14 مئی کو ہوئی، جس میں دینیات کے مسئلے پر توجہ دی گئی[176]۔ صدر نے اس کے بعد سیکرٹری تعلیم سید محمد شریف کو حکم دیا کہ وہ اس معاملے پر شیعہ وفد سے بات کریں۔ 13 اگست کو آٹھ تعلیمی ماہرین کی موجودگی میں ہونے والی اس میٹنگ کا واحد نتیجہ یہ تھا کہ سکول کی کتابوں سے قابل اعتراض اقتباسات کو ختم کرنے اور تاریخ کی نئی نصابی کتب تیار کرنے کے لیے شیعہ اور سنی 'علماء' کا ایک کمیشن بنانے کا وعدہ کیا گیا[177]۔ یہ علیحدہ مذہبی تعلیمات کے مطالبے سے کم تھا۔ چونکہ سات مہینوں کے اندر

ریاست کے نمائندوں کے ساتھ تمام ملاقاتوں کے ذریعے کوئی اہم پیش رفت نہیں ہو سکی تھی، اِس لیے مزید اقدامات پر تبادلہ خیال کے لیے 28-30 اگست 1964ء کو راولپنڈی میں ایک آل پاکستان شیعہ کنونشن بلایا گیا۔

تقریباً 250 'علماء اور دیگر شیعہ مندوبین لیاقت باغ میں جمع ہوئے جس کی صدارت سید محمد دہلوی کر رہے تھے، جن کی قیادت کو اس تقریب سے مدد ملی [178]۔ اِس میٹنگ کا اہتمام ڈاکٹر سید اجمل حسین رضوی (متوفی 1997ء) نے کیا تھا، جو کہ ایک مخیّر شخصیت تھے جو راولپنڈی میں نئی تحریک کے اہم سپورٹر بننے والے تھے [179]۔ آٹھ مکمل اجلاسوں کی صدارت معروف شخصیات نے کی [180]، اور وکلاء اور دیگر فقہا کے ایک الگ اجلاس نے دہلوی کو MAUSP کا ایک مشاورتی بورڈ بنانے کا اختیار دیا [181]۔ مفتی جعفر حسین کی طرف سے پیش کردہ ایک قرارداد نے مغربی پاکستان اسمبلی کے ایک حالیہ قانون ساز بل کو مسترد کر دیا جس میں بیواؤں کی وراثت سے متعلق شیعہ پرسنل لاء میں مداخلت ہے، اِس طرح 1962ء کے آئین کے آرٹیکل 10 سے متصادم ہے [182]؛ دیگر نے کراچی کنونشن کے مطالبات کو دہرایا [183]۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ سید محمد دہلوی ایک بار پھر صدر سے ITHS اور APSC کے چیئرمینوں کے ساتھ باریابی کریں گے اور ایک میمورنڈم پیش کریں گے، تاکہ یہ واضح کیا جاسکے کہ یہ پاکستان کے تمام شیعوں کے مطالبات ہیں [184]۔

اُس وقت تک، نواب قزلباش اور مظفر علی شمسی نے ابھی تک کوئی ایسا قدم نہیں اُٹھایا تھا جو نئے اُبھرنے والے قائد ملت سے اپنی حسد کو ظاہر کرے۔ دہلوی نے "قدیمی گارڈ" کی لیڈر شپ کو چیلنج نہ کرنے کی اپنی پوری کوشش کی - اور آنے والے سالوں کے دوران بھی کرتے رہے، - بلکہ اُنہیں ایک مشترکہ کوشش کے لئے آن بورڈ لینے کی کوشش کرتے رہے۔ اس طرح وہ ITHS اور APSC کو وفود اور کمیشنوں میں مناسب نمائندگی دینے کے لیے بے چین رہتے تھے اور اُن کے قائدین کا پورا احترام کرتے تھے [185]۔ مثال کے طور پر، راولپنڈی کنونشن کے موقع پر انہوں نے ITHS کونسل کے اجلاس کے دوران مداخلت کی اور مظفر علی شمسی کو سیکرٹری جنرل کے عہدے سے ایک بار پھر استعفیٰ واپس لینے کا "حکم دیا" [186]۔

تاہم، اکتوبر 1964ء میں، دوسرے شیعہ رہنماؤں کے تعاون کی مماثلت کو پہلا دھچکا لگا۔ سید محمد دہلوی، جنہوں نے راولپنڈی کنونشن کے بعد پاکستان کے کچھ اضلاع کا دَورہ کیا تھا، نے 25 اکتوبر کو ہونے والے حکومتی تاخیری حربوں کے خلاف پرامن یوم احتجاج منانے کی کال دی [187]۔ اسی روز اخبارات میں یہ خبریں آرہی تھیں کہ قزلباش نے 19 اکتوبر کو صدر ایوب خان اور گورنر امیر محمد خان سے ملاقات کی تھی اور کچھ شیعہ مطالبات پیش کیے تھے۔ صدر نے اصولی طور پر اتفاق کیا تھا اور نصاب پر نظر ثانی کرنے اور ایسے مواد کو ہٹانے کیلئے جو شیعوں کے لیے قابل اعتراض ہو، سفارشات تیار کرنے کے لیے مناسب شیعہ نمائندگی کے ساتھ ایک مخلوط بورڈ بنانے کے لیے اپنی تیاری کا اعلان کیا۔ انہوں نے مزید وعدہ کیا کہ عزاداری کے جلوسوں پر کوئی عام پابندی نہیں لگائی جائے، لیکن یہ مقامی حکام پر منحصر ہو کہ جہاں بھی لائسنس کے لیے درخواست دی جائے، وہ عوامی تحفظ کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کریں [188]۔

دہلوی کے سپورٹرز کی جانب سے فوری طور پر شور مچایا گیا کہ قزلباش نے "فرقہ وارانہ نظم وضبط کی خلاف ورزی کی ہے" اور یہ کہ صدر یا گورنر کے ساتھ شیعہ مطالبات پر بات کرنے کا حق صرف قائد ملت کو ہے [189] خود دہلوی نے 28 اکتوبر کو ایک بیان میں واضح کیا کہ تین اہم شیعہ مطالبات کو ابھی تک تسلیم نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے اصرار کیا کہ محض چند نصابی کتب کو درست کرنا علیحدہ دینیات کا متبادل نہیں ہوگا، اور

عزاداری سے نہ صرف مقامی حکام سے کوئی تعلق نہیں، بلکہ حکومت کو آئین کی ضمانت کے مطابق مذہبی عمل کی آزادی کے حق میں واضح بیان دینا ہوگا۔ دہلوی نے گورنر کے اِس اعلان کو بھی ناکافی قرار دیا کہ ایک شیعہ نمائندہ کو وقف انتظامیہ بورڈ میں جلد ہی شامل کیا جائے گا[190]۔ مظفر علی شمسی نے اپنی طرف سے اِس اعلان کو سراہا اور 12 نومبر کو اُن کی باری تھی کہ ایوب خان "شیعہ رہنماؤں" کے ایک وفد کے ساتھ اُن کا استقبال کرے[191]۔

یہ قزلباش اور شمسی دونوں کی طرف سے اُبھرتی ہوئی نئی شیعہ قیادت کو روکنے اور حکومت کی طرف سے پیش کی جانے والی کسی بھی رعایت کا کریڈٹ لینے کی کوششوں کے سلسلے میں صرف پہلی کوشش تھیں۔ اِس طرح کے ہتھکنڈوں کو اگلے سالوں میں جاری رکھنا تھا اور مزید ضدی بننا تھا۔

30 نومبر 1964ء کو ایوب خان نے ایک بار پھر دہلوی کا پچاس رکنی وفد کے ساتھ گورنمنٹ ہاؤس لاہور میں علما، وکلاء اور معززین کے ساتھ استقبال کیا۔ انہوں نے ایک تحریری یادداشت پیش کی، جس میں صدر کو کراچی کنونشن کے "انتہائی معقول" مطالبات اور شیعہ نمائندوں کی اپنے ساتھ، مغربی پاکستان کے گورنر اور سیکرٹری تعلیم سے سابق ملاقاتوں کی یاددہانی کرائی۔ چونکہ شیعوں کی درخواستوں اور احتجاج پر اب تک توجہ نہیں دی گئی تھی، اس لیے انہوں نے یومِ احتجاج کا سہارا لیا، جسے "مثالی طور پر پرامن" منایا گیا۔ یادداشت میں درج ذیل اِنتباہ تھے:

یہ وقت کی ضرورت ہے کہ آپ ذاتی طور پر مُداخلت کریں اور مزید تاخیر کے بغیر تصدیق کریں کہ ہم اِس آئین کے مطابق اپنی ضمانت شدہ مذہبی آزادی اور بنیادی شہری حقوق کے حقدار ہیں جو آپ نے خود جاری کیا ہے، اور جس کے نفاذکی ذمہ داری بطور ہیڈ آف سٹیٹ آپ کی ہے[193]۔

ایوب خان، جو اُس وقت فاطمہ جناح کے خلاف صدر کے طور پر دوبارہ انتخاب کے لیے اپنے مقابلے کے آخری مرحلے کے قریب پہنچ رہے تھے، 194 نے مفاہمت آمیز لہجے میں جواب دیا: چونکہ اُن کی حکومت بلاتفریق تمام لوگوں کی بھلائی چاہتی تھی اور مذہبی آزادی کی مکمل حمایت کرتی تھی۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ شیعوں کی طرف سے کچھ شکایات باقی ہیں۔ انہوں نے شیعہ مطالبات سے ہمدردی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اپنی تیاری کا دعویٰ کیا لیکن کہا کہ کوئی حکم نامہ جاری کرنے کے بجائے یہ بہتر ہوگا کہ متفقہ حل کی تلاش کے لیے حکومت کے کچھ اراکین اور دہلوی کی جانب سے دیئے گئے ناموں والے نمائندوں کا ایک مشترکہ کمیشن بنایا جائے 195۔

اگلے دن نوائے وقت اور کچھ دوسرے اخبارات نے خبر دی کہ شیعوں کے رہنما نے ایوب خان کی سیاسی حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ مرزا یوسف حسین اور خود سید محمد دہلوی نے اِس خبر کی پرزور تردید کی[196]، جنہوں نے شیعہ پریس میں فوری وضاحت جاری کی: سب سے پہلے، صدارتی انتخابات ایک سیاسی سوال تھا، اور اُن پر فتویٰ کے احکام لاگو نہیں ہوتے۔ ہر شیعہ کو اس معاملہ میں مکمل آزادی تھی۔ دوسرا یہ کہ نہ تو وہ خود کو مجتہد سمجھتا تھا کہ اپنے آپ کو فتویٰ دینے کا حقدار سمجھے اور نہ ہی اُن کا سیاست سے کوئی تعلق تھا، بلکہ صرف اپنی قوم کے مذہبی مطالبات سے سروکار تھا۔ پھر بھی اس سلسلہ میں، انہوں نے تمام شیعہ تنظیموں اور انجمنوں کی حمایت حاصل کرنے کا دعویٰ کیا۔ انہوں نے خود کو اُن

شیعہ وفود سے بھی دُور کر لیا جو اُن سے پہلے صدر سے ملے تھے [197]۔

شیعہ گروہی قائدین کی صفوں میں نئی تقسیم اب ظاہر ہو چکی تھی۔ 1964ء کے موسم خزاں کے بعد سے، دہلوی کے کچھ حامیوں نے اُن لوگوں کو جنہوں نے اُن کی اعلیٰ قیادت کو تسلیم نہ کیا اُنہیں "قوم کے غدار" قرار دینا شروع کر دیا اور اُن کے ساتھ "حساب کتاب" کے مطالبات میں زیادہ جارحانہ ہوتے گئے۔ ایسے غصیلے لوگوں میں سب سے اوپر سید مشتاق حسین نقوی (1913ء-2000ء) تھے، جو دہلی کے قریب ضلع گڑ گاؤں سے تعلق رکھنے والے ایک مہاجر تھے جو 1947ء کے بعد ملتان میں آباد ہوئے اور ایک مقبول مقرّر کے طور پر شہرت حاصل کی، جن کی انتخابات کے دوران امیدواروں سے حمایت طلب کی گئی [198]۔ مشتاق حسین 1964ء کے بعد کے سالوں میں سید محمد دہلوی کی تحریک اور نام نہاد "لاہور کے غدار" خاص طور پر قزلباش، APSC کے سیکرٹری جنرل شائق امبالوی، اور مظفر علی شمسی کے خلاف ایک کٹر مہم جُو بن گئے۔ کراچی میں بھی اُن کے خلاف ناراضی بہت زیادہ تھی، جہاں ITHS کے مقامی عہدیداران جلد ہی شمسی سے خود کو دُور کر لیتے [199]۔ لیکن دہلوی بذاتِ خود اب بھی "تین مطالبات" کی منظوری کے اعلیٰ مقصد کے لیے دوسرے شیعہ رہنماؤں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعاون کرنے کے لیے تیار تھے۔ بنیاد پرستوں کے دباؤ کی مزاحمت کرتے ہوئے، اُنہوں نے ایوب خان کے تجویز کردہ مشترکہ کمیشن کے لیے پانچ شیعہ مندوبین میں قزلباش کو نامزد کر دیا، باقی ITHS کے چیئرمین سید مبارک علی شاہ، مفتی جعفر حسین، علی احمد خان جعفری [200] اور خود دہلوی تھے [201]۔

گورنر امیر محمد خان، جنہوں نے مذکورہ کمیشن کی سربراہی کرنی تھی، فروری 1965ء میں چار دیگر اعلیٰ عہدے داروں کا تقرر کیا [202]۔ تاہم یہ معلوم ہوا کہ اگلے سات ماہ کے دوران کمیشن کا ایک بھی اجلاس نہیں بلایا گیا، مبینہ طور پر مظفر علی شمسی کی وجہ سے جو شیعہ رہنماؤں میں سے گورنر کے "پسندیدہ" کو شامل نہیں کیا گیا [203]۔ اِس کی بجائے، مارچ 1965ء میں "لاؤڈ اسپیکر آرڈیننس" کی شکل میں مذہبی تقریبات پر نئی پابندیاں لگائی گئیں۔ اگرچہ اِس آرڈیننس نے سنیوں کے ساتھ ساتھ شیعوں کو بھی متاثر کیا، لیکن مؤخر الذکر نے اِسے اپنے عزاداری کے جلوسوں کے لیے ایک نئی رکاوٹ کے طور پر دیکھا، کیونکہ اِس کے بعد سے اگر "علاقے کے لوگوں کو پریشان کیا گیا" اور متعدد دیگر حالات کے تناظر میں لاؤڈ سپیکر پر پابندی عائد کر دی گئی [204]۔

حکومت نے مشترکہ کمیشن کے اندر شیعہ مطالبات پر بات کرنے کی بجائے، جوائنٹ وقف ایڈمنسٹریشن بورڈ کے لیے دو شیعوں کی تقرری کے اپنے منصوبے کو آگے بڑھایا۔ شیعہ مطالبات کمیٹی (SMC) کا اجلاس یعنی دہلوی نے جن پانچ نمائندوں کو جنوری میں نامزد کیا تھا [205]، 24 جولائی 1965ء کو کراچی میں انہوں نے شیعہ اوقاف کے لیے علیحدہ بورڈ کے مطالبے پر اصرار کرتے ہوئے اِس تجویز کو مسترد کر دیا [206]۔ اِس کے باوجود اِس معاملے پر SMC کی قرارداد میں ایک شق شامل کی گئی، بظاہر قزلباش کے کہنے پر، جس میں کہا گیا کہ "اگر حکومت انفرادی طور پر کسی اہل شیعہ کو بورڈ میں تعینات کرتی ہے اور وہ شیعہ مفادات کے خلاف کام نہیں کرتا ہے، تو SMC کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا [207]"۔ 24 اگست کو چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف نے SMC ممبران کو مجوزہ تقرریوں پر مشاورت کے لیے مدعو کیا۔ اگرچہ اُس وقت کوئی معاہدہ نہیں ہو سکا تھا، لیکن APSC سے سید ہادی علی شاہ اور ITHS سے فیاض حسین ہمدانی نے مشترکہ بورڈ میں شیعہ نمائندوں کے طور پر اپنی نامزدگی کو قبول کر لیا [208]۔ بعد میں دونوں پر الزام لگایا گیا کہ انہوں نے اپنی مدت کے دوران متعدد شیعہ اوقاف کو سنی اوقاف میں

تبدیل کرنے پر رضامندی ظاہر کی تھی[209]۔

1965ء کے اوائل میں تشکیل پانے والے شیعہ اور حکومتی نمائندوں کے جوائنٹ کمیشن کو ہوم سیکرٹری کی جانب سے 7 ستمبر 1965ء کو پہلے اجلاس کے لیے بلایا گیا تھا-- اتفاق سے اِس سال کی ہندوستان کے ساتھ جنگ کے آغاز کے ساتھ[210]۔ لیکن کوئی وجہ بتائے بغیر، مظفر علی شمسی کو مبارک علی شاہ کی بجائے پانچ مدعو کیے گئے شیعہ افراد میں شامل کر لیا گیا، باقی چار افراد نے اجلاس کے بائیکاٹ پر اُکسایا[211]۔ 1965ء کے آخری مہینوں میں سید محمد دہلوی کی تحریک نہ صرف جنگ اور اِس کے بعد کی وجہ سے بلکہ بڑھتی ہوئی شیعہ کشمکش کی وجہ سے بھی پستی پر پہنچ گئی۔ دہلوی لاہور میں اپنے حریفوں کے ساتھ صبر کھو دینے اور اِس مرحلے پر اپنی مہم کی قیادت چھوڑنے پر مائل تھے۔ لیکن پاکستان کے دیگر شیعہ مراکز، خاص طور پر ملتان سے اُنہیں جو مضبوط حمایت ملی، اس نے اُنہیں ITHS اور APSC دونوں سے آزاد کرنے اور اگلے سال ایک نئی ملک گیر تنظیم قائم کرنے کی ترغیب دی[213]۔

راسخ العقیدہ 'علماء' اور مقبول مبلغین کے درمیان تنازعات

سید محمد دہلوی کی قیادت میں چلنے والی تحریک، جس نے 1965ء کے بعد تین سالوں میں حکومت اور سنی اکثریت کے سامنے شیعہ مطالبات کو کامیابی کے ساتھ منوایا، پاکستان کی شیعہ برادری کے اندر ایک خالصتاً داخلی اختلاف کے پہلے عروج کے دَور سے ہمزمان تھی۔ عجیب بات یہ ہے کہ انہی سالوں میں جب تقریباً تمام شیعہ علماء" تین مطالبات" کی خاطر دہلوی کے پیچھے متحد ہو گئے تھے، یہی 'علماء' دو ایسے کیمپوں میں بٹ گئے جو مختلف مذہبی عقائد و رسومات کو بڑھتی ہوئی ہٹ دھرمی کے ساتھ پھیلانے لگے۔ اِس بتدریج فروغ کی محرک قوت سرگودھا سے تعلق رکھنے والے مولانا محمد حسین ڈھکو کی تصانیف تھیں، جنہوں نے دینی مدارس کی رسمی شیعت، پیشہ ور واعظین وذاکرین کی مقبول شیعت کے درمیان شدید قطبی تقسیم پیدا کرنے میں کسی بھی دوسرے فرد سے زیادہ کردار ادا کیا۔

پاکستان میں اِس طرح کا تنازعہ 1950ء کی دہائی میں منظر عام پر آچکا تھا، جس میں دینی مدارس کے کچھ علماء نے شکایت کی تھی کہ کس طرح ذاکر اور مبلغین شیعہ عوام کو" گمراہ" کریں گے اور اُن کی مذہبی ذمہ داریوں سے توجہ ہٹائیں گے[215]۔ 1959ء میں سب سے کامیاب مبلغین اور مناظروں میں سے ایک، مولانا محمد اسماعیل (1901ء-76ء) نے جوابی حملہ کیا[216]۔ اُسی سال اکتوبر میں، اُس نے اپنے جریدے صداقت میں مضامین کا ایک سلسلہ شائع کیا جس میں اُس نے دینی مدارس کو چلانے والے اُن علماء پر سخت اور توہین آمیز الفاظ کے ساتھ الزام لگایا کہ وہ خمس کے طور پر دیے گئے فنڈز کا غلط استعمال کرتے ہیں۔ اُس نے دلیل دی کہ یہ مذہبی ٹیکس-نظریاتی طور پر شیعہ مومنین کی خالص سالانہ بچت کا پانچواں حصہ[217] - صرف ضرورت مند سیدوں کی مدد کے لیے خرچ کیا جا سکتا ہے[218]۔ لیکن شیعہ مذہبی پریکٹس میں کہیں بھی ایسا نہیں تھا۔ امام کا حصہ (سہم امام) یعنی خمس کا نصف حصہ، ایران، عراق اور شمالی ہندوستان میں صدیوں سے شیعہ علما مختلف مذہبی اور رفاہی مقاصد کے لیے استعمال کرتے رہے ہیں[219]۔ یہی کچھ پاکستان میں تھا، لیکن وہاں بہت کم شیعہ 1950 کی دہائی کے آخر تک 'علماء' کو خمس دیتے رہے تھے[220]۔ اِس کا کم از کم نصف دیگر عطیات کے ساتھ مساجد، امام بارگاہوں اور دینی مدارس کی تعمیر و دیکھ بھال، طلباء کے وظیفے اور اساتذہ کی تنخواہوں کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

محمد اسماعیل کی متنازع فیہ دلیل کہ خمس کے لحاظ سے بالکل غلط تھی جو ابھی تک دینی مدارس کے اختیار میں رکھا گیا تھا، لیکن یہ منطق کے بغیر نہیں تھی۔ چونکہ بہت سے 'علماء' نے شیعوں کو اُن کے" مذہبی واجبات" کی ادائیگی کے لیے آمادہ کرنے کی بھرپور کوششیں کیں اور ساتھ ہی ساتھ مجالس ومحافل کے لئے فضول خرچی کی مذمت کی، جس میں ایسے مواقع پر مبلغین کی فیس بھی شامل تھی، اس لیے مؤخر الذکر جلد یا بدیر جوابی حملہ کرنے کے پابند تھے۔ مارشل لاء کے نفاذ کے بعد سے شیعہ سنی مسئلہ میں تعطل اور عوامی مناظرات پر پابندی کی وجہ سے، جنگجو مولانا بظاہر ایک نیا محاذ کھولنے کے لیے بے چین تھے۔ انہوں نے جامعۃ المنتظر لاہور اور مدرسۃ مخزن العلوم ملتان میں ہونے والے اجلاسوں سے فوری طور پر ناراض ردعمل کا اظہار کیا۔ مؤخر الذکر کے بانی ڈائریکٹر، سید گلاب علی شاہ نقوی نے محمد اسماعیل کو اُسی انداز میں جواب دینے میں سبقت لی۔ انہوں نے اور دینی مدارس کے دیگر نمائندوں نے اِستدلال کیا کہ اُن کے پاس عراق کے اعلیٰ ترین شیعہ معززین کی طرف سے اجازت ہے جس نے انہیں مذہبی ٹیکسوں کو اُس طرح استعمال کرنے کی اجازت دی ہے جس طرح وہ کرتے تھے[221]۔ اگرچہ

پاکستان میں شیعہ 'علماء' کے درمیان تنازعات اور کیچڑ اُچھالنا کسی بھی طرح سے غیر معمولی نہیں تھا، لیکن یہ ایک خالص مذہبی معاملے کے بارے میں پہلا بڑا تنازعہ تھا جو مکمل طور پر عوام کے سامنے پیش کیا گیا تھا، جس کے بارے میں اگلی دو دہائیوں میں اِس سے بھی بدتر ہونے کی پیشین گوئی تھی۔

شیعوں کے اتحاد اور علمائے کرام کی ساکھ کی فکر کرنے والوں نے اِس معاملے کو روکنے کی پوری کوشش کی۔ جریدے المبلغ نے اِس پر تبصرہ کرنے سے تقریباً اِجتناب کیا، بس خمس کی ضرورت پر ایک چھوٹا سا آرٹیکل شائع کیا[222]۔ اِس میں دعویٰ کیا گیا کہ دارالعلوم محمدیہ سرگودھا نے اب تک اپنے طلباء میں صرف سادات کے لیے خمس استعمال کیا ہے[223]۔ رضا کار کے مدیر نے علمائے کرام کی الگ ملاقات یا اِس تنازعہ کو نجف میں مرجع تقلید سے رجوع کرنے کی اپیل کی[224]۔ محمد اسماعیل نے دعویٰ کیا کہ اُنہوں نے پہلے اِس معاملے پر خفیہ طور پر دیگر "علماء" سے بات کرنے کی کوشش کی تھی لیکن اُنہوں نے اِس تنازعہ کو نجف لے جانا ضروری نہیں سمجھا[225]۔

درحقیقت مارچ 1961ء میں وفات پانے والے آیت اللہ سید محمد حسین بروجردی اور اُن کے جانشین سید محسن الحکیم دونوں کی پوزیشن غیر یقینی رہی۔ ایک طرف، دینی مدارس اور امامیہ مشن پاکستان جیسی تنظیمیں باقاعدگی سے اپنے اخراجات کے لیے خمس کے استعمال کے نقل بہ مطابق اصل اجازت نامے شائع کرتی تھے۔ دوسری طرف اکتوبر 1961ء میں ایک سید حسن علی شاہ کاظمی نے دونوں قابل احترام آیت اللہ کے فتاوے نقل کیے جو کہ متضاد معلوم ہوتے ہیں: بروجردی نے غریب سادات کے لیے اگر اُن کے خمس کا حصہ کافی نہ ہو تو سہم امام کو بھی استعمال کرنا زیادہ محفوظ (احوط) سمجھا ہے۔ محسن الحکیم نے مساجد، امام بارگاہوں یا دینی مدارس کے لیے سہم امام کے استعمال کی اجازت دی تھی لیکن "صرف اس صورت میں جب چندہ اور زکوٰۃ کافی نہ ہو"[226]۔ کاظمی نے تبصرہ کیا کہ پاکستان میں شیعہ مجالس وغیرہ کے لیے سالانہ درجنوں لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں اور خمس کے بغیر آسانی سے دینی مدارس چلا سکتے ہیں[227] اِس کی وجہ سے محسن الحکیم نے رضا کار کے ایڈیٹر کو خط لکھا، اُن سے کہا کہ وہ " ایسے مضامین پر آرٹیکلز شائع نہ کریں جو شیعوں کے درمیان تفرقہ پیدا کرتے ہوں"، جیسے مذہبی واجبات (حقوق شریعہ)[228]۔ بظاہر یہ تنازعہ 1961ء کے اواخر تک ختم نہیں ہوا۔ محمد اسماعیل نے اپنی طرف سے، اپنی زندگی کے آخر تک "خمس خور" علماء کے خلاف اپنے سخت گیر موقف پر ڈٹے رہے، جب کہ آخر الذکر نے اپنے موقف کے دفاع میں کئی کتب لکھیں[230]۔

اگر خمس کا تنازعہ پاکستان کے شیعوں میں فقہ جعفریہ کے دستور العمل کو بڑھانے کے لیے راسخ العقیدہ 'علماء' کی کوششوں کے لیے ایک دھچکا تھا، تو 1959ء کے بعد کے سالوں میں دینی مدارس کی تنظیم کے حوالے سے کچھ پیش رفت ہوئی۔ جامعۃ المنتظر میں مئی 1958ء کے کنونشن کی پیروی میں[231]، 1-3 اپریل 1960ء کو دارالعلوم سرگودھا کے 12ویں سالانہ اجلاس کے دوران بیشتر شیعہ مدارس کے ڈائریکٹرز کا بظاہر متفقہ نصاب کے لیے پیش رفت حاصل کرنے کے بارے میں اجلاس ہوا[232]۔ اِس نوعیت کا تیسرا اجلاس 5 جنوری 1962ء کو جامعۃ المنتظر میں منعقد ہوا، جس میں بنیادی طور پر محکمہ اوقاف کی ذیلی کمیٹی میں شیعوں کو شامل نہ کیے جانے کے خلاف احتجاج کیا گیا، جس کی ذمہ داری دینی مدارس کے نصاب کی اِصلاح کی ذمہ داری تھی[233]۔ جمعیت امامیہ لاہور میں 1962ء کے ایک اور اجلاس میں ایک مرکزی نگران ادارہ (مجلس نظارتِ شیعہ مدارسِ عربیہ) تشکیل دیا گیا، لیکن 1979ء میں وفاق المدارس الشیعہ کی تشکیل کے بعد ہی اطمینان بخش نتائج حاصل ہوئے[234]۔

اُس وقت ایوب خان کی حکومت نے سیکولر نصاب کو ترجیح دینے کی کوشش کی، جو 1950ء کی دہائی میں پہلے سے دینی نصاب کے ساتھ پڑھایا جا چکا تھا، دینی مدارس پر نافذ کیا گیا اور اپنے تدریسی عملے کو ریاستی نگرانی میں لایا گیا۔ اِن دونوں مقاصد میں سے کوئی بھی حاصل نہ ہوا۔ حکومت کے اقدام کا اثر تمام مسلم تعبیروں بشمول شیعہ دینی مدارس کی خود ساختہ تنظیم کو تیز کرنا تھا[235]۔

صرف سرٹیفکیٹ میں دلچسپی رکھنے والے طلباء[236] کے ساتھ برے تجربات کے بعد دار العلوم سرگودھا اور کچھ دوسرے شیعہ دینی مدارس نے 1959ء میں اُن تمام طلباء کے لیے جو سیکنڈری سکولز بورڈ کے امتحانات پاس کرنا چاہتے تھے پہلے دینی تعلیم مکمل کرنا لازمی قرار دیا[237]۔ تین سال کے وقفے کے بعد، جب دینی مدارس کو "مولوی فاضل" (بی اے کے مساوی) کے سرٹیفکیٹ، جاری کرنے سے روک دیا[238] تو وہ 1962ء سے شروع ہونے والے ثانوی بورڈ کو مکمل طور پر چھوڑ کر ہر قسم کے امتحانات خود منعقد کرنے کے قابل ہو گئے[239]۔

اگرچہ شیعہ دینی مدارس نئے 'علماء' کی تیاری میں سنی مدارس سے ابھی بہت پیچھے تھے، لیکن اُنہوں نے 1958ء اور 1962ء کے درمیانی سالوں میں اپنے انتہائی ضروری مسائل حل کر لیے تھے۔ وہ شیعہ علما جو 1949ء سے مدارس قائم کرنے میں پیش پیش تھے اب زیادہ پر اعتماد اور بلند حوصلہ ہو چکے تھے۔ سید صفدر حسین نجفی (1933ء-89ء)[240]، جو 1956ء سے جامعۃ المنتظر میں پڑھاتے تھے اور 1965ء میں اِس کے پرنسپل بنے[241]، جلد ہی لاہور کے چند مالدار تاجروں کی حمایت سے ایک ٹرسٹ قائم کیا، جس نے اپنا مقصد اُس مدرسے کو نجف اور قم کے عظیم شیعہ مراکز کے برابر حوزۂ علمیہ کے مرتبے تک لانا[242]۔ اگرچہ اس طرح کا بلند مقصد کئی دہائیوں بعد بھی حاصل نہ کیا جا سکا، جامعۃ المنتظر نے تیزی سے توسیع کی، اور 1971ء میں لاہور کے ماڈل ٹاؤن میں ایک بہت بڑی نئی عمارت میں منتقل ہوا[243]۔

1960ء میں دیگر مقامات بشمول راولپنڈی[244]، جھنگ[245]، لائل پور[246]، احمد پور سیال (جامعۃ الغدیر)، حیدر (مشاری العلوم) اور بہاولپور میں کئی چھوٹے شیعہ مدارس کی بنیاد رکھی گئی۔

جبکہ جامعۃ المنتظر 1971ء میں پاکستان کے شیعہ مدارس میں پہلے نمبر پر آ گئی، دار العلوم محمدیہ سرگودھا نے کم از کم 1960ء کی دہائی کے وسط تک اپنی صف اوّل کی پوزیشن برقرار رکھی۔ 1961ء سے 1971ء تک کچھ لوگ اِس کے پرنسپل محمد حسین ڈھکو (پیدائش 1932ء-2023ء)[247] کو زیادہ دانا مقامی پاکستانی شیعہ مجتہد کے طور پر شمار کرتے تھے، یہاں تک کہ مفتی جعفر حسین سے بھی برتر[248]۔ اُن کے حامیوں کے اِس طرح کے بیانات کی قدر و قیمت کچھ بھی ہو، ڈھکو کے بہت سے ہم خیال 'علماء' میں سے کوئی بھی اپنے شیعہ ہم وطنوں میں پائے جانے والے غلط عقائد اور مذہبی طریقوں میں انحرافات کا مقابلہ کرنے میں ڈھکو کے مبلغانہ جذبے کے برابر نہیں تھا۔

ذاکروں کی لالچ پرستی اور مجالس کے بارے میں اُن کی غلط روش کے خلاف بہت سے مباحثے شیعہ پریس میں 1950ء کی دہائی کے وسط سے خاص طور پر المبلغ میں شائع ہو چکے تھے[249]۔ ستمبر 1961ء کے اِس جریدے کا اداریہ خاص طور پر بے باکانہ تھا (اقتباسات):

کیا حسین کو صرف اس لیے شہید کیا گیا ہے کہ کچھ لوگ مل بیٹھیں اور اُن پر گریہ و زاری کریں؟ ہر گز نہیں!

سید الشہداء نے جو کچھ بھی برداشت کیا وہ صرف اور صرف اسلام کو زندہ کرنے کے لیے تھا۔ پس اگر ہمارا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، اگر ہم خدا کے حکم پر عمل کرنے سے بھاگتے ہیں تو یقیناً ہم اہدافِ حسین کے دشمن اور یزید کے افعال سے محبت کرنے والے ہیں۔ ایسی صورت میں ہمیں اپنے آپ کو حسینی کہنے کا کوئی حق نہیں ہے......

اکثر واعظ اور ذاکرین نے مجلس خوانی کو محض ایک پیشہ بنالیا ہے اور وہ بڑی بے شرمی سے کہتے ہیں (میں نے خود سنا ہے): ”میں نہ امام ہوں، نہ نبی، نہ مبلغ، اور نہ ہی وہ ہوں جو مجلس پر ایمان رکھتے ہیں۔ میرا کام تو قصے کہانیاں اور من گھڑت بکواس سنانا محض سامعین کو خوش کرنا ہے۔“ اس طرح مبلغ شروع سے ہی مجلس کو بے معنی بنا دیتا ہے۔ کہانیوں کے بعد مصائب بیان کرنے کا فن آتا ہے[250] (جہاں پانچ منٹ کے معاملات کو پندرہ منٹ تک بڑھا دیا جاتا ہے) اور لوگوں کو خوب رُلایا جاتا ہے (یوں)؛ پھر مجلس کے بانی کو کھلے عام معاوضہ ادا کرنے کے لیے ڈرایا دھمکایا جاتا ہے اور اُس کے سامنے پیسے گنے جاتے ہیں...... اِسے کارِ خیر نہیں بلکہ دو گھنٹے کی محنت کی اُجرت کہا جاتا ہے۔

یہ افسوسناک اور غیر انسانی بھی ہے کہ ایسے لوگوں کو حق ہے کہ وہ اپنے آپ کو ذاکر اہل بیت کہلائیں۔ کیا شہادت حسین کا مقصد یہ تھا کہ مجلس خوانی تجارت بن جائے؟...... بعض ذاکر بڑی ڈھٹائی سے جھوٹی روایات[251] بیان کرتے ہیں۔ وہ اپنے اور سامعین کے عقائد کو غلو[252] اور تفویض سے بھری روایات[253] کے ذریعے خراب کرتے ہیں۔...... ایسے لوگوں نے سامعین کا ذوق اِس حد تک بگاڑ دیا ہے۔...... کہ اگر کوئی واعظ یا عالم دین نماز، روزہ یا دیگر فرائض کی بات کرتا ہے تو وہ کھڑے ہو کر مجلس چھوڑنے لگتے ہیں...... آج کل کسی مبلغ کی کامیابی یا مقبولیت کی بنیاد علم، راستبازی، زُہد اور پرہیزگاری نہیں بلکہ مصائب کے بارے میں خود من گھڑت روایات سنا کر سامعین کو قصیدے سے ہنسانے اور حتی الامکان رُلانے کی صلاحیت پر منحصر ہے......[254]

مذکورہ بالا متن میں پیشہ ور واعظین پر تنقید کا ایک نیا پہلو شامل تھا، یعنی یہ الزام کہ وہ شیعہ عقائد کو غلو اور تفویض سے مسخ کر رہے ہیں۔ راسخ العقیدہ شیعہ علماء کے لیے اب مسئلہ مجالس کے ذریعے صرف توانائیوں اور پیسوں کا ضیاع اور بنیادی مذہبی فرائض سے غفلت کا نہیں تھا، بلکہ عقائد کی دخل اندازی سے شیعہ مذہب کے بگاڑ کا تھا، جسے مرکزی دھارے شیعہ اثنا عشری نے بطور ”انتہا پسند“ اور طویل عرصے سے توہم پرست کے مسترد کر دیا تھا۔ اس طرح کے عقائد اہل بیت سے منسوب متعدد مافوق الفطرت خصوصیات کے گرد مرکوز ہیں، جیسا کہ مٹی کی بجائے نور سے اُن کی تخلیق، اُن کی ہر جگہ موجودگی اور علم لدنی اور اُنہیں خدا کی بعض صفات کی عطائیگی (تفویض) نیز مذہبی عمل میں اُن کے لیے عزت و احترام کی کچھ صورتیں، جیسا کہ اذان میں علی ولی اللہ کا اضافہ، سلام میں یا علی مدد کا اظہار کرنا اور دعاؤں میں ائمہ سے اِستمداد[255]۔ پیشہ ور واعظین پر الزام لگا کہ وہ مقبولیت کی خاطر شیعہ عوام میں اِس طرح کے عقائد پھیلا رہے ہیں، کیونکہ یہ چیز عام شیعہ مومنین کی عزتِ نفس کو خوش آئند خیالات کے ساتھ خوش کرتی ہے کہ وہ اپنے ائمہ کے اختیارات کے بارے میں ممکنہ طور پر بلند ترین عقیدہ رکھیں۔

اِس کے برعکس جو لوگ عراق اور ایران کے دینی مدارس سے فارغ التحصیل ہوئے تھے، بنیادی طور پر فقہ کے سوالات اور اُن مدارس میں پڑھائے جانے والے دینی فرائض کے درست دستور العمل میں دلچسپی رکھتے تھے۔ 1950ء کی دہائی کے اوائل سے شیعہ حدیث، فقہ اور عقائد کی قدیم کتب کا اردو میں ترجمہ کرنے اور انہیں پاکستان میں شائع کرانے کے عزائم موجود تھے[256]۔ یہ ضرورت اس لئے بھی زیادہ محسوس کی گئی کیونکہ ذاکرین اور پیشہ ور واعظین کے ذریعے شیعہ عقائد کی غلط تفہیم پھیلتی نظر آ رہی تھی۔ اس سلسلے میں ایک اہم سنگ میل شیخ ابن بابویہ الصدوق کی کتاب ”عقائد مذہب الشیعہ“ کا ترجمہ تھا جسے سید منظور حسین بخاری (سرگودھا) نے محمد حسین ڈھکو کی مفصل شرح کے ساتھ 1964ء میں ”احسن الفوائد فی شرح العقائد“ کے عنوان سے شائع کروایا[257]۔ اس کتاب کے ذریعے ڈھکو نے ایک ایسے بحث کی بنیاد ڈال دی جو تین دہائیوں سے زائد عرصے بعد بھی جاری رہی۔ انہوں نے شیعہ ائمہ اور دیگر موضوعات پر ”صحیح عقائد“ کے بارے میں اپنے

خیالات کو واضح انداز میں پیش کیا، جبکہ اِس کے ساتھ ہی اُس وقت پاکستان میں اکثر مبلغین کی طرف سے پھیلائے جانے والے غلو اور تفویض کے بارے میں اپنی تردید میں کوئی نرمی نہ برتی[258]۔

ڈھکو کی کتاب کو بہت سے راسخ العقیدہ 'علماء' اور دینی مدارس کے اساتذہ کی جانب سے خوب پذیرائی حاصل ہوئی لیکن قدرتی طور پر اُن لوگوں نے اِسے مسترد کر دیا جو اُن کی تنقید کا نشانہ تھے۔ اس کے خلاف کئی ردعمل میں جوابات لکھے گئے، جن میں جھنگ کے دوسر کردہ علماء، سید ضمیر الحسن نجفی[259] اور سید محمد عارف نقوی[260] کی طرف سے خاص طور پر ردعمل لکھا گیا۔ ڈھکو پر جو بنیادی الزام لگایا گیا وہ یہ تھا کہ وہ ائمہ کی حیثیت کو کمتر کر رہا ہے، اور ڈھکو اور اُن کے حامیوں کے لیے مقصر[261] اور قشری علماء[262] جیسے تحقیر آمیز القابات ایجاد کیے گئے۔ جلد ہی اُن پر "وہابی" عقائد کی تبلیغ کا الزام بھی لگایا جانے لگا۔ علماء کے نام نہاد "ڈھکو گروپ" کے لیے "وہابی شیعہ" کی مضحکہ خیز اصطلاح اگلی کئی دہائیوں میں استعمال ہوتی رہی، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی شیعوں کے ایک طبقے کے درمیان اندرونی تنازعہ کس حد تک نچلی سطح تک پہنچ چکا تھا[263]۔

اکتوبر 1965ء سے شروع ہو کر، ڈھکو کا اگلا اقدام ذاکروں اور اُن 'علماء' کے خلاف منظم طریقے سے ہمہ جہت حملہ کرنا تھا جنہوں نے تبلیغ کا اپنا انداز اپنایا تھا۔ المبلغ میں ایک سال سے زائد عرصے میں اصلاح المجالس والمحافل کے عنوان سے شائع ہونے والے مضامین کے سلسلے میں انہوں نے مجالس کے فوائد کی وضاحت کی جو صحیح طریقے سے منعقد کی گئی تھیں، لیکن شیعہ برادری کی جانب سے پاکستان بھر میں کسی بھی مذہبی عبادت کی حیثیت سے باقاعدہ منعقد ہونے والی اکثر مجالس کی تردید کی[264]۔ اُن کا بنیادی استدلال یہ تھا کہ......

کسی بھی عمل کو----عبادت نہیں کہا جا سکتا جب تک کہ اُسےخلوص نیت کے ساتھ انجام نہ دیا جائے، یعنی عبادت کا عمل ہر فاسد دنیاوی مقاصد سے پاک ہونا چاہیے... اخلاص (خلوص) عبادت کی وہ روح ہے جس کی موجودگی میں کوئی عمل اتنا قیمتی ہو جاتا ہے کہ اس کا کوئی پیمانہ نہیں، اور جس کی عدم موجودگی میں عمل اس قدر کمتر ہو جاتا ہے کہ وہ بالکل بے کار ہو جاتا ہے...

لہٰذا مجالس و محافل میں رونے اور دوسروں کو رُلانے کا ثواب اور آخرت میں اُن کو مال خرچ کرنے کا ثواب صرف اُسی صورت ملے گا جب ایسا عمل ہر ناپاک ذاتی غرض کی آلودگی سے پاک ہو اور صرف خدا، رسول اور پاکیزہ ائمہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے کیا گیا ہو۔ ورنہ یہ عمل بے خوشبو کاغذی پھول، روح کے بغیر جسم اور بے جان ڈھانچے کی مانند ہوگا ----

مَیں دِلّی دُکھ کے ساتھ یہ تلخ حقیقت بیان کرنے کا پابند ہوں کہ موجودہ دَور میں ... مجالس میں بولنے اور سننے والوں (بانیان سمیت) میں سے اکثر میں اِس ا س اخلاص سے محروم ہیں۔ اس تلخ سچائی کو ثابت کرنے کے لیے کسی دلیل یا ثبوت کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ بالکل واضح ہے، لیکن چونکہ بعض ہٹ دھرم لوگ بغیر دلیل اور ثبوت کے ایک صریح سچ کو بھی تسلیم نہیں کرتے، اس لیے میں کچھ وضاحتیں پیش کروں گا تاکہ اُن کو تسلی ہو جائے----۔[266]

پاکستان میں زیادہ تر مذکورہ مذہبی تقریبات کے لیے خلوص (اِخلاص) کی شرط کو مسترد کرنے کے لیے ڈھکو کے دلائل درج ذیل تھے:

1) یہ حقیقت کہ مجلس خوانی کے لیے ادائیگیاں قبول کی جاتی تھیں؛ اُن کا خیال تھا کہ جو شخص ادائیگی کے لیے مجلس منعقد کرتا ہے اس کے پاس "کچھ بھی ہو سکتا ہے، لیکن اخلاص نہیں"؛ یہاں تک کہ اگر ایسی ادائیگیاں جائز ہوں، جیسا کہ بعض 'علماء ' نے دعویٰ کیا ہے، تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وصول شدہ فیس کے علاوہ کوئی ثواب ہوگا [267]۔

2) مجالس میں فلمی انداز کے گانے بجانے کا رواج [268]۔

3) مقامی انجمنوں کے درمیان سب سے پرتکلف مجالس کی دوڑ؛ نتیجتاً ایک ہی جگہ بہت زیادہ مجالس کا انعقاد، جس سے وسائل کا ضیاع اور دیگرمذہبی فرائض کی ادائیگی میں رکاوٹ [269]۔

4) مجالس کا نمائش اوردوسروں کو ذلیل کرنے کے لیے انعقاد؛ سٹیج کی مبالغہ آمیز سجاوٹ اور ذاکروں کی شاندار پوشاک مجالس کو محافل کی شکل دیتی ہے اور عزاداری کے اصل مفہوم کو مجروح کرتی ہے [270]۔

5) مجالس کے بانی مخلص واعظین اور اسلامی احکامات پر عمل نہ کرنے والے میں کوئی فرق نہیں کرتے۔ ذاکروں نے،اپنی طرف سے، اپنےخطبات میں بانی کی نمائشی تعریف شامل کرتے ہیں [271]۔

6) ایسےواعظ اور ذاکر جو سچی مگر سادہ کہانیاں سناتے ہیں،انہیں مجلس خوانی میں مدعو نہیں کیا جاتا ۔ سامعین ہمیشہ دلچسپ بیان اور مبالغہ آرائی کے طلبگاررہتے ہیں [272]۔

7) واعظ و ذاکر مناسب مذہبی شرائط کے بغیر "جنت کے ٹکٹ" کا وعدہ کرتے ہیں [273]۔

حیرت کی بات نہیں، کہ ڈھکو کی سخت تنقید سے متاثرہ حلقوں کی طرف سے مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ پہلے ہی مارچ 1966ء میں اُنہوں نے اپنی سیریز" اصلاح المجالس والمحافل" کے ردعمل کا حوالہ اِن الفاظ کے ساتھ دیا:

کچھ لوگ حقیقت کے سامنے آنکھیں بند کر چکے ہیں اور میرے خلاف پروپیگنڈہ شروع کر دیا ہے؛ کچھ لوگ خوفِ خدا کے بغیر مجھ پر بے بنیاد اِلزامات لگا رہے ہیں؛ دیگر لوگ جواب الجوابات کی تیاری میں مصروف ہیں... کچھ دوست مجھے مضامین کا سلسلہ بند کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں... اگر یہ لوگ یہ سوچ رہے ہیں کہ مَیں اُن کی احمقانہ چالوں سے ڈر کر اپنا اِصلاحی مشن چھوڑ دوں گا اور اُن کے جھوٹے پروپیگنڈے سے متاثر ہو کر اپنا مقصد ترک کر دوں گا؛ تو پھر اُنہوں نے مجھے غلط سمجھا ہے۔ یہ چیزیں میرے لیے غیر متوقع نہیں ہیں؛ بلکہ مَیں نے یہ کام ایسی مشکلات

اور مصائب کی توقع کرتے ہوئے شروع کیا تھا... [274]

دوسری طرف، ڈھکو نے ایک بار پھر اِس بات کی تردید کی کہ وہ معمولاً ذاکروں کے خلاف ہیں، اس بات پر اصرار کرتے ہوئے کہ وہ اُن کے خیر خواہ ہیں اور صرف اُن کی کچھ موجودہ خرابیوں کو دور کرنا چاہتے ہیں[275]۔ تاہم، اس سے پاکستان میں مجالس کی صورتحال اور" ذاکری کاروبار" پر اُن کے حملوں کو اُن کے مخالفین کی نظر میں کم قابل اعتراض نہیں بنایا جا سکا۔ اُن کے خلاف مہم کی قیادت محمد بشیر انصاری، محمد اسماعیل، مرزا یوسف حسین اور ضمیر الحسن نجفی کر رہے تھے[276]۔ ڈھکو اُن 'علماء' اور دیگر لوگوں پر الزام لگاتے تھے جو 1947ء کے بعد ہندوستان سے پاکستان ہجرت کر آئے تھے اُنھوں نے ہمیشہ ملک میں دینی مدارس کے قیام کی مخالفت کی کیونکہ وہ مذہبی تعلیم پر اپنی اجارہ داری کو محفوظ رکھنا چاہتے تھے۔ اُن کے مطابق، وہ پاکستان کے شیعوں کو" سونے کی کان سمجھتے تھے، جس سے وہ دونوں ہاتھوں سے اپنا پیٹ بھرتے تھے" لیکن اُنھوں نے بہت ضروری پیش نمازوں اور علمائے کرام کی تربیت کے فروغ کے لیے دوسرے مذہبی افعال کی تشکیل کیلئے کچھ نہیں کیا[277]۔ اس طرح کا دعویٰ یقیناً مبالغہ آرائی پر مبنی ہے، کیونکہ مذکورہ "علماء" اور ڈھکو کے بعض دیگر مخالفین نے خود دینی مدارس کی بنیاد رکھنے میں حصہ ڈالا تھا لیکن یہ بالکل غلط بھی نہیں تھا[278]۔ درحقیقت، وہ لوگ جنہوں نے غلو کے خلاف ڈھکو کی مذہبی جنگ کی مخالفت کی تھی وہ" اساتذہ" (معلمین) کا تحقیر آمیز انداز میں حوالہ دیتے تھے[279]۔

1967ء کے اوائل میں ڈھکو نے اپنی سب سے اہم کتاب" اصول الشریعہ فی عقائد الشیعہ" کی اشاعت کے ساتھ ایک قدم آگے بڑھایا۔ یہ کتاب نہ صرف اُن کے احسن الفوائد (اوپر ملاحظہ کریں) کی مخالفت کرنے والوں کے لیے جواب الجواب تھی، بلکہ ائمہ وانبیاء، اُن کے معجزات اور اُن کی خاص صفات کے بارے میں راسخ العقیدہ شیعہ اثنا عشری مذہب کے عقائد کا مجموعہ تھی، جو سرکردہ شخصیات نے ایک ہزار سال پہلے بیان کیے تھے[280]۔ اِس کا تیسرا باب تفویض کے رَد سے متعلق ہے[281]، جب کہ اِس کا نواں باب خاص طور پر اُن پر اور اُن کے حامیوں پر لگائے جانے والے" وہابیت" کے الزام کی تردید کے لیے مختص کیا گیا ہے، جس میں وہابیت اور شیعیت کے درمیان فرق کو واضح کیا گیا تھا[282]۔ لیکن سب سے زیادہ متنازعہ کتاب کا آخری باب تھا، جس کا آغاز درج ذیل بیان (اقتباسات) سے ہوا:

تردید کرنے کے بعد ... بعض شیعہ علماء پر وہابیت کا الزام ... اب مناسب ہے کہ انکشاف کر دیا جائے ... ایک تلخ اور چُھپی ہوئی حقیقت یعنی وہ پیشہ ور خطیب جو شیعہ علماء اور مُحقّقین[283] کو مُقصّر یا "وہابی" قرار دے رہے ہیں، اور وہ (ظاہری) مومنین جو اُن کے جھوٹ کے جال میں پھنسے ہوئے ہیں، وہ مفاوضہ[284] اور شیخیہ[285] کے باطل عقائد کو تھامے ہوئے ہیں اور اُن کی تبلیغ کر رہے ہیں۔ دوسرے الفاظ کے ساتھ، وہ لوگ جن کے نظریات اور عقائد کو آج کل شیعہ مذہب کے طور پر سمجھا اور قبول کیا جاتا ہے وہ اہل بیت کے مذہب کی پیروی نہیں کر رہے ہیں بلکہ مفاوضہ کی پیروی کر رہے ہیں جس کی قیادت شیخ احمد احسائی کر رہے تھے[286]۔ متعدد عظیم شیعہ علماء نے شیخیہ پر کفر کا الزام لگاتے ہوئے اُن کے خلاف فتوے صادر کیے ہیں۔

یہ بگڑے ہوئے عقائد ہمارے ملک تک کیسے پہنچے، اور انہوں نے ہمارے سادہ لوح عوام کو کیسے متاثر کیا؟ ... یہ ایک طویل اور دردناک کہانی ہے ... تقریباً 50-60 سال پہلے کچھ مشہور واعظین نے منبر سے یہ عقائد پھیلائے تھے[287]، اگرچہ لاہور اور لکھنؤ کے کچھ مشہور ذمہ داران نے ... ان کی جتنی مرضی مزاحمت کی کوشش کی ... لیکن اکثر 'عوام ' نے ان 'علماء ' کی بروقت آواز پر توجہ نہیں دی... پھر اُن واعظین کی زندگی میں یا اُن کی وفات کے بعد اُن کے بعض ہونہار شاگردوں نے طویل عرصے تک تقاریر اور آرٹیکلز کے ذریعے اُن کے عقائد کو پھیلایا۔ اُن عقائد کی جانبدارنہ کچھ مشہور کتب بھی شائع ہوئیں اور اُنہیں واعظین اور ذاکروں اور عوام نے بآسانی قبول کیا[288] اور عوام کو خوش کرنے کی کوشش کی، زیادہ تر نام نہاد واعظین نے ایسے عقائد کو مزید رنگ دیا (مطابق متن)۔ اِس طرح یہ نظریات اور عقائد رفتہ رفتہ قبول ہوتے گئے اور شیعہ مذہب کے حقیقی عقائد نظروں سے اوجھل ہوتے گئے ...[289]

کتاب کا اختتام شیخیہ فرقے کے عقائد- جیسے تفویض، ہمہ جائی (ہر جگہ موجودگی) اور ہمہ گیریت (ہر چیز کا علم) کے ایک مختصر جائزے پر ہوا[283] ۔ اپنے اِس نئے الزام کے ساتھ، ڈھکو نے خود راستی کے ضدی پن کے ساتھ اپنے مشن کے تعاقب میں ایک بار پھر پاکستان میں شیعہ راسخ الاعتقادی اور عام لوگوں کے درمیان تنازعہ کھڑا کر دیا[291] ۔ اصول الشریعہ کے 1972ء کے دوسرے ایڈیشن کے وقت تک، محمد حسنین سابقی[292]، محمد بشیر انصاری[293]، مرزا یوسف حسین[294]، سید محمد عارف نقوی[295]، اور بعض دیگر 'علماء'[296] نے اس کتاب کے جواب الجوابات لکھے۔ ڈھکو کے نظریات کے ردّ میں سب سے شدید ردِ عمل مولانا انصاری کا تھا۔ اپنی کتاب " حقائق الوسائل " میں اتنی دُور چلے گئے کہ انہوں نے ڈھکو اور اُن کے پیروکاروں کو نواصب[297] اور اہل بیت کا دشمن قرار دیتے ہوئے اُن کی شہادتوں کو قبول کرنے، اُن کے پیچھے نماز پڑھنے اور اُن کے تصرف کیلئے زکوٰۃ ادا کرنے یا اُن کے ذبح کردہ جانوروں کا گوشت کھانے کو حرام قرار دیا[298]۔

ڈھکو کا یہ عقیدہ کہ پاکستان میں شیعہ مذہب کو بدعتی اور توہم پرستی کے عناصر سے پاک کرنے کی ضرورت ہے، 1960ء کی دہائی میں بہت سے علماء میں مقبول تھا، جن میں مفتی جعفر حسین اور زیادہ تر شیعہ دینی مدارس کے منتظمین شامل تھے[299]۔ اگرچہ ان میں سے کچھ نے بعد میں راسخ العقیدہ شیعہ عقائد کے دفاع میں کتابیں بھی لکھیں، لیکن تقابلی موقف کا کوئی بھی عالم' ڈھکو' جتنا پرجوش نہیں تھا اور نہ ہی طاقتور واعظین سے براہ راست ٹکر لینے کو تیار تھا۔ تنازعہ کسی بھی طرح فقط علمی نہیں تھا، بلکہ " ڈھکو گروپ " کے 'علماء' کو مساجد سے نکالے جانے اور اُن کے خطبات کا بائیکاٹ کرنے یا اُن پر جسمانی طور پر حملہ کرنے کا خطرہ تھا۔ 1970ء کی دہائی کے اوائل میں یہ اپنے عروج کو پہنچ گیا، جب کچھ ممتاز 'علماء' کم و بیش کھل کر شیخیہ مکتبہ فکر سے وابستہ ہو گئے[300]۔ اگرچہ بعد میں یہ رجحان شیعہ عوام میں غیر مقبول ہو گیا، لیکن راسخ العقیدہ علماء موجودہ دَور تک ذاکروں اور مقبول واعظین کی بالادستی ختم نہیں کر سکے۔ ڈھکو بنیادی طور پر تنہا مذہبی جنگجو رہے، جنہوں نے بعد کے سالوں میں حتیٰ کہ اپنے بہت سے سابق حامیوں کو بھی خود سے دلبرداشتہ کر دیا[301]۔

حیران کن بات یہ ہے کہ پاکستان کے شیعوں کے درمیان مذہبی عقائد و رسومات کے سوالات پر تلخ اختلافات، جو 1965ء سے

1968ء کے سالوں میں منظر عام پر آئے، انہی سالوں کے دوران شیعہ گروہی مطالبات کی تحریک کو زیادہ متاثر نہیں کیا۔ سید محمد دہلوی بظاہر اس تنازعہ میں کبھی فریق نہیں بنے[302]۔ ایک طرف، وہ مرزا یوسف حسین کے ساتھ قریبی تعلق رکھتے تھے، جو ڈھکو کے اہم مخالفوں میں سے ایک تھے، اور یہاں تک کہ ڈھکو کے ایسے سخت گیر مخالفین جیسے محمد بشیر انصاری اور محمد اسماعیل وقت کے ساتھ ساتھ دہلوی کی تحریک کا حصہ بن گئے[303]۔ دوسری طرف، ڈھکو نے خود بھی تحریک مطالبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا[304]، اور دہلوی کے کچھ قریبی ساتھی جیسے سید مشتاق حسین نقوی اور سید جمیل حسین رضوی ڈھکو کے حامی تھے[305]۔ دارالعلوم سرگودھا، اپنی طرف سے، ابھی تک نواب قزلباش کی حمایت کر رہا تھا جب کہ اُنہوں نے دہلوی سے تقریباً مکمل طور پر علیحدگی اختیار کر لی تھی[306]۔

بظاہر وہ واعظین اور ذاکرین جنہوں نے اہل بیت کے بارے میں مبالغہ آمیز خیالات کا پرچار کیا، اُن کا بھی پاکستان میں شیعہ اور سنی کے درمیان خلیج کو وسیع کرنے میں بڑا حصہ تھا۔ اگرچہ یہ کوئی نئی پیشرفت نہیں تھی، لیکن اِس نے 1960ء کی دہائی کے وسط سے ڈھکو اور دوسرے راسخ العقیدہ شیعہ 'علماء' کے چیلنج کے جواب میں لکھی جانے والی متعدد کتابوں اور پمفلٹس کے ساتھ تقویت ملی۔ ڈھکو اور اُن کے حامیوں کو "وہابی شیعہ" کہنا ایک سخت زیادتی تھی، لیکن یہ پاکستان میں شیعہ مذہبی شناخت کی ہر قیمت پر حفاظت کی دیگر کوششوں کے ہم آہنگ تھا۔

شیعہ مطالبات کی باضابطہ منظوری کی جانب

1966ء سے 1968ء تک کے سالوں میں پاکستان میں شیعہ گروہی تحریک عروج پر پہنچ گئی، جس کی مثال 1979ء کے ایرانی انقلاب کے بعد کے عشرے تک نہیں ملتی۔ یہ تحریک مکمل طور پر مقامی تھی اور پاکستان کی چھ دہائیوں کی تاریخ میں شیعہ حقوق مساوات کے لیے چلائی گئی پہلے یا بعد کی تمام مہمات سے زیادہ کامیاب رہی، اگرچہ 1968ء کے آخر میں حاصل ہونے والی مراعات کو نافذ ہونے میں کچھ مزید سال لگ گئے اور بعد میں بتدریج اِنہیں واپس لے لیا گیا۔ 196ء-68ء کی شیعہ تحریک ایوب خان کی حکومت کے آخری سالوں کے دوران شدید سیاسی ہلچل کے پس منظر میں رونما ہوئی لیکن وہ خالصتاً مذہبی اور گروہی مسائل تک محدود رہی۔

پہلے ہی 1965ء کے دوسرے نصف میں، سید محمد دہلوی کے حامیوں نے متعدد قصبوں اور اضلاع میں شیعہ مطالبات کمیٹیاں (SMCs) قائم کر لی تھیں[307]۔ APSC اور ITHS کے درمیان مستقل رقابت، اور اُن رکاوٹوں کا سامنا کرتے ہوئے جو دونوں تنظیموں کی کچھ سرکردہ شخصیات نے سراسر حسد کی بنا پر اُن کی تحریک کے راستے میں ڈالی تھیں، دہلوی نے 1966ء کے اوائل میں مکمل طور پر APSC اور ITHS کو سائیڈ لائن کرتے ہوئے SMC کو ایک نئی ملک گیر تنظیم میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ جنوری 1966ء کے بعد سے شیعہ جرائد میں متعدد اپیلیں شائع ہوئیں جس میں ہر شہر، ضلع اور گاؤں میں قابل ذکر شیعہ موجودگی کے ساتھ SMC کی تشکیل اور کراچی میں سید محمد دہلوی سے رابطہ قائم کرنے کا مطالبہ کیا گیا[308]۔ خاص طور پر ایک جذباتی اپیل SMC لاہور نے رضا کار میں شائع کی۔ پاکستان کے لیے شیعوں کی خدمات اور مسلمانوں کے اتحاد کے ساتھ ساتھ "تین مطالبات" کی وضاحت کے بعد، یہ کہا گیا (اقتباسات):

اے عظیم [شیعہ] قوم! یہ مطالبات ہمارے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہیں۔ اگر آج ہم نے ذرہ بھر بھی غفلت کا مظاہرہ کیا تو ہم خدا اور اس کے پیغمبر اور ائمہ اور آنے والی نسلوں کی لعنتوں کے مستحق ٹھہریں گے---

کرخ کا محلہ[309]، بغداد کی دیواریں، کوفہ کا بازار اور دمشق کا دربار اس بات کے گواہ ہیں کہ ہم حق کی آواز بلند کرتے ہوئے کسی طاقت سے خوف نہیں کھایا۔ نجف، کاظمین، سامرہ، مشہد اور کربلا اس بات کے گواہ ہیں کہ ہم مارے جا سکتے ہیں لیکن مِٹائے نہیں جا سکتے۔ دنیا میں کسی قوم نے بھی اپنے عقائد کی حفاظت کے لیے اتنی قربانیاں نہیں دی ہیں جتنی ملت جعفریہ نے دی ہیں۔ ہمارے ائمہ کا خون، ہمارے علماء کا خون، ہماری قوم کا خون کس لیے بہایا گیا؟ صرف اس لئے کہ ہمیں اپنے عقائد و نظریات کے مطابق جینے کی آزادی ملے۔

آج بھی ہمارا یہی عقیدہ ہے کہ ہمیں مکمل مذہبی آزادی حاصل ہونی چاہیے۔ ہمیں اپنی نوجوان نسل کو اپنے عقائد کے مطابق دینی تعلیم دینی ہے۔ ہم نے اپنے قانونی (شرعی) اور مذہبی معاملات کا فیصلہ فقہ جعفریہ کے مطابق کرنا ہے۔ سید الشہداء کی عزاداری پر کوئی پابندی نہیں

ہونی چاہیے۔

اے عظیم [شیعہ] قوم! اِس وقت ہماری قوم کو اتحاد، تنظیم اور مرکزیت کی اشد ضرورت ہے۔ تفرقہ اور انتشار ہمارے مطالبات کے لیے ایک مہلک زہر ہے اور ناقابل معافی جرم ہے۔ پوری قوم کو مضبوط بنیادوں کے ساتھ ایک غیر متزلزل چٹان کی طرح حمایت میں کھڑا ہونا چاہیے، تمام اختلاف اور تفرقہ کو کُچل دینا چاہیے اور کسی بھی قربانی کے لیے تیار رہنا چاہیے۔۔۔۔[310]

بظاہر اس طرح کی اپیلوں کو قابل ذکر فوری کامیابی ملی، جو کہ 194ء-49ء میں ITHS کی ابتدائی کامیابی کے مترادف ہے[311]۔

جب کہ پرانی تنظیموں کے متعدد کارکن اب بھی APSC کو ITHS کے ساتھ ضم کرنے کے طریقوں اور ذرائع پر تبادلہ خیال کر رہے تھے، ITHS کے زیادہ تر ارکان نے صرف سید محمد دہلوی سے اپنی وفاداری تبدیل کی اور اپنے آبائی شہروں میں SMC کی شاخیں قائم کر دیں۔ ITHS کے چیئرمین سید مبارک علی شاہ نے خود 10 مارچ 1966ء کو اعلان کیا کہ وہ دہلوی کی نئی تنظیم کے ساتھ APSC اور ITHS دونوں کو منسوخ سمجھتے ہیں، یہ دعویٰ کرتے ہوئے کہ وہ "سب سے ادنیٰ رضا کار کے طور پر اپنی قوم کی خدمت کرنے" پر فخر محسوس کریں گے[312]۔

ITHS کے سیکرٹری جنرل شمسی کا رویہ کافی مختلف تھا۔ 1966ء کے وسط تک وہ SMCs کے یکسر مخالف ہو گئے تھے کیونکہ وہ اُن کے خود ساختہ قائدانہ کردار کے لیے خطرہ بن گئی تھیں[313]۔ APSC کے صدر قزلباش، جو خود اب بھی مرکزی SMC کے رکن تھے، نے دہلوی کو براہ راست چیلنج کرنے سے گریز کیا لیکن ایک شیعہ گروہی رہنما کے طور پر اپنے کردار کو تقویت دیتے رہے، جس کی مدد اُن کے سیکرٹری جنرل شائق امبالوی اور اُن کے جریدے اسد نے کی[314]۔

مئی 1966ء میں المبلغ نے SMCs کے فرائض و ذمہ داریوں کی ایک ابتدائی فہرست شائع کی، جس پر باقاعدہ قوانین کی منظوری تک عمل کیا جانا تھا۔ SMCs کو مرکز کے فیصلوں اور اپیلوں کی تشہیر کرنی چاہیے تھی، بلکہ مقامی سطح پر اپنے طور پر اقدامات بھی کرنے تھے، مثال کے طور پر عزاداریٔ میں کسی بھی رکاوٹ کے خلاف اقدام کرنا تھے۔ اُن سے یہ بھی ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی جگہ پر شیعہ طلباء کے لیے ہفتہ وار کم از کم ایک گھنٹہ مذہبی تعلیم کا اہتمام کریں، اگر ممکن ہو تو دینی مدارس قائم کریں، اور چھوٹے بچوں کو اپنے گھروں میں روزانہ کم از کم دس منٹ دین کی تعلیم دیں۔ SMCs کے لیے رکنیت فیس مقامی طور پر مقرر کی جانی چاہیے جس میں جمع کیے گئے دو تہائی فنڈز کو مقامی ضروریات اور ملک گیر میٹنگز کے سفری اخراجات کے لیے استعمال کیا جائے۔ ایک تہائی لاہور میں ایک اکاؤنٹ میں بھیجا جائے جو رضا کار اور شیعہ کے مدیران اور علی احمد خان جعفری کے زیر انتظام تھا[315]۔

اس دوران شیعہ مذہبی زندگی کے لیے کچھ نئی مشکلات پیدا ہو گئیں۔ محرم 1386ھ (22 اپریل تا 21 مئی 1966ء) سے پہلے، انتظامیہ کی جانب سے محرم کے دوران مغربی پاکستان کے بعض اضلاع میں متعدد شیعہ اور سنی علماء کے داخلے پر پابندی کا اعلان کیا گیا۔ یہ نیا طریقہ کار، جس کا اِطلاق تب سے پاکستان میں ہوتا رہا ہے[316] ظاہری طور پر فرقہ وارانہ کشیدگی کے خلاف ایک متوازن احتیاطی اقدام تھا لیکن شیعہ خود کو زیادہ نقصان اُٹھانے والے محسوس کرتے تھے، کیونکہ اُن کی مجالس کی منصوبہ بندی بہت پہلے ہوتی تھی اور ان تقریبات میں معروف

مقررین کا متبادل تلاش کرنا عموماً مشکل تھا۔ بہت سے کیسز میں ممتاز مقررین پر پابندی لگ جاتی تو مجالس کو منسوخ کرنا پڑتا۔ اس کے علاوہ، بعض اضلاع میں بعض 'علماء' کو بولنے سے منع کرنے کی منطق مبینہ" جنونیت" یا "علمی کمزوری" کی بنا پر مخصوص اضلاع میں خطاب سے روکنے کی مطنق پر حق بجانب سوال اٹھایا گیا، جب کہ ملک کے دیگر حصوں میں اُنہی افراد کو قابل اعتراض نہیں سمجھا گیا[317]۔ ایک اور شکایت شیعہ مساجد کی تعمیر میں بڑھتی ہوئی رکاوٹوں سے متعلق ہے۔ 1966ء تک یہ عادت بن چکی تھی کہ جہاں بھی شیعہ اپنی مساجد بنانا شروع کرتے، وہاں کچھ مقامی سنی ایسے منصوبوں کے خلاف "تحریک شروع" کر دیتے تھے، اور بہت سے کیسز میں انتظامیہ نے" امن عامہ کی حفاظت" کے لیے تعمیراتی اجازت نامے روک لیے تھے[318]۔

27-28 اگست 1966ء کو ملتان میں منعقدہ" آل پاکستان شیعہ مطالبات کنونشن" SMC تحریک کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا۔ اس موقع پر اب تک قائم کردہ SMCs کے تقریباً ایک ہزار مندوبین نئی تنظیم کو باضابطہ شکل دینے اور مستقبل کے عمل پروگرام کے بارے میں مشاورت کے لیے جمع ہوئے[319]۔ افتتاحی خطاب سید عبدالجلیل شاہ گردیزی نے کیا، جس میں گردیزی خاندان کے بیشتر افراد کی طرف سے SMC تحریک کو دی گئی مکمل حمایت کی تصدیق کی گئی[320]۔ سید محمد دہلوی، جنہوں نے چھ ہفتے قبل اپنے خلاف اُٹھائے جانے والے اَن گنت اعتراضات سے اپنی" ذہنی کرب" کا اعتراف کیا تھا[321]، ایک بار پھر اپنے کلیدی خطاب میں اپنی تحریک کے مقاصد کو یاد دلایا۔ الگ دینیات کے حق میں اُن کے دلائل قابل ذکر تھے:

ہمارے تین مطالبات --- اتنے بےضرر ہیں کہ کوئی متوازن اور حساس فرد اُن کی معقولیت پر شک نہیں کر سکتا اور اگر کوئی اختلاف کرتا ہے تو صرف اِس وجہ سے کہ وہ پوری طرح باخبر نہیں ہے۔ اِن مطالبات کا ملکی سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی مسلمانوں کے درمیان تصادم کا کوئی خطرہ ہے۔ کبھی کبھی مَیں یہ دلیل سنتا ہوں کہ اگر الگ الگ دینیات متعارف کرائی گئی تو دونوں مسالک [سنی اور شیعہ] کے درمیان زیادہ رکاوٹ پیدا ہو گی اور اس کا بچوں کی ذہن سازی پر منفی اثر پڑے گا۔ یہ تجربے سے متصادم ہے اور سچائی سے بہت دور ہے... جب بچوں کو اُن کے گھروں میں ایک چیز اور اسکولوں میں کچھ اور سکھایا جاتا ہے تو عقائد کا جھگڑا اور تصادم پیدا ہوتا ہے... کیونکہ ہر شخص اپنے مذہب سے بہت لگاؤ رکھتا ہے اور اپنے عقیدے کے خلاف کچھ سننے کو تیار نہیں ہوتا۔ اس کی زندہ مثال وہ احتجاج تھے، جو عیسائی مشنری سکولوں کے خلاف اُس وقت کیے گئے جب وہ ابھی بائبل پر سبق دے رہے تھے... یقیناً پاکستانی مسلمانوں نے یہ قبول نہ کیا کہ اُن کے بچے عیسائی عقائد سیکھیں... چونکہ عقیدے کے سوالات بہت حساس ہوتے ہیں، اس لیے آپ خود فیصلہ کریں کہ ایک فرقہ کب تک یہ برداشت کر سکتا ہے کہ اُس کے بچوں کو وہ کچھ پڑھایا جائے جو اُس کے عقائد کے خلاف ہو، اور اُن کے ذہن جو کاغذ کی سفید شِیٹ کی طرح ہیں، دوسروں کے عقائد اور تعلیمات کے ساتھ مُنقّش ہوں۔ اس لیے تنازعہ ہمیشہ مخلوط دینیات سے آتا

ہے نہ کہ علیحدہ تعلیم سے۔ میں جانتا ہوں کہ اگر شیعوں کو خلوص اور عقیدت کے ساتھ علیحدہ علیحدہ دینیات سیکھنے کا موقع دیا جائے تو دین و ملت کی بہت بڑی خدمت ہو گی جس کے لیے پاکستان کے عوام ہمیشہ اُن کے شکرگزار رہیں گے۔ اِس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہو گا کہ سُنی اور شیعہ کے درمیان مزید فرقہ وارانہ جذبات کو ہوا نہیں دی جا سکے گی، کیونکہ ہر پاکستانی یہ سمجھے گا کہ ہمارا ایک خدا، ایک نبی اور ایک قرآن ہے۔۔۔[322]

اُن کی دلیل کا آخری حصہ شاید پوری طرح سے قابل یقین نہ ہو، لیکن دینیات کے بارے میں دہلوی کے خیالات سے دیوبندی عالم مفتی محمد شفیع بھی اصولی طور پر متفق تھے (نیچے ملاحظہ کریں)۔
اپنے خطاب کے اختتام پر دہلوی نے ایوب خان کو یاد دلایا کہ اُنھوں نے خود شیعہ مطالبات کو "معقول" قرار دیا تھا، اور انہوں نے شیعوں کو یہ تاثر دینے سے خبردار کیا کہ پاکستان اُن سے" صرف قربانیاں اور ٹیکس وصول کرتا ہے" اور بدلے میں کچھ نہیں دیتا۔[323]
سید ابن حسن جارچوی کی جانب سے ملتان کو ایک نادر سپاس نامہ بھیجا گیا جو علالت کی وجہ سے کنونشن میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ SMCs کے ذریعے شیعوں کی بیداری کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہوں نے کہا:

معصوم اور سادہ لوح (شیعہ) لوگ عرصہ دراز سے پیروں، فقیروں، وزیروں(منسٹرز)، امیروں(سرداروں)، عُلماء اور ذاکروں کا شکار رہے ہیں اور اب اِس قدر مغلوب(مظلوم) ہیں کہ پورا ملک ایک عظیم امام بارگاہ کی مانند دکھائی دیتا ہے جہاں ہم سب اپنے مصائب کی خاطر ماتم کر رہے ہیں[324]۔

رحیم یار خان سے ایڈووکیٹ شیخ محمد عبدالعزیز اختر نے تمام SMCs کے لیے مسودۂ قانون تیار کیا تھا، اور اُن پر نظرثانی کے لیے سید علی حسین شاہ گردیزی کی سربراہی میں 24 رکنی کمیشن تشکیل دیا گیا تھا[325]۔ نجم الحسن کراروی (دینیات)، سید اسرار حسین (اوقاف) اور سید علی شاہ بخاری (عزاداری) کی سربراہی میں" تین مطالبات" کے لئے تین ذیلی کمیٹیاں بھی بنائی گئیں[326]۔ سید محمد دہلوی نے سرکاری افسران سے رابطے کیلئے خود ایک چودہ رکنی" رابطہ کمیٹی" کی سربراہی کی جس میں خاص طور پر نواب قزلباش کو شامل نہیں کیا گیا۔ مرکزی SMC کے مالی معاملات کے انتظام کے لیے ایک پانچ رکنی کمیشن بھی تشکیل دیا گیا[328]۔ ملتان کنونشن میں 12 قراردادیں منظور کی گئیں؛ جس میں قرارداد نمبر-1 یوں تھی:

...سید محمد دہلوی کو 'عُلماء' کی جانب سے قائد منتخب کیا گیا ہے، اور تمام شیعہ تنظیموں اور افراد نے اُنھیں اپنا رہنما تسلیم کر لیا ہے؛ اِسی طرح شیعہ کیمونٹی کی اس واحد نمائندہ کانفرنس نے بھی یہی موقف اپنایا ہے ... یہ اجلاس اُن چند افراد سے، جو اپنے ذاتی مفادات کی خاطر ایسے مضبوط(مسلّم) رہنما کی نفرت کے ساتھ بالواسطہ یا بلاواسطہ تنقید کر رہے ہیں اور اُن جرائد سے

جو ابھی تک پرانی روش پر گامزن ہیں[329]، سخت نفرت اور بیزاوری کا اظہار کرتا ہے بلکہ انہیں نہ صرف شیعہ مطالبات بلکہ (پوری) شیعہ قوم کا دشمن اور غدار قرار دیتا ہے۔ یہ اجلاس حکومت کو یقین دلاتا ہے کہ اُن کے ایسے بیانات صرف ذاتی آرا ہیں، اور یہ کہ وہ شیعہ کیمونٹی کی نمائندگی نہیں کرتے[330]۔

قرارداد نمبر 3 اور 4 پڑھی گئیں:

......یہ میٹنگ پاکستان کے شیعوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ ایسے مذہبی جرائد کا مکمل بائیکاٹ کریں جو قائد مِلت پر تنقید کرتے ہیں اور تحریک مطالبات کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس تحریک سے منحرف ہونے والے ایسے ذاکرین کو شیعہ پلیٹ فارم یعنی مجالس اور مذہبی اجتماعات میں خطاب کرنے کا موقع نہیں دینا چاہیے، تاکہ عُلماء اور ذاکرین عوام کے جذبات کو سمجھ سکیں۔
... شیعوں کو چاہیے کہ ایسے عُلماء اور ذاکروں کو اپنی مجالس و محافل میں نہ بلائیں جو [تین] مطالبات کی مخالفت کریں یا اُن کی حمایت نہ کریں یا اپنی غیر جانبداری کا اعلان کریں۔۔۔[331]

دیگر قراردادوں کا تعلق حکام کی جانب سے کچھ مخصوص مطالبات اور شکایات سے تھا[332]۔ ہمیشہ کی طرح "تین مطالبات" (قرارداد نمبر 6) کی "فوری منظوری" کے مطالبے نے حکومت کو زیادہ متاثر نہیں کیا۔ تاہم، دو ماہ بعد، اسلامی نظریاتی کونسل (CII)[333] نے دینیات کے نصاب کے حوالے سے کچھ سفارشات پیش کیں جنہیں اخبار نوائے وقت نے شیعوں کے لیے ایک بڑی مرعت کے طور پر پیش کیا: قرآن کریم کے مضامین کے لیے ایک مشترکہ نصاب ہونا چاہیے۔ پیغمبر کی سیرت اور اخلاقیات میٹرک تک، لیکن اخلاقیات پر سنیوں اور شیعوں کے مختلف نقطہ نظر کو ایک مشترکہ نصابی کتاب کے پانچ میں سے آخری دو ابواب میں شامل کیا جانا چاہیے۔ اس طرح کی نصابی کتب پنجاب میں 1954ء سے 1958ء تک پہلے ہی استعمال ہو رہی تھیں[334]۔ 6 نومبر 1966ء کو جھنگ میں SMC کونسل کے خصوصی اجلاس میں اسلامی نظریاتی کونسل کی تجاویز پر بحث کی گئی اور اُنہیں ناکافی قرار دے کر مسترد کر دیا گیا[335]۔ اس موقع پر کونسل کے اراکین نے مفتی جعفر حسین کی بھی مذمت کی، جو اسلامی نظریاتی کونسل کے واحد شیعہ رکن تھے[336]، جو اِس کے بعد APSC کے زیادہ قریب آ گئے۔ مؤخر الذکر نے، 17 فروری 1967ء کو لاہور میں اپنی کونسل کے اجلاس کے دوران، اسلامی نظریاتی کونسل کی تجاویز کو سراہا کیونکہ انہوں نے علیحدہ دینیات کو "اصولی طور پر" قبول کیا تھا، اور حکومت سے اُن پر عمل درآمد کی اپیل کی تھی[337]۔ وزارتِ تعلیم نے کچھ ہی دیر بعد اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کے مطابق کام کرنا شروع کر دیا[338]۔

جب کہ APSC کے صدر قزلباش اگلے چند سالوں تک سید محمد دہلوی کے خاموش حریف کے طور پر اپنا موقف برقرار رکھا- جس میں 31 دسمبر 1966ء کو کے تحت EBDO ان کی سیاسی نااہلی کی مدت ختم ہونے نے معاونت کی[339]- وہیں شیعہ مطالبات کمیٹی کے ملتان کنونشن کے بعد ITHS مزید بکھر گئی۔ مظفر علی شمسی نے اپنے ہفتہ وار 'شاہد' میں اس کنونشن کی اہمیت گھٹانے کی کوشش کر کے اپنے آپ کو

اور زیادہ تنہا کرلیا[340]۔ اس کے بعد ITHS کے چیئرمین مبارک علی شاہ ITHS کونسل کے اجلاس میں اپنے سیکرٹری جنرل کے بیانات پر تبادلہ خیال کرنا چاہتے تھے۔ شمسی نے اس کے جواب میں خود 23 اکتوبر کو لاہور میں سید محمد علی زیدی کے گھر میں کونسل کا اجلاس بلانے کا اعلان کردیا اور چیئرمین کو بتائے بغیر کونسل کے اراکین کو دعوت نامے بھیج دیئے۔ اِس کے بعد کراچی سے ITHS کے کچھ سرکردہ عہدیداروں نے شمسی کے خلاف ہلچل مچادینے والے جارحانہ بیانات شائع کیے[341]، جب کہ رضا کار کے ایڈیٹر، جو 1964ء کے اوائل تک عام طور پر ITHS کی حمایت کی تھی، اب کہنے لگے کہ یہ تنظیم" سات سال سے ختم ہو چکی ہے"[342]۔ لاہور میں بھی، ITHS شمسی کے حامیوں اور مخالفین میں تقسیم ہوگئی جن کا شیعوں میں اثر ورسوخ آنے والے سالوں میں انتہائی کم ہوکر رہ گیا[343]۔

11-12 فروری 1967ء کو رضویہ کالونی (کراچی) کے امام بارگاہِ شاہِ کربلا کے گرد 6 ہزار سے زیادہ شیعہ ایک" آل پاکستان شیعہ مطالبات ورکرز کنونشن" کے لیے جمع ہوئے[344]۔ اُس وقت تک، پورے پاکستان میں مختلف سائز کی 200 سے زیادہ SMC قائم ہو چکی تھیں[345]۔ سید مشتاق حسین نقوی، جو 1966ء کے ملتان کنونشن سے SMC کے مرکزی آرگنائزنگ سیکرٹری بن چکے تھے[346]، نے درج ذیل الٹی میٹم پر مشتمل قرارداد کی حمایت حاصل کی:

--- پچھلے تین سالوں کے دوران پاکستان کے شیعوں نے ہر طرح کے آئینی، پرامن اور قانونی طریقوں سے حکومت کے سامنے اپنے مطالبات پیش کیے لیکن اُن پر کوئی توجہ نہ دی گئی اور [نئی] رکاوٹیں کھڑی کی گئیں۔ لہٰذا ہم حکومت سے آخری بار درخواست کرتے ہیں کہ تین ماہ کے اندر اندر ہمارے غیر سیاسی، مذہبی اور آئینی مطالبات کو تسلیم کیا جائے۔ بصورتِ دیگر تین ماہ کے بعد پاکستان کے شیعہ اپنے مطالبات کی منظوری کے لیے کوئی بھی مناسب قدم اُٹھانے کے لیے آزاد ہوں گے اور اِس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی[347]۔

قرارداد نمبر 1، جو نجم الحسن کراروی نے پیش کی تھی، تمام شیعہ علماء سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ کسی ایسے نصاب کی تیاری میں حصہ نہ لیں جو شیعہ طلباء کے لیے الگ دینیات کا اہتمام نہ کرے۔ کراچی کے اخبارات کو بائیکاٹ کی دھمکی دینے والی ایک قرارداد بھی قابل ذکر تھی، کیونکہ انہوں نے کبھی بھی شیعہ مطالبات کمیٹی تحریک کو مناسب کوریج نہیں دی تھی[348]۔

APSC کے کچھ مندوبین نے بھی فروری 1967ء کے کنونشن میں شرکت کی۔ اُن میں سے ایک لاہور کے ایڈوکیٹ خاقان بابر نے یہاں تک کہ "غداروں" کے خلاف تقریر کی اور سامعین کے دباؤ پر مظفر علی شمسی کا نام لیا[349]۔ لیکن APSC اپنے وائس چیئرمین سید ہادی علی شاہ کو مخلوط وقف بورڈ سے واپس لینے کے لیے تیار نہ تھی، چہ جائیکہ SMC کے مطالبے کے مطابق انہیں تنظیم سے خارج کردے[350]۔ اسی مہینے میں APSC کی طرف سے نصاب کے بارے میں اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کی منظوری (او پر دیکھیں) نے اسے SMC سے مزید الگ کردیا۔

اِس کے باوجود، APSC کے صدر 1967ء کے وسط میں دہلوی کی تحریک سے سیاسی فائدے حاصل کرنے میں کامیاب ہو

گئے، جس کی انہوں نے دل سے کبھی حمایت نہیں کی تھی۔ 11 مئی کو تین ماہ کا الٹی میٹم حکومت کی طرف سے کسی تسلی بخش جواب کے بغیر ختم ہو گیا، اور SMC کو اُس المیے کا سامنا کرنا پڑا کہ اس کے خطرے سے کیسے نمٹا جائے۔ متعدد مقامات پر احتجاج شروع ہوا، اور مزید اقدامات پر غور کرنے کے لیے 3-4 جون کو لاہور میں SMC کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس طے ہوا[351]۔ اس مرحلے پر نواب قزلباش، دہلوی سے مشورہ کرنے کے لیے کہ حالات کو کیسے ختم کیا جائے کراچی روانہ ہوئے۔ SMC کے اجتماع کے موقع پر قزلباش نے مغربی پاکستان کے گورنر جنرل محمد موسیٰ سے ملاقات کی جو کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے شیعہ ہزارہ اور پاکستانی فوج کے سابق کمانڈر انچیف تھے جنہوں نے ستمبر 1966ء میں امیر محمد خان کی جگہ لی تھی[352]۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ حکومت نے پانچ شیعہ اور پانچ سنی ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دینے کی پیشکش، جو شیعہ مطالبات کا جائزہ لے گی اور اپنی سفارشات حکومت کو پیش کرے گی۔ دہلوی، جنہیں خدشہ تھا کہ لاہور اور دیگر جگہوں پر ہونے والی تحریک پُرتشدد ہوسکتی ہے اور شیعہ گروہی تحریک کی تین سالہ کامیابیوں کو خطرے میں ڈال سکتی ہے، نے اِن شرائط سے اتفاق کیا اور لاہور کنونشن کو منسوخ کر دیا[353]۔ یہاں تک کہ اُنہوں نے قزلباش کو اپنے آپ کو شیعہ مطالبات کی مہم کی "کمان سنبھالنے" کے طور پر پیش کرنے کی اجازت دے دی۔ معاہدے کے بعد قزلباش کے پہلے اقدامات میں سے ایک کربلا گامے شاہ میں ایک جلسہ عام بلانا تھا جس میں دس رکنی بورڈ کی تقرری پر گورنر کا شکریہ ادا کرنے، اِس کے ارکان پر اعتماد کا اعلان کرنے اور قزلباش کی خدمات پر شکریہ ادا کرنے کی قراردادیں منظور کی گئیں[354]۔

قزلباش اور دہلوی دونوں جوائنٹ بورڈ کے شیعہ ممبران میں شامل تھے، دوسرے مفتی جعفر حسین، سید مرید حسین شاہ[355] اور راجہ امیر احمد خان آف محمود آباد[356] تھے۔ اس بورڈ کے سنی ارکان تمام مذہبی سکالر تھے، یعنی مفتی محمد شفیع[357]، علاؤ الدین صدیقی[358]، عبد الحامد بدایونی[359]، کوثر نیازی[360]، اور ڈاکٹر فضل الرحمان[361]۔ بورڈ نے 29 جون 1967ء کو لاہور کے سول سیکرٹریٹ میں ایک ہی اجلاس منعقد کیا جس کی صدارت ملک عبد الطیف سیکرٹری وزارت تعلیم نے کی[362]۔ اِس کے باوجود یہ بورڈ متفقہ فیصلوں پر پہنچا جو حیرت انگیز طور پر شیعہ مطالبات کے حق میں تھے۔ دہلوی کے مطابق بورڈ کی سفارشات درج ذیل تھیں:

1) دینیات کے لیے تین حصوں پر مشتمل ایک درسی کتاب ہوگی:

الف) اخلاقیات، جسے شیعہ اور سنی 'علماء' مشترکہ طور پر تیار کریں گے اور جسے دونوں فرقوں کے لیے قابل قبول ہونا چاہیے۔

ب) سنی دینیات

ج) شیعہ دینیات۔

2) تاریخ اور اسلامیات پر نصابی کتب کے قابل اعتراض مواد کو شیعہ اور سنی 'علماء' پر مُشتمل بورڈ ہٹا دے گا۔ مذکورہ بورڈ کی منظوری کے بغیر اِن مضامین پر کوئی نصابی کتاب سکولوں میں استعمال نہیں کی جائے گی۔

3) پولیس اور متعلقہ حکام امن و امان کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے عزاداری کے لیے ہر

ممکن سہولیات فراہم کریں گے؛شیعہ اور سنی 'علماء ' پر پابندیاں نامناسب ہیں۔

4) محکمہ اوقاف میں شیعہ اور سنی اوقاف کے لیے الگ الگ حصے بنائے جائیں گے جو ایک دوسرے کے معاملات میں مداخلت نہیں کریں گے[363]۔

تاہم، نہ تو دہلوی اور نہ ہی بورڈ کے کسی دوسرے رُکن نے اب تک اِن سفارشات کو عام کیا۔ انہیں مزید" مطالعہ" کے لیے حکومت کے پاس جمع کرایا گیا، اور دہلوی نے اگست کے آخر میں ایک پیغام میں خود کو یہ یقین دلانے تک محدود رکھا کہ بورڈ کی میٹنگ اچھے ماحول میں ہوئی ہے اور حکومت کی طرف سے منظوری کے بعد اس کی سفارشات کے بارے میں تفصیلات شائع کی جائیں گی۔ اِس دوران شیعوں کو چاہیے کہ وہ مزید SMCs بنائیں، زیادہ ممبران اور رضا کار بھرتی کریں، اور چندہ اکٹھا کریں[364]۔ تکلیف ختم ہونے سے کوسوں دور تھی، جیسا کہ مشتاق حسین نقوی کی قزلباش اور شائق امبالوی کے خلاف 24 جولائی اور 1 اگست کو شائع ہونے والی ایک طویل اور انتھک بحث سے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ اِس نے واضح کیا کہ SMC کے مرکزی آرگنائزنگ سیکرٹری نے کبھی بھی APSC کے ساتھ تعاون پر رضامندی ظاہر نہیں کی[365]۔

دس رکنی بورڈ کے اجلاس سے پہلے شیعہ کمیونٹی کے نام ایک پیغام میں، دہلوی نے اِس بورڈ میں پانچ سنیوں کی قبولیت کو خیر سگالی کی علامت کے طور پر پیش کیا تھا، کیونکہ اُن کے الفاظ میں" نہ تو ہمارا سنیوں سے کوئی تصادم ہے، اور نہ ہی ہمارے مطالبات سے اُن کو کوئی سروکار ہے[366]"۔ یہ زیادہ تر خوش فہمی کے سوا کچھ نہ تھا۔ انتہا پسند سنی گروہ، جنہوں نے اب تک دہلوی کی تحریک کو زیادہ سنجیدگی سے نہیں لیا تھا، بورڈ کی سفارشات کے لیک ہونے سے گھبرا گئے اور حکومت کو الگ دینیات متعارف کرانے یا محکمہ اوقاف کو تقسیم کرنے سے خبردار کیا[367]۔ 6 اگست 1967ء کو ملتان میں ایک "سنی کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا جس میں اِس بات پر تبادلہ خیال کیا گیا کہ" نزاع انگیز" شیعہ مطالبات کا مقابلہ کیسے کیا جائے[368]۔ اگرچہ کوئی 400 مدعو کیے گئے سنی علماء میں سے چند درجن ہی حاضر ہوئے (جن میں معروف درجے کا کا کوئی بریلوی عالم شامل نہیں تھا)[369] لیکن مقررین میں مولانا مفتی محمود[370] اور حتیٰ کہ کوثر نیازی[371] بھی شامل تھے۔ شیعوں کے تینوں مطالبات کے خلاف قراردادیں منظور کی گئیں۔ ایک قرارداد میں عزاداری کے خلاف معروف سخت گیر موقف دہرایا گیا[372]، جبکہ دوسری میں دینیات کے نصاب میں صحابہ کی زندگی کو شامل کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا، اگرچہ شیعوں کے لیے اس میں شرکت کو غیر لازمی قرار دینے کے امکان کی طرف اشارہ کیا گیا۔ شیعہ اوقاف کی علیحدہ انتظامیہ کو اِس بنیاد پر مسترد کر دیا گیا کہ اُن کے لیے ہر قسم کے الگ انتظامات" ملک کی سالمیت کے لیے سنگین خطرہ" ہوں گے[373]۔

تاہم اُسی مہینے مفتی محمد شفیع الگ دینیات کے حق میں عوامی بیان کے ساتھ سامنے آئے، جس کے بعد شیعہ پریس میں اُن کا کثرت سے حوالہ دیا گیا۔ اُن کی رائے یہ تھی:

چونکہ شیعہ اور سنی حدیث اور فقہ ایک دوسرے سے بہت مختلف ہیں، دونوں فرقوں کے

طلبہ اِس کے ایک بڑے حصے سے محروم رہیں گے اور اُن کی [مذہبی] تعلیم اُدھوری رہے گی اگر صرف اُن حصوں کو پڑھایا جائے جس پر سنی اور شیعہ دونوں متفق ہیں۔ اور اگر متنازعہ معاملات کو ان کی حیثیت سے پڑھایا جائے تو طلباء آپس میں اُلجھ جائیں گے اور آپس میں بٹ جائیں گے ... شیعہ حدیث اور فقہ کو الگ الگ پڑھایا جائے اور امتحانات بھی الگ ہوں۔ جامعہ کراچی کی سلیبس کمیٹی کے رُکن کی حیثیت سے مَیں یہ بات کئی بار کہہ چکا ہوں اور اب اِس یونیورسٹی میں دونوں سلیبس بھی الگ الگ ہوچکے ہیں۔ تجربے سے معلوم ہوا ہے کہ اس طریقے سے مسلمانوں کے اتحاد کو نقصان نہیں پہنچا بلکہ اِس کے لیے مفید ثابت ہوا ہے۔ نہ ہی اِس طرح کی علیحدگی کی وجہ سے اتنے اضافی اخراجات ہوئے ہیں اور نہ ہی کام کہ یہ ناقابلِ عمل ہوتا[374]۔

جنرل محمد موسیٰ کے مطابق ایوب خان خود بھی اسی طرح کے خیالات رکھتے تھے اور اُنہیں ہدایت کی تھی کہ اِس مسئلے کو جلد از جلد حل کیا جائے[375]۔ تاہم، اُس سال حزب اختلاف کی جماعتوں کے بڑھتے ہوئے دباؤ کا سامنا کرتے ہوئے[376]، حکومت انتہا پسند سنیوں کو خود پر حملوں کے لیے ایک اور اِیشو دینے کے لیے تیار نہیں تھی، اور یہ ٹال مٹول جاری رہی۔ SMC کی ورکنگ کمیٹی نے 5 نومبر کو ملتان میں میٹنگ کی اور فیصلہ کیا کہ ایک اور ملک گیر کنونشن فروری 1968ء میں حیدر آباد میں منعقد کیا جائے جس میں چار سال کے اندر تحریک کی کامیابیوں کی رپورٹ پیش کی جائے اور مزید اقدامات کی منظوری دی جائے۔ اس دوران، SMC کا ایک وفد دوبارہ صدر اور گورنر سے ملاقات کرے اور حیدر آباد میں نتائج کے بارے رپورٹ کرے[377]۔

اُس سنگم پر، حکومت نے پہلی بار شیعہ تحریک کے خلاف جابرانہ اقدامات کا سہارا لیا۔ 14 دسمبر 1967ء کو دہلوی اور مشتاق حسین نقوی پر عوامی خطاب پر تین ماہ کی پابندی لگا دی گئی[378]۔ 4 فروری 1968ء کو حیدر آباد میں اجتماعات پر پابندی (دفعہ 144 پی پی سی) لگا دی گئی۔ اُس وقت تک، پاکستان کے دوسرے حصوں سے ہزاروں شیعہ پہلے ہی 10-11 فروری کو ہونے والے کنونشن کے لیے شہر میں پہنچ چکے تھے۔ جب 70 شیعہ علماء کرام اور قائدین کے داخلے پر نافذ العمل بہ ماضی اثر کے ساتھ پابندی کا حکم دیا گیا تو پہلے سے موجود لوگوں میں سے کسی نے بھی اِس کی تعمیل نہ کی۔ 10 فروری کو مغربی پاکستان کے وزیر داخلہ قاضی فضل اللہ کو SMC ورکنگ کمیٹی کے ساتھ بات چیت کے لیے حیدر آباد روانہ کیا گیا۔ ایک بار پھر "تھوڑے ہی عرصے میں" شیعہ مطالبات کی منظوری کا وعدہ کیا گیا، اور ایک بار پھر دہلوی نے ہر قیمت پر تشدد سے بچنے کی اپنی خواہش کو ثابت کیا۔ ہزاروں غیض و غضب میں بھرے شیعوں کے شدید دباؤ کے باوجود- جنہیں مشتاق حسین اور دیگران نے بھڑکایا تھا- انہوں نے کانفرنس منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا[379]۔ بعد ازاں اُنہوں نے دلیل دی کہ وہ اُن لوگوں کو معتبریت نہیں دینا چاہتے تھے جنہوں نے حکومت کو بتایا تھا کہ اس کانفرنس کا مقصد سول نافرمانی مہم کے ذریعے حکومت کے خلاف مشکلات پیدا کرنا تھا[380]۔

ایک ہفتہ بعد APSC کے جریدے 'اسد' نے رپورٹ دی کہ قزلباش کو باضابطہ طور پر شیعوں کے "تین مطالبات" کی منظوری کے بارے میں مطلع کر دیا گیا تھا[381]۔ یہ بات بے بنیاد نکلی اور دہلوی اور قزلباش کے درمیان علیحدگی اب مکمل ہو چکی تھی۔ نومبر 1967ء ہی میں

دہلوی یہ شکوہ کر چکے تھے کہ کس طرح قزلباش نے اُنہیں تین بار دھوکہ دیا ہے[382]۔ 10 مئی کو 'اسد' نے ایک بار پھر اطلاع دی کہ مطالبات تسلیم کر لیے گئے ہیں، لیکن دو ہفتے بعد پارلیمنٹ میں وفاقی وزیر تعلیم نے اِس کی تردید کر دی: حکومت اب بھی مشترکہ بورڈ کی سفارشات کا ''مطالعہ'' کر رہی ہے[383]۔ جولائی کے اوائل میں ہفتہ وار جریدے نے تیسری بار اپنا یہ دعویٰ دہرایا، اب یہ وضاحت کرتے ہوئے کہ یہ حکومت کے مفاد میں ہے کہ منظوری کو عوامی نہ کیا جائے، شاید انتخابات قریب آنے کی وجہ سے[384]۔

سید محمد دہلوی، جنہوں نے مئی 1968ء میں مشرقی پاکستان کا سفر کیا تھا[385]، نے 6-7 جولائی کو حیدرآباد میں SMC کونسل کا اجلاس بلایا۔ اس موقع پر، مشتاق حسین نے تحریک کے مقاصد کے حصول کے لیے مزید انقلابی اقدامات کے لیے پرجوش دباؤ ڈالا، اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ اگر حکومت یکم اکتوبر تک شیعہ مطالبات جس میں ضروری کمیشنوں کی تقرری پر عملدرآمد بھی شامل تھا، یکم نومبر سے ملک گیر احتجاج شروع کیا جائے گا[386]۔

اگلے چار مہینوں میں SMCs کی طرف سے ایک زبردست پروپیگنڈہ مہم چلائی گئی، جو حکومت کی ٹال مٹول کے ساتھ ساتھ ''لاہور کے غداروں'' کے خلاف بھی مرکوز تھی۔ 19-28 ستمبر تک دہلوی کے لاہور قیام اور اِس کے بعد کئی عوامی اجتماعات منعقد ہوئے، جبکہ قزلباش اور شمسی نے پس پردہ رہنے کو ترجیح دی[387]۔ انہوں نے کچھ مذہبی شخصیات کے ساتھ مل کر SMC کی تحریک کا مقابلہ کرنے کی کوشش کی[388]، لیکن اِس دوران تقریباً تمام ممتاز شیعہ 'علماء' سید محمد دہلوی کے پیچھے متحد ہو چکے تھے[389]۔ دہلوی اور اُن کے رفقا نے لاہور میں اپنے قیام کے بعد راولپنڈی، پشاور، کوہاٹ، ہنگو اور کرم ایجنسی (29 ستمبر تا 7 اکتوبر) کا دورہ کیا، یعنی وہ علاقے جو بیس سال سے شیعہ گروہی تحریکوں کے لیے انتہائی محنتی اور پرجوش رضا کاروں کی فراہمی کرتے رہے تھے[390]۔ اسی دوران حکومت کے لیے دیئے گئے الٹی میٹم کی میعاد بغیر کسی پیشرفت کے ختم ہوگئی۔ راولپنڈی میں سول نافرمانی کی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جہاں 2-3 نومبر 1968ء کو ایک اور SMC کنونشن منعقد ہونا تھا[391]۔

راولپنڈی میں حسینی محاز کی تیاریوں میں 25 اکتوبر کو ملک گیر یوم احتجاج منایا گیا۔ لاہور کے موچی گیٹ کے قریب آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر کرنل (ریٹائرڈ) سید احمد علی شاہ کی زیر صدارت ایک بہت بڑے اجتماع میں قزلباش اور شمسی کے خلاف پرجوش تقریریں عروج پر پہنچ گئیں۔ دونوں رہنماؤں کے خلاف پہلی بار مردہ باد کے نعرے لاہور کے قلب میں لگائے گئے جو کئی دہائیوں سے اُن کا گڑھ تھا[392]۔ اُن پر الزام لگایا گیا کہ وہ صرف اپنے قائدانہ مقام کی فکر کرتے ہیں، شیعوں کو ''بکریوں اور بھیڑوں کی طرح'' جاہل رکھنے کی کوشش کرتے ہیں، اور حکمرانوں کو خوش کرنے کے لیے کسی بھی حد تک چلے جاتے ہیں۔ قزلباش اور شمسی دونوں نے بارہا شیعہ احتجاجی تحریک کو سیاسی اپوزیشن کے محض ایک آلے کے طور پر پیش کیا تھا اور مبینہ طور پر حکومت کو اُسے کچلنے کا مشورہ بھی دیا تھا[393]۔ اکتوبر کے آخری ہفتے میں بہت سے قصبوں اور اضلاع میں شیعہ معززین سے مقامی حکام سے رابطہ کیا گیا اور کہا گیا کہ وہ شیعہ رضا کاروں کو راولپنڈی کا سفر کرنے سے روکیں[394]۔ 29 اکتوبر کو وزیر قاضی فضل اللہ نے SMC کنونشن کو ناکام بنانے کی آخری کوشش میں اپنے گھر میں شیعہ رہنماؤں کا اجلاس بلایا۔ سید محمد دہلوی اور مشتاق حسین نے آنے سے انکار کر دیا، اس کی بجائے سابق وزیر سید عابد حسین آف جھنگ اور محمد بشیر انصاری کو بھیجا۔ قزلباش، جو ابھی تک وزیر داخلہ سے ناراض تھا کیونکہ وہ وہی تھا جس نے اس سال کے شروع میں شیعہ مطالبات کی منظوری کے بارے میں ان کے

اعلانات سے انکار کیا تھا، سید ہادی علی شاہ کو بھیجا۔ سید مرید حسین شاہ جبکہ شمسی خود آئے۔ مؤخر الذکر تین حکومت کی حمایت کے اعلان پر دستخط کرنے کے لیے تیار تھے لیکن انہیں SMC کے مندوبین نے ایسا کرنے سے روک دیا[395]۔ جب تمام پیشگی اقدامات ناکام ہو چکے اور پاکستان کے کئی حصوں سے تقریباً 15 ہزار شیعہ تحریک شروع کرنے کے لیے راولپنڈی میں جمع ہو گئے تو آخر کار حکومت نے ہار ماننے کا فیصلہ کر لیا۔ یکم نومبر 1968ء کی شام درج ذیل سرکاری بیان جاری کیا گیا، جو اگلی صبح تمام روزناموں میں بھی شائع ہوا:

مرکزی حکومت کی منظوری سے مغربی پاکستان کی حکومت نے شیعہ اور سنی علماء کے مشترکہ بورڈ کی سفارشات کے مطابق اسلامیات کے نصاب پر نظر ثانی کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو کہ کچھ عرصہ قبل مرکزی حکومت کی طرف سے تشکیل دیا گیا تھا۔ مزید یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اگر کوئی طالب علم اسلامیات کا مضمون نہیں لینا چاہتا تو اُسے یہ اختیار ہوگا کہ وہ ایسا نہ کرے۔ جہاں تک عزاداری کی غیر محدود آزادی کے مطالبے کا تعلق ہے، حکومت یہ واضح کرنا چاہتی ہے کہ اس طرح کی ہر درخواست پر اُس علاقے کی امن و امان کی صورت حال کی روشنی میں غور کیا جانا چاہیے جس سے اس کا تعلق ہے۔ صوبائی حکومت نے علماء بورڈ کی اُس سفارش کو بھی قبول کر لیا ہے کہ اوقاف بورڈ کے تحت شیعہ اور سُنی اوقاف کے لیے دو الگ الگ شعبے ہونے چاہئیں[396]۔

اس طرح راولپنڈی کنونشن، جس میں ہزاروں رضا کار اپنے آپ کو گرفتار کروانے یا کسی بھی دباؤ کا سامنا کرنے کی پختہ نیت کے ساتھ آئے تھے، ایک جشن میں بدل گئی[397]۔ چونکہ حکام نے لیاقت باغ میں عوامی اجتماع کی اجازت نہیں دی تھی، لہٰذا سب نے 2-3 نومبر کو مری روڈ پر واقع ڈاکٹر سید اجمل حسین رضوی کے گھر اور باغ میں اجتماع کیا۔ سید محمد دہلوی نے اپنے خطاب میں کہا کہ منظم اور مستقل پانچ سالہ کوششوں نے وہ حاصل کر لیا ہے جو ”شیعہ عوام کے نامسلم غداروں“ نے حکومت کے اعلیٰ حلقوں کے ساتھ اچھے تعلقات کے باوجود 20 سال میں حاصل نہیں کیا تھا۔ SMC نے حکومتی بیان کا بغور مطالعہ کیا تھا اور اُسے قابل اعتماد پایا تھا لیکن مزید وضاحتیں مانگ رہی تھی، جو 4 نومبر کو گورنر محمد موسیٰ کے ساتھ ملاقات میں طلب کی جائیں گی۔ اگر دس رکنی بورڈ کی سفارشات کو مکمل طور پر منظور نہیں پایا گیا تو وہ پھر سے شیعہ برادری کو کنونشن کے لیے بلائیں گے[398]۔

اِن دو دنوں کی تقریری نشستوں میں جو جذباتی فضا قائم تھی وہ انتہائی جوش اور ان لوگوں کے خلاف انتقامی رویے پر مبنی تھی، جیسا کہ چند واقعات سے ظاہر ہوتا ہے: محمد بشیر انصاری نے بتایا کہ مظفر علی شمسی نے وزیر داخلہ کو یقین دلایا تھا کہ راولپنڈی میں کوئی سول نافرمانی کی تحریک نہیں ہوگی، انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ 1950ء کے نارووال احتجاج کے دوران جن لوگوں نے گرفتاریاں دی تھیں انہیں بیس بیس روپے میں خریدا گیا تھا[399]۔ جب انہوں نے بتایا کہ سید مبارک علی شاہ کی جگہ 1967ء میں ITHS کے چیئرمین بننے والے سید اظہر حسن زیدی نے اِس ”بکواس“ کی تصدیق کی تھی، تو اس ایک زمانے میں انتہائی معزز سمجھے جانے والے واعظ کے خلاف لعن طعن کے نعرے لگے[400]۔ اسی طرح جب ڈیرہ غازی خان سے مولانا مزمل حسین، مفتی جعفر حسین کے بارے میں کچھ کہنا چاہتے تھے، تو اُنہیں چیخ کر چپ

کرادیا گیا: بیٹھ جاؤ، بیٹھ جاؤ، ہم وہ نام سننا نہیں چاہتے[401]۔ جب مولانا محمد اسماعیل نے اپنی تقریر کے دوران "شمسی صاحب" کا لفظ استعمال کیا تو اُنہیں لفظ "صاحب" کو واپس لینے پر مجبور کیا گیا اور لاہور کے تقریباً 300 ہنگامہ بازوں کے دباؤ میں اُنہوں نے دہلوی کے پاؤں سے جوتا اُتارا، اور چلا کر کہا کہ وہ" قائد ملت کے اِس ایک جوتے کے بدلے ایک ہزار مظفر علی شمسیوں کی قربانی دیں گے"[402]۔

دہلوی نے کچھ دنوں بعد کراچی میں فاتحانہ واپسی کی، جس میں لاہور میں موچی گیٹ پر ایک اور اجتماع کے ساتھ مختصر قیام بھی شامل تھا[403]۔ 4 نومبر کو مشتاق حسین کی راولپنڈی میں گرفتاری کے بعد اُن کے حامیوں کا حوصلہ کچھ دیر کے لیے ماند پڑا تھا[404]۔ اب واقعات سے نتائج اخذ کرنے کا وقت تھا۔ شائق امبالوی نے 8 نومبر کو قزلباش کے استقبالیہ کے دوران اِس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ حکومت نے اپنے اعلانات چند ماہ پہلے کیوں نہیں کیے، جس سے APSC کے رہنماؤں کو بہت سی پریشانی سے بچایا جاسکتا تھا۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ انہیں تعاون کے لیے تیار رہنے اور ہمیشہ متفقہ حل تلاش کرنے کے اصول پر سزا دی گئی ہے، جبکہ SMC نے کسی بھی قیمت پر پُرشدت ہنگامہ برپا کرنے کی کوشش کی[405]۔ دوسری طرف مشتاق حسین نے SMC کی تین اہم خوبیوں کی طرف اشارہ کیا جو گذشتہ بیس سالوں میں ITHS اور APSC دونوں میں موجود نہیں تھیں: قوم کی طاقت کو منظم کرنے کی صلاحیت، عوام میں بیداری پیدا کرنا، اور عوام میں قربانی کا جذبہ پیدا کرنا۔ اس طرح دہلوی، جن کا حکومتی حلقوں سے کوئی تعلق نہیں تھا بلکہ وہ ان کے لیے ناپسندیدہ شخص تھے، وہ کامیاب ہوئے جہاں دوسرے ناکام رہے[406]۔

دسمبر 1968ء کے اوائل میں اپنے تابعین کے نام ایک پیغام میں دہلوی نے حکم دیا کہ حکومت کے وعدوں کے مکمل نفاذ تک تمام SMCs کو اپنی جگہ پر آرام کرنا چاہیے اور یہ کہ جہاں وہ ابھی تک موجود نہیں ہیں مزید SMCs تشکیل دی جائیں۔ انہوں نے فنڈز کی وصولی پر خصوصی زور دیا، جسے مقامی طور پر ذخیرہ کیا جاسکتا ہے لیکن اس وقت تک خرچ نہیں کیا جانا چاہیے جب تک کہ شیعہ مسلک کے لیے مزید مسائل کا اندیشہ نہ ہو۔ تمام SMCs کو ملک گیر کونسل بنانے کے لیے اپنے سب سے زیادہ فعال اراکین کی فہرست تیار کرنی چاہیے جن کی سالانہ میٹنگ ہونی چاہیے[407]۔

تقریباً پانچ سال کی ٹال مٹول کے بعد اہم شیعہ مطالبات کی اچانک قبولیت شاید سب سے زیادہ اُس سیاسی تعطل کا نتیجہ تھی جو ایوب خان کی حکومت 1968ء کے اواخر تک پہنچ گئی تھی۔ چنانچہ یہ محض اتفاق نہیں تھا کہ راولپنڈی میں شیعہ کنونشن کے تقریباً فوراً بعد اُسی قصبے میں طلباء کے فسادات پھوٹ پڑے جو تیزی سے پاکستان کے دیگر حصوں میں پھیل گئے اور مختلف اپوزیشن جماعتی پُرتشدد مظاہروں میں شامل ہوگئیں[408]۔ 25 مارچ 1969ء کو ایوب خان کے استعفیٰ تک کے آخری چار مہینوں میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال سے نمٹنے میں حکومت کی تمام توانائیاں جھونک دی گئیں۔ قدرتی طور پر، اِن مہینوں میں شیعوں سے کیے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے کچھ نہیں کیا گیا۔

5

یحییٰ خان اور بھٹو دَور، 1969ء-1977ء

عبوری دَور میں نئے مسائل اور جزوی کامیابیاں

نومبر 1968ء کے بعد سے احتجاجی تحریک میں کسی بھی شیعہ تنظیم کا کوئی حصہ نہیں تھا، جس نے مارچ 1969ء میں ایوب خان کا خاتمہ کیا۔ SMC نے ہمیشہ اپنے مطالبات کی خالصتاً مذہبی نوعیت پر زور دیا تھا، اور اِس کے رہنما بنیادی طور پر حکومت کی اپنے وعدوں کو پورا کرنے کی اہلیت کے بارے میں فکرمند تھے۔ اس طرح 26 مارچ 1969ء کو جنرل یحییٰ خان کی طرف سے مارشل لاء کے اعلان کا SMC نے خیر مقدم کیا کیونکہ اس نے لا اینڈ آرڈر کو دوبارہ قائم کیا[1]۔ محمد یحییٰ خان، جنہوں نے ریاست کی صدارت بھی سنبھالی، خود پشاور سے تعلق رکھنے والے قزلباش شیعہ تھے، لاہور کے مظفر علی خان قزلباش[2] کے ساتھ اچھے ذاتی تعلقات تھے، جنہیں انہوں نے اپنی کابینہ میں وزیر خزانہ بنایا تھا۔ اگرچہ یحییٰ خان نے کبھی بھی شیعہ گروہی مطالبات پر کوئی خاص تشویش ظاہر نہیں کی لیکن وہ پچھلی حکومت کی طرف سے کیے گئے وعدوں سے پیچھے نہیں ہٹے، اور اُن کے نفاذ کے لیے کچھ اقدامات اُن کے دَورِ حکومت میں کیے گئے۔

یحییٰ خان کے سال پاکستان کی تاریخ کے سب سے اہم ترین سال تھے جن میں پہلے ملک گیر اور آزاد پارلیمانی انتخابات ہوئے (دسمبر 1970ء) اور اس کے نتیجے میں مغربی اور مشرقی پاکستان کے درمیان تنازعہ کا عروج دسمبر 1971ء کی جنگ میں مؤخر الذکر کی علیحدگی پر منتج ہوا۔ چونکہ مشرقی بنگال کی دو فیصد سے بھی کم آبادی شیعہ تھی، اس لیے بنگال بحران کا پاکستان کی شیعہ تحریک پر زیادہ اثر نہیں ہوا۔ اس کے برعکس، انتخابات اور اُن کے آغاز نے نئے نظریاتی چیلنجز اور سیاسی ایشوز کو متعارف کرایا اور شیعہ برادری کے اندرنئی داخلی تقسیم اور تازہ صف بندی کو جنم دیا۔ اِن سالوں کے دوران، SMC نے اپنے تحرک کو برقرار رکھا اور پرانی شیعہ تنظیموں پر اپنا تسلط قائم کیا، سید محمد دہلوی کی گرتی ہوئی صحت کے باوجود جو اگست 1971ء میں انتقال کر گئے تھے۔ SMC کی زیادہ تر قیادت پہلے ہی 1970ء-71ء میں اس کے سینئر وائس چیئرمین اور دہلوی کے بعد کے جانشین جسٹس (ریٹائرڈ) سید جمیل حسین رضوی کے ذریعے فراہم کر دی گئی تھی۔

حکومت اور" تین مطالبات"، 1969ء-1970ء

ایوب خان کی حکومت کے آخری مہینوں میں تین منظورشدہ شیعہ مطالبات میں سے ایک پر عمل درآمد کے لیے کچھ عملی اقدامات کیے گئے، یعنی عزاداری کی آزادی اور تحفظ۔ محرم 1389ھ (20 مارچ تا 18 اپریل 1969ء) سے پہلے تمام ڈویژنل کمشنرز کو، ڈپٹی کمشنرز اور پولیٹیکل ایجنٹوں کو شیعہ جلوسوں کے لیے سہولیات اور سیکورٹی فراہم کرنے اور اُن کے لیے متعدد نئے لائسنس جاری کرنے کے سرکلر بھیجے گئے۔ محرم کے دوران مخصوص اضلاع میں شیعہ مقررین کے داخلے پر پابندی بھی اٹھالی گئی، سوائے سید محمد دہلوی اور مشتاق حسین نقوی پر کچھ پابندیوں کے [3]۔ اُس سال 'عاشورہ' پر جھنگ میں ایک فرقہ وارانہ تصادم کے نتیجے میں پولیس کی گولیوں سے سات افراد مارے گئے [4]، لیکن نومبر 1968ء کے حکومتی اعلان کے بعد پہلے محرم کے دوران بڑی تعداد میں شیعہ پولیس اور انتظامیہ کی کارکردگی سے مطمئن تھے۔ تاہم، 1970ء کے محرم سے "متعصب اہلکاروں" کے خلاف شکایات دوبارہ شروع ہوگئیں [5]۔

اوقاف بورڈ اور دینیات کے نصاب سے متعلق وعدوں پر عمل درآمد زیادہ مشکل ثابت ہوا۔ 9 جولائی 1969ء کو SMC کے ایک وفد نے مارشل لاء حکام کو اِس مسئلے کی یاد دہانی کرانے کے لیے لاہور میں سویلین اُمور کے انچارج بریگیڈیئر سے ملاقات کی اور ایک یادداشت پیش کی [6]۔ صدر یحییٰ خان نے بالترتیب یکم اور 13 ستمبر کو سید محمد دہلوی اور جمیل حسین رضوی کی قیادت میں SMC کے وفود سے ملاقات کی۔ بعد کی ملاقات میں انہوں نے شیعہ مطالبات سے ہمدردی کا اظہار کیا اور معاملہ وزیر قزلباش کو سونپنے کا فیصلہ کیا [7]۔ 1965ء کے بعد سے قزلباش کے ساتھ کئی مایوس کن تجربات کے بعد SMC کے رہنما شاید ہی مطمئن ہو سکے۔ لیکن اُن کے پاس صورت حال کو برداشت کرنے کے سوا کوئی چارہ بھی نہیں تھا، جیسا کہ مولانا حشمت علی حیدرآبادی کے اپنے جریدے معارف میں قزلباش کے نام ایک کھلے خط سے ظاہر ہوتا ہے:

گورنر جنرل موسیٰ سے ملاقات (جون 1967ء میں) کے بعد آپ نے اعلان کیا تھا کہ شیعہ مطالبات تسلیم کر لیے گئے ہیں، اگرچہ نومبر 1968ء سے پہلے کبھی سرکاری تصدیق نہیں ہوئی۔ لیکن پھر بھی ہمیں آپ کی (نیک) ارادوں پر کوئی شک نہیں ہے؛ یقیناً آپ کے جذبات شیعوں کے ساتھ ہیں۔ پہلے آپ نے بالواسطہ کوششیں کی ہیں ... لیکن اب آپ مکمل اختیارات کے ساتھ حکومت کے ممبر بن گئے ہیں ... شاید قدرتِ الٰہی نے آپ کو یہ موقع دیا ہے کہ آپ اپنی آخری ذمہ داری کے دوران اور اپنی زندگی کے آخری حصے میں قوم کے ساتھ اپنی ہمدردی اور اپنے دینی اخلاص کا ثبوت دیں... اِس وزارت کے بعد آپ کو دوسرا وزارتی عہدہ نہیں ملے گا کیونکہ موجودہ کابینہ کے ارکان الیکشن نہیں لڑ سکتے ... اب آپ اُن لوگوں کو غلط ثابت کرسکتے ہیں جو اب تک یہ سمجھتے رہے ہیں کہ آپ نے ہمیشہ سیاست اور وزارتی عہدوں کو مذہب اور قوم پر ترجیح دی ہے ...[8]

تاہم، قزلباش، بطور وزیر اپنی مدت کے دوران، اور اگلے سالوں میں 1982ء میں اپنی موت تک شیعہ مطالبات پر دباؤ ڈالنے سے ہمیشہ کی طرح ہچکچاتے رہے۔ SMC کونسل کا ایک غیر معمولی اجلاس حکومتی ٹال مٹول سے نمٹنے کے بارے میں بات کرنے کے لئے 31 جنوری سے یکم فروری 1970ء تک حیدر آباد میں بلانا پڑا۔ حکومت نے 30 جنوری کو فوری طور پر دینیات سلیبس پر بحث کے لیے ایک نئے کمیشن کی تشکیل کا اعلان کر دیا۔ اِس وعدے پر عدم اعتماد کیا گیا، اور دہلوی نے اِسے دو ماہ کے اندر لاگو نہ کرنے پر سول نافرمانی کی تحریک کی دھمکی دے دی[9]۔ پھر بھی اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین علاؤ الدین صدیقی کی سربراہی میں ایک تیرہ رکنی بورڈ جلد ہی تشکیل دیا گیا جس میں مفتی جعفر حسین، مرزا یوسف حسین، ناصر حسین[10]، سید فقیر حسین بخاری[11]، مولانا گلشن علی[12] اور سید نصیر الدین حیدر رضوی[13] بطور شیعہ ممبران[14] شامل تھے۔ اِس کا پہلا اجلاس 30 مارچ 1970ء کو اسلام آباد میں ہوا، جس کا آغاز وزیر تعلیم شمس الحق کی تقریر سے ہوا۔ انہوں نے شیعہ اور سنی دینیات کے لیے الگ الگ نصابی کتب کے اعلان سے شرکاء کو حیران کر دیا، جو کہ دیرینہ شیعہ مطالبہ تھا، جسے جون 1967ء میں دس رکنی بورڈ نے منظور نہیں کیا تھا[15]۔ لیکن اجلاس میں کچھ اور فیصلہ کیا گیا۔ نئی نصابی کتابوں سے قابل اعتراض حصوں کو ہٹانے کا وعدہ کیا گیا، جو محکمہ تعلیم تیار کرے گا، لیکن اِس بات کی اُمید کم تھی کہ کسی منتخب حکومت کے آنے سے پہلے اِن کو متعارف کرایا جائے گا اور ممکنہ طور پر اِن کے بارے میں اپنی سوچ بدلی جائے گی۔ کالجوں میں میٹرک گریڈ اور یونیورسٹیوں میں اورینٹل سٹڈیز کے لیے شیعہ دینیات کو ابھی تک سلجھایا نہیں گیا تھا[16]۔

دینیات کمیشن کے مقرر کردہ شیعہ افراد میں بھی تقسیم تھی۔ APSC کے نمائندے مفتی جعفر حسین اور مولانا ناصر حسین 30 مارچ کے اجلاس سے پہلے سید جمیل حسین رضوی کی طرف سے کمیشن کے تمام شیعہ اراکین کے لیے منعقد کیے گئے استقبالیہ میں نہیں آئے۔ سیشن کے بعد قزلباش نے ایک اور استقبالیہ کا اہتمام کیا، جہاں مفتی جعفر حسین نے دینیات کے سوال کے حوالے سے SMC کی بے صبری پر تنقید کی۔ اس کے علاوہ، انہوں نے اُس دن کے فیصلوں اور 1966ء کے اسلامی نظریاتی کونسل کے فیصلوں میں زیادہ فرق نہیں دیکھا۔ مرزا یوسف حسین نے اِس کی تردید کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ دینیات ایشو کو بزدلانہ طریقے سے سنبھالنے سے "شیعہ طلباء کی ایک پوری نسل ختم ہو گئی ہے"[17]۔ SMC دینیات کمیشن کی کامیابیوں سے مطمئن نہیں تھی اور نہ ہی اوقاف بورڈ کے حوالے سے اب تک کوئی اقدام کیا گیا۔ 11 اپریل 1970ء کو لاہور میں SMC کی ایک "ایکشن کمیٹی" نے حکومت کو دو دن کے بعد "براہ راست ایکشن" کی دھمکی دی۔ اگلی صبح، جب SMC کے تقریباً 400 کونسلرز منصوبہ بند احتجاج کی تفصیلات پر بحث کر رہے تھے، دہلوی کی سربراہی میں ایک وفد کو گورنر عتیق الرحمان، چیف سیکرٹری افضل آغا اور اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین سے گورنر کی رہائش گاہ پر بات چیت کے لیے مدعو کیا گیا۔ گورنر نے وفد کی موجودگی میں اوقاف بورڈ کے شیعہ سیکشن کی تشکیل کے حکم نامے پر دستخط کیے اور علیحدہ شیعہ دینیات کے فوری نفاذ کے حوالے سے نئے وعدے بھی کئے۔ اس کے بعد احتجاج ختم کر دیا گیا[18]۔

چیف سیکرٹری نے پہلے دعویٰ کیا تھا کہ مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے اوقاف بورڈ کے شیعہ سیکشن میں صرف تین افراد کو تعینات کیا جا سکتا ہے، جس میں APSC کے دو نمائندوں (مولانا حسین بخش، سید ہادی علی شاہ بخاری) اور SMC سے شیخ عبدالعزیز اختر۔ SMC کے اصرار پر سید جمیل حسین رضوی کو بغیر تنخواہ کے ایڈیشنل ممبر کے طور پر قبول کر لیا گیا۔ لیکن تھوڑی دیر بعد، APSC اپنے سکریٹری

جنرل شائق امبالوی کو بھی شامل کرنے میں کامیاب ہوگئی۔ یہ بڑے قزلباش وقف کو محکمہ اوقاف کی پہنچ سے دور رکھنے کی ایک اور چال تھی[19]۔جیسا کہ اگلے سالوں میں یہ پتہ چلا کہ شیعہ اوقاف بورڈ کے قیام کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا، کیونکہ صرف چند چھوٹے اوقاف ہی جن کی مجموعی سالانہ آمدنی 10 ہزار روپے سے کم تھی اس کی نگرانی میں آئے، جب کہ بڑے شیعہ اوقاف اپنے متوالوں کے من مانی کنٹرول میں رہے یا سنیوں کو دے دیئے گئے[20]۔

مغربی پاکستان کے لیے شیعہ اوقاف بورڈ کا پہلا اور آخری اجلاس 26 جون 1970ء کو ہوا۔(کچھ دنوں بعد "ون یونٹ" کی تحلیل کے بعد مذکورہ پانچوں افراد کو پنجاب شیعہ اوقاف بورڈ کا ممبر بنا دیا گیا)۔ اِس سیشن کے دوران سید ہادی علی شاہ نے، قزلباش وقف کو متاثر کرنے والے کسی بھی قبل از وقت فیصلے دینے کے لیے اور ساتھ ہی ساتھ سنی ووٹروں کو خوش کرنے کے لیے[21]، اوقاف بورڈ کو شیعہ اور سنی حصوں میں تقسیم کرنے کے خلاف سختی سے بحث کی۔"مسلمانوں کے اتحاد" کے حق میں اُن کی تاخیر سے کی گئی درخواست کو محکمہ اوقاف کے چیف ایڈمنسٹریٹر نے بھی نامناسب قرار دیا تھا[22]۔اسی نشست کے دوران جمیل حسین رضوی نے اُن شیعہ اوقاف کا مسئلہ اٹھایا جو سنی اوقاف میں تبدیل ہو چکے تھے۔اُن کے مطالبے پر اگلے مہینوں میں تمام اوقاف کا ایک رجسٹر تیار کیا گیا، جس سے معلوم ہوتا تھا کہ یہ تصرف کہاں کہاں ہوا ہے۔ شیعہ دعوؤں کے مطابق لعل شہباز قلندر (سیہون شریف)، شاہ شمس تبریزی (ملتان)، شاہ چون چراغ (راولپنڈی) اور بری شاہ لطیف (نور پور شاہاں) کا بڑا اوقاف متاثر ہونے والوں میں شامل تھا[23]۔محکمہ اوقاف کی جانب سے شیعوں کو عدالتوں میں ایسے مقدمات نمٹانے کی ہدایت کی گئی، لیکن انھوں نے کبھی بھی عدالتی فیصلہ اپنے حق میں نہیں لیا[24]۔سرکاری وعدوں کی ایک اور خلاف ورزی میں، اوقاف بورڈ کے الگ الگ شیعہ سیکشن صرف پنجاب اور سندھ صوبوں میں متعارف کرائے گئے، لیکن مشرقی پاکستان، صوبہ سرحد (کے پی) اور بلوچستان میں نہیں۔

دینیات اِیشو کے حوالے سے 30 اپریل کو اسلام آباد اور 25 سے 27 جون کو لاہور میں متعلقہ کمیشن کے اجلاسوں کے دوران ایک واضح پیش رفت حاصل ہوئی۔ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے نئے سلیبس کی تیاری تک شیعہ نصابی کتب جواب تک صرف نجی گھروں میں استعمال ہوتی تھیں پبلک سکولوں میں متعارف کرائی جانی چاہئیں۔ اِس طرح کی نصابی کتب کے سات مجموعوں میں سے، فرزند رضا[25] اور ذاکر حسین فاروقی[26] کی تیار کردہ کتابوں کو بالترتیب 1970ء کی گرمیوں کی تعطیلات کے بعد کلاس 3-5 اور 6-10 میں متعارف کروانے کے لیے متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا[27]۔تاہم، وہ فیصلہ یکم جولائی کو مغربی پاکستان "ون یونٹ" کی تحلیل کا شکار رہا۔اس کے بعد شیعوں کو کچھ یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز اور ایجوکیشن منسٹری کے عہدیداروں کے اجلاس کے وعدوں کے ساتھ ملتوی کر دیا گیا تا کہ شیعہ دینیات کو متعارف کرانے کے بارے میں فیصلہ کیا جا سکے" ایک بار جب نئی صوبائی انتظامیہ صحیح طریقے سے کام کرلے"[28]۔دسمبر 1970ء کے انتخابات کے بعد یہ تیزی سے واضح ہو گیا، کہ اِس معاملے کا فیصلہ منتخب حکومت ہی کرے گی، ایک بار جب یہ ہو جائے گا (نیچے ملاحظہ کریں)۔

1970ء کے انتخابات تک نظریاتی جدوجہد

1950ء اور 1960ء کی دہائیوں کے دوران، پاکستان کی شیعہ تنظیموں کے درمیان تنازعات گروہی قیادت کی دشمنیوں اور حکومت اور سنی اکثریت کے ساتھ مختلف رویوں کی وجہ سے شروع ہوئے۔ 1969ء-70ء میں، ذوالفقار علی بھٹو اور اُن کی پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے "سوشلسٹ" پروپیگنڈے کے چیلنج سے یہ جزوی طور پر دَب گئے۔ اُن سالوں کے دوران، SMC کے ساتھ ساتھ APSC اور ITHS کے زیادہ تر سرکردہ اراکین نے "سوشلسٹ کیمپ" کے خلاف کم وبیش سختی سے مخالفت کی، جب کہ اِن تنظیموں کے کچھ انفرادی اراکین نے پی پی پی کا ساتھ دیا۔ مزید برآں، کچھ نوجوان شیعہ کارکنوں نے ایک "شیعہ پولیٹیکل پارٹی" کی بنیاد رکھی، جس کی بعد میں "سوشلسٹ" کے طور پر بھی مذمت کی گئی۔

سوشلزم کے خلاف بعض شیعہ جرائد میں مہم جولائی 1969ء میں شروع ہوئی، جب نجف اور عراق کے دیگر قصبوں میں شیعہ علماء کے خلاف بعث رجیم کی جابرانہ کارروائیوں کی خبریں پاکستان پہنچیں اور شیعہ احتجاجی اجلاسوں کا سلسلہ شروع کیا[29]۔ اِن میں سے سب سے بڑی میٹنگ 12 ستمبر 1969ء کو راولپنڈی میں ہوئی۔ اِس کا انعقاد مشتاق حسین نقوی نے "اسلامک فرنٹ آف ویسٹ پاکستان" کے نام سے کیا تھا، جس میں کچھ سنی جماعتیں بطور "مسجد الاقصیٰ[30] اور عراق پر کنونشن" بھی شامل تھیں۔ جے یو آئی کے رہنما احتشام الحق تھانوی اور جماعت اسلامی (جے آئی) کے دو اراکین کی جانب سے، دوسروں کے درمیان، سوشلزم کے خلاف شعلہ انگیز تقریریں کی گئیں۔ جمیل حسین رضوی نے خبردار کیا کہ اگر پاکستان کے لوگ اسلام کو چھوڑ کر سوشلسٹ کو اقتدار میں لائے تو پاکستان میں عراق جیسی صورتحال پیدا ہو جائے گی[31]۔

پاکستانی شیعوں کے زیادہ مذہبی سوچ رکھنے والے طبقات کے لیے عراق میں ہونے والے واقعات کی اہمیت کچھ بھی ہو، اس میں کچھ شک ہے کہ عوام اپنے سماجی مسائل سے زیادہ فکرمند تھے اور 1968ء کے اواخر سے ملک میں پھیلی ہوئی عوامی بیان بازی کے لیے انتہائی ردعمل کا اظہار کرتے تھے۔ مروّجہ بائیں بازو کا مزاج زیادہ تر شہری متوسط طبقے کے دانشوروں کو بھی ساتھ لے کر چل رہا تھا، لیکن ان میں سے کچھ اب بھی ایک مضبوط شیعہ گروہی شناخت محسوس کرتے تھے۔ مؤخر الذکر میں سے ایک ایڈووکیٹ سید شاہد علی نقوی نے یکم اگست 1969ء کے رضا کار میں اپنے ایک آرٹیکل میں اپنے خیالات کا اظہار اس طرح کیا (اقتباسات):

شیعوں کی نام نہاد قیادت ہمیشہ بااثر، دولت مند اور معززین کے ہاتھ میں رہی ہے جنہوں نے کبھی شیعہ عوام کے مسائل کو سمجھنے کی کوشش تک نہیں کی۔ انہوں نے ہمیشہ ذاتی فائدے کو عوام کے مفادات پر ترجیح دی ہے۔

آج کل ہمارے ہر گاؤں میں سینکڑوں اور ہزاروں مذہبی تنظیمیں ہیں۔ اِن میں سے کچھ ملک گیر اہمیت کا دعویٰ کرتے ہیں، لیکن اُن کی سرگرمیاں ہمیشہ مذہبی معاملات تک محدود رہتی ہیں۔ شیعوں نے ہمیشہ سیاست کو شجرِ ممنوعہ سمجھا ہے اور سیاسی جماعتوں میں اجتماعی

شرکت کو گناہ قرار دیا ہے۔ اِس غلطی کی وجہ سے بہت سے مصائب اور آفات وجہ بنے...... پاکستان کے قیام کے بعد سیاست سے ہماری لاتعلقی ایک مہلک زہر ثابت ہوئی...... پچھلی دہائی کی تاریخ ہماری سیاسی موت کی رہی ہے۔ اس دور میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور اہم ریاستی تقرریوں میں ہمارا تناسب صفر تھا...... حکمرانوں نے شیعوں کو اُن کے عوامی تناسب کے مطابق نمائندگی سے محروم کر رکھا ہے۔ شیعہ عموماً اِس ڈرامے کے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔

سیاسی قیادت کے فقدان کی وجہ سے مطالبات تحریک کو بہت سے عملی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ مذہبی انجمنیں اُن بنیادی مسائل کو حل نہیں کر سکتیں جن کا پاکستان کے شیعوں کو سامنا ہے......[32]

کچھ ہفتوں کے بعد، شاہد علی اور لاہور کے چار دیگر وکلاء نے پندرہ روزہ المنتظر میں درج ذیل اپیل کے ساتھ" شیعہ سیاسی پارٹی" (SSP) کی بنیاد رکھنے کا اعلان کر دیا (اقتباسات):

ملت جعفریہ کو بہت سے مذہبی، معاشی اور سماجی مسائل کا سامنا ہے۔ قیام پاکستان سے لے کر اب تک زیادہ تر مذہبی تنظیموں نے اپنے مخصوص دائرہ کار میں اُن کے حل کے لیے کام کیا ہے۔ چونکہ اُن کے عمل کا دائرہ صرف مذہبی دائرے تک ہی محدود ہے، اِس لیے وہ سماجی بہبود کے منصوبوں میں زیادہ کامیابی حاصل نہیں کر سکے... یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ شیعہ قوم کو اب تک سماجی طور پر مضبوط بنیادوں پر منظم نہیں کیا گیا...

یہ اب بھی ایک کھلا سوال ہے کہ کیا ہم نے قیام پاکستان کے بعد سے کوئی گروہی درجہ حاصل کیا؟ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم نے ہمیشہ سیاست کو شجر ممنوعہ سمجھا ہے۔ ہم نے بحیثیت قوم کبھی قومی معاملات میں حصہ نہیں لیا اور نہ ہی ہم نے اپنی صفوں میں سیاسی بیداری پیدا کرنے کا اپنا فرض ادا کیا...... بڑے شیعہ اوقاف کو دوسروں نے ہتھیا لیا کیونکہ ہماری سیاسی غفلت اِس حد تک پہنچ چکی ہے کہ ہم اپنے حقوق قانون ساز اداروں کے بجائے حکمرانوں کے دستخطوں سے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں...... آئینی ضمانتوں کے باوجود پولیس تبلیغ سمیت آپ کی بنیادی مذہبی آزادیوں پر ڈاکہ ڈال رہی ہے اور ہم صرف احتجاج کرتے ہیں...... جہاں قومی دولت مذہبی اُمور پر خرچ ہوتی ہے وہاں شیعوں کو بھلا دیا جاتا ہے۔

ہم سب کسی نہ کسی سیاسی جماعت سے وابستہ رہے ہیں یا اِنفرادی طور پر، لیکن کیا ہم اِس طرح شیعہ سماجی زندگی کے لیے کچھ حاصل کر پائے ہیں؟...... شیعوں کو اب اپنے وسائل اور اپنی ہمت اور صبر کا سہارا لینا چاہیے...... ہماری راہ میں بہت سی مشکلات ہوں گی۔ عام آدمی ہونے کے ناطے ہمیں مالی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا...... لیکن اگر ہم شیعوں کے وقار اور نظم وضبط کو بلند کر سکتے ہیں تو ہمیں یقین ہے کہ ہمارا کاروان کامیاب ہو سکتا ہے...... ایک شیعہ سیاسی جماعت وجود میں آ چکی ہے، اور ہمیں آپ کے تعاون کی فوری ضرورت ہے......[33]

SPP کے بانی ارکان کا ابتدائی نقطہ نظر بہت زیادہ شیعہ فرقہ پرست تھا۔ مسودہ قانون میں انہوں نے اپنے مقاصد کو" شیعوں کے مذہبی، سماجی، ثقافتی، اقتصادی، تعلیمی، سیاسی اور دیگر حقوق کی حفاظت" کے طور پر اعلان کیا[34]، اور انہوں نے موجودہ شیعہ تنظیموں خصوصاً

SMC سے حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی۔ جہاں APSC اور ITHS کے سیکرٹری جنرل نے 12 اکتوبر کو SPP کے تاسیسی کنونشن میں شرکت کی دعوتوں کو مسترد کر دیا، SMC کے شیخ عبدالعزیز اختر اور کچھ شیعہ جرائد کے مدیران نے شرکت کی[35]۔ یہاں تک کہ سید محمد دہلوی، اپنی سیاست سے پرہیز کے باوجود، ابتدائی طور پر SPP پروجیکٹ سے ہمدردی رکھتے تھے اور SMC کے حامیوں میں کچھ قبولیت حاصل کرنے میں گروپ کی مدد کرتے تھے[36]۔ لیکن نومبر 1969ء کے اوائل میں ہی شاہد علی نقوی کو اِن الزامات کی تردید کرنی پڑی کہ SPP "سوشلزم" کی حمایت کرے گی[37]۔

بہر حال، SPP نے ایک پارٹی کے طور پر کبھی آغاز نہیں کیا اور انتخابات سے قبل بانی کنونشن کے علاوہ ایک باقاعدہ کنونشن منعقد کرنے کے قابل بھی نہیں تھی جس میں بمشکل سو افراد نے شرکت کی تھی[38]۔ بانیوں میں سے کسی کا اب تک کوئی سیاسی قد کاٹھ نہیں تھا[39]۔ وہ شیعہ قائدین جنہوں نے ہمیشہ ایک غیر فرقہ وارانہ پلیٹ فارم پر الیکشن لڑا تھا، جو کہ بکھرے ہوئے شیعہ ووٹر اور اکثریتی ووٹ کے نظام کی وجہ سے آزادی سے پہلے سے ہی ایک ضرورت تھی[40]۔ اِس طرح SPP کے بانیوں میں سے کچھ کی مطالبات تحریک کے سیاسی بازو کی طرح بننے کی امیدیں، اُن کی پارٹی اور SMC کے درمیان ٹوٹنے سے پہلے ہی دَم توڑ گئیں۔

ایسا وقفہ 5 جون 1970ء کو SPP کے ہفتہ وار ندائے قوم میں غلام ربانی مرزا کے اداریے کے بعد تیزی سے آیا۔ دو روز قبل شیعہ عالم کے مرجع تقلید سید محسن الحکیم کی وفات کے موقع پر ربانی مرزا نے رضا کار کے ایڈیٹر پر الزام لگایا کہ انہوں نے حقائق کو مسخ کیا اور ریکم اگست 1969ء کو کمیونزم کے خلاف اُن کا 1960ء کا فتویٰ دوبارہ پرنٹ کرتے وقت محسن الحکیم کے لیے مشکلات پیدا کیں۔ ربانی مرزا کے مطابق مذکورہ فتویٰ سوشلزم پر لاگو نہیں ہوسکتا جو کہ کمیونزم سے بالکل مختلف اور اسلام سے مطابقت رکھتا ہو[41]۔ محمد صدیق نے اپنی طرف سے، اِس فتوے کو اب بھی درست اور سوشلزم پر مکمل طور پر قابلِ اطلاق سمجھا، اِس بات کی نشاندہی کرتے ہوئے کہ محسن الحکیم نے اپنی زندگی کے دوران اِس سے کبھی انکار نہیں کیا[42]۔ 15 جون کو، سید محمد دہلوی نے ایک اعلان کیا کہ اُنہیں پہلے اُمید تھی کہ SPP شیعوں کے لیے کچھ مفید کام کر سکتی ہے، لیکن اب یہ واضح ہوگیا ہے کہ یہ گروپ "سوشلزم کے لیے وقف" ہے۔ اِس بات کی تصدیق کرتے ہوئے کہ وہ خود کسی پارٹی کا رکن نہیں تھا اور اُن کا SPP سے کوئی تعلق نہیں تھا، دہلوی نے اُن تمام شیعوں سے جو اُن پر بھروسہ کرتے ہیں کہا کہ خود کو SPP سے بھی دور رکھیں[43]۔ چار دن بعد SPP کی حیدرآباد برانچ کو اُس کے چیئرمین سید نجف علی شاہ نے باضابطہ طور پر تحلیل کر دیا[44]، جس کے بعد دیگر شہروں میں بھی ایسا ہی کیا گیا۔ SPP اور سوشلزم کے محافظین اور مخالفین کے درمیان بحث و تکرار کا ایک سلسلہ شروع ہوا، جس میں زیادہ تر شیعہ 'علماء'، چاہے SMC، APSC یا ITHS کے حامی ہوں، SPP کے نقطہ نظر کی مخالفت کر رہے تھے۔ ممتاز 'علماء' میں سے صرف نجم الحسن کراروی نے واضح طور پر SPP کا ساتھ دیا[45]۔ انہوں نے محسن الحکیم کے فتوے کے بارے میں وہی شکوک و شبہات کا اظہار کیا تھا جیسا کہ ربانی مرزا پہلے ہی اکتوبر 1969ء میں کر چکے تھے[46] اور جولائی 1970ء سے انہوں نے بھٹو کی "اسلامی سوشلزم" کی اصطلاح کو اپنایا تھا[47]۔ اگرچہ کراروی آنے والے سالوں کے دوران SPP سے قریبی وابستہ رہے، لیکن اُن کا بنیادی مقصد شاید PPP کو خوش کرنا تھا، جسے وہ اقتدار کی راہ پر گامزن محسوس کرتے تھے[48]۔

جبکہ SPP کے بانی نے ایک مشترکہ سیاسی پلیٹ فارم پر شیعوں کی کسی قابلِ ذکر تعداد کو جمع کرنے کے لیے کچھ حاصل نہیں کیا تھا،

بہت سے لوگ سنّی مذہبی جماعتوں کی پرزور مہم کے بارے میں فکرمند تھے جو 1970ء کے اوائل میں شروع ہوئی تھی۔شیعہ خاص طور پر اُن کے انتخابی منشور سے ناراض تھے۔ جے یو آئی کا دھڑا جس کی قیادت احتشام الحق تھانوی کر رہے تھے، جس کا کہنا تھا کہ سربراہ مملکت کو ''پاکستان کے 98 فیصد مسلمانوں کی طرح'' سنی ہونا چاہیے[49]۔ 30 ستمبر کو ریڈیو پاکستان میں اُسی منشور کی وضاحت کرتے ہوئے، تھانوی نے کھلے عام کہا کہ شیعہ رسومات جیسے عزاداری اور ماتم کو اسلامی آئین کے دائرہ کار میں جائز اعمال (مباہات) میں شمار نہیں کرتی۔ جے یو آئی سنی اکثریت کی تشریح کے مطابق اسلامی قوانین وضع کرنے کے لیے 'علماء' کا ایک بورڈ تشکیل دے گی[50]۔اس طرح کے بیانات کو تھانوی نے 1951ء کی ''علما کانفرنس'' جس نے ''22 اصول'' منظور کیے تھے کے موقع پر اپنے عہدوں سے الگ ہونے کے طور پر دیکھا تھا[51]۔

جماعت اسلامی کے چیئرمین مودودی نے بھی جنوری 1970ء میں کہا کہ اُن کی جماعت ایک سنی سربراہ مملکت کو لازمی قرار دے گی، اگرچہ انہوں نے بعد میں اِس کی تردید کی[52]۔ چھ ماہ بعد، جب جماعت اسلامی کی مہم زور وشور سے شروع ہوئی، مودودی نے اس تاثر کو زائل کرنے کی کوشش کی کہ ان کی جماعت شیعوں کے خلاف ہے، اور دعویٰ کیا کہ شیعہ جماعت اسلامی کے ساتھ ''مکمل تعاون'' کریں گے اور جماعت اسلامی کے مکمل ممبرز (ارکان) بھی بن سکتے ہیں[53]۔ 24 جون کو رضا کار کے ایک اداریے میں اِس کی سرزنش کی گئی تھی جس کا عنوان تھا ''کوئی بھی شیعہ جماعت اسلامی کا ورکر (کارکن) نہیں بن سکتا''[54]۔ کچھ ہی عرصے بعد جماعت اسلامی نے دیگر مذہبی جماعتوں کا یہ نعرہ بھی اپنا لیا کہ وہ خلفائے راشدین کی مثال پر ڈھال کر اسلامی نظام کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، جو شیعوں کے لیے باعث نفرین تھا[55]۔ اُن کی تنقید پر مودودی کا جواب ''پبلک لا'' کے درمیان فرق تھا، جسے وہ حنفی سنی اکثریت کی طرف سے تشریح کردہ شریعت کے مطابق ہونا چاہتے تھے اور ''پرسنل لا''، جو اقلیتوں کو ذاتی معاملات ان کی اپنی فقہ کے مطابق اپنے قوانین کو منظم کرنے کے لیے آزاد چھوڑ دیتا ہے[56]۔اگرچہ اس طرح کے خیالات 1951ء میں ''22 اصولوں'' کے فریم ورک میں شیعہ علماء کی طرف سے متفق ہونے سے کافی ملتے جلتے تھے[57]، مودودی کے بیانات کو اب ''فرقہ وارانہ'' اور شیعہ پریس میں مکمل طور پر ناقابل قبول سمجھا جاتا تھا[58]۔ان کے خلافت راشدین کے نعرے کو اپنانے کا ایک واضح جواب مرزا یوسف حسین کی طرف سے آیا، جس نے مودودی کو یاد دلایا کہ اُنہوں نے حال ہی میں اپنی کتاب 'خلافت سے ملوکیت تک' میں تیسرے خلیفہ پر تنقید کی تھی[59]۔شیعہ رہنماؤں میں سے، صرف ITHS کے سیکرٹری جنرل مظفر علی شمسی نے 1970ء کی مہم کے دوران مودودی کے بارے میں کچھ مثبت کہا، مبینہ طور پر جماعت اسلامی کے ساتھ خفیہ انتخابی اتحاد کی وجہ سے[60]۔

غلام غوث ہزاروی اور مفتی محمود کی قیادت میں جے یو آئی کا اکثریتی دھڑا، جس نے اُس وقت بھٹو کے ''سامراج مخالف'' ایجنڈے کے ساتھ مشترکہ بنیاد پائی[61]، اپنی انتخابی مہم کے دوران اکثر شیعوں کے خلاف کھلے عام پروپیگنڈے میں ملوث رہا، جیسا کہ اُس وقت کے جے یو پی کے چیئرمین پیر قمر الدین سیالوی کے ساتھ ہوا تھا[62]۔ پوری انتخابی مہم کے دوران مخصوص شیعہ فرقہ پرستوں نے خود کو نقصان میں پایا کہ وہ شیعہ ووٹرز کو کیا سفارشات دیں۔ 1970ء کے وسط سے مختلف تنظیموں کے شیعہ رہنماؤں اور دانشوروں کا کنونشن بلانے کے لیے متعدد اپیلیں کی گئیں تاکہ کسی ''اجتماعی'' فیصلے پر پہنچا جا سکے۔مقامی SMC کے سابق چیئرمین پرنس عباس مرزا[63] کی سربراہی میں کراچی کی ''مرکزی شیعہ فیڈریشن'' نے آخرکار 25 اکتوبر کو ایک ''آل پاکستان شیعہ کنونشن'' کا انعقاد کیا، لیکن اس میں تقریباً خصوصی طور پر SMC کے اراکین نے شرکت کی۔ یہاں تک کہ یہ پیپلز پارٹی کے حامیوں اور مخالفین میں تقسیم ہو گئے اور کوئی متفقہ فیصلہ نہ ہو سکا[64]۔جمیل حسین رضوی، جو

بیماری کی وجہ سے حاضر نہیں ہوئے، اپنے پیغام میں صرف یہ سفارش کر سکے کہ شیعوں کو ہر حلقے میں فیصلہ کرنا چاہیے کہ کون سے امیدوار" متقی اور کھرے عزم مصمم کے ساتھ" ہیں اور "شیعوں یا کسی دوسرے فرقے سے کوئی دشمنی نہیں رکھتے" لیکن انتخابی مہم کے دوران شیعوں کے خلاف فرقہ وارانہ پروپیگنڈے پر غور کرتے ہوئے، یہاں تک کہ رضوی نے سوچا کہ انتخابات کے بعد شیعوں کو یہ فیصلہ کرنا چاہیے کہ انہیں" اپنی مذہبی خصوصیات اور اپنی بقا کے تحفظ کے لیے" الگ انتخابی حلقوں کی ضرورت ہے[65]۔ سید محمد دہلوی نے جلد ہی شیعہ مطالبات اور" متناسب شیعہ نمائندگی" کے بارے میں ہر امیدوار کے رویے کو دیکھنے کی سفارش کی[66]۔

اِس دوران، SPP میڈیا میں تھوڑی سی موجودگی کے علاوہ تقریباً غائب ہو چکی تھی؛ یہ الیکشن لڑنے کے قابل بھی نہیں تھی[67]۔ لیکن غلام ربانی مرزا، جنہوں نے اس دوران خود کو SPP کا چیئرمین قرار دیا تھا، نے 23 نومبر کو ایک پریس کانفرنس میں کچھ ہنگامہ برپا کر دیا جہاں انہوں نے پاکستان میں پیپلز پارٹی اور سیکولر نظام کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے ایک بار پھر محسن الحکیم کے فتوے کو غیر متعلقہ قرار دیا اور کہا کہ وہ شیعیت کو" روحانی تحریک سمجھتے ہیں، نہ کہ ایک مذہب"۔ ان کے بیانات نے 26 نومبر کو لاہور میں ایک پریس کانفرنس کے دوران مشتاق حسین نقوی کے ایک طویل جواب الجواب کو اُکسایا[68]۔

انتخابات سے لے کر 1971ء کی جنگ تک

7 دسمبر 1970ء کو قومی اسمبلی کے انتخابات ہوئے، مغربی پاکستان میں پیپلز پارٹی نے 138 میں سے 81 نشستوں پر کامیابی حاصل کی جب کہ جماعت اسلامی، جے یو آئی اور جے یو پی نے مل کر صرف 18 نشستیں حاصل کیں[69]۔ دس دن بعد میں ہونے والے صوبائی الیکشن میں سنی مذہبی جماعتوں کی کارکردگی بھی کچھ اچھی نہ رہی، پنجاب اسمبلی کی 180 میں سے صرف سات، سندھ میں ساٹھ میں سے آٹھ، سرحد (کے پی) میں چالیس میں سے پانچ اور بلوچستان میں بیس میں سے تین نشستیں حاصل کی[70]۔ مشرقی پاکستان میں تمام جماعتوں کو قومی اور صوبائی دونوں انتخابات میں بنگال کی قوم پرست 'عوامی لیگ' نے شکست دی تھی۔ اس طرح ایک "سنی حنفی ریاست" کا تصور فی الحال بالکل غائب ہوگیا تھا۔ یہ بڑے پیمانے پر سمجھا جاتا تھا کہ مغربی پاکستان میں زیادہ تر شیعوں نے مذہبی جنونیت کے خلاف بہترین تحفظ کے طور پر سیکولر PPP کو ووٹ دیا تھا[71]۔ ہفتہ وار چٹان نے "اسلامی نظام سے نفرت کی وجہ سے" اجتماعی طور پر پی پی پی کی حمایت کرنے کی شیعہ "سازش" کے بارے میں لکھا[72]، اور SPP کے جریدوں نے بھٹو کی فتح کو ان کی اپنی چھوٹی پارٹی کی طرف سے دی گئی حمایت کو بھی قرار دیا۔ یکم جنوری 1971 کو ندائے قوم کا ایک اداریہ، جسے شہابِ ثاقب میں نجم الحسن کراروی کے تبصروں کے ساتھ دوبارہ شائع کیا گیا تھا، جس میں مودودی اور احتشام الحق تھانوی سے متاثر ہو کر سوشلزم کو کفر قرار دینے والے "فتویٰ پھیلانے والے ملاؤں" کے خلاف دھمکی آمیز ریمارکس کیے گئے تھے۔[73]"

مشتاق حسین نقوی کے ذریعہ 1970ء میں شیعہ ووٹنگ کے نمونوں کا تجزیہ ایک مختلف تصویر کھینچنے کی کوشش کرتا ہے[74]۔ انہوں نے اس تبصرے سے آغاز کیا کہ سنی، جو پاکستان کی 80 سے 85 فیصد آبادی پر مشتمل ہیں، سب سے پہلے PPP کی جیت کے ذمہ دار تھے۔ وہ حلقے جو شیعوں کا گڑھ تھے، ملے جلے نتائج دیئے۔ دریائے سندھ کے مشرقی کنارے کے ساتھ بھکر، لیہ اور علی پور کی تحصیلوں میں، جہاں وہ شیعہ ووٹ کو فیصلہ کن سمجھتے تھے، پیپلز پارٹی کے شیعہ امیدواروں کو دوسری جماعتوں کے امیدواروں کے مقابلے میں شکست ہوئی، خواہ وہ شیعہ ہوں یا سنی۔ ایسا ہی صوبہ سرحد (کے پی) کی کرم ایجنسی میں ہوا تھا، جہاں زیادہ تر شیعوں نے اس کی بجائے بنگش قبیلے کے ایک سنی رکن کو ووٹ دیتے تھے۔ لاہور میں میجر ذوالفقار قزلباش، (نواب مظفر علی خان کے چھوٹے بھائی)، جو 1964ء میں آزاد امیدوار کے طور پر قومی اسمبلی سے منتخب ہوئے تھے، 1970ء میں PPP کے ٹکٹ پر ہار گئے۔ راولپنڈی میں زیادہ تر شیعوں نے ایئر مارشل (ر) اصغر خان (تحریک استقلال) کو ووٹ دیا۔ پنجاب اسمبلی کے لیے منتخب ہونے والے تیرہ شیعہ اراکین میں سے صرف تین نے PPP کے ٹکٹ پر کامیابی حاصل کی تھی، یہ تمام ضلع ملتان سے تھے[75]۔ تاہم، 313 رکنی قومی اسمبلی کے لیے منتخب ہونے والے صرف پانچ شیعہ امیدواروں میں سے چار نے پیپلز پارٹی کے لیے انتخاب لڑا تھا[76]۔ سندھ میں، جہاں سنی مذہبی جماعتوں نے بھٹو کو شیعہ کے طور پر پیش کیا تھا، وہاں ایک بھی شیعہ کو قومی یا صوبائی اسمبلی میں ووٹ نہیں دیا گیا۔ یہی حال مشرقی پاکستان، بلوچستان اور صوبہ سرحد (کے پی) میں، ایک صوبائی اسمبلی کی نشست کو چھوڑ کر تھا[77]۔ مجموعی طور پر شیعوں نے بالکل معمولی نتائج حاصل کیے، جو کہ اُن کے عام طور پر بکھرے ہوئے انتخاب کنندگان کی عکاسی کرتا ہے --- یہاں تک کہ شیعہ گڑھ جیسے کراچی اور لاہور میں --- اور اُن کے ووٹوں کی متعدد مختلف جماعتوں میں تقسیم۔

بھٹو اور بنگال کے رہنما مجیب الرحمان کے درمیان اقتدار کی کشمکش کی وجہ سے، جن کی پارٹی نے قومی اسمبلی میں اکثریت حاصل کی، مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد تک کبھی بھی اس کا انعقاد نہیں کیا گیا[78]۔ مشرقی پاکستان میں مارچ 1971ء سے اس سال دسمبر تک پر تشدد تصادم نے 1968ء اور 1970ء کے درمیان حکومت کی طرف سے شیعوں سے کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد تقریباً مکمل طور پر منجمد کر دیا (اوپر دیکھیں)۔ اِس سے SMC کی سرگرمیاں بھی متاثر ہوئیں۔

اِس کے باوجود 1971ء میں پاکستان کے شیعوں کے درمیان کچھ اہم داخلی پیش رفت ہوئی۔ اُن میں سے ایک طریقہ یہ تھا کہ محسن الحکیم کی رحلت کے بعد ایک نئے مرجع تقلید کی تلاش کے سوال کو کئی پاکستانی 'علماء' نے 1970ء کے وسط اور اگلے اٹھارہ مہینوں میں اُس وقت کیسے نمٹا[79]۔ ایک اور APSC اور ITHS کے رہنماؤں کی کوششیں تھیں، جنہوں نے گزشتہ برسوں کے دوران SMC کی راہ میں شیعہ تنظیموں کا "اتحاد قائم" کرنے کے لیے متعدد رکاوٹیں کھڑی کی تھیں۔ اس کی ظاہری وجہ یہ تھی کہ مظفر علی شمسی اور نواب قزلباش کے حواریوں کو انتخابات کے دوران کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوئی تھی، اور یہ کہ اب انہیں شیعہ برادری میں اپنی پوزیشن کو بہتر بنانے کی ضرورت محسوس ہوئی تھی۔

APSC کے سکریٹری جنرل شائق امبالوی نے فروری 1971ء میں جمیل حسین رضوی کی غیر موجودگی میں شیعہ اوقاف بورڈ کے اجلاس کے موقع سے فائدہ اٹھا کر SMC کے اپنے ہم منصب عبدالعزیز اختر کو مظفر علی شمسی کے ساتھ ایک ساتھ غیر رسمی بات کرنے پر آمادہ کیا۔ انہوں نے اسے ایک مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کرنے پر آمادہ کیا اور اس موقع پر لی گئی پریس تصاویر بھی تھیں[80]۔ اس غیر مجاز اقدام نے SMC کے اراکین کی طرف سے کافی تنقید کی گئی، لیکن اس کے بعد امبالوی اور شمسی دونوں کی طرف سے اتحاد کے لیے متعدد ڈرامائی اپیلیں کی گئیں۔ اتفاق سے اب انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران ان کی دونوں تنظیموں کے درمیان دشمنی نے شیعہ مقاصد کو کتنا نقصان پہنچایا ہے۔ جمیل حسین رضوی نے سید محمد دہلوی سے مشاورت کے بعد تینوں شیعہ تنظیموں کو اکٹھا کرنے کے خیال کو اصولی طور پر منظور کیا، لیکن یہ شرط رکھی کہ امبالوی اور شمسی واضح طور پر APSC اور ITHS کو تحلیل کرنے اور اپنے کاموں سے مستعفی ہونے کے لیے اپنی تیاری کا اظہار کریں گے؛ اس معاملے کا فیصلہ SMC کونسل کر سکتی ہے[81]۔

سید محمد دہلوی، جو ایک سال سے بیمار تھے اور آخری مہینوں کا بیشتر حصہ ہسپتال میں گزار چکے تھے، 20 اگست کو 73 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ 25-27 ستمبر 1971ء کو لاہور میں ہونے والے اجلاس میں اُن کی جانشینی اور دیگر تنظیمی اُمور کا فیصلہ ہوا۔ جسٹس (ریٹائرڈ) سید جمیل حسین رضوی (1905ء-81ء)، جو 1966ء میں SMC کے قیام کے بعد سے اِس کے سینئر وائس چیئرمین تھے اور خود دہلوی کے پسندیدہ امیدوار تھے، متفقہ نعرۂ تحسین سے چیئرمین منتخب ہوئے[82]۔ انتخاب اِس سے بہتر نہیں ہو سکتا تھا۔ جمیل حسین رضوی 1950ء کی دہائی کے اوائل سے متعدد شیعہ گروہی تنظیموں اور اُمور کے لیے ایک پرعزم اور موثر کارکن تھے اور سیاست اور عدلیہ میں ایک ممتاز کیریئر کے حامل شخص تھے[83]۔ انہوں نے 1970ء کی دہائی میں SMC کو کہیں زیادہ قابل اور توانا قیادت فراہم کی شاید ہی کسی اور شخص نے کی ہو، اگرچہ وہ 1975ء کے بعد SMC کو زوال پذیر ہونے سے نہ بچا سکے[84]۔

اِس کے باوجود SMC کے حامیوں کی نئی داخلی تقسیم کا بیج اِسی SMC اجلاس میں ڈالا گیا۔ مرزا یوسف حسین، لکھنؤ سے تعلق رکھنے

والے پرجوش عالم جو 1964ء کے کراچی کنونشن سے شیعہ علماء (MAUSP) کی " ایکشن کمیٹی" کے نائب چیئرمین تھے، نے اس ادارے کو برقرار رکھنے پر اصرار کیا اور اُنہیں اِس کا باضابطہ چیئرمین منتخب کیا گیا۔ اس طرح مطالبات تحریک کی قیادت SMC اور MAUSP کے درمیان تقسیم ہوگئی، اور لامحالہ ذاتی رقابتیں اگلے برسوں میں باہمی علیحدگی کا باعث بنیں یہاں تک کہ MAUSP، 1974ء میں SMC سے مکمل طور پر الگ ہوگئی[85]۔ نئے چیئرمین کی دلی تائید کے بعد، مغربی پاکستان میں " ون یونٹ" کی تحلیل کو مدنظر رکھتے ہوئے SMC کے سرکردہ عہدیداروں کی ایک نئی ٹیم کا انتخاب کیا گیا۔

کراچی سے تعلق رکھنے والے مہاجر زمیندار نواب افتخار حسین خان سینئر وائس چیئرمین بن گئے، جب کہ عبدالعزیز اختر کی جگہ ایڈووکیٹ راجہ لہراسب علی خان سیکرٹری جنرل مقرر ہوئے۔ مؤخر الذکر نے SMC کو APSC اور ITHS کے ساتھ ضم کرنے کی اپنی تجاویز کے لیے کوئی حمایت نہ ملنے کے بعد استعفیٰ دے دیا[86]۔ مشتاق حسین نقوی کو چیف آرگنائزنگ سیکرٹری کے طور پر رکھا گیا اور وہ اگلے سالوں کے دوران SMC کے سب سے زیادہ فعال خطیب اور ٹربل شوٹر رہے[87]۔ SMC کے مرکزی وائس چیئرمین بھی مغربی پاکستان کے چاروں صوبوں اور مشرقی پاکستان سے منتخب ہوئے[88]۔ مشرقی پاکستان کے حالات کے پیش نظر SMC کونسل کے اجلاس کی ایک قابل ذکر خصوصیت یہ تھی کہ اِس کے پہلے دو اجلاسوں کی صدارت چٹاگانگ سے مولانا سید محمد احمد عابدی نے کی، جنہوں نے نماز کی ضرورت کے بارے میں ایک خطبہ سے حاضرین کو متاثر کیا[89]۔

اجلاس کا ایک فیصلہ AWSM کے فریم ورک کے اندر، ملتان سے منتخب ایم این اے سید عباس حسین گردیزی کی سربراہی میں قائد ملت میموریل فنڈز کا قیام تھا۔ اِس کے لیے چندہ اگلے مہینوں کے دوران جمع کیا گیا[90]۔ سیشن کے درمیان، گردیزی اور جمیل حسین رضوی نے بھی چیف سیکرٹری افضل آغا سے ملاقات بھی کی تاکہ اُنہیں شیعہ دینیات کے الگ نصاب پر عمل درآمد نہ ہونے کی یاد دہانی کرائی جائے اور ایک ہفتے میں اُن سے جواب طلب کیا[91]۔ حیرت کی بات نہیں، اِس سلسلے میں کچھ حاصل نہیں ہوا۔ نئے چیئرمین نے اکتوبر میں SMC کی اہم شاخوں کا پہلا دورہ ملتان، کراچی اور حیدرآباد میں بڑے عوامی اجلاسوں کے ساتھ کیا[92]۔ آنے والے سالوں میں اس طرح کے کئی دورے زیادہ تر مشتاق حسین کی صحبت میں ہوئے، اور جمیل حسین رضوی نے 1970ء کی دہائی کے اوائل میں ایک شیعہ رہنما کے طور پر اُتنا ہی احترام حاصل کیا جتنا دہلوی نے 1960ء کی دہائی میں حاصل کیا تھا۔

1971ء کے آخری مہینوں میں مشرقی پاکستان کے بحران اور اس کے بعد ہونے والی جنگ نے ہر چیز کو گرہن لگا دیا۔ مشرقی پاکستان کا نقصان، جیسا کہ یہ مغربی پاکستان کے زیادہ تر مسلمانوں کے لیے تکلیف دہ تھا، اِس کے فوری طور پر شیعہ مطالبات تحریک کے لیے زیادہ اثرات نہیں ہوئے، جو بہرحال مغربی پاکستان میں بہت زیادہ غالب تھی۔ اِس کے ضمنی اثرات میں سے ایک پاکستان کی مجموعی آبادی میں شیعوں کی فیصد میں اضافہ تھا، لیکن اُس نے حکومت اور سنی جماعتوں کو اگلے برسوں میں " قومی اتحاد کے لیے خطرات" کے لیے زیادہ حساس بنا دیا۔

بھٹو حکومت اور شیعہ مطالبات، 1972ء-1974ء

20 دسمبر 1971ء کو مشرقی بنگال میں پاکستانی مسلح افواج کی آخری شکست اور مغربی محاذوں پر جنگ بندی کے بعد بھٹو نے یحییٰ خان سے صدارت سنبھال لی۔ اُنہوں نے اگست 1973ء تک اِس منصب میں حکومت کی قیادت کی، جب وہ ایک نئے آئین کے اطلاق میں وزیرِ اعظم منتخب ہوئے، جس کی اُسی سال اپریل میں قومی اسمبلی نے منظوری دی تھی[93]۔ آئین کا مسودہ تیار کرنے والے کمیشن کے پچیس اراکین میں سے صرف ایک شیعہ وزیرِ خزانہ ڈاکٹر مبشر حسن تھا[94]۔ لیکن اقلیتوں کے لیے زیادہ تر بنیادی تحفظات، جو پہلے ہی 1956ء اور 1962ء کے آئین میں شامل تھے، بغیر کسی اہم ترامیم کے برقرار رہے[95]۔ 1973ء کے آئین کے آرٹیکل 21 اور 22 میں درج ذیل نئے تحفظات شامل ہیں:

21. کسی بھی شخص کو کوئی خاص ٹیکس ادا کرنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا جس سے حاصل ہونے والی آمدنی اُس کے مذہب کے علاوہ کسی اور مذہب کی تبلیغ یا دیکھ بھال پر خرچ کی جائے۔

22. (1) کسی بھی تعلیمی ادارے میں شرکت کرنے والے کسی فرد کو مذہبی تعلیم حاصل کرنے، یا کسی مذہبی تقریب میں حصہ لینے، یا مذہبی عبادت میں شرکت کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، اگر ایسی ہدایات، تقریب یا عبادت کا تعلق اُس کے مذہب کے علاوہ کسی اور مذہب سے ہو۔[96]

دُوراندیشی کے ساتھ بھٹو حکومت کے ساڑھے پانچ سال، یحییٰ خان کے عبوری دَور کے ساتھ، پاکستان کی تاریخ میں شیعوں کے لیے سب سے زیادہ سازگار دَور تصور کیا جا سکتا ہے۔ بھٹو کا واضح سیکولرازم اور سنی مذہبی لابی کی نسبتاً کمزوری نے اُس سمت سے شیعوں پر زیادہ دباؤ ڈالنے کی گنجائش نہیں دی[97]۔ اگرچہ اِن سالوں میں فرقہ وارانہ محاذ مکمل طور پر پُرسکون نہیں تھا[98] لیکن اِس طرح کی جھڑپیں جو 1970ء کی دہائی میں ہوئی تھیں، اُن کا 1980ء کی دہائی کے بعد ہونے والی جھڑپوں سے موازنہ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بھٹو کی حکومت تھی جس نے آخرکار الگ دینیات سے متعلق وعدوں پر عمل درآمد شروع کیا (نیچے ملاحظہ کریں) اور جس نے 1972ء میں گلگت ایجنسی اور بلتستان میں کچھ اصلاحات متعارف کرائیں، جس سے پاکستان کے اس حصے کی زیادہ تر شیعہ آبادی کو سیاسی آواز ملی۔ بھٹو شمالی علاقہ جات میں اِس قدر مقبول ہوئے کہ اُن کے سب سے بڑے شیعہ مذہبی رہنما شیخ غلام محمد آف سکردو نے PPP کی علاقائی شاخ کی چیئرمین شپ قبول کر لی۔ اگر ہم فرض کریں کہ مغربی پاکستان میں شیعہ اور سنی دونوں کی اکثریت نے 1970ء میں بھٹو کو ووٹ دیا تھا، تو بظاہر شیعوں کے ایک بڑے حصے نے بھٹو کے خاتمے کے بعد اور موجودہ دَور تک PPP کے ساتھ اپنی وفاداری برقرار رکھی[100]۔

بہر حال، شیعہ مطالبات تحریک کو بھٹو حکومت کے عارضی قیام اور خصوصی شیعہ مسائل میں عدم دلچسپی کے ساتھ اتنے ہی مسائل درپیش

تھے جیسے ایوب خان اور یحییٰ خان کے دَور میں تھے۔ اسی طرح، SMC کے شیعہ حریفوں نے 1971ء میں APSC اور ITHS کی SMC میں دراندازی کرنے میں ناکامی کے بعد پہلے سے کہیں زیادہ ہٹ دھرمی کے ساتھ اپنی رکاوٹیں دوبارہ شروع کیں۔ اس طرح بھٹو کے سالِ حکومت اور مرکزی شیعہ تنظیم کے درمیان کسی بھی ہنی مون نہیں تھے، جن کے حامی 1972ء سے 1974ء تک بے چین ہوتے چلے گئے۔

اِن سالوں کے دوران، SMC کی زیادہ تر توانائیاں دینیات ایشو پر مرکوز تھیں۔ سنیوں کو دیے گئے شیعہ اوقاف کا مسئلہ بھی حل طلب رہا[101] لیکن اس پر اتنا دباؤ نہیں سمجھا گیا کہ اس کی جانب سے کوئی نئی احتجاجی تحریک شروع کی جائے۔ کسی بھی چیز سے بڑھ کر، اوقاف کے مسئلے نے اندرونی شیعہ تنازعات کو ہوا دی جس کے نتیجے میں SMC نے مطالبہ کیا کہ محکمہ اوقاف کو قزلباش وقف کا کنٹرول سنبھالنا چاہیے[102]۔ ان تنازعات کے نتیجے میں، علیحدہ دینیات کے حوالے سے پیش رفت میں تاخیر ہوئی۔

SMC کے کئی سرکردہ ارکان نے 1970ء کی انتخابی مہم کے دوران سوشلزم کے بارے میں بھٹو کے بیانات پر سخت الفاظ میں تنقید کی۔ اُن میں سے ایک راجہ لہراسب علی خان تھے، جو بعد میں SMC کے سیکرٹری جنرل منتخب ہوئے[103]۔ لیکن جنوری 1972ء میں، اُس نے بھٹو سے مندرجہ ذیل کھلے خط کے ساتھ اپیل کی (اقتباسات):

محترم صدر! بحیثیت صدر آپ کی پہلی تقریر مایوسی کے اندھیروں میں اُمید کی کِرن ثابت ہوئی ہے اور مظلوموں کو اُمید پیدا ہوئی ہے کہ اب اُن پر ہونے والے ظلم ختم ہو جائیں گے۔۔۔

کیا مَیں آپ کی توجہ اِس مظلومیت اور مصائب کی طرف مبذول کروا سکتا ہوں جو پاکستان میں لاکھوں شیعوں کو متاثر کرتی ہے جو غلامی کی بدقسمتی میں گرفتار ہیں اور ایک فرقے کے طور پر اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ جیسا کہ آپ نے قانون کی بالادستی اور بنیادی حقوق کا احترام کرنے کے اپنے عزم کا اظہار کیا ہے، ہمیں اُمید ہے کہ آپ شیعوں کو انصاف دیں گے۔۔۔

ہم صرف اِس سرزمین پر شیعہ مسلمانوں کی حیثیت سے جینے کا حق مانگتے ہیں جو ہم نے اسلام کے نام پر حاصل کی ہے۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ جو ادارے حکومتی فنڈز یا مالی مدد سے چلائے جاتے ہیں اور جہاں سنیوں کے لیے اُن کے عقیدے کے مطابق دینیات دی جاتی ہے، وہی شیعوں کے لیے بھی فراہم کی جائے، کیونکہ سرکاری بجٹ میں بطور پاکستانی اور ٹیکس ادا کرنے والے کے ہمارا حصہ ہے۔۔۔

ہم یقیناً ملک کے مشکل حالات اور آپ کی بے شمار مصروفیات سے باخبر ہیں... پھر بھی ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ اگر ہمارے حالات ایسے ہی رہے تو مستقبل قریب میں ہم ایک فرقے کی حیثیت سے ختم ہو جائیں گے... ایک بار شیعوں پر ظلم اُٹھا لیا گیا تو پورے پاکستان کے عوام کی ذہنی قوت میں خاطر خواہ اضافہ ہو گا۔۔۔[104]

اُس سال 16 مئی تک SMC کے ایک وفد جس کی سربراہی جمیل حسین رضوی کر رہے تھے، وزیر تعلیم عبدالحفیظ پیرزادہ کی طرف سے کا استقبال کیا گیا۔ وزیر نے "جلد از جلد" شیعہ دینیات کو متعارف کرانے کا وعدہ کیا[105]۔ چونکہ اگلے ماہ تک کچھ بھی واضح نہ ہوا تو SMC نے ایک اور شیعہ قوت کا مظاہرہ کرنے کا فیصلہ کیا۔

راولپنڈی میں 6 اگست 1972ء سے ایک کنونشن بلایا گیا جس کا اُسی مقام پر نومبر 1968ء کے کنونشن سے بھی زیادہ سخت ردعمل سامنے آیا۔ SMC ذرائع کے مطابق، پاکستان بھر سے 25 ہزار سے زیادہ شیعہ رضا کار، جن کی قیادت اُن کے متعلقہ معززین اور 'علماء' کر رہے تھے، 6 اگست تک جمع ہو چکے تھے، اور اگلے دنوں میں مزید آنے کے لیے تیار تھے[106]۔ حسب معمول SMC کے مخالفین نے کنونشن کو ناکام بنانے کی بھرپور کوشش کی۔ قزلباش نے یکم اگست کو بھٹو سے ملاقات کی اور اُن سے بڑھتی ہوئی شیعہ بدامنی کو ختم کرنے کے لیے کچھ کرنے کو کہا۔ اِس کے بعد بھٹو نے ایک سرکاری اعلامیہ جاری کیا جس میں کہا گیا کہ علیحدہ دینیات سے متعلق شیعہ مطالبات کو تسلیم کر لیا گیا ہے اور جلد ہی اُن پر عمل درآمد کیا جائے گا[107]۔ جعلی اعلانات شائع کیے گئے کہ کنونشن منسوخ کر دیا گیا ہے، اور اس لحاظ سے پوسٹر راولپنڈی میں تقسیم کیے گئے جب کہ یہ پہلے ہی شروع ہو چکا تھا[108]۔ اس سے SMC کے مجتمع کارکنوں اور ان کے قائدین کے عزم میں اضافہ ہوا۔ لیاقت باغ میں ابتدائی تقریری اجلاس کے بعد ایک جلوس ایوان صدر اسلام آباد پہنچا جہاں اڑتالیس گھنٹے تک دھرنا دیا گیا[109]۔

SMU کا بھی ایک وفد یکم اگست کو بھٹو اور اُن کے وزیر برائے مذہبی اُمور کوثر نیازی سے ملاقات کر چکا تھا لیکن اُن کے وعدوں سے وہ مطمئن نہیں تھا[110]۔ 7 اگست کو پیرزادہ نے SMC کے ایک اور وفد کو بتایا کہ پنجاب اور سندھ کی صوبائی حکومتوں نے الگ الگ شیعہ دینیات کو قبول کیا تھا لیکن صوبہ سرحد (خیبر پختونخوا) اور بلوچستان کی حکومتوں نے اُن پر عمل درآمد کرنے سے انکار کر دیا[111]۔ یہ ایک اعتراف سمجھا گیا کہ بھٹو کا "اعلامیہ" بے سود تھا۔ مشتاق حسین نقوی نے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت علیحدہ دینیات کے احکامات دے اور SMC ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کرنے والی صوبائی حکومتوں کے خلاف احتجاج شروع کرے۔ اِس کے بعد پیرزادہ نے دعویٰ کیا کہ وہ شیعہ مطالبات کے پس منظر کے بارے میں کافی زیادہ مطلع نہیں ہیں اور وفد کو کوثر نیازی سے بات چیت کرنے کی ہدایت کی۔ ایک معاہدہ طے پا گیا لیکن نیازی اپنے اِس وعدے کو پورا کرنے میں ناکام رہے کہ وہ اسے منظوری کے لیے کابینہ میں پیش کرتے اور اُسی شام ریڈیو پاکستان پر فیصلے کا اعلان کرتے۔ اِس کے بعد ایک بڑی احتجاجی تحریک کی تیاری کے لیے مزید رضا کاروں کو اسلام آباد کی طرف روانہ ہونے کا مطالبہ کیا گیا[112]۔ اگلی صبح (8 اگست) کو SMC کے مندوبین اور پیرزادہ، کوثر نیازی اور پنجاب کے گورنر مصطفیٰ کھر کے درمیان مذاکرات کے دوران ایک پیش رفت ہوئی[113]۔ پیرزادہ کے تحریری بیان کے بعد کہ یکم جنوری 1973ء کو تمام سرکاری سکولوں میں علیحدہ شیعہ دینیات متعارف کرائی جائے گی، احتجاجی دھرنا ختم کر دیا گیا۔ اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ 16 اگست کو اسلام آباد میں شیعہ علماء اور معززین کے اجلاس میں عبوری شیعہ سلیبس کا فیصلہ کیا جائے گا[114]۔

جمیل حسین رضوی نے قبول کیا کہ دیگر شیعہ تنظیموں کے اراکین 16 اگست کی کانفرنس میں شرکت کریں بشرطیکہ مندوبین کی اکثریت SMC سے ہو۔ اِس طرح SMC (بشمول MAUSP) کے 20 ممبران، سات آزاد، APSC کے پانچ اور ITHS، SPP اور شیعہ یوتھ لیگ سے تین تین کو دعوت نامے بھیجے گئے[115]۔ تاہم، ITHS، APSC اور SPP نے اجلاس کا بائیکاٹ کرنے کا

فیصلہ کیا اور اِس طرح اِسے منسوخ کر دیا گیا[116]۔ APSC نے بعد میں دلیل دی کہ شیعہ دینیات کے سلیبس پر جون 1970ء میں پہلے ہی اتفاق ہو چکا تھا اور اِس پر دوبارہ بحث شروع کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے[117]۔لیکن SMC کے ورژن کے مطابق، پیرزادہ اور کوثر نیازی دونوں نے اصرار کیا تھا کہ PPP کی "عوامی حکومت" یحییٰ خان حکومت کے فیصلوں پر عمل درآمد کرنے کے بجائے اپنا دینیات کا سلیبس مرتب کرے گی، جس میں شیعوں کے لیے علیحدہ دفعات شامل ہوں گی[118]۔ نیازی، جس نے 16 اگست کی کانفرنس کی صدارت کی تھی، ایک عبوری مدت کے لیے 1970ء میں طے شدہ دینیات کی نصابی کتب کے سیٹ کو متعارف کرانے کو بھی تیار نہیں تھے، جبکہ پیرزادہ نے ایک بار پھر شیعہ اور سنیوں کے لیے مشترکہ نصاب کی درخواست کی[119]۔ جب اُسے موجود شیعوں نے متفقہ طور پر مسترد کر دیا تو اُنہوں نے اعلان کیا کہ یکم اکتوبر کو ایک الگ نصاب پہلے متعارف کرایا جائے گا اور اس کے لیے کسی عبوری انتظام کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اِس کی بجائے، کوثر نیازی کی سربراہی میں پانچ شیعہ اور پانچ سنی 'علماء' پر مشتمل ایک کمیشن تشکیل دیا گیا جو مستقبل کے سلیبس کی عمومیات کے بارے میں فیصلہ کرے گا[120]۔

اِس کمیشن کے پہلے دو اجلاس 24-24 ستمبر 1972 کو اسلام آباد میں ہوئے۔قزلباش نے اس دوران دو اور شیعہ علماء، مفتی جعفر حسین اور صفدر حسین مشہدی کو APSC کی نمائندگی کے لیے شامل کرنے کا انتظام کیا[121]۔ SMC اور MAUSP کی نمائندگی مرزا یوسف حسین، سید مرتضیٰ حسین، محمد بشیر انصاری، ابن حسن جارچوی اور ابن حسن نجفی نے کی۔ اِن پانچوں کو SMC کے چیئرمین نے حلف پر دستخط کرنے کے لیے بنایا تھا کہ اگر کمیشن الگ دینیات کے اصول سے پیچھے ہٹ جائے تو وہ واک آؤٹ کر دیں[122]۔کمیشن کے سنی ارکان میں پروفیسر غفور احمد (جے آئی)، مولانا عبدالحکیم (جے یو آئی)، مولانا عبدالاحد غزنوی (جے یو آئی)، مولانا نورالحسن بخاری (ٹی اے ایس/ جے یو آئی)، مولانا صاحبزادہ فیض الحسن (جے یو پی)، مولانا محمد حنیف ندوی (جے اے ایچ)، اور اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین علاؤ الدین صدیقی شامل تھے[123]۔ پہلے سیشن کے دوران فیض الحسن، محمد حنیف ندوی، عبدالحکیم اور نورالحسن بخاری نے ایک بار پھر علیحدہ دینیات کے خطرات کے خلاف آگاہ کیا، لیکن دیگر سنی اراکین اور چیئرمین کوثر نیازی نے شیعہ دلائل کے لیے سمجھ بوجھ کا مظاہرہ کیا۔ آخر کار تمام چودہ علماء الگ دینیات کے اصول پر متفق ہو گئے۔ اگلے دن اِس بات پر بحث ہوئی کہ آیا سنی اور شیعہ نصاب کو مشترکہ نصابی کتاب میں شامل کیا جائے یا نہیں[124]۔معاملہ طے کرنے میں ایک اور سیشن (کراچی، 30 ستمبر) لگا۔ نیازی اور کمیشن کے کچھ سنی اراکین نے شیعوں پر زور دیا کہ وہ ایک مشترکہ درسی کتاب کو قبول کریں۔ انہیں مشرقی پاکستان کے نقصان اور دوسرے صوبوں میں علیحدگی پسند رجحانات کی یاد دلاتے ہوئے، انہوں نے اُن سے اپیل کی کہ وہ پاکستان کے شہریوں کے درمیان مزید علیحدگی سے حتی الامکان گریز کریں[125]۔ اس کے بعد اِس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ایک مشترکہ نصابی کتاب میں درج ذیل ابواب ہوں گے:

1)۔ قرآن پاک کی ایسی آیات جن کو سنی اور شیعہ دونوں بچے نماز اور دیگر مذہبی فرائض کے دوران پڑھیں گے؛

2)۔ سیرت محمد ، ایسے عناصر کے بغیر جو کسی مسلم فرقے یا فرقے کے لیے قابل اعتراض ہو؛

3)۔ سنی مسلمانوں کے عقیدہ اور عمل کے اہم اصول؛ خلفائے راشدین اور اہم صحابہ کی زندگیاں؛

4)۔ شیعہ کلمہ اور اصول دین بشمول امامہ؛ شیعہ مذہبی رسومات اور اہل بیت کی زندگی[126]۔

نئے نصاب کی تشکیل کے لیے چار سنی اور چار شیعہ علماء کے ساتھ ساتھ ہر صوبائی حکومت کے ایک ایک نمائندے اور وفاقی حکومت کے دو افراد پر مشتمل ایک ورکنگ گروپ تشکیل دیا گیا[127]۔ تاریخ اور ادب کے نصاب پر نظر ثانی کرنے اور اُن سے قابل اعتراض مواد ہٹانے کا بھی فیصلہ کیا گیا[128]۔ اگرچہ SMC نے اپنے مطالبات پر مکمل اطمینان حاصل نہیں کیا تھا، اِس کے قائدین نتیجہ سے کافی مطمئن تھے۔ جمیل حسین رضوی نے مجوزہ مشترکہ نصابی کتاب کے کچھ مثبت پہلوؤں کو پایا: کتابوں کی ایک بڑی تعداد کو چھاپا جائے گا اور شیعہ عقائد کو سنی طلباء کے لیے آسانی سے قابل رسائی بنایا جائے گا، اُنہیں "موازنہ" کرنے کے قابل بنایا جائے گا اور شیعہ عقائد کے بارے میں کچھ غلط فہمیوں کو دور کرنے میں بھی مدد ملے گی[129]۔ یہ سوال کہ 20 ہزار سے زیادہ سرکاری سکولوں میں شیعہ دینیات کون پڑھائے گا، جن میں سے زیادہ تر شیعہ طلباء کا ایک چھوٹا سا تناسب ہے، ایک" ثانوی تنظیمی سوال" سمجھا جاتا تھا۔ SMC کے لیے اہم معاملہ یہ تھا کہ سرکاری نصاب میں شیعہ عقائد کو شامل کرنے کے لیے اہم ترین قبولیت حاصل کی جائے[130]۔

لیکن دیگر شیعہ تنظیمیں حکومت سے SMC کی جانب سے جو بھی رعایتیں حاصل کر سکتی تھی اُس میں خامی تلاش کرنے کے لیے پرعزم تھیں۔ پہلے یہ افواہ پھیلائی گئی کہ کوثر نیازی کی سربراہی میں کمیشن نے دینیات سلیبس کو یکجا رکھنے کا فیصلہ کیا ہے[131]۔ بعد میں یہ دلیل دی گئی کہ تمام مہنگے کنونشنوں نے اکتوبر 1966ء میں اسلامی نظریاتی کونسل کی جانب سے اور جون 1967ء میں دس رکنی بورڈ کی جانب سے سفارش کردہ کنونشنوں سے کم کامیابی حاصل کی تھی[132]۔ آخر کار، غلط معلومات پھیلانے کی تمام کوششیں ناکام ہونے کے بعد، APSC، ITHS اور SPP نے 30 ستمبر کے فیصلوں پر اِس دلیل کے ساتھ مشترکہ حملہ کیا کہ وہ "مسلمانوں کے اتحاد کے لیے نقصان دہ" اور "نظریہ پاکستان کے متصادم" تھے۔

APSC، ITHS اور SPP کا عجیب" سہ فریقی اتحاد" (اتحاد ثلاثہ) سب سے پہلے 16 اگست کی کانفرنس کے مشترکہ بائیکاٹ کے دوران ظاہر ہوا (اوپر دیکھیں)۔ ITHS نے 1950ء کی دہائی میں علیحدہ دینیات کی تحریک کی سربراہی کرنے سے لے کر 1972ء میں سنی مخالفوں کے دیرینہ دلائل کو اپنانے تک تقریباً مکمل دائرہ میں آچکا تھا لیکن مظفر علی شمسی کے کچھ قریبی ساتھیوں اور اِس کے چیئرمین اظہر حسن زیدی کے علاوہ یہ تنظیم تقریباً ختم ہو چکی تھی[133]۔ SPP کے بارے میں بھی یہی کہا جا سکتا ہے، جو اگست 1972ء میں مزید تقسیم ہو گئی تھی[134]۔ اس کے نئے رہنما، سید عباس حیدر عابدی[135] نے اپنے آپ کو شیعوں کے درمیان تقریباً مکمل طور پر اِس بیان کے ساتھ الگ تھلگ کر دیا کہ صحابہ اور اہل بیت" تمام مسلمانوں کا مشترکہ سرمایہ" ہیں[136]۔ قزلباش کی دولت اور شیعہ 'علماء' کے ایک طبقے پر اُن کے اثر و رسوخ کی وجہ سے SMC کا واحد باقیماندہ سنجیدہ دعویدار APSC تھا، جو آنے والے سالوں میں مضبوط ہوتا گیا۔

اگرچہ APSC کی نمائندگی کرنے والے دو علماء نے چودہ رکنی کمیشن کے فیصلوں کی مکمل تائید کی تھی، APSC کے وائس چیئرمین سید ہادی علی شاہ نے نومبر 1972ء میں لاہور کے ایک اخبار میں ایک اشتہار شائع کیا جس کا عنوان تھا کہ" تمام شیعوں نے موجودہ دینیات سلیبس کو مسترد کر دیا ہے"[137]۔ الگ نصاب کے خلاف ان کے دلائل میں سے ایک دلیل یہ تھی کہ اہل بیت کے بارے میں علم صرف شیعہ بچوں تک ہی محدود ہو گا جو" صحابہ کے بارے میں علم سے محروم" بھی رہ جائیں گے، اس طرح بعض سنیوں کے اس الزام کو معتبر بنایا گیا کہ

شیعہ صحابہ کے بارے میں جاہل ہیں[138] حتیٰ کہ صفدر حسین مشہدی نے واضح طور پر ایسے خدشات کو رد کرتے ہوئے کہا کہ شیعوں کو بھی صحابہ بشمول ابوسفیان، معاویہ اور حتیٰ کہ یزید کے بارے میں ضرور سیکھنا چاہیے، لیکن صرف تاریخ کے اسباق کے دائرے میں اور بغیر کسی شیعہ مخالف شیعہ تعصب کے۔ اپنے جریدے الحجت کے اداریے میں انہوں نے SMC کے ناقدین کو درج ذیل نکاتی جواب دیا (اقتباسات):

اب وہ شور مچا رہے ہیں کہ اہل بیت اور صحابہ کے درمیان تفریق پیدا ہو جائے گی... جو آنے والی نسلوں کے درمیان نفرت اور دشمنی پیدا کرے گی، یعنی شیعہ اور سنی... جو آپس میں لڑیں گے۔ آخر کار سنی اہل بیت سےاجنبی ہو جائیں گے اور شیعہ صحابہ سے محروم ہو جائیں گے، اور یہ نفرت اور اجنبیت پاکستان کے لیے نقصان دہ ہو گی۔ اِس قسم کے دُور افتادہ تصورات کا سرچشمہ حکمت نہیں ہے بلکہ ہمارے شیعہ گروہوں کی باہمی رقابت ہے جو محض مخالفت کی خاطر خالص ضد کے تحت ایک دوسرے کی مخالفت کرتے ہیں۔

میں تمام جماعتوں اور گروہوں اور افراد کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ آپسی رقابت، دشمنی اور انتقام میں شامل ہوں جتنا وہ چاہتے ہیں ... انہیں مضبوط حریف بننے دیں اور پورا انتقام لینے دیں۔ میری ان سے ایک ہی گزارش ہے: برائے مہربانی اپنی جبلتوں، اپنی شرارت اور اِنتقام کی خواہش کے لیے دین، مذہب، قوم، ملّت، عقیدہ، (مذہبی)اعمال، سچائی، عدل، عقل و دانش کو قربان نہ کریں۔ قبول شدہ کو مُنتخب نہ کریں ... علیحدہ دینیات نصاب کو اپنے مقصد کے طور پر ... شیعوں پر رحم کریں ... دوسرے طریقوں سے بدلہ لیں ...[139]

اگرچہ بھٹو نے پیشگی اعلان کر دیا تھا کہ وہ کوثر نیازی کی سربراہی میں کمیشن کی تمام سفارشات کو منظور کریں گے[140] لیکن بعد میں اُن کی کابینہ نے مسترد کر دیا، بظاہر وزیر پیرزادہ کی مخالفت کی وجہ سے۔ لیکن یہ صرف دو سال بعد ہی منظر عام پر آیا[141]۔ 1973ء مکمل اور 1974ء کے بیشتر عرصے میں حکومت نے شیعہ تنظیموں کے درمیان دینیات کے مسئلے پر اختلاف کو تاخیر کے لیے ایک آسان بہانہ پایا۔ جب کہ مؤخرالذکر ایک دوسرے سے جھگڑ رہے تھے، ستمبر 1972ء میں مقرر کردہ ورکنگ گروپ کو کبھی بھی جمع ہونے کیلئے طلب نہیں کیا گیا۔

بظاہر APSC کی طرف سے دینیات کے سمجھوتے کے خلاف مخالفت سب سے زیادہ متبادل راستے کا حربہ تھا، جس کا مقصد SMC کو قزلباش وقف پر اُس کے موقف کی وجہ سے کمزور کرنا تھا (اوپر دیکھیں)۔ 1973ء کے بعد سے، قزلباش نے آہستہ آہستہ MAUSP کے کچھ سرکردہ 'علماء' کی اپنی طرف ہمدردی حاصل کرلی، جو ستمبر 1971ء میں SMC سے جزوی طور پر الگ ہو گئے تھے۔ اپنا بڑا وقف محکمہ اوقاف کے کنٹرول میں دینے کی بجائے، انہوں نے 1973ء کے اوائل میں اس کے مالیات کا آڈٹ کرنے کے لیے شیعہ علماء کا ایک بورڈ قائم کرنے کا مشورہ دیا[142]۔ انہوں نے اس اعلان کے ساتھ 'علماء' کو بھی راغب کیا کہ لاہور میں جمعیت امامیہ، جسے انہوں نے دوہائی اسکولوں کے ساتھ قائم کیا تھا اور 1959ء کے وقف ایکٹ کی دھمکی کے بعد اپنے وقف کے فنڈز سے چلایا تھا، جلد ہی لکھنؤ کے

مدرستہ الواعظین کے معیار تک پہنچا دیا جائے گا[143]۔ 23 فروری کو انہوں نے مرزا یوسف حسین اور دیگر 'علماء' سے غیر رسمی ملاقات کی اور کہا کہ وہ دینیات کے سمجھوتے سے متفق ہیں۔ لیکن جب SMC کے حامی پریس میں یہ اطلاع دی گئی تو ITHS، APSC اور SPP کے جریدوں نے اس کی سختی سے تردید کی جبکہ قزلباش نے خاموشی اختیار کی[144]۔ اسی طرح، جب مرزا یوسف حسین نے ایک پمفلٹ شائع کیا جس میں تمام شیعہ تنظیموں کے ستمبر 1972ء کے دینیات پر فیصلوں کے ساتھ معاہدہ کیا گیا[145]، تو صرف SMC کے حامی جرائد نے موخرالذکر کو دوبارہ شائع کیا اور ITHS، APSC اور SPP کے بیانات کی تردید کی[146]۔ ملتان میں SMC کونسل کے اجلاس (15-16 جولائی 1973) سے خطاب کرتے ہوئے، مرزا یوسف حسین نے کہا کہ انہیں "منافقوں" نے بے وقوف بنایا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ انہوں نے ماضی میں اُن پر بھروسہ نہیں کیا تھا اور نہ حال میں کیا اور نہ آئندہ ایسا کریں گے[147]۔ لیکن ایک سال سے بھی کم عرصے میں انہوں نے خود کو نواب قزلباش کی خدمت میں پایا[148]۔

SMC کونسل کے اِس اجلاس کے دوران، جمیل حسین رضوی نے قزلباش پر سخت تنقید کی، اور اُن پر الزام لگایا کہ انہوں نے یحییٰ خان کے ماتحت اس معاملے کی ذمہ داری سونپتے وقت شیعہ دینیات کا موقع ضائع کیا[149]۔ حکومت کو شیعہ دینیات کے نصاب پر عملدرآمد کے لیے مزید دو ماہ کی مہلت دینے کی قرارداد منظور کی گئی، بصورت دیگر راولپنڈی میں احتجاج شروع کیا جائے گا[150]۔ اجلاس کا ایک اور اہم فیصلہ SMC کے قوانین کو تبدیل کرنا تھا۔ MAUSP کے فیصلوں کو ویٹو کرنے کا حق ختم کر دیا گیا اور کونسلرز کی تعداد 300 سے بڑھا کر 400 کر دی گئی، جن میں سے 100 کو 'علماء' ہونا چاہیے۔ ورکنگ کمیٹی کو 20 سے بڑھا کر 24 افراد کر دیا گیا، جن میں سے آدھے 'علماء' ہونے چاہئیں۔ ووٹوں کی برابری کی صورت میں 'علماء' کا ووٹ اب بھی فیصلہ کن ہوگا۔ SMC کے کسی رکن کو ملک گیر شیعہ تنظیم سے تعلق رکھنے کی اجازت نہیں[151]۔ اس کے علاوہ، کچھ تقاریر جو 'علماء' کے بارے میں بہت زیادہ تنقیدی تھیں، خاص طور پر سید عبدالجلیل شاہ گردیزی کی، جو انہیں آسانی سے خراب اور حکومت کے ساتھ شیعوں کے کسی بھی مسئلے کو حل کرنے کی ذمہ داری سونپے جانے کے قابل نہیں سمجھتے تھے۔ اگر کسی معاملے میں علمائے کرام کی مدد درکار ہو تو بہتر ہوگا کہ نجف والوں سے رجوع کیا جائے۔ بہت سے شرکاء پریشان تھے، اور جمیل حسین رضوی کو عذر کے لیے موجود 'علماء' سے پوچھنا پڑا[152]۔

حکومت کا الٹی میٹم 20 ستمبر کو ختم ہو رہا تھا لیکن اِس دوران پنجاب اور سندھ صوبوں میں شدید سیلاب آیا جس نے حکومت کو اپنے وعدوں پر عمل درآمد میں تاخیر کا ایک اور بہانہ فراہم کیا۔ جمیل حسین رضوی نے 7 اگست کو گورنر مصطفیٰ کھر سے ملاقات کی، اور 16 اگست کو بلوچستان کے SMC کے چیئرمین سینیٹر سید حسین نقوی، نے بھٹو سے بات کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انہوں نے شیعہ مطالبات کو جائز سمجھا اور ستمبر میں امریکہ کے دورے سے واپسی کے بعد دینیات کے مسئلے کا حتمی حل تلاش کرنے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کانفرنس بلانے کا وعدہ کیا۔ 24 اگست کو SMC کی ورکنگ کمیٹی نے راولپنڈی میں 21 ستمبر کو ہونے والا احتجاجی کنونشن منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا[153]۔

آخری وعدے پر عمل درآمد کے لیے 11 دسمبر 1973ء تک کا وقت لگا۔ اُس دن جمیل حسین رضوی، مرزا یوسف حسین، سید عباس حسین گردیزی اور سینیٹر سید حسین نقوی نے جوائنٹ سیکرٹری ڈبلیو ایم ذکی کی سربراہی میں محکمہ تعلیم کے حکام کے اجلاس میں شرکت کی۔ رضوی نے قبول کیا کہ وہی اساتذہ سنی اور شیعہ شاگردوں کو دینیات پڑھائیں گے، لیکن اِس بات پر کوئی معاہدہ نہیں ہوا کہ آیا پرائمری کلاسوں میں

مشترکہ دینیات کا نصاب ہوسکتا ہے۔معاملہ نئے سلیبس کی تیاری کے ساتھ ورکنگ گروپ کے پاس جانا تھا جس کا وعدہ 1972ء میں کیا گیا تھا[154]۔

ایک بار پھر ورکنگ گروپ کا اجلاس نہیں بلایا گیا اور معاملہ منجمد کر دیا گیا[155]۔ 7 مئی 1974 کو، جمیل حسین رضوی کا بھٹو نے استقبال کیا اور بہت زیادہ شکایت کی۔بھٹو نے پیرزادہ کی موجودگی میں چین سے واپسی کے بعد ایک اور ملاقات کا وعدہ کیا اور رضوی سے پیرزادہ سے ملاقات کرنے کو کہا۔وہ میٹنگ 28 مئی کو ہوئی تھی، پیرزادہ نے اب یہ تجویز پیش کی ہے کہ کلاس 1-8 کے دینیات سلیبس کو قرآنی آیات، سیرتِ رسول، اخلاقیات اور توحید تک محدود رکھا جاسکتا ہے، جب کہ شیعہ طلباء کے پاس یہ اختیار ہوگا کہ وہ کلاس 9-10 میں دینیات میں شرکت نہ کریں۔اگرچہ اِس کا مطلب سابقہ وعدوں سے پیچھے ہٹنا تھا، رضوی نے SMC ورکنگ کمیٹی کو پیشکش کے بارے میں فیصلہ کرنے دینے پر اتفاق کیا۔9 جون کو مؤخر الذکر کی جانب سے مسترد ہونے کے بعد، رضوی نے بھٹو کو پیرزادہ کے ساتھ اپنی بات چیت کی ناکامی سے آگاہ کیا[156]۔

اِس کے ساتھ ہی حکومت احمدیہ فرقہ کے خلاف مذہبی جماعتوں کی ایک تازہ مہم پر بہت زیادہ مصروف تھی، جو 29 مئی کو ربوہ میں پیش آنے والے ایک واقعے سے شروع ہوئی تھی[157]۔جیسا کہ 1953 میں ہوا تھا، اِس مہم سے بہت سے شیعہ 'علماء' نے چشم پوشی کی، جنھوں نے قومی اسمبلی کے ذریعہ (7 ستمبر 1974ء) "90 سالہ پرانے مسئلے کے حل" کے فیصلے، پاکستان کے آئین کی متعلقہ آرٹیکلز میں احمدیوں کو غیر مسلم اقلیتوں میں شامل کرنا، کو بھی سراہا[158]۔اِس بات کو آسانی سے نظرانداز کر دیا گیا کہ شیعوں کو غیر مسلم قرار دینے کے اسی طرح کے مطالبات جلد یا بدیر کیے جائیں گے[159]۔

بہرصورت، پیرزادہ اور بھٹو کے تاخیری حربوں سے SMC کے رہنماؤں کا صبر کا پیمانہ چھلک چکا تھا۔29 اگست کو راولپنڈی میں SMC کی ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ، جس میں تقریباً 100 کونسلرز نے بطور مبصر بھی شرکت کی، نے فیصلہ کیا کہ 27 اکتوبر کو راولپنڈی میں سول نافرمانی کی تحریک (حسینی محاذ) شروع کی جائے گی[160]۔اِس تقریب کی تیاریوں نے اکتوبر کے اوائل میں زور پکڑا، جمیل حسین رضوی نے پنجاب کے مختلف اضلاع کا دورہ کیا تاکہ شیعہ رضا کاروں کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنایا جاسکے[161]۔ 11 اکتوبر کو، جب رضوی صوبہ سرحد (خیبر پختونخوا) کے شیعہ گڑھوں میں اپنا دورہ جاری رکھنے کے لیے پشاور پہنچے، تو اُنہیں اور SMC کے دیگر رہنماؤں کو لاہور میں پیرزادہ اور دیگر وزراء کے ساتھ فوری مذاکرات کے لیے دعوت نامے موصول ہوئے۔ یہ میٹنگ 13 اکتوبر کو ہوئی اور اُس میں APSC اور ITHS کے اعلیٰ مندوبین نے بھی شرکت کی[162]۔اگرچہ اس کے فیصلے ستمبر 1972ء میں لیے گئے فیصلوں سے کچھ پیچھے رہ گئے، لیکن اُس نے بھٹو دور میں SMC کی طرف سے حاصل کی گئی حتمی پیش رفت کی نشاندہی کی۔

پیرزادہ نے اِس میٹنگ کے دوران بھی الگ شیعہ دینیات کو متعارف کرانے کے خلاف اپنے بنیادی اعتراضات کا دفاع کیا۔ انہوں نے ایک بار پھر خطرناک نتائج سے خبردار کیا اگر پاکستان میں مسلمانوں کی آنے والی نسلیں اِس شعور کے ساتھ پروان چڑھیں کہ وہ دو حصوں میں بٹ چکے ہیں۔انہوں نے یہ بھی خدشہ ظاہر کیا کہ اسماعیلیوں اور اہل حدیث جیسے دوسرے فرقے بھی اِسی طرح کے مطالبات کے ساتھ آگے آئیں گے۔مزید برآں، پاکستان میں 21 ہزار سرکاری اسکولوں میں پرائمری سطح تک علیحدہ دینیات کی تعلیم فراہم کرنے پر خزانے

پر تقریباً 86 لاکھ روپے خرچ ہوں گے۔ جس میں سیکنڈری سطح تک 72 لاکھ روپے اور کالج گریڈز تک ایک کروڑ 56 لاکھ روپے کا اضافہ کرنا پڑے گا[163]۔ اُنہوں نے اِس سال مئی میں رضوی کی طرف سے اُنہیں لکھے گئے خط کا حوالہ دے کر بھی رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوشش کی جس میں اُنہوں نے مبینہ طور پر مشترکہ دینیات کا نصاب قبول کیا تھا[164]۔ بہر حال، آخر میں درج ذیل فیصلے کیے گئے اور سیشن کے تمام شرکاء نے دستخط کیے:

1) جماعت 1-8 کے لیے دینیات (اسلامیات) کا ایک مشترکہ نصاب ہوگا، جس میں قرآنی آیات، نماز (سنی اور شیعہ بچوں کو الگ الگ اُن کی اپنی رسومات کے مطابق پڑھائی جاتی ہیں)[165]، سیرت رسول اور اخلاقیات شامل ہیں۔

2) کلاس 9-10 کے لیے علیحدہ نصاب شیعہ سنی فقه کے مطابق مذہبی فرائض اوربالترتیب خلفائے راشدین یا اہل بیت کی سوانح پر مشتمل ہوگا۔

3) کلاس 9-10 کے طلباء کوانتخاب کاحق ہوگا که کون سے کورسز میں شرکت کرنا ہے۔

4) شیعه اور سنی 'علماء ' کا ایک ورکنگ گروپ اسلامیات کے لیے ایک سلیبس تیار کرے گا جو دونوں فریقوں کے لیے قابل قبول ہو۔

5) فرزند رضااور ذاکر حسین فاروقی [166]کی نصابی کتب کو فوری طور پر شیعه طلباء کے لیے کلاس 9-10 میں متعارف کرایا جائے گا؛ یه ابھی تک جاری تعلیمی سال میں نہیں پڑھائے جا سکتے ، لیکن شیعه طلباء اِن کتابوں کی بنیاد پر اپنے امتحانات لکھ سکتے ہیں۔

6) نیا نصاب ستمبر 1975ء میں متعارف کرایا جائے گا۔ اگر اُس وقت تک کوئی نیا نصاب تیار نه ہوا تو فرزند رضا اور فاروقی کی کتابیں شیعه طلباءاِستعمال کر سکتے ہیں[167]۔

تحریک ختم کردی گئی، اور بھٹو نے خود کو ''عوامی حکومت کی ایک اور بڑی کامیابی، ماضی کی بری وراثت کو صاف کرنے اور قومی اتحاد کو فروغ دینے'' کے لیے مبارکباد دی[168]۔ شیعوں میں یہ تاثر عام تھا کہ اِس بار حکومت سنجیدہ ہے۔ 19-21 اکتوبر تک، رضوی نے تقریبات کے درمیان پشاور، ہنگو اور پاراچنار کے اپنے روکے ہوئے دورے کا اختتام کیا۔ تاہم، اِس دورے کے دوران اُن کے ساتھیوں کی تقریروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ SMC اور اِس کے حریفوں، خاص طور پر APSC کے درمیان تنازعہ ختم نہیں ہوا[169]۔ قزلباش وقف کے بارے میں نئے تنازعہ کی وجہ سے اگست 1974ء کے بعد سے یہ مزید تیز ہوگیا تھا۔ حکومت نے اِس پر اپنی اراضی اصلاحات کی سکیم کا اطلاق کیا اور اُس مہینے علی رضا آباد کے ارد گرد اپنی 90 فیصد زمینیں مزارعین میں تقسیم کردی تھیں[170]۔ رضا کار اور APSC کے جریدے اسد کے درمیان بحث چھڑ گئی، سابق کے ایڈیٹر نے شکوک کا اظہار کیا کہ آیا تقسیم کی گئی زمین قزلباش کی نجی ملکیت نہیں تھی اور اس کے وقف کی

حیثیت کے بارے میں وضاحت کا مطالبہ کیا[171]۔ 21 ستمبر کو نوائے وقت نے مرزا یوسف حسین، شبیہہ الحسنین محمدی، محمد بشیر انصاری اور نجم الحسن کراروی کا درج ذیل مشترکہ بیان رپورٹ کیا:

قزلباش وقف کی اراضی کو حکومت کے قبضے میں کرنے کا مطالبہ وہ لوگ کرتے ہیں جو شریعت سے ناواقف ہیں، کیونکہ شریعت کے مطابق وقف کو نہ تو تبدیل کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اُس کے اثاثوں کو فروخت یا تقسیم کیا جا سکتا ہے۔۔۔ حکومت کا یہ اِقدام اسلام کے خلاف ہے۔
اگر حکومت کوئی ایسا اِقدام کر رہی ہے جو شریعت کے خلاف ہو تو ہم کسی بھی قربانی سے پیچھے نہیں ہٹیں گے ... ہم وزیراعظم بھٹو سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اسلامی قوانین سے متعلق معاملات میں کوئی بھی فیصلہ علمائے کرام سے مشورہ کیے بغیر نہ لیں۔ کسی خود ساختہ لیڈر کے مطالبات کا نوٹس نہ لیں[172]۔

چار دستخط کنندگان بالترتیب MAUSP اور SMUP جو پاکستان میں شیعہ علماء کی دو بڑی تنظیمیں ہیں کے صدر اور سیکرٹری جنرل تھے[173]۔ یہ چاروں 1973ء کے موسم خزاں سے ایمپریس روڈ (لاہور) میں واقع قزلباش پیلس میں باقاعدگی سے جمع ہونا شروع ہو گئے تھے[175]۔ اِن 'علماء'، جو سب کے سب اب بھی SMC کے برائے نام ممبر تھے، کی قزلباش سے قربت نے شائق امبالوی اور APSC کی کے پرانے گارڈ کی ناراضگی کو جنم دیا اور APSC کے پرانے گارڈ کے دیگر ارکان، جنہوں نے 2 جون 1974ء کو خاقان بابر کے گھر میں ہونے والی میٹنگ میں اپنی مایوسی کا اظہار کیا تھا175۔ جب کہ امبالوی نے اُن 'علماء' کے بارے میں افسوس کا اظہار کیا جنہوں نے "دو بحری جہازوں پر سفر کیا"، محمد بشیر انصاری، جو SMC چھوڑنے کے بہانے ڈھونڈ رہے تھے، نے دیگر شیعہ تنظیموں میں رکنیت پر پابندی کے SMC قوانین کے نئے آرٹیکل کے خلاف احتجاج کیا تھا[176]۔
مذکورہ بالا چاروں 'علماء' کے مطابق "شریعت سے ناواقف خود ساختہ رہنماؤں" میں سب سے اوپر کوئی اور نہیں جمیل حسین رضوی تھے، جن کی قزلباش وقف کو محکمہ اوقاف کے کنٹرول میں لانے کی لابنگ ناراضگی کا شکار تھی[177]۔ طویل عرصے سے اِس طرح مذکورہ "علماء" نے یہاں تک کہ 13 اکتوبر کو پیرزادہ سے ملاقات کے لیے رضوی کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا اور اِس اجلاس کے دوران انہوں نے SMC کے مندوبین سے فاصلہ برقرار رکھا[178]۔ کچھ ہی دیر بعد، اور 13 اکتوبر کے معاہدے پر دستخط کرنے کے باوجود بھی، چاروں علماء نے رضوی کے خلاف ایک پمفلٹ شائع کیا، جس میں اُن پر الزام لگایا گیا کہ وہ دین کے معاملے میں "گڑبڑ" کر رہے ہیں[179]۔ اِسی دوران رضا کار کے ایڈیٹر کے سوال کے جواب میں محمد بشیر انصاری نے 21 ستمبر کو چاروں علماء کے بیان کی مزید وضاحت کی:

اگر کسی وقف کو اولاد کی کسی مخصوص نسل کی تحویل میں رکھا گیا ہو تو اُس امانت کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔ اگر کوئی جائز متولی ہے تو اُس کی امانت اُس سے چھِین کر کسی بورڈ یا تنظیم کو مُنتقل نہیں کی جا سکتی۔ وقف کی امانت کو اُس کے جائز متولی سے چھیننے کا مطالبہ غیر

شرعی ہے[180]۔

اِس کے بعد محمد صدیق نے انصاری اور اُن کے ساتھیوں کو یاد دلایا کہ اُن سب نے جنوری 1964ء کے کراچی میں ہونے والے 'علماء' کنونشن میں شرکت کی تھی، جہاں اوقاف بورڈ کے شیعہ سیکشن کا مطالبہ متفقہ طور پر کیا گیا تھا۔ اِس لیے اب ایسے بورڈ کو مسترد کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ APSC کے ممبران نے بھی اوقاف بورڈ میں شرکت کی تھی اور کچھ شیعہ اوقاف کو سنی اوقاف میں تبدیل کرنے کے بارے میں خاموشی اختیار کر رکھی تھی۔ صرف اِس لیے کہ قزلباش وقف کو اُن کے ذاتی فائدے سے جوڑ دیا گیا تھا، اس لیے اب کچھ 'علماء' شریعت کا پرچم بلند کریں گے[181]۔

28 اکتوبر 1974ء کو MAUSP کے ایک اجلاس میں، MAUSP اور SMC کے درمیان تمام روابط منقطع کرنے کا فیصلہ کیا گیا[182]۔ 1964ء میں سید محمد دہلوی کی قائم کردہ 'علماء' کی ''ایکشن کمیٹی'' اب اپنے بعد کی نسل سے بالکل دور ہوگئی تھی۔ جب 14-15 دسمبر کو لاہور میں SMC کونسل کا اجلاس بلایا گیا تو نجم الحسن کراروی اور مرزا یوسف حسین نے جمیل حسین رضوی کو خط لکھ کر اُن سے اِس اجلاس کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا اور بعد میں اُنہوں نے MAUSP کے تمام اراکین کو شرکت سے متنبہ کر دیا[183]۔ صرف 150 کے قریب کونسلرز نے اپنی شکل دکھائی اور رضوی کو مزید تین سال کے لیے SMC کا دوبارہ چیئرمین منتخب کیا۔ مولانا حشمت علی نے MAUSP اور اس کے قائدین کے خلاف تقریر کی۔ ایک قرارداد میں علی رضا آباد میں قزلباش وقف سے تقسیم شدہ اراضی کی واپسی کا مطالبہ کیا گیا، لیکن ایک اور نے قزلباش پر زور دیا کہ وہ اپنے وقف کا آڈٹ کرنے کے لیے تمام شیعہ تنظیموں سے 'علماء' کا ایک بورڈ تشکیل دیں[184]۔

تاہم، شیعہ تنظیموں کے درمیان بگڑتی ہوئی تقسیم کے باوجود، حکومت کی طرف سے 13 اکتوبر 1974ء کو کیے گئے وعدوں کو 1972ء کے فیصلوں کی قسمت سے بچا لیا گیا۔ شیعہ اور سنی 'علماء' کے ورکنگ گروپ نے دینیات کے نصاب کی تشکیل کے لیے اپنا کام نومبر 1974ء میں اسلام آباد میں شروع کیا، اور کچھ مہینوں بعد کلاس 3-8 کا نیا سلیبس تیار ہوا[185]۔ بعد کے بقیہ سالوں میں شیعہ تنظیموں اور بھٹو حکومت کے درمیان تعلقات کے ساتھ ساتھ اِن تنظیموں کی مزید داخلی ترقی کو ایک اور سیکشن میں دیکھا جائے گا[186]۔

شیعہ 'علماء' کے درمیان اِختلافات اپنے عروج پر

1960ء کی دہائی میں محمد حسین ڈھکو کی تحریروں سے پاکستان میں شیعہ عقائد اور مذہبی طریقہ کار کے بارے میں تنازعہ 1969ء-77ء کے عرصے میں بلا روک ٹوک جاری رہا[187]۔ یہ شیخیہ کے خلاف 1974ء-76ء کی مہم کے ساتھ اپنے عروج پر پہنچ گیا، جس کا مقابلہ نام نہاد" خالصی گروپ" کے خلاف بحث و مباحثہ کے ذریعے کیا گیا[188]۔ ڈھکو کی قیادت میں راسخ العقیدہ رجحان تلخ جدو جہد سے جزوی طور پر فتح یاب ہوا، جو کہ پیسے اور اثر و رسوخ کے بارے میں اتنا ہی تھا جتنا کہ مذہبی معاملات میں شیعوں کی صحیح راہنمائی کے اس کے عوامی طور پر بیان کردہ اہداف کے بارے میں۔ اِس کے باوجود، ذاکرین کے عوامی مقبولیت پسند دھڑے اور اُن علماء نے جنہوں نے ذاکرانہ اندازِ خطابت اپنا لیا تھا، شیعہ عوام پر اپنا اثر و رسوخ برقرار رکھا۔ اِس کام میں اُنہیں ڈھکو اور اُن کے بعض حامیوں کی ان ضرورت سے زیادہ جوش ریلی کوششوں سے مدد ملی، جو وہ قدیم اور مقبول عوامی عقائد و رسومات کو ختم کرنے کے لیے کر رہے تھے۔ بہت سے علماء نے کسی ایک فریق کی واضح حمایت کرنے سے گریز کیا اور صلح صفائی کرانے کی کوشش کی لیکن یہ بنیادی تنازعات کبھی حل نہ ہو سکے"۔

اپنے سنی ساتھیوں کی طرح، شیعہ علماء کو بھٹو کے عروج اور مغربی پاکستان میں اُن کی انتخابی فتح کے ساتھ اپنے اثر و رسوخ کو مزید دھچکا لگا تھا۔ بھٹو کے دورِ حکومت کے ابتدائی سالوں کے دوران، سیکولر نظریات اور مغربی طرزِ زندگی نے شیعہ برادری کو اُتنا ہی اپنی لپیٹ میں لیا جتنا کہ اُن کے سنی مسلمان ہم وطنوں کو، جب کہ 'علماء' کو مغربی تعلیم یافتہ نوجوانوں تک پہنچنے میں ناکام سمجھا جاتا تھا[189]۔ اُس وقت کے مسائل کا جواب دینے کی بجائے وہ بڑھتی ہوئی ضد کے ساتھ اپنی باہمی رقابتوں میں ملوث رہے، اِس طرح شیعہ مومنین میں اُن کے سابقہ وقار کو مزید نقصان پہنچا۔ یہ دشمنیاں صرف راسخ العقیدہ اور مقبول یا مقامی 'علماء' اور مہاجروں کے درمیان تقسیم تک محدود نہیں تھیں بلکہ جون 1970ء میں محسن الحکیم کی وفات کے بعد مرجع التقلید کی جانشینی کے بارے میں ایک طویل جھگڑے میں بھی ظاہر ہوئیں۔

قم میں آیت اللہ سید کاظم شریعت مداری کے حامی سب سے پہلے اپنے" امیدوار" کے حق میں بیانات جمع اور شائع کرنے والے تھے[190]۔ لاہور کے کچھ 'علماء' آیت اللہ خمینی کی حمایت میں ایک ابتدائی عوامی اعلان کے ساتھ سامنے آئے[191]، جس کی تائید ستمبر 1970ء میں پندرہ روزہ الارشاد (کراچی) کے ایڈیٹر سید جواد اصغر نقوی نے کی[192]۔ سید ابوالقاسم الخوئی، سید محمد شیرازی، سید محمد رضا گلپایگانی اور محمد کاظم قمی کے حق میں پوسٹر، پمفلٹ اور آرٹیکلز شائع کیے گئے[193]۔ اِس طرح پہلی بار شیعہ دنیا کے مرجع تقلید کے انتخاب کا خالصتاً مذہبی سوال پاکستان میں ایک طرح کی" سیاسی مہم" میں تبدیل ہو گیا، جس میں بعض" امیدواروں" کے خلاف منفی پروپیگنڈہ بھی شامل ہے[194]۔ شریعت مداری اور دیگر ایرانی عظیم آیات اللہ نے دینی مدارس کا جائزہ لینے کے بہانے وفود پاکستان بھیجے جن کی بہت پذیرائی ہوئی۔ خمس، زکوٰۃ اور سہم اماموں کو جمع کرنے کے لیے اجازے کے وعدے اور دینی مدارس کے لیے مالی امداد دی گئی اور انفرادی مدد کرنے والوں کو ایئر لائن کے ٹکٹ، وظیفہ اور وکالت ناموں کا لالچ دیا گیا[195]۔ اس معاملے کو پرسکون ہونے میں اکتوبر 1971ء تک کا وقت لگا، زیادہ تر پاکستانی شیعوں نے غالباً آیت اللہ الخوئی کو اپنا مرجع منتخب کیا[196]۔

1970ء-71ء کی مرجع مہم جامعۃ المنتظر کی توسیع کے ساتھ ہوئی، جو اُس وقت پاکستان کا سب سے بڑا شیعہ مدرسہ بن گیا۔

1969ء میں لاہور کے پوش مضافاتی علاقے ماڈل ٹاؤن میں 21 کنال (10500 مربع گز) کا پلاٹ تین لاکھ روپے میں خریدا گیا، اور مزید تقریباً 6 لاکھ روپے کے عطیات تعمیراتی اخراجات کیلئے اکٹھے کیے گئے197۔ 1977ء کے اوائل تک، جب جامعۃ المنتظر کو مزید اپ گریڈ کرنے کا منصوبہ بنایا گیا تو اِس مدرسہ میں 125 طلبہ کا داخل ہوئے جنہیں آٹھ 'علماء' نے سید صفدر حسین نجفی جو 1989ء میں اپنی وفات تک اِس کے پرنسپل رہے، کی نگرانی میں پڑھایا[198]۔ اُن کے پیشرو مولانا اختر عباس، جنہوں نے 1964ء سے 1972ء تک نجف اور قم میں اپنی تعلیم جاری رکھی تھی، نے 1973ء میں اپنے آبائی شہر کوٹ ادو میں آیت اللہ شریعت مداری کی دار التبلیغ الاسلامی کی ایک برانچ کی بنیاد رکھی[199]۔ 1970ء کی دہائی کے اوائل میں قائم ہونے والے مدارس میں راولپنڈی میں مدرسہ آیت اللہ الحکیم[200]، لاہور میں مدرسۃ الواعظین[201] اور اسلام آباد میں جامعۃ الاہلبیت[202] شامل تھے۔

1971ء کے آخر میں محمد حسین ڈھکو نے تحقیق اور تصنیف پر توجہ دینے کے لیے دار العلوم محمدیہ سرگودھا کے پرنسپل کی ذمہ داریوں سے خود کو فارغ کر لیا[203]۔ پیشہ ور مبلغین پر اُن کی شدید تنقید کی بازگشت دھیرے دھیرے چھوٹے 'علماء' اور دیگر شیعہ دانشوروں کی طرف سے سنائی دینے لگی تھی[204]۔ اِس کے باوجود مجالس میں شیعہ شرکاء کی بڑی تعداد کے لیے مقبول مبلغین کی کشش برقرار تھی، اور شیعہ نامور افراد کے ذریعہ اُنہیں مؤثر طریقے سے استعمال کیا جا سکتا تھا۔ جیسا کہ جولائی 1972ء کے رضا کار کے اداریے میں بیان کیا گیا ہے (اقتباسات):

بہت سے نام نہاد شیعہ لیڈروں نے اپنے مفاد اور اپنے شوق کے مطابق اپنی پارٹیاں اور تنظیمیں قائم کی ہیں... ہمارے ہوشیار رہنما جانتے ہیں کہ وہ جب چاہیں اور جہاں چاہیں شیعہ عوام کو یاد اور خِراج (ذکرِ حُسین) کے بہانے جمع کر سکتے ہیں، اور یہ کہ وہ ایسے اجتماعات کو اپنے فائدے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ اِس لیے وہ اِس ہتھیار کو کسی بھی ضرورت کے وقت استعمال کرتے ہیں۔ وہ مشہور 'علماء' و ذاکرین کے ناموں سے مُزیّن بڑے بڑے پوسٹر تقسیم کرتے ہیں اور شیعہ عوام کو ذکرِ حُسین سننے کی دعوت دیتے ہیں۔ ''عوام'' علمائے کرام اور ذاکرین کے نام بڑے اعزازی القابات کے ساتھ پڑھ کر بڑی تعداد میں شرکت کے لیے آتے ہیں۔ ہمارا ہوشیار رہنما [205] عُلماء و ذاکرین سے کہتا ہے کہ اتنے بڑے سامعین کی پیشکش پر آپ شکر گزار ہوں، اور وہ اتنی شاندار مجلس عزا منعقد کرنے پر اُس کا شکریہ ادا کریں اور اِس موقع پر چندہ بھی جمع کریں۔ حکومت کو یہ تاثر ملتا ہے کہ اگر اتنے زیادہ شیعہ اُس کی دعوت پر اکٹھے ہو جاتے ہیں تو وہ ضرور اپنی قوم کا محبوب رہنما ہے۔ اور وہ خود اِس پر قناعت نہیں کرتا، بلکہ اپنی تقریر کے دوران لی گئی تصویروں کو استعمال کرتا ہے جو اخبارات میں شائع ہوتی ہیں---

ذاکروں اور مولویوں کی مدد کے بغیر اور حُسین کے پُرجوش عاشقوں کو اُن کا "پیغام" سننے کی دعوتوں کے بغیر کوئی بھی حُسین کا عاشق اِن "عظیم رہنماؤں" کی میٹنگوں میں جانا پسند نہیں کرے گا، سوائے اُن کے کچھ منسلک حاشیہ نشینوں کے جو کہ ایسے موقعوں پر اُن کے لیے زندہ باد کے

نعرے لگاتے ہیں۔۔۔[206]

مذکورہ بالا اداریہ متعدد دولت مند شیعہ افراد کے خلاف تھا جنہوں نے بنیادی طور پر اپنے ذاتی مفادات کے لیے تنظیمیں بنائی تھیں[207] لیکن شاید خاص طور پر نواب قزلباش کے خلاف۔ مؤخرالذکر نے اُن 'علماء' کی ایک بڑی تعداد کو اپنے کیمپ کی طرف متوجہ کیا جو مجلس خوانی میں مہارت رکھتے تھے اور 1973ء سے SMC سے دور تھے[208]، جب کہ SMC کے چیئرمین جمیل حسین رضوی اور ان کے دستِ راست مشتاق حسین نقوی "ڈھکو گروپ" کے قریب آ گئے[209]۔ ہفت روزہ رضا کار بھی، جس نے 1960ء کی دہائی میں ڈھکو کی کتابوں سے مشتعل 'علماء' کے درمیان تنازعہ کو تقریباً کوئی کوریج نہیں دی تھی، وہ 1974ء سے اپنے سرکردہ مخالفین کے خلاف زیادہ سے زیادہ کھل کر بولنے لگے، باوجودیکہ ڈھکو کے نظریات کو مکمل طور پر اپنائے بغیر۔

دسمبر 1973ء میں محمد صدیق نے اجتہاد کے فوائد کے بارے میں ایک مختصر اداریہ لکھا، جس میں پیغمبر محمد سے منسوب بہت سی احادیث کی مشتبہ صداقت پر ایک اشارہ شامل تھا[210]۔ اس کی وجہ سے MAUSP کے چیئرمین مرزا یوسف حسین نے جنہیں کئی سالوں سے جریدے کی طرف سے وسیع پیمانے پر مثبت کوریج حاصل تھی" رضا کار کے ایڈیٹر کے بے بنیاد عقائد" کے عنوان سے ایک پمفلٹ شائع کیا[211]۔ اس طرح کے ردعمل پر اور زیادہ غصہ آیا کیونکہ صدیق نے صرف معروف عراقی عالم کی کتاب کے اردو ترجمے سے نقل کیا تھا[212]۔ مشتاق حسین نقوی نے اِسے کچھ عرصہ پہلے رضا کار میں چھپنے والی ائمہ کی احادیث سیریز پر پاکستان کے شیعوں کے غصے سے منسوب کیا جس نے " اُن 'علماء' کو بے نقاب کیا تھا جنہوں نے مومنین کا اِستحصال کیا تھا"[213]۔

1974ء تک متعدد شیعہ جرائد بشمول رضا کار، ایک دہائی قبل المبلغ کی طرف سے" لالچی" ذاکروں اور مولویوں کے خلاف شروع کی گئی مہم میں شامل ہو چکے تھے[214]۔ مؤخرالذکر نے اِن الزامات کے ساتھ جواب دیا کہ جن لوگوں نے اُن پر تنقید کی وہ 'عزاداری کے دشمن' تھے۔ مئی 1974ء میں رضا کار کے ایک اداریے کا جواب درج ذیل ہے (اقتباسات):

ظاہر ہے کہ کوئی شیعہ سید الشہداء کی عزاداری کے مخالف ہونے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ لیکن میں انتہائی افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ کچھ لالچی نام نہاد 'عُلماء' نے دیانت کے تمام تقاضوں کو خیرباد کہہ دیا ہے اور اُن شیعوں کو عزاداری کا دشمن قرار دینے کی کوشش کی ہے جنہوں نے ہمیشہ اِس کے تحفظ کے لیے قربانیاں پیش کی ہیں۔۔۔

"جب عزاداری برپا کرنے والے (عزادار) مذکورہ مولویوں سے مجالس کے معاوضے (فیس) میں اضافہ نہ کرنے اور لالچ میں آ کر اپنے وعدے نہ توڑنے کا مطالبہ کرتے ہیں، تو یہ مولوی خود کو ہر قسم کی تنقید سے بالاتر سمجھتے ہیں۔ وہ اس مطالبے کو اپنی توہین قرار دیتے ہیں اور اپنے ناقدین کو 'عزاداری کا دشمن' کا نام دے دیتے ہیں۔ ایسے مطالبات کا کوئی معقول جواب دینے کے بجائے، وہ اس تنازع کو غیر متعلقہ معاملات میں اُلجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ عزاداری کے فضائل و برکات کا ذکر چھیڑ دیتے ہیں (جن سے کوئی بھی شیعہ انکار نہیں کرتا) تاکہ شیعہ عوام کی توجہ اصل مسئلے سے

ہٹائی جا سکے، اور وہ ذاکری کو لوٹ مار کے بازار کے طور پر اسی طرح چمکاتے رہیں۔"

آج کل ایسے مولویوں اور ذاکروں کے بارے میں شکایات ہر شیعہ کی زبان پر ہے اور یہ ایک اجتماعی مسئلہ بن چکا ہے، جس سے کسی بھی شیعہ فرد کو نمٹنا ضروری ہے... مَیں مذکورہ 'علماء' پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ موجودہ روشن خیالی اور آگاہی کے دَور میں وہ شیعہ عوام کو مزید بے وقوف نہیں بنا سکتے کیونکہ عوام صالح اور سُوء عُلما میں فرق جانتے ہیں[216] اور وہ اُن علماء سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں جو دِین، عقیدہ اور مذہب کی آڑ میں دنیاوی دولت جمع کر رہے ہیں اور دین کو ذریعہ معاش بنایا ہوا ہے۔۔۔[217]

اسی اداریہ میں صدیق نے اپنے خیالات کی تائید کے لیے سید ظفر حسن امروہوی جو کہ ڈھکو کے مشہور شیعہ عالم ناقد ہیں[218]، سے نقل کیا ہے:

آج کل شیعہ اُن مولویوں سے سب سے زیادہ ناراض ہیں جو مجالس خوانی کے لیے اپنا نذرانہ سخت اور بے رحم طریقے سے نافذ کرتے ہیں اور اپنا وعظ سب سے زیادہ بولی لگانے والے کو بیچ دیتے ہیں ... نذرانہ لینا کوئی گناہ نہیں ہے اور روزی روٹی (مبلغ کیلئے)مہیا کرنا ضروری ہے، لیکن اِسے ایڈوکیٹ یا بیرسٹر کی فیس کی طرح نہیں بنانا چاہئے ... ساتھ ہی ایک شاخ سے دوسری شاخ نہیں اُڑنا چاہئے کیونکہ اِس میں زیادہ پھول ہیں...

میری رائے میں پاکستان میں صرف 20-30 مولوی ہیں جنہیں اہلِ علم کہا جاسکتا ہے۔ اِن میں سے اکثر اپنی عمر کی حد کو پہنچ چکے ہیں اور آہستہ آہستہ ختم ہوجائیں گے۔ جو لوگ اُن کی جگہ لیں گے وہ تمام سیاسی مولوی ہوں گے، شیعہ مسلک کے مذہبی رہنما نہیں[219]۔

جبکہ پیشہ ور مبلغین کے لیے چیلنج 1974ء میں زور پکڑ چکا تھا، اُن کے جوابی مباحثے بھی زیادہ جارحانہ ہو گئے تھے۔ وہی شیعہ جرائد، جنہوں نے ہمیشہ اِس بات کی تردید کی تھی کہ سنی مسلمانوں کی جانب سے محترم صحابہ کرام پر لعنت اُن کی مجالس میں ہوئی ہے، اب اکثر اُس گالم گلوچ اور توہین آمیز کی مذمت کرتے تھے اور شیعہ علماء کے باہمی مخالف گروہوں کے حامیوں کے درمیان نازیبا زبان کا استعمال اُسی مجلس کے تقدّس کو پامال کر رہا تھا[220]۔

اگرچہ تقسیم ہمیشہ واضح نہیں تھی، لیکن 1960ء کی دہائی سے محمد بشیر انصاری کی قیادت میں SMUP ڈھکو کے مخالف 'علماء' کا گڑھ تھا۔ یہی کچھ مرزا یوسف حسین کی قیادت میں MAUSP کے بارے میں کہا جاسکتا ہے جب اِس گروپ نے 1974ء میں SMC سے خود کو الگ کر لیا تھا[221]۔ ڈھکو کے مخالف شیعہ علماء کی ایک تیسری تنظیم محمد اسماعیل نے اکتوبر 1973ء میں قائم کی تھی[222]۔ ڈھکو نے اپنی طرف سے جولائی 1974ء میں معتمر علمائے شیعہ پاکستان کی بنیاد رکھی جس کے صدر وہ خود اور مفتی جعفر حسین بطور" سرپرست" تھے[223]۔ اُن کے حامیوں میں زیادہ تر 'علماء' اپنے دینی مدارس چلا رہے تھے، اگرچہ اُن سب نے ڈھکو کا ساتھ نہیں دیا تھا[224]۔

1974ء کے اواخر سے شیخیہ مکتبہ فکر کی دو شاخوں کے قائدین آیت اللہ عبدالرضا ابراہیمی کرمانی (متوفی 1979ء)[225] اور آیت

اللہ مرزا حسن الحائری الاحقاقی (1900ء-2000ء)[226] مذہبی اداروں کی مالی مدد اور لٹریچر کی تقسیم کے ساتھ پاکستان میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کی وجہ سے تنازعہ تیز تر ہوگیا۔ اُس وقت تک SMC کی کراچی شاخ کے طویل عرصے سے سرگرم رکن ڈاکٹر کاظم علی رسا، آیت اللہ کرمانی کے نمائندے بن چکے تھے، جب کہ مولانا محمد حسنین سابقی (1945ء-99ء) جو اُس وقت مدرسہ باب العلوم کے پرنسپل[228] تھے کو کچھ عرصہ بعد پاکستان میں آیت اللہ احقاقی کا نمائندہ مقرر کیا گیا۔ اکتوبر 1974 میں رضا کار نے کراچی میں آیت اللہ ابراہیمی کرمانی کی لائبریری کی نئی کھلنے والی شاخ کا ایک اشتہار شائع کیا جو ڈاکٹر رسا کی جانب سے بھیجا گیا تھا اور ساتھ ہی اسی آیت اللہ کی طرف سے دینیات سے متعلق شیعہ مطالبات کی منظوری پر مبارکباد کی ایک تحریر بھی شائع کی گئی[229]۔ اِس کے بعد ایڈیٹر کو متعدد قارئین نے آگاہ کیا کہ کرمانی شیخوں کے "گمراہ فرقے" کی نمائندگی کرتا ہے اور اُن سے درخواست کی گئی کہ وہ مستقبل میں اس سہ ماہی سے کوئی اور چیز شائع نہ کریں[230]۔ یکم نومبر 1974ء کو رضا کار میں چنیوٹ سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر برساتی کے ایک طویل مضمون میں شیخ احمد احسائی سے لے کر آیت اللہ ابراہیمی کرمانی تک شیخیہ اور اس کے قائدین کے بارے میں بنیادی حقائق کی وضاحت کی گئی اور پاکستان میں "شیعوں کی آڑ میں" شیخیہ کو پھیلانے کی کوششوں کے خلاف خبردار کیا گیا[231]۔ اِس کے بعد ڈاکٹر رسا نے کراچی کی ایک عدالت میں محمد صدیق اور ڈاکٹر برساتی دونوں کے خلاف مقدمہ دائر کیا[232]۔

پہلے ہی 1967ء میں ڈھکو نے الزام لگایا تھا کہ پنجاب میں زیادہ تر شیعہ مبلغین نے بیسویں صدی کے اوائل سے شیخیہ عقائد کا پرچار کیا ہے[233]۔ 1974ء کے بعد اُن کے دعووں کی توثیق کسی حد تک بہت سے شیعہ علما کی سرگرمیوں سے ہوئی جو شیخ احمد احسائی کے کھلے دفاع میں سامنے آئے، جب کہ ڈھکو اور اُن کے پیروکاروں پر محمد الخالصی کے نام نہاد "وہابی عقائد" کا پرچار کرنے کا الزام لگایا[234]۔ اِس لحاظ سے سب سے زیادہ کھری سنانے والے محمد بشیر انصاری اور محمد اسماعیل تھے، لیکن اُن کے ساتھ بہت سے دوسرے لوگ بھی شامل ہو گئے جنہوں نے ڈھکو اور مبلغین کے دوسرے ناقدین پر اثر انداز ہونے کے لیے" خالصیت" کے عفریت کو لڑائی کے لیے ایک آسان گاڑی سمجھا۔

شیخیہ تنازعہ مکمل طور پر مذہبی عقائد کے سوالات سے متعلق تھا، یعنی شیعہ عقائد میں غلو کے عناصر کا (دوبارہ) تعارف۔ لیکن یہ" لالچی مبلغین" کی تنقید کے ساتھ گھل مل گیا جن پر ایسے" انتہا پسند" عقائد اور توہمات کو پھیلانے کا الزام بھی لگایا گیا، جو شیخیہ کی خصوصیت تھے[235]۔ 1968ء کے اواخر سے مخالف کیمپوں کے مرکزی کرداروں کو اکٹھا کر کے تنازعہ کو حل کرنے کی کوششیں کی جا رہی تھیں، جب سرگودھا کے سید بشیر حسین بخاری نے ڈھکو، سید گلاب علی شاہ، محمد اسماعیل، محمد بشیر انصاری اور مرزا یوسف حسین کے درمیان ملاقات کرانے کی کوشش کی[236]۔ 1974ء سے شیعہ پریس میں مرکزی شیعہ عقائد پر اپنے موقف کو دوبارہ متحد کرنے کے مقصد کے ساتھ "علماء" کانفرنس منعقد کرنے کی اپیلیں بڑھ گئیں۔ متنازعہ سوالات کو عراق اور ایران کے اعلیٰ ترین شیعہ مذہبی حکام کے سامنے پیش کرنے کی بھی سختی سے سفارش کی گئی، لیکن اِسے محمد بشیر انصاری، محمد اسماعیل اور دیگر نے اِس دلیل کے ساتھ مسترد کر دیا کہ مذہب کے بنیادی اصولوں (اصول الدین) میں تقلید کی اجازت نہیں ہے[237]۔ "عوامیت پسند" 'علماء'، جہاں تمام فنِ مناظرہ سے بخوبی واقف ہیں، نے ایک بڑے جلسہ عام کا مطالبہ کیا جہاں دونوں کیمپوں کے 'علماء' اپنے اسباب کے لیے بحث کریں گے، جبکہ ڈھکو کے حامیوں نے مطالبہ کیا کہ بحث کو بند دروازوں کے پیچھے کسی ایک

ماہر تک محدود رکھا جائے۔ اُن کے نزدیک یہ حماقت ہوگی اور علمائے کرام کے وقار کو مزید مجروح کرنا ہوگا اگر مذہبی عقائد کے معاملات میں صحیح یا غلط کا فیصلہ جاہل عوام پر چھوڑ دیا جائے[238]۔

اپریل 1975ء میں عوامی مناظرہ کے انعقاد کی ایک کوشش ناکام ہوئی جب محمد اسماعیل، مرزا یوسف حسین، سید محمد عارف نقوی، سید ضمیر الحسن نجفی اور غلام حیدر کلو، مہر احمد نواز خان سیال کی دعوت پر احمد پور سیال (ضلع جھنگ) میں جمع ہوئے تھے۔ ڈھکو کیمپ کے مولانا حسین بخش، اعجاز حسین اور اختر عباس تنازعہ کی شرائط پر گفت وشنید کی غرض سے صرف 15 میل دور ایک مقام تک کا سفر کیا تھا، جب کہ ڈھکو خود سرگودھا میں گھر پر ہی ٹھہرے ہوئے تھے[239]۔ کوئی سمجھوتہ نہ ہوسکا، اور احمد پور سیال میں جمع ہونے والے ہجوم کی طرف سے "بھگوڑے" علماء کے خلاف قرار دادیں منظور کی گئیں۔ حسین بخش نے کچھ عرصہ بعد خود کو ڈھکو سے الگ کر لیا اور اُن پر تکبر اور تفرقہ پھیلانے کا الزام لگایا۔ وہ دارالعلوم سرگودھا چھوڑ کر جھنگ چلے گئے۔

اِس اخلاقی فتح سے حوصلہ افزائی پاتے ہوئے، محمد اسماعیل نے فیصل آباد (30-31 اگست 1975ء) میں اپنے درسِ آلِ محمد کے 12 ویں سالانہ اجلاس کا اعلان ایک بہت بڑے پوسٹر کے ساتھ کیا، جس میں شیخ احمد احسائی اور اُن کے جانشین سید کاظم راشتی کے لیے تعریفی کلمات بھی تھے[241]۔ جب اِس کے مضمرات کے بارے میں سوال کیا گیا تو شیخیہ کے بانیوں سے عقیدت کے متعدد اعلانات کے ساتھ محمد اسماعیل سامنے آئے۔ اُن میں سے ایک اکتوبر 1975ء کا پڑھا گیا (اقتباسات):

مَیں اُن کی فلسفیانہ، روحانی اور باطنی[242] تعلیمات کو تیرھویں صدی [ہجری] میں وہابیت اور تقصیر کے فتنہ کا مقابلہ کرنے کے لیے شیعہ مذاہب کے لیے بہت اہم سمجھتا ہوں[243]- مَیں مولوی محمد حُسین [ڈھکو] کی کتاب اصول الشریعہ کے دسویں باب کے اِس بیان سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ پنجاب کے اکثر شیعہ 50-60 سالوں سے شیخ احمد احسائی (اللہ اُن کے مرتبہ کو بلند کرے) کے عقائد کو شیعہ مذہب کے مطابق سمجھتے ہیں اور اُن کو اپنایا ہوا ہے۔ اِس لیے مَیں شیخ مرحوم کو شیعہ مسلک کا بہت بڑا روحانی محقّق اور عالم مانتا ہوں اور اُن کے عقائد شیئر ہوں۔... لیکن مَیں اُن وہابی سوچ رکھنے والے مُقصر عُلماء کو مُسترَد کرتا ہوں اور نہ اُنہیں سچا شیعہ مانتا ہوں اور نہ ہی اُن کے عقائد شیئر کرتا ہوں جو کہ کچھ عرصہ سے وہابیت اور تقصِیر کا پرچار کر رہے ہیں۔ ان کو روکنے کے لیے آج کل شیخ مرحوم کی حکمت اور علم کو تفصیل کے ساتھ پیش کرنا ضروری ہے، ورنہ آلِ محمد پر شیعوں کا عقیدہ خطرے میں پڑ جائے گا[244]۔

اُسی دوران عراق اور ایران کے آیات عظام کے فتوے، جس میں شیخیہ کو ایک بدعتی فرقہ قرار دیا گیا تھا شیعہ پریس میں شائع ہوا۔ اِس کی وجہ سے ڈھکو کے کچھ مضبوط مخالفین نے بھی محمد اسماعیل سے دوری اختیار کر لی، لیکن انھوں نے شیخیہ اور "خالصیت" کو یکساں طور پر شیعہ مذہب کے لیے خطرناک سمجھا[246]۔ اِس لحاظ سے ایک 'علماء' کنونشن 24-25 اکتوبر 1975ء کو جھنگ میں منعقد ہوا، جہاں محمد

اسماعیل نے بظاہر اپنے کچھ بیانات واپس لے لیے[247]۔ جب انہوں نے خود 1-2 نومبر کو درس آلِ محمد میں "مقصرین کی تردید" کے لیے ایک اجلاس بلایا، جس کا بیشتر 'علماء' نے بائیکاٹ کیا[248]۔ 11 نومبر کو اُنہوں نے اعلان کیا کہ وہ "شیخی نہیں، بلکہ شیعہ ہیں"، اور یہ کہ انہوں نے شیخ خالصی کے نظریے کا مقابلہ کرنے کے لیے صرف شیخ احمد احسائی کا نام استعمال کیا۔ اگر ڈھکو" خالصی کے لیے پروپیگنڈہ بند کرنے" کے لیے تیار ہو جائے تو وہ خود احسائی کے بارے میں بات کرنا چھوڑ دے گا[249]۔ کچھ عرصے بعد اُنہوں نے اُن "خمس خور مولویوں"[250] کے خلاف فتوے کے ساتھ ایک پمفلٹ شائع کیا جن پر اُنہوں نے شیعوں کے صالح عقائد کو مجروح کرنے کا الزام لگایا (اقتباسات):

مُقصّر مولوی محمد حسین [ڈھکو] اور گلاب شاہ کی جماعت اب خالصی کے مشن کی تکمیل، تمام پاکستانی شیعوں کو وہابی بنانے، خمس اور زکوٰۃ کھانے، اور شہید حسین کی عزاداری کو کمزور کرنا چاہتی ہے... میرا اپنا مقصد شیعہ مذہب کی مکمل تبلیغ ہے۔ عزاداری کی حفاظت اور آلِ محمد کے فضائل کی اشاعت اور تبلیغ ہے کیونکہ یہی شیعہ مذہب کی دلیل ہے۔ جہاں تک نماز اور روزے کے ظاہری احکام (احکام ظاہرہ) کا تعلق ہے، وہ خوارج اور وہابیوں سمیت ہر مذہب کے ساتھ پائے جا سکتے ہیں۔ یہ جھگڑا اور تنازعہ پنجاب کے چند وہابی خمس خور مولوی ہی کرتے ہیں، جب کہ کراچی، لاہور، ایران، عراق اور لکھنؤ کے صالح اور عقلمند ''علماء'' کا کوئی سروکار نہیں۔

"مقصرین" کے عقائد کو بیان کرنے کے بعد "محققین" کے عقائد سے اُن کا موازنہ کرتے ہوئے آپ نے کہا:

پاکستان میں شیعہ مذہب کے لیے ایک مضبوط تبلیغ چل رہی تھی اور عزاداری ہر گھر بلکہ ہر دل پر اثر انداز ہو رہی تھی، جب کچھ پُر جوش 'علماءسُو ' نے اپنے دنیاوی مقاصد یعنی خمس کھانے کے لیے فتنۂ تقصیر شروع کر دیا۔۔ اُنہوں نے زکوٰۃ اور خمس کے بہانے ذاکری اور تبلیغ کے لیے خرچ کیے جانے والے فنڈز پر قبضہ جمانے کے لیے ذاکری کو حرام قرار دیا؛ انہوں نے [شیعہ] مومنین کے درمیان اتحاد، اُخوّت اور محبت کو ختم کرنے کے لیے بیرونی محاذ کی بجائے اندرونی محاذ کھول دیا اور ایک خاص جماعت کو چھوڑ دیا، جو اُن کے لیے خمس اور زکوٰۃ ادا کر رہی ہے۔ ان کے اعمال اور تبلیغ میں (مذہبی) حقائق، حِکمت کے آداب، اخلاقیات، مذہبی فرائض کا فلسفہ، آل محمد یا اتفاق سے محبت یا اتحاد کے بارے میں کچھ نہیں ہے، لیکن صرف ایک مسئلہ ہے: "نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو" اور "جان لو کہ تم جو مالِ غنیمت لیتے ہو اُس میں سے پانچواں حصہ خدا اور اس کے رسول اور رشتہ داروں کے لیے ہے[252]"... وہ یتیموں، مسکینوں اور سیّدوں کا مال کھا رہے ہیں اور جاگیردار اور سرمایہ دار بن رہے ہیں، لیکن دین کی کوئی خدمت نہیں کر رہے۔ وہ نہ کوئی اچھی مجلس [خطبہ] کا انعقاد کر سکتے ہیں، نہ کوئی مناظرہ اور نہ ہی دلائل و شواہد کے ساتھ کوئی

کتاب لکھ سکتے ہیں، بلکہ صرف خمس اور زکوٰۃ کی جمع آوری کے لیے زمین تیار کرنے کے لیے اندرونی تفرقہ پھیلاتے ہیں---

پھر بھی یہ خُمس کھانے والے، جو [ذاتی] مال و زر اکٹھا کر رہے ہیں، یہ پروپیگنڈہ کرتے ہیں کہ ذاکرین اور مبلغین فیس لیتے ہیں، وہ خود مفت میں مجالس منعقد کرنے کے لیے تیار ہیں... اُن سے پوچھیں کہ اُن کی جاگیریں اور مال و زر کہاں سے آئے ہیں---؟[254]

29 دسمبر 1975ء کے اُسی پمفلٹ میں محمد اسماعیل نے ایک بار پھر شیخ احمد احسائی کے لیے اپنے احترام کا اظہار کرتے ہوئے اپنے مخالفین کو چیلنج کیا کہ وہ احسائی سے کوئی اقتباس تلاش کریں جو شیعہ اسلام کے بنیادی فرائض کو رَد کرتا ہو[255]۔ اُنہوں نے ”مقصرین“ پر ”دوسروں“ (یعنی بے نام سنی تنظیموں یا ممالک) کے اُجرتی ایجنٹ ہونے کا الزام بھی لگایا، یا اُن کی کوئی ”اپنی قوم سے دشمنی“ کی وضاحت نہیں کی جا سکتی[256]۔ اُن کا یہ یقین کہ ڈھکو اور اُن کے حامی محمد الخالصی کے شاگرد تھے، جو ”عراق میں شیعہ کی تباہی کے لیے کام کرنیوالا ایک غیر ملکی ایجنٹ“ ہے، اِس حقیقت پر مبنی تھا کہ ڈھکو نے اپنی کتاب اصول الشریعہ کے کچھ صفحات پر خالصی کے خیالات کی وضاحت کی تھی[257]۔ ڈھکو نے بعد میں کہا کہ 1950ء کی دہائی میں عراق میں اپنے قیام کے دوران اُن کی ملاقات خالصی سے صرف کاظمین کے کچھ مختصر دوروں کے دوران ہوئی تھی[258] لیکن وہ خالصی کے اصلاحی نظریات سے واضح طور پر متاثر تھے اور اُن کے بہت سے مخالفوں کے خلاف اُن کا دفاع کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے تھے[259]۔ بہر حال، پاکستانی 'علماء' جن کی خالصی کے خلاف قبیح تنقید جو 1980 کی دہائی میں جاری تھی، اُس شخص اور اُس کی تحریروں سے انتہائی سطحی واقفیت پر مبنی تھی[260]، اور اُنہوں نے جان بوجھ کر شیخ احمد احسائی کے برابر ایک عفریت پیدا کر کے شیعیت کے اندر ایک ”فرقہ“ کے بانی کے طور پر اُن کی اہمیت کو بڑھا وا دیا۔ بلکہ یہ شیعہ مقبول مذہبی رسومات اور غلو عقائد کی بہت سی شکلوں پر خالصی کے حملے تھے---جس کی بازگشت ڈھکو کی تحریروں میں ملتی ہے---جس نے پاکستان میں ”مبلغین کی لابی“ کو ناراض کر دیا۔

مجالس کے غلط استعمال پر ڈھکو کے حملے کے علاوہ[261]، اُن کی جانب سے اہل بیت کی ”تخلیق کی خصوصی فطرت“[262]، سلام و آداب کا ضابطہ یا علی مدد کے استعمال سے انکار[263]، اور اذان میں علی ولی اللہ شامل کرنے کا عمل سب سے زیادہ متنازعہ تھا[264]۔ مقبول عقیدہ اور عمل کے ایسے اچھی طرح سے جڑے ہوئے عناصر پر تنقید پر اُن کا اصرار بعد میں ڈھکو کے اُن بہت سے شیعوں کو دُور کر رہا تھا جنہوں نے ذاکروں اور مجالس سے نمٹنے کے طریقے کے بارے میں اُن کی بدگمانیوں کو پوری طرح سے شیئر کیا تھا[265]۔

1976ء کے اوائل تک سب سے زیادہ جنگجو 'علماء' بھی اِس حقیقت سے واقف ہو چکے تھے کہ شیعہ مذہبی اجتماعات کا باہمی جھگڑوں کے میدان میں تبدیل ہونا اُن سب کے لیے نقصان دہ ہے۔ چنانچہ 25 مئی 1976ء کو صفدر حسین نجفی اور شبیہہ الحسنین محمدی دونوں کیمپوں کے سولہ سرکردہ علماء کو جمعیت حسینیہ جھنگ میں اکٹھا کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ تقریر و تحریر میں ایک دوسرے کے خلاف مخالفانہ پروپیگنڈے کو روکنے، مذہبی اختلافات کو علمی اور شائستہ طریقے سے حل کرنے اور شیعہ مفادات سے متعلق معاملات میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے کے معاہدے پر دستخط کیے گئے[266]۔ 12-13 جون کو جامعۃ المنتظر لاہور میں ایک فالو اپ میٹنگ منعقد ہوئی[267]۔ محمد

اسماعیل، جنہوں نے دونوں ملاقاتوں میں شرکت کی تھی اور بظاہر مزید مفاہمت کے لیے تیار تھے[268]، ایک دن بعد ایک سڑک حادثے میں انتقال کر گئے۔

شیخیہ رجحان کو ایک اور دھچکا ڈاکٹر کاظم علی رسا کے ایک کتابچے کی اشاعت کے بعد لگا جس میں گزشتہ برسوں کے دوران اُن کو لکھے گئے بعض 'علماء' کے نقلی خطوط دوبارہ پیش کیے گئے۔ یہ بات خاص طور پر محمد بشیر انصاری کے حوالے سے آشکار تھی، جنہوں نے کبھی بھی شیخیہ عقائد کی طرف اپنے مضبوط رجحان کا کھلے عام اعتراف نہیں کیا تھا[269]۔ اب یہ بات دوسری چیزوں کے ساتھ بے نقاب ہوگئی کہ وہ پاکستان کے اکثر شیعہ علما کو" شیخ احمد احسائی کی تحریروں کے گہرے احساس کو سمجھنے سے قاصر تھے" اور اُنہوں نے ڈاکٹر رسا کو" دشمن اہل بیت" محمد صدیق کے خلاف مقدمہ میں ہر قسم کی مدد کی پیشکش کی تھی[270]۔ اور اگرچہ وہ جھنگ میں" امن معاہدے" پر دستخط کرنے والوں میں سے ایک تھے، اِس کے فوراً بعد انہوں نے لکھا:

عقائد میں قطعاً کوئی سمجھوتہ (صُلح) نہیں ہو سکتا۔ مُحقِّق مُحقِّق رہتا ہے اور مُقصِّر مُقصِّر رہتا ہے۔ شیعہ اجلاسوں میں صرف چند قراردادوں پر اتفاق ہوتا ہے، اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ قرآن میں اہل کتاب کے ساتھ مشترکہ فائدے کے لیے امن معاہدوں (صلح) کے جواز کے ثبوت مل سکتے ہیں، لیکن عقائد الگ الگ رہتے ہیں۔۔۔ کسی بھی طرح سے مُقصِّر لعنت سے نہیں بچ سکتا۔ جھنگ معاہدے سے کوئی ناجائز فائدہ نہیں اُٹھایا جائے گا، ورنہ مُقصّرین کو بے نقاب کرنے کا دروازہ دوبارہ کھل جائے گا۔[271]

انصاری، جو 1975ء-76ء میں اپنے بہت سے ساتھیوں کے ساتھ شیعہ دینیات سلیبس میں اپنا حصہ ڈالنے کی غلطیوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کر رہے تھے[272]، اِس کے باوجود اپنے شیخیہ جھکاؤ کو ذہن سے محو کرنے کی کوشش کر رہے تھے، اور یہ دعویٰ کر رہے تھے کہ شیخیہ عقائد کا گہرائی سے مطالعہ کرنے کیلئے اُن کے پاس کوئی کتاب دستیاب نہیں ہے[273]۔ جنوری 1977 میں اُنہوں نے ایک عوامی اعلان میں اپنی غلطی کا باضابطہ طور پر اعتراف کیا لیکن شیخیہ عقائد کے اپنے نئے پائے جانے والے رد کو" خالصیت" کے مساوی پختہ رد کے ساتھ جوڑے بغیر نہیں[274]۔ اسی طرح، مرزا یوسف حسین، جو ڈاکٹر رسا کی کتاب میں انصاری اور اپنے خطوط کے ذریعے بے نقاب ہوئے تھے، نے دعویٰ کیا کہ ڈاکٹر رسا کے ساتھ اُن کی خط وکتابت شیخیہ تنازع سے پہلے ہوئی تھی اور انہوں نے شیخیہ اور" خالصیت" دونوں سے انکار کا اعلان کیا تھا[275]۔

1977ء کے اوائل تک پاکستانی شیعہ مذہبی حلقوں میں شیخیہ سوال ایک بڑا مسئلہ بن کر رہ گیا تھا، حالانکہ کویت سے مالی مدد سے مستفید ہونے والوں کی ایک بڑی تعداد نے شیخیہ لٹریچر کی اشاعت اور شیخی عقائد کا پرچار جاری رکھا[276]۔ تاہم، 'علماء' کے حریف کیمپوں کے درمیان حقیقی مفاہمت کبھی نہیں ہوئی، اور" جماعتیں" اور" گروہ" جو کہ ڈھکو کی تحریروں کے جواب میں اُبھرے تھے، 1978ء-79ء کے ایرانی انقلاب کے بعد بننے والی نئی شیعہ تنظیموں میں زندہ رہے[277]۔ ڈھکو خود 1984ء تک[278] شیعہ گروہی اُمور میں کافی سرگرم تھے لیکن بعد

میں انہوں نے اپنی کتاب اصلاح الرّسوم سے بہت سے سابق حامیوں کو الگ کر دیا[279]۔ذاکروں اور دیگر پیشہ ور مبلغین کی حیثیت متنازع رہی ،لیکن انہوں نے شیعہ عوام کی اکثریت میں اپنی مقبولیت میں کبھی کمی نہیں ہونے دی [280]۔اسی طرح ،اہل بیت کے بارے میں مؤخر الذکر کے زیادہ تر مقبول مذہبی اطوار اور روایتی عقائد اب تک سنجیدگی سے نہیں ٹوٹے ہیں ۔

فرقہ وارانہ مسئلے کی دوبارہ اُٹھان

1963ء کے فرقہ وارانہ فسادات سے سبق حاصل کرتے ہوئے [281]، حکومت اور انتظامیہ ایوب خان کے دَور کے بقیہ سالوں میں کسی بھی بڑے فرقہ وارانہ تصادم کو ہونے سے روکنے میں کامیاب رہی۔ بظاہر شیعوں کو اپنی مذہبی تقریبات اور جلوسوں کے لیے کئی گنا پابندیوں کی صورت میں سیکورٹی کے اُس دور کے لیے سنیوں سے زیادہ قیمت ادا کرنی پڑی، جس میں ضلعی حکام کی جانب سے جاری کردہ متعدد مبلغین کے لیے لائسنسوں کی منسوخی یا تجدید نہ کرنا اور" داخلے پر پابندی" شامل ہے [282]۔ لیکن جب کہ عزاداری کی غیر محدود آزادی اور تحفظ کا مطالبہ "تحریک مطالبات" کے تین اہم مسائل میں سے ایک تھا، اِس میں کوئی شک نہیں کہ تمام پابندیوں کے باوجود پاکستان میں عزاداری کے جلوس عروج پر تھے۔ اِس کی تصدیق، مثال کے طور پر، حتی کہ پُرجوش شیعہ مبلغ اعظم ("عظیم مبلغ")، مولانا محمد اسماعیل کی جانب سے، اپنے ہی فرقے کے حریفوں کے خلاف اپنے ایک مناظرے میں کی گئی [283]۔

نومبر 1968ء میں شیعہ" تین مطالبات" کی منظوری کے بعد، شیعہ 'علماء' پر سے زیادہ تر پابندیاں ہٹادی گئیں، اور 'عزاداری' کے لیے متعدد نئے لائسنس جاری کیے گئے [284]۔ یہ سازگار صورت حال کچھ سالوں تک جاری رہنے والی تھی لیکن مقامی سنی تنظیموں کے ذمہ داران اور کارکنان نے بتدریج کئی مقام پر عزاداری کے لیے نئی رکاوٹیں کھڑی کر دیں۔

محرم 1389ھ (20 مارچ تا 18 اپریل 1969ء) کے دوران فرقہ وارانہ تشدد کا واحد سنگین واقعہ جھنگ میں پیش آیا۔ شہر کے مرکزی تجارتی دَور کے کھیوا گیٹ پر نامعلوم سنیوں کی طرف سے "عمر گیٹ" کی تحریر سے کشیدگی کو ہوا دی گئی، جو تمام شیعہ جلوسوں کے لیے ایک روایتی گزرگاہ تھا۔ جب 1947ء سے شیعہ مہاجروں کے زیرا ہتمام منعقد ہونے والا ایک جلوس 7 محرم (27 مارچ) کو دروازے سے گزرا تو اُس کے شرکاء نے مبینہ طور پر خلیفہ عمر پر لعنت بھیجی اور سنی تماشائیوں نے ان پر پتھروں، تیزاب اور ہتھیاروں سے حملہ کیا۔ پولیس نے فائرنگ کی اور ایک سنی مولوی سمیت سات افراد مارے گئے [285]۔ متعدد سنی اور شیعہ گرفتار کیے گئے، لیکن ڈویژنل کمشنر اور ڈی آئی جی کو جنوری 1970ء تک کا وقت لگا۔ سرگودھا ڈویژن کی پولیس اس سال محرم کی تیاریوں کے سلسلے میں صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے آئے۔ جبکہ مقامی سنیوں کے ترجمانوں نے متنازعہ تحریر کو ہٹانے سے انکار کر دیا [286]، شیعہ کسی بھی صورت میں جھنگ میں عزاداری کے جلوسوں کا روٹ تبدیل کرنے کے لیے تیار نہیں تھے۔ کمشنر کے پاس شیعہ وفد کی قیادت کرنے والے مشتاق حسین نقوی نے اِستدلال کیا کہ اگر" شرپسند عناصر" کو حسب سابق حالت کی تبدیلی سے نوازا گیا تو وہ بہت سی دوسری جگہوں پر بھی تناؤ پیدا کریں گے، اور پولیس کو جلد ہی بہت سے مزید مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا [287]۔ مشتاق حسین نے لاہور کی سبقت کی بھی یاد دلائی جہاں 1963ء کے فسادات کے بعد سخت سنی مطالبات کے باوجود جلوسوں کے روٹس کو تبدیل نہیں کیا گیا تھا۔

محرم 1390ھ (9 مارچ تا 7 اپریل 1970ء) بغیر کسی بڑے واقعے کے گزر گیا۔ اس سال کے دوران واحد قابل ذکر فتنے کا مقام ڈیرہ غازی خان تھا، جہاں مقامی شیعوں نے ضلعی انتظامیہ کے متعصبانہ رویے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے عاشورہ کے جلوسوں کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا۔ مؤخر الذکر نے مرکزی جلوس کے راستے پر واقع سنی مسجدِ اعوان میں میٹنگز کی اجازت دی تھی جہاں سے 8 محرم کو

پولیس اہلکاروں کے بالکل سامنے لاؤڈ سپیکر پر شیعوں کے خلاف تقاریر کی گئی تھیں[288]۔ پھر شیعوں نے اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنے کا فیصلہ کیا، چہلم تک اپنی امام بارگاہوں کے سامنے روزانہ ماتم داری؛ آخر کار انہوں نے 17 مئی کو نئے روٹ کے بارے میں مارشل لاء کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے منسوخ شدہ عاشورہ کا جلوس نکالا[289]۔ تاہم، 1970ء میں بنیادی ”فرقہ وارانہ“ مسئلہ' عزاداری' نہیں تھا بلکہ بعض سنی مذہبی جماعتوں کی انتخابی مہم تھی، جس سے شیعوں میں تشویش پائی جاتی تھی۔ دسمبر 1970ء کے انتخابات میں اُن جماعتوں کی زبردست شکست کے بعد فرقہ وارانہ مسئلہ اُتنا ہی قابو میں نظر آیا جتنا ایوب خان کی حکومت کے پہلے سالوں میں تھا[290]۔

1971ء میں کراچی میں 10 محرم (8 مارچ) کو جھڑپیں ہوئیں[291] لیکن بظاہر کوئی اور بڑے واقعات نہیں ہوئے[292]۔ اُس سال کے مشرقی پاکستان کے بحران اور اُس کے نتیجے میں انڈیا کے ساتھ جنگ نے فرقہ وارانہ تنازعات کو پرسکون کرنے میں مزید کردار ادا کیا۔ منتخب مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے قیام کے ساتھ اور مشرقی پاکستان کے نقصان کے بعد حالات کچھ معمول پر رہے اِس کے بعد شیعہ سنی سوال آہستہ آہستہ دوبارہ سر اُٹھانے لگا۔

محرم 1392ھ (16 فروری تا 16 مارچ 1972ء) کے دوران ڈیرہ غازی خان میں اُسی مسجد اعوان کے گرد جھڑپیں ہوئیں جو 1970ء میں پہلے ہی بدامنی کا باعث بنی تھیں۔ اس بار 8 محرم کو اِس مسجد کے قریب سے گزرنے والے جلوس پر پتھراؤ کیا گیا مگر کوئی خاطر خواہ اقدامات نہ کیے گئے۔ ڈی سی صرف مقامی سنیوں سے یہ وعدہ کرنے کے لیے موقع پر آئے کہ اگلے سال جلوس کا رُوٹ تبدیل کر دیا جائے گا۔ عاشورہ (26 فروری) کو پولیس کے ناکافی دستے کی وجہ سے اُسی جگہ پر دوبارہ شیعوں پر حملہ کیا گیا[293]۔ اگلے مہینے میں TAS نے ملتان میں خلفائے راشدین پر ایک کانفرنس کا انعقاد کیا، جس میں عوامی عزاداری کے جلوسوں پر پابندی کے اپنے قدیمی مطالبے کو زندہ کیا۔ کانفرنس میں جے یو آئی کے رہنما اور بعد میں صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ مفتی محمود نے بھی شرکت کی[294]۔

اپریل کے اوائل میں جب SMC کے رہنماؤں نے ڈیرہ غازی خان اور آس پاس کے اضلاع کا دورہ کیا تو قصبے میں شیعہ سنی مفاہمت نے پہلے ہی کچھ پیش رفت کر لی تھی[295]۔ لیکن شیعہ ہمیشہ کی طرح اِس بات پر ڈٹے رہے کہ پاکستان کے کسی بھی قصبے یا گاؤں میں عزاداری کی موجودہ صورتحال میں تبدیلی کو جوان کیلئے نقصان دہ ہو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ جلوس کے نئے لائسنس۔ جو طویل مشکلات کے بعد حاصل ہوتے تھے، اُن کا اُسی جوش و جذبے سے دفاع کیا گیا۔ ایک مثال 1973ء میں ملتان کے مضافاتی علاقے ممتاز آباد میں دی گئی تھی، جہاں فرقہ وارانہ تصادم کے خطرے کے بارے میں بہت زیادہ اطلاعات ملنے پر ڈی سی نے نیا جاری کردہ لائسنس واپس لے لیا تھا۔ جب ایک مقامی جج نے لائسنس کو برقرار رکھنے کا حکم نامہ جاری کیا تو انتظامیہ اُس پر عمل درآمد کرنے کو تیار نہیں تھی اور 9 محرم (13 فروری) کو جلوس کو روکنے کے لیے پولیس تعینات کر دی۔ اُس دن ملتان کے تمام علاقوں سے تقریباً 10 ہزار شیعہ پابندی کا مقابلہ کرنے کے لیے ممتاز آباد میں جمع ہوئے، جس کی دوبارہ قیادت لڑاکو مشتاق حسین کر رہے تھے[296]۔

مئی 1973ء میں سکھوں کی سابقہ بستی گوبند گڑھ (ضلع شیخوپورہ) میں شیعہ مہاجروں کے علاقے کو مسلح مقامی لوگوں نے گھیر لیا اور حملہ کر دیا۔ کافی عرصے سے مقامی سنی مولویوں کی طرف سے تصادم کے لیے بنیادیں تیار کی جا رہی تھیں، لیکن حکام نے کوئی ردّ عمل ظاہر نہیں کیا تھا[297]۔ 1970ء سے پاراچنار میں بار بار جھڑپیں بھی ہوئیں[298]۔ 1971ء کے بعد سے کُرم ملیشیا جو 1892ء میں قائم ہوئی اور جس

میں مقامی لوگ بھرتی کیئے گئے، کے کچھ حصوں کو پاکستان کے دیگر علاقوں میں تعینات کرنے کے بعد وہاں کی صورتحال شیعوں کے لیے بدتر ہوگئی۔ اِس کے بعد ایجنسی (سنی) افغان لشکروں کے گاہے بگاہے حملوں کی زَد میں گئی[299]۔ ایک سنی" قبائلی فوج" بھی 1974ء کے اوائل میں TAS کے شمالی علاقہ جات کے لیڈر کی گرفتاری کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے گلگت کے قریب جمع ہوئی اور کچھ شیعہ دیہاتوں پر حملہ کیا، جو 1980ء کی دہائی میں اُس جگہ پر آنے والے زیادہ نقصان کا پیش خیمہ ثابت ہوا[300]۔

کچھ مصنفین نے یہ دلیل دی ہے کہ بھٹو، اپنے جانشین ضیاء الحق کی بجائے، وہ پہلے حکمران تھے جنہوں نے پاکستان میں مذہبی جنون کو نمایاں مراعات دیں۔ اگرچہ بھٹو ہمیشہ اسلامی اصولوں کی پاسداری میں سستی کا مظاہرہ کرتے تھے، انہوں نے سیاسی مقاصد کے لیے اسلامی بیان بازی کا وسیع استعمال کیا[301]۔ پس اُن کا" سامراج مخالف" پروپیگنڈہ جو اسلامی طرز کلام میں ڈھل گیا تھا، اُنہوں نے کچھ مذہبی جماعتوں کے ساتھ مشترکہ بنیاد تلاش کی، خاص طور پر جے یو آئی کے اکثریتی دھڑے جس کی قیادت مفتی محمود اور غلام غوث ہزاروی کر رہے تھے[302]۔ چاہے بھٹو کی انتخابی مہم سے مدد ملی ہو یا اپنے طور پر، JUI نے 1970ء کے صوبائی انتخابات میں اتنی نشتیں حاصل کیں کہ وہ صوبہ سرحد (خیبر پختونخوا) اور بلوچستان میں پشتون قوم پرست نیشنل' عوامی پارٹی' (NAP) کے ساتھ مخلوط حکومتیں تشکیل دے سکے۔ اُنہوں نے مئی 1972ء میں پی پی پی، جے یو آئی اور این اے پی کے درمیان سہ فریقی مذاکرات اور موخرالذکر دو جماعتوں کی جانب سے قومی سطح پر بھٹو کے ایجنڈے کی حمایت کرنے کے عوض کے بعد منصب سنبھالا[303]۔ مفتی محمود کی سربراہی میں صوبہ سرحد کی حکومت نے نہ صرف شیعہ دینیات کے نفاذ کو روکا بلکہ صوبے میں اسلامی قوانین متعارف کرانے کی بھی کوشش کی، جو کہ صرف حنفی فقہ پر مبنی ہوں گے[304][305]۔ منصوبہ بہت دُور تک نہ پہنچ سکا کیونکہ مفتی محمود نے فروری 1973ء میں بلوچستان میں صدارتی راج کے نفاذ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے استعفیٰ دے دیا[306] لیکن یہ اِس بات کی یاد دہانی تھی کہ بھٹو کو اقلیتوں کی قسمت کے بارے کتنی فکر تھی، جب تک سیاسی مصلحت کی خدمت کی جاتی رہی۔

بھٹو کے اِس رویے کی سب سے واضح مثال 1974ء میں دی گئی، جب اُنہوں نے احمدی فرقے کے خلاف ایک تحریک کے سامنے جلدی سے ہتھیار ڈال دیے، حالانکہ احمدیوں نے اُن کی اپنی انتخابی مہم میں اہم کردار ادا کیا تھا[307]۔ ستمبر 1974ء میں احمدیوں کی "تکفیر" اگرچہ شیعہ مذہبی حلقوں کی مکمل حمایت سے ہوئی تھی- یہ سب سے پہلی جگہ پر سنی مذہبی جماعتوں کی نئی طاقت کا اشارہ تھا۔ اُس وقت بہت سے احمدیوں نے بھی شیعہ مذہب اختیار کر لیا[308] اور حتیٰ' کہ یہ افواہیں بھی تھیں کہ سابقہ احمدی فرقہ وارانہ کشیدگی کو ہوا دینے کے لیے شیعہ اور سنی تنظیموں میں گھسنے کی کوشش کریں گے۔ اِس طرح کے تناؤ میں 1974ء کے اواخر سے اضافہ ہوا، لیکن اِس کی بنیادی وجہ بھٹو کی حکومت کی کمزور ہوتی ہوئی طاقت اور دینیات کے نصاب کے حوالے سے شیعوں کو دی جانے والی مراعات ہیں[310]۔

15 دسمبر 1974ء کو، SMC کونسل کے اجلاس کی ایک قرارداد نے حکومت کو نومبر 1968ء کے 'عزاداری' کے حوالے سے کیے گئے وعدوں کی یاد دہانی کرائی، جس میں شکایت کی گئی کہ اِس دوران حکام کی جانب سے جلوس کے نئے لائسنسوں کے لیے زیادہ تر درخواستیں مسترد کر دی گئیں[311]۔ کچھ ہفتوں بعد، محرم 1395ھ (14 جنوری-12 فروری 1975ء) کی تقریبات نے کراچی، گلگت، لاہور، چکوال اور پنجاب کے کچھ دوسرے مقامات پر فرقہ وارانہ تصادم کو جنم دیا[312]۔ لاہور کے قریب گاؤں بابو صابو میں بھی بند دروازوں کے پیچھے منعقد ہونے والی شیعہ مجلس پر حملہ کیا گیا جس میں تین افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے[313]۔ اُس سال چہلم (5 مارچ) کو کچھ واقعات

پیش آئے [314]۔ وفاقی وزیر مذہبی اُمور کوثر نیازی نے پنجاب میں مختلف واقعات کی جوڈیشل انکوائری کا وعدہ کیا لیکن بعد میں وہ پیچھے ہٹ گئے۔ اِس کے بجائے، لاہور اور کراچی میں "ہم آہنگی" کے معمول کے اصول کو لاگو کرنے کے لیے صرف "مفاہمتی کمیٹیاں" قائم کی گئیں، بہت سے شیعوں کے مطابق جس کا مطلب "جارح اور مجروح کو ایک ہی بنیاد پر کھڑا کرنا" تھا[315]۔ 18 مارچ کو لاہور کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ بند دروازوں کے پیچھے مجالس پر کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا، لیکن اس طرح کی مجالس کے دوران لاؤڈ سپیکر کے ذریعے "تضحیک آمیز" (دل آزار) تقاریر پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اِس کا اطلاق لائسنس یافتہ عوامی جلوسوں پر ہوگا۔ جہاں کہیں بھی اب تک کوئی سرکاری لائسنس حاصل نہیں کیا گیا وہاں مقامی شیعہ اور سنی کے باہمی اتفاق کے بعد جلوس نکالے جا سکتے ہیں[316]۔

حکومت کی طرف سے بنائی گئی علماء کی سب سے بڑی "اتحاد کمیٹی" کا پہلا اجلاس 30 اپریل کو کراچی میں ہوا۔ ایک ذیلی کمیٹی جس میں سنی مولانا احتشام الحق تھانوی، عبد الغفار سلفی، سعادت علی قادری اور شیعہ مبلغ سید نصیر الاجتہادی شامل تھے کو ایک "ضابطہ اخلاق" تیار کرنے کے لیے مقرر کیا گیا[317]۔ مؤخر الذکر کو کوثر نیازی کی زیر صدارت 15 مئی 1975ء کو کراچی میں "اتحاد کمیٹی" کے ایک اور اجلاس کے دوران منظور کیا گیا[318]۔ اِس میں فرقہ واریت کی آفت کو روکنے کے لیے درج ذیل 12 تجاویز دی گئیں۔

1) حکومت کو اُن عناصر پر کڑی نظر رکھنی چاہیے جو بُنیادی طور پر نظریہ پاکستان کے مخالف ہیں اور فرقہ وارانہ فسادات کو ہوا دے کر قومی یکجہتی اور سالمیت کو تباہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں... اُنہیں ریاست کا دشمن تصور کیا جائے۔۔۔

2) کمیٹی کو اُن سرکاری ملازمین پر کڑی نظر رکھنی چاہیے جو اپنے ہی فرقے کے ارکان کو ناجائز فائدہ پہنچانے کے لیے اپنے سرکاری عہدے کا غلط استعمال کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔۔۔

3) ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر مذہبی پروگراموں پر نظر رکھنے کے لیے ''علماء'' کی ایک خصوصی کمیٹی قائم کی جائے ۔۔۔ تاکہ کسی مسلمان فرقے کے مذہبی جذبات کو ٹھیس نہ پہنچے۔۔۔

کوئٹہ واقعے کے صرف گیارہ دن بعد، موسوی - وہ کمیشن جس کا جونیجو معاہدے میں وعدہ کیا گیا تھا درست طریقے سے تشکیل دیا گیا[272]، لیکن حکومت کی طرف سے حسینی سے اپیل کی گئی کہ وہ بھی اِس کے لیے اپنے نمائندے نامزد کریں، لیکن اُنہوں نے اِس کا کوئی جواب نہ دیا[273]۔ کمیشن کو (حنفی) سنی تفسیر کے مطابق قوانین کی اسلامائزیشن کو تیز کرنے کے ایک نئے اقدام کی وجہ سے بھی رکاوٹ پیدا ہوئی: 13 جولائی 1985ء کو سینیٹرز قاضی عبد اللطیف اور مولانا سمیع الحق (دونوں جے یو آئی سے) نے ایک تجویز پیش کی جسے" نفاذِ شریعت ایکٹ" کہا جاتا ہے جو کہ اگلے تین سالوں تک بہت زیادہ تنازعات کا موضوع بنتا تھا۔ جیسا کہ یہ معلوم ہوا یہ" پرائیویٹ شریعت بل"، دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ بشرطیکہ" ملک کی تمام عدالتیں شریعت کے مطابق ہر قسم کے مقدمات بشمول مالی کا فیصلہ کرنے کی پابند ہوں گی"، جس کی تعریف اِس طرح کی گئی" قرآن وسنت اور علماء کا اِجماع"[274]۔ اِسے نہ صرف TNFJ کے (دونوں گروہوں) نے مسترد کیا بلکہ اکثر بریلویوں اور اہل حدیث کے پیروکاروں نے بھی اسلامی دائرہ اختیار کے دیوبندی ورژن کو نافذ کرنے کی کوشش کے طور پر مسترد کر دیا[275]۔ شریعت بل پر ایک بڑا شیعہ اعتراض - جس میں ایک متبادل ورژن بھی شامل ہے، جو جنوری 1986ء میں وزارت قانون کی طرف سے تجویز کیا گیا تھا - وہ یہ تھا کہ اِس میں ایک طرف اجماع اور قیاس اور دوسری طرف قرآن وسنت کو برابر وزن دیا گیا تھا[276]۔

1986ء کے اوائل میں جب ایران کے صدر سید علی خامنہ ای نے پاکستان کا سرکاری دورہ کیا تو ضیاء الحق نے حسینی سے کہا کہ وہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر خامنہ ای کے استقبال کے لیے اُن کے ساتھ شامل ہوں، لیکن اُنہوں نے صاف انکار کر دیا[277]۔ جبکہ خامنہ ای کو اسلام آباد اور لاہور (13-15 جنوری) میں کسی غیر ملکی معزز کے استقبال کے لیے اب تک کے سب سے بڑے ہجوم نے تحسین و مرحبا کے نعرے لگائے، ضیاء نے صبر کے ساتھ اپنے خلاف اور اپنے اتحادی امریکہ اور سعودیہ کے خلاف شیعہ عوام کے نعروں کو سنا[278]۔ اس مرحلے پر، حسینی اور اُن کے پیروکار واضح طور پر اپنے ایرانی سرپرستوں کی نظروں میں بھی اپنے" سامراج مخالف" جوش کو حد سے زیادہ بڑھا رہے تھے، جو پاکستان کے ساتھ اچھے تعلقات برقرار رکھنے کے خواہشمند تھے[279]۔ اِس کے باوجود حکومت نے تین ماہ بعد کوئٹہ میں تمام شیعہ قیدیوں کو رہا کر کے TNFJ(H) خیر سگالی اور مفاہمت کا پیغام دیا[280]۔ دوسری طرف، عسکریت پسند سنی انتہا پسندی کے تیزی سے بڑھنے سے شیعوں پر دباؤ میں اضافہ ہوا، جس کی وجہ سے ستمبر 1986ء میں فرقہ وارانہ تشدد کی نئی لہر شروع ہوئی[281]۔ حسینی، ہمیشہ کی طرح، سارا الزام

ضیاء الحق کی حکومت اور" سامراجی سازشوں" پر ڈالتے ہوئے، جہاں بھی ممکن ہو سنی 'علماء' کے ساتھ مشترکہ بنیاد تلاش کرنے کی کوشش کرتے رہے [282]۔ اِس نقطۂ نظر کو اسلام آباد معاہدے (6 جولائی 1987ء) کی ساتویں سالگرہ کے موقع پر لاہور میں" قرآن وسنت کانفرنس" کے ساتھ منطقی انجام تک پہنچایا گیا۔ 1980ء کے بعد سے TNFJ کے اِس سب سے بڑے کنونشن کا منصوبہ اِسے ایک مکمل سیاسی جماعت میں تبدیل کرنے اور اِس کے" گروہی" تشخص پر قابو پانے کے دوہرے مقصد کے ساتھ بنایا گیا تھا۔ خود کو اسلامائزیشن کی لہر کے خلاف کھڑا کرنے کی بجائے، جو پاکستان میں فطری طور پر سنی اکثریت کے عقائد کی عکاسی کرتی ہے، حسینی چاہتے تھے کہ TNFJ "حقیقی اسلامائزیشن" میں قیادت کرے، جیسا کہ وہ اِسے سمجھتے تھے۔ جولائی 1986ء سے ملک گیر کنونشن کے منصوبے بنائے گئے تھے اور مارچ 1987ء میں اِسے" قرآن وسنت کانفرنس" کا نام دینے کا فیصلہ کیا گیا [283]۔ 23 اپریل کو ایک منشور تیار کرنے کے لیے ایک کمیشن تشکیل دیا گیا، جسے لاہور میں TNFJ کے" آئین" (منشور) کے طور پر اپنایا گیا [284]۔ اِس نے پاکستان کے انتظامی ڈھانچے، مقننہ، عدلیہ، معاشیات، خارجہ پالیسی اور تعلیمی نظام کی اسلامائزیشن کے لیے تجاویز پیش کیں، یہاں تک کہ" شیعہ" اور" سنی" کی اصطلاحات استعمال کیے بغیر [285]۔ کنونشن کا انعقاد لاہور کے پرانے شہر موچی گیٹ کے قریب تجویز کیا گیا تھا، لیکن یہ واضح ہونے کے بعد کہ ایک لاکھ سے زائد شیعہ شرکت کریں گے، تو کنونشن کو مینارِ پاکستان میں تبدیل کر دیا گیا۔ اُس اجتماع سے اپنی تقریر میں، جس نے ایک شیعہ رہنما کے طور پر اُن کے کیریئر کے عروج کو نشان زد کیا، حسینی نے سنی سامعین کو بھی خوش کرنے کی پوری کوشش کی، (اقتباسات):

اے قرآن و سنت کے قابل فخر فرزندو! قرآن و سنت کے نام پر جمع ہو کر آپ نے ہمارے مخالفین کے الزامات کی تردید کر دی اور ثابت کر دیا کہ آپ کبھی بھی قرآن و سنت کا انکار نہیں کرتے [286]۔--- سابقہ ہندوستان میں آپ نے قیام پاکستان اور اِس ملک میں اسلام کے نفاذ کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں... دوسرا مقصد ابھی تک ادھورا ہے... ہماری موجودہ حکومت... جانتی تھی کہ پاکستان کے عوام سچے مسلمان ہیں اور اسلام سے محبت کرتے ہیں۔ اِس لیے اُس نے ہمارے جذبات سے کھیلنے کی کوشش کی ہے اور اپنے مفاد کے لیے اسلامی نظام کا نعرہ لگایا ہے۔ ہم نے پہلے دن سے واضح کر دیا ہے کہ مارشل لاء حکومت یقیناً نفاذ اسلام میں مُخلص نہیں ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے کچھ مسلمان بھائیوں نے اِس کے وعدوں پر یقین کیا اور اِس کی حمایت کی لیکن 10 سال گزرنے کے بعد وہ بھی حکومت کو غدار قرار دیتے ہیں۔ ہم نے اپنے حقوق کی جدوجہد اُس وقت تک جاری رکھی جب تک حکومت نے یہ تسلیم نہیں کیا کہ وہ اسلام کے نفاذ میں ناکام رہی ہے ... اب جبکہ حکومت نے اپنی ناکامی کا اعتراف کر لیا ہے تو کیا ہمیں اپنے مطالبات سے دستبردار ہونا چاہیے؟ کبھی نہیں! ... اب ہماری ذمہ داری بڑھ گئی ہے۔ اب جبکہ حکومت نفاذِ اسلام کی راہ سے بھاگ گئی ہے، ہم تمام مسلمانوں کے نام پر اسلام کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ایک اسلامی نظام جہاں تمام فرقے آزادی سے رہ سکیں... ہم مسلمانوں کے اتحاد کا جھنڈا اُٹھائے میدان میں اُتر رہے ہیں اور اسلامی

نظام کے نفاذ کے مطالبے کے ساتھ عالمی سامراج کے خلاف اعلانِ جنگ کر رہے ہیں...

ہم نے اِس مسئلے کا مطالعہ کیا ہے اور اِس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ہم اپنے طور پر جتنی بھی کوشش کریں گے، ہم نظام کو بدلنے میں کامیاب نہیں ہوں گے ... ہماری سپریم کونسل اور مرکزی کونسل نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم اِس ملک کے مسلمانوں کے لیے ایک اسلامی نظام تجویز کریں گے۔ اور پھر تمام مسلمان مِل کر اپنے مشترکہ مقصد کے لیے جدوجہد کریں گے۔۔۔

آپ کا مذہب اسِلام بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ ہمیں غیر مسلم بھائی چارے کا درس دینا چاہیے لیکن بدقسمتی سے مسلمان دوسروں کے اُکسانے پر ایک دوسرے کے دشمن بن گئے ہیں۔ خدا کی قسم اگر آج مسلمان متحد ہوتے تو کشمیر اور فلسطین آزاد ہوتے؛ افغانستان میں اسلامی حکومت ہوتی اور ہندوستان میں مسلمانوں کا قتلِ عام نہ ہوتا۔ اسلامی ایران سامراج کی طرف سے اُکسائی گئی جنگ کی گرفت میں نہ آتا۔ ترکی اور انڈونیشیا میں اسلامی تعلیمات ممنوع نہ ہوتیں۔ مصر، تیونس اور دیگر اسلامی ممالک میں مسلمانوں کو تکلیف نہ پہنچتی۔۔۔[287]

جبکہ اِس میں شک کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ حسینی اپنے دعویٰ کردہ مقاصد میں مخلص تھے،لیکن شیعہ عوام سے کنونشن میں شرکت کی اپیلیں مکمل طور پر"غیر گروہی" نہیں تھیں۔ اِس طرح کچھ ہفتے قبل تقسیم کیے گئے TNFJ(H) کے ایک پمفلٹ میں لکھا گیا تھا(اقتباسات):

کیا یہ سچ نہیں ہے کہ ۔۔۔ پورے پاکستان میں شیعوں کے خلاف شدید زہریلا پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے... مختلف علاقوں اور قصبوں میں کچھ سالوں سے محرم کے دوران شیعہ ظلم اور جارحیت کا نشانہ بنے ہوئے ہیں اور یہ جارحیت گزشتہ سال لاہور میں اپنی اِنتہا کو پہنچ چکی ہے؟ اور بہت سے دوسرے شعبوں ... کہ حکومتی اہلکار اِن واقعات میں ملوّث ہیں، اور یہ کہ حکام شیعوں کی جان و مال، عزت اور مذہب کی حفاظت کرنے سے قاصر ہیں۔... کہ فوجی حکمران شریعت بل کے ذریعے اپنی طاقت کا دعویٰ کرنا چاہتے ہیں اور ایک محدود مذہبی جماعت کا نظریہ پورے پاکستان کے عوام پر نافذ کرنا چاہتے ہیں؟ ایسی صورت حال میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ خاموش رہیں یا اپنے حقوق اور اپنے عقیدے کے دفاع کے لیے جدوجہد کریں؟

ہم جانتے ہیں کہ ... جب تک پاکستان میں موجودہ نظام رائج ہے ... جب تک عوام کی اپنی نمائندہ حکومت نہیں ہے ... جب تک امریکہ پاکستان میں مداخلت کرتا ہے ... جب تک ہمارے پاس نجدی مفادات کی نمائندگی کرنے والا حکمران موجود ہے ... عوام اِسی طرح محروم رہیں گے جیسے اب، جنون بڑھتا رہے گا اور تقسیم کرو اور حکومت کرو کا طریقہ غالب رہے گا۔ اِس ملک میں

نظریۂ پاکستان کے مطابق اور صحیح معنوں میں قرآن و سنت کی پیروی کا نظام رائج ہونا ضروری ہے...شیعوں کو محدود مطالبات سے اُوپر اٹھنا ہو گا کیونکہ یہ واضح ہو چکا ہے کہ موجودہ حکومت ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کرے گی۔ اور جب تک یہ نظام قائم رہے گا شیعوں اور دیگر عوام کی محرومیوں میں اضافہ ہوتا رہے گا۔۔۔[288]

شیعہ مطالبات کی بجائے اسلام پسند نظریہ پر زور دینے نے زیادہ اعتدال پسند سنی مذہبی تنظیموں کے ساتھ پل بنانے میں مدد کی، لیکن اِس کا مطلب TNFJ کی حمایت کی بنیاد کو کم کرنا بھی تھا۔ جبکہ TNFJ کے ایک ”سیاسی جماعت“ کے طور پر نئے اعلان کردہ کردار کو نومبر 1988ء کے انتخابات[289] سے پہلے آزمایا نہیں جا سکتا تھا1988ء، لیکن عوام کے ساتھ اِس کی کشش کا انحصار بڑی حد تک اسلامی جمہوریہ ایران کی ایک بہادرانہ تصویر پر تھا، جسے ”عالمی سامراج“ اور اُس کے علاقائی ”آلۂ کاروں“ کے حملے کا تنہا سامنا کرنا پڑا۔ اِس طرح ایران عراق جنگ کے آخری سالوں کے دوران، ہزاروں پاکستانی شیعوں نے رضاکارانہ طور پر ایران کے جنگی محاذوں پر خدمات انجام دیں[290]۔ ضیاء الحق کی حکومت کے خلاف تحریک نے TNFJ(H) کو مقبول بنانے میں بھی مدد کی، ضیاء الحق کی حکومت کے خلاف تحریک نے TNFJ(H) کو مقبول بنانے میں بھی مدد کی، خاص طور پر نوجوان شیعہ دانشوروں میں لیکن مؤخر الذکر درحقیقت آئی ایس او کی طرف زیادہ متوجہ تھے، جس نے TNFJ(H) کے لیے زیادہ تر تنظیمی بنیادوں کا کام کیا۔ تاہم، عوامیت پسند احتجاج کے دُھواں دھار پردے کے پیچھے، 1980ء کی دہائی کی سب سے بڑی شیعہ گروہی تنظیم، سابقہ دہائیوں کے اپنے پیشروؤں کے برعکس، سب سے پہلے ”علماء“ اور مذہبی طلباء کا منہ بولتا ثبوت بنی رہی۔

مفتی جعفر حسین کی قیادت کے سالوں میں بھی ایسا ہی ہو چکا تھا، جب TNFJ کے زیادہ تر عہدیداروں کا تقرر ”علماء“ میں سے ہوتا تھا۔ حسینی کے انتخاب کے چھ ماہ بعد، 31 اگست 1984ء کو، پاراچنار میں مرکزی کابینہ کے اجلاس میں TNFJ(H) کے قوانین پر بحث ہوئی۔ اُس وقت سید وزارت حسین نے TNFJ اور وفاق علماء شیعہ کے درمیان اہلِ محنت کی تقسیم کی تجویز دی تھی، لیکن 'علماء'، اپنی تنظیم وفاق چلانے پر راضی نہیں تھے، اُنھوں نے TNFJ پر اپنا تسلط برقرار رکھنے پر بھی اصرار کیا تھا[291]۔ اِس سے آنے والے سالوں میں TNFJ(H) اور وفاق کے درمیان رقابتوں کو نہ روکا گیا، کیونکہ آنے والے تمام ممبران، حسینی کے سیاسی اور مذہبی خیالات سے متفق نہیں تھے[292] لیکن یہ TNFJ کو باصلاحیت غیر علماء اراکین سے محروم کرتا تھا، جیسے ہی ایران میں انقلابی جوش و ولولے کا دور ختم ہوا، اور ضیاء الحق کی ہلاکت نے پاکستان میں شیعہ برادری کے سیاسی منظر نامے اور ترجیحات کو بدل کر رکھ دیا[293]۔

”قرآن وسنت کانفرنس“ کے چند ہفتوں بعد کرم ایجنسی میں شدید لڑائی شروع ہوگئی۔ 1986ء میں افغان مہاجرین کی تازہ آمد اور اُن میں سے کچھ کو غیر مسلح کرنے کے لیے شیعہ طوریوں کی کوششوں کے بعد وہاں ایک بار پھر کشیدگی بڑھ گئی تھی۔ سنی گاؤں بُشارہ میں ہونے والے واقعات کے بعد، اِن افغانوں نے 24 جولائی 1987ء کو طوری دیہاتوں کے خلاف ایک ہمہ گیر حملے کی قیادت کی، مبینہ طور پر حکومت کی مکمل ملی بھگت سے، جس نے مقامی شیعوں کی قربانی پر کرم ایجنسی کو افغان مجاہدین کے مستقل ٹھکانے میں تبدیل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا[294]۔ لڑائی 3 اگست تک جاری رہی، جس میں سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 52 شیعہ اور 120 سنی مارے گئے (غیر سرکاری طور

پر بہت زیادہ) اور چودہ گاؤں جزوی یا مکمل طور پر تباہ ہو گئے۔ پہلی بار کچھ طوریوں نے، اُن کو دیوار کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، حتیٰ کہ سوویت حمایت یافتہ افغان حکومت سے بھی مدد کی اپیل کی[295]۔ جب وہ تنازعہ ابھی جاری تھا، مکہ میں 31 جولائی کو خونریز جھڑپیں ہوئیں، جس میں 400 سے زیادہ شیعہ (زیادہ تر ایرانی) زائرین مارے گئے، سعودی ایران تنازعہ کا پہلا عروج تھا جو ہر گزرتے سال کے ساتھ مضبوط تر ہوتا چلا گیا[296]۔ ایرانی انقلاب کے بعد سے اِس واقعے نے پاکستان میں شیعہ سنی تعلقات کو مزید کشیدہ کر دیا، لیکن ضیاء الحق نے ایران کے ساتھ دوطرفہ تعلقات منقطع کرنے کے لیے امریکہ اور سعودی عرب کے دباؤ کی مزاحمت کی[297]۔ 23-27 نومبر 1987ء تک حسینی نے تہران میں ''حرم مقدس کی حرمت اور سلامتی کی حفاظت پر بین الاقوامی کانگریس'' میں شرکت کی، جس میں اسلام کے مقدس مقامات کو بین الاقوامی مسلمانوں کی نگرانی میں رکھنے کا مطالبہ کیا گیا[298]۔ اسی طرح کی کانفرنسز TNFJ(H) اور ISO نے پاکستان میں 1988ء کے بعد سے منعقد کیں[299]، ساتھ ہی ساتھ صوبائی شہروں میں تین دیگر '' قرآن وسنت کانفرنسز'' بھی منعقد کیں[300]۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ ضیاء الحق کی حکومت نے، تقریباً کبھی بھی اُن کی آزادیِ عمل اور تقریر پر کوئی قدغن نہیں لگائی، جبکہ وادیٔ کرم میں حسینی کی پاور بیس پر بے رحمی سے حملہ کرنے کی کوشش کرتی رہی۔ لیکن حسینی اور اُن کے قریبی ساتھیوں کو پاکستانی اور غیر ملکی دونوں خفیہ اداروں کی طرف سے مسلسل نظر میں رکھا گیا، اور خیر خواہوں کی طرف سے انتباہ دیا گیا کہ اگر وہ مئی 1988ء سے کئی گنا بڑھتے ہوئے اپنے تنازعات کو کم نہیں کرتے تو اُن کی جان خطرے میں ہے[301]۔

اُنہیں 5 اگست 1988ء کو پشاور میں اُن کے مدرسے میں قتل کر دیا گیا، ضیاء الحق کے سیکیورٹی گارڈ کے ایک رکن نے صوبہ سرحد کے گورنر جنرل (ر) فضل حق کی ملی بھگت سے قاتلوں کو کرایہ پر لیا، جو ضیا دور کی سرکردہ شخصیات میں سے ایک تھے[302] لیکن خود ضیاء کی اِس قتل کے منصوبے میں شمولیت کبھی ثابت نہیں ہوئی۔ اگرچہ حسینی کے بہت سے حامیوں نے صریحاً ضیاء کو اِس جرم کا ذمہ دار ٹھہرایا، اور کچھ نے انتقامی کارروائی میں اُسے قتل کرنے کا منصوبہ بھی بنایا، لیکن اُنہوں نے 6 اگست کو پشاور میں حسینی کی نماز جنازہ میں شرکت کی[303]۔ ایک ابتدائی شبہ یہ بھی ظاہر کیا گیا ہے کہ 17 اگست کو بہاولپور طیارہ حادثہ، جس میں ضیاء الحق ہلاک ہوئے، ایک شیعہ پائلٹ کے خودکش مشن کا نتیجہ تھا[304]۔ اس کے فوراً بعد کرم کے قریب اور کزئی قبائلی ایجنسی میں ضیاء کی موت کا جشن منانے والے شیعہ اور مقامی سنی اکثریت کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں 30 سے زائد جانیں چلی گئیں[305]۔

حسینی اور ضیاء الحق دونوں کے قتل کا قریبی اتفاق، ساتھ ہی 20 اگست 1988ء کو ایران عراق جنگ کے خاتمے نے، پاکستان میں شیعوں کے درمیان سیاسی انقلابیت کے مختصر دور کے اختتام کو نشان زد کر دیا۔ تاہم، شیعہ نوجوانوں کے ایک بڑے حصے اور زیادہ تر شیعہ علماء کے لیے، سخت گیر اور متقی حسینی ایک بت بنے ہوئے ہیں، جو آج تک انتہائی عزت و احترام میں رکھے گئے ہیں۔ ISO نے 1989ء سے اپنے ماہانہ جریدے کا نام تبدیل کر کے اُن کے نام (العارف) پر رکھ دیا اور کبھی بھی اپنے افکار کی تشہیر سے باز نہیں آئے، جبکہ متعدد شیعہ جرائد اب بھی باقاعدگی سے اپنے صفحۂ اوّل پر حسینی کے اقوال شائع کرتے ہیں۔ حالیہ برسوں میں، اُن کی مضبوط امریکہ مخالف بیان بازی اور سیاسی سازشی تھیوریوں کو مجلس وحدتِ مسلمین نے دوبارہ زندہ اور اپ ڈیٹ کیا، اِسی عرصے میں پاکستان کی سب سے بڑی شیعہ تنظیم، جس کے رہنماؤں نے بھی حسینی کے مسلک کو نئی بلندیوں تک پہنچایا ہے[306]۔

1980ء کی دہائی میں سنی اِنتہا پسندی کا چیلنج

اگر 1979ء سے 1988ء کی دہائی کے دوران پاکستان میں شیعہ گروہی تحریک اوجِ کمال پر پہنچی تو اُسی عرصہ کے دوران شیعہ مخالف عسکریت پسندی بھی تیزی سے پھیلی اور ایک نیا معیار اختیار کیا۔ درحقیقت دونوں پیشرفتیں ایک ہی عوامل کی وجہ سے ہوئیں اور ایک دوسرے کو تقویت ملی۔ اِس طرح ضیاء کی اسلامائزیشن پالیسی نے شیعوں کے لیے خطرے کی گھنٹی بجائی اور سنی مذہبی لابی کے ساتھ ساتھ انتہا پسند عناصر کو بھی تقویت دی۔ ایرانی انقلاب نے ایک نئی قسم کی شیعہ ادعایت اور سیاسی انقلابیت کو ہوا دی جسے بہت سے سنیوں نے ناگوار سمجھا، خاص طور پر جب سعودی عرب کو نشانہ بنایا گیا، وہ ملک جو پاکستان میں سنی دینی مدارس، مساجد اور دیگر اداروں کو بے دریغ فنڈز فراہم کرتا ہے، اِس کے علاوہ اِس کے لاکھوں شہریوں کو روزگار فراہم کرتا ہے[307]۔ ایران سے پروپیگنڈہ لٹریچر کا سیلاب، پاکستان میں ایرانی سفارت کاروں اور سفراء کی اعلیٰ سطحی سرگرمیاں، TNFJ اور آئی ایس او کے کارکنوں یا حتیٰ کہ ذاکروں کی طرف سے خمینی کو امام الامہ کے طور پر بڑھا چڑھا کر پیش کیا جانا[308]، اور بڑے بڑے شیعہ کنونشنز اور جارحانہ سیاسی نعروں کے ساتھ مظاہرے کسی نہ کسی طرح سنی جوابی ردِّعمل پیدا کرنے کے باعث تھے۔ جیسا کہ نتیجہ نکلا، سنی عسکریت پسندوں نے سماجی شکایات سے بھی فائدہ اٹھایا اور حکومتی اہلکاروں کی طرف سے خاموش تحفظ اور ایران کے نظریاتی اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے میں دلچسپی رکھنے والے ممالک کی حمایت دونوں سے لطف اندوز ہوئے۔ ساتھ ہی، 1980ء کی دہائی میں پاکستان کی سنی مذہبی جماعتوں نے افغان جنگ سے فائدہ اُٹھایا، افغان مجاہدین اور پناہ گزینوں کے لیے بین الاقوامی مسلم امداد کے کچھ حصوں کو اپنے دینی مدارس تک پہنچایا اور اپنے اراکین کو اسلحہ اور فوجی تربیت فراہم کی، جن میں سے اکثر نے خرچ کیا، کچھ عرصہ افغانستان میں جہاد کے لیے رضاکارانہ خدمات انجام دیں[309]۔

جیسا کہ اس کتاب کے پچھلے ابواب میں دستاویز کیا گیا ہے کہ شیعہ مخالف انتہا پسندی ہمیشہ پاکستان میں موجود تھی اور یہاں تک کہ تقسیم ہند سے پہلے کے ہندوستان میں بھی[310] لیکن اِس نے امن عامہ کے لیے ایک سنگین خطرہ کا تناسب شاذ و نادر ہی سمجھا تھا۔ تاہم، 1980ء کی دہائی کے اواخر سے، فرقہ واریت نہ صرف اپنے براہِ راست متاثرین کے لیے، بلکہ تمام آنے والی حکومتوں اور متعلقہ انتظامیہ کے لیے ایک مستقل مصیبت بن گئی ہے، اور ایک سنی فرقہ وارانہ گروہ، سپاہِ صحابہ (نیچے ملاحظہ کریں)، یہ بعض علاقوں میں ایک حقیقی عوامی تحریک کے طور پر اُبھر کر سامنے آئی ہے[311]۔ کچھ مطالعات کے ذریعہ اِس ترقی کو بنیادی طور پر سماجی عوامل سے منسوب کیا گیا ہے، لیکن سیاسی تناظر بھی شاید اتنا ہی اہم رہا ہے۔ جہاں تک ”مذہبی عنصر“ کا تعلق ہے، 1980ء کی دہائی سے سپاہ صحابہ اور ہم خیال تنظیموں کی طرف سے شیعہ (اور اِس کے برعکس) کے خلاف سنیوں کی صدیوں پرانی شکایات اور الزامات میں تھوڑا سا نیا اضافہ کیا گیا ہے۔ بلکہ یہ مذہبی تنازعات کو دی جانے والی اہمیت اور سیاسی مقاصد کے لیے اُن کے غلط استعمال کی ایک خاص مقدار تھی، جس نے فرق پیدا کیا۔ حیرت کی بات نہیں، 1980ء کی دہائی میں شیعہ کے خلاف فرقہ وارانہ پروپیگنڈے اور تشدد میں اضافے نے بعد کے لوگوں میں فرقہ وارانہ یکجہتی کے اِضطراب کو بھی تقویت دی۔

بالکل اِسی طرح جیسے گزشتہ دہائیوں میں، دیوبندی مکتبۂ فکر کے پیروکار شیعہ مخالف نئی لہر کی قیادت کر رہے تھے۔ مارچ 1978ء اور جون 1979ء میں جے یو آئی کے رہنما مفتی محمود نے پہلے ہی پیش گوئی کی تھی[312]۔ اکتوبر 1980ء میں اُن کی موت کے بعد، جے یو آئی

ایک دھڑے میں تقسیم ہوگئی جس کی قیادت اُن کے بیٹے مولانا فضل الرحمٰن نے کی جس نے ایم آر ڈی کے فریم ورک میں خود کا پی پی پی کے ساتھ اتحاد کیا، اور ضیاء کے حامی دھڑے کی قیادت مولانا محمد عبداللہ درخواستی، اور اُن کی وفات (1994ء) کے بعد مولانا سمیع الحق نے کی [314]۔ اِس کے بعد سے JUI-S اپنے متقابل JUI-F کے مقابلے میں شیعوں کے خلاف عام طور پر زیادہ حریف رہی ہے [315]۔ 1981ء میں کراچی میں کچھ دیوبندی علماء نے ایک نئی تنظیم سوادِ اعظم اہلسنت (''عظیم اکثریت'') کی بنیاد رکھی، ایک نام جو اب تک بریلویوں کے ذریعہ دوبارہ دعوی کیا گیا ہے [316]۔ سوادِ اعظم نے لوکل مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے تعاون سے کئی کانفرنسیں منعقد کیں جو شیعوں اور ایران کے خلاف پروپیگنڈے کے لیے وقف تھیں اور بنیادی طور پر کراچی میں 1982ء اور 1983ء میں فرقہ وارانہ جھڑپوں کا ذمہ دار تھا [317]۔ لیکن پنجاب میں اِس تنظیم کا سیکرٹری جنرل مولانا حق نواز جھنگوی تھا جس نے سب سے مضبوط اثر ڈالا۔ اُس کے انتھک جوش نے، اپنے آبائی علاقے کی خصوصی صورتحال اور 1980ء کی دہائی کے حالات کے ساتھ مل کر، اُسے پاکستان میں ایک بنیاد پرست مخالف شیعہ ایجنڈے کے تحت بڑے پیمانے پر عوامی تحریک کا علمبردار بنا دیا۔

حق نواز 1952ء میں چیلہ (ضلع جھنگ) کے گاؤں میں ایک غریب کسان گھرانے میں پیدا ہوئے [318]۔ صرف دو سال کے اندر قرآن پاک حفظ کرنے کے بعد، اُس نے کبیر والا اور ملتان کے دینی مدارس میں داخلہ لیا اور 1973ء میں جھنگ ٹاؤن کی پپلیاں والی مسجد میں مبلغ مقرر ہوا [319]۔ 1974ء میں اُس کے مرکز کے ساتھ قریبی ربوہ میں احمدیوں کے خلاف ہونے والی مہم نے اُسے ایک شعلہ بیان مقرر کی حیثیت سے اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کا پہلا موقع فراہم کیا۔ اِس کے بعد اُس نے کچھ عرصے کے لیے بریلویوں کو اپنا پسندیدہ ہدف بنایا [320] لیکن ایرانی انقلاب کے بعد اُس نے اپنے خطبات کو تقریباً خصوصی طور پر شیعہ عقائد اور مذہبی رسومات کے خلاف بحث کرنے کے لیے وقف کر دیا، اور ''صحابہ کی عزت [321]'' پر شیعہ حملوں کا الزام لگاتے تھے۔ اِس سلسلے میں، وہ کئی دہائیوں سے ضلع جھنگ اور پاکستان کے دیگر علاقوں میں TAS کے بہت سے مبلغین کی پیروی کر رہے تھے، لیکن 1980ء کی دہائی کے اوائل میں اُن کی شہرت اور اثر و رسوخ اُن کے آبائی شہر کے سامعین سے کہیں زیادہ پھیل گیا تھا۔ ایک طرف، وہ بڑے بڑے شیعہ زمیندار خاندانوں کے خلاف مخالفانہ تنقید کرنے کے لیے کافی جرأت مند ہو گیا، جس کے ضلع میں سیاسی غلبہ کو مقامی سنی کسانوں اور سنی مہاجروں کی ایک بڑی برادری جو 1947ء کے بعد جھنگ کے شہری علاقے میں آباد ہوئی تھی دونوں نے ناراضگی ظاہر کی [322]۔ حق نواز اور اُس کے ساتھیوں کی طرف پھیلائے گئے پروپیگنڈہ کے مطابق، یہ شیعہ'' جاگیردار'' خاندان، جو ضلع جھنگ [323] میں تقریباً 65 فیصد زرعی زمینوں کے مالک تھے، اپنے سنی کرایہ داروں کا نہ صرف معاشی طور پر اِستحصال کر رہے تھے بلکہ اُن کی مذہبی آزادی کو بھی دبا رہے تھے [324]۔ اُس پر شیعہ کی'' جاہلانہ رسومات'' کے ذریعے جاہل کسانوں کے عقائد کو خراب کرنے کا بھی الزام لگایا گیا تھا [325]۔ دوسری طرف، حق نواز کے شیعہ مذہب پر عمومی حملے بھی دیگر فرقہ پرستوں کے حملوں سے زیادہ شدت پسند تھے۔ 1980ء کی دہائی کے اوائل میں اُس کی پہلی قابل ذکر کامیابی یہ تھی کہ صدیوں سے برصغیر کے متعدد 'علماء' کے فتووں کے نتائج کو مقبول نعرے'' کافر، کافر، شیعہ کافر'' میں تبدیل کیا، جو اَن گنت دیواروں پر لکھا ہوا تھا اور جلسوں میں باقاعدگی سے لگایا جاتا تھا [326]۔ اپنی تقاریر میں، حق نواز نے اپنے سامعین کے سروں میں شیعوں کو'' خارج کرنے'' کے لیے درج ذیل دلائل پیش کیے:

1) - وہ موجودہ قرآن کو قبول نہیں کرتے بلکہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ جعل شدہ ہے؛

2) - وہ توحیدپرایمان نہیں رکھتے؛

3) - وہ اپنے ائمہ اور پیغمبر محمدکو عصمت کا مساوی درجہ دیتے ہیں؛

4) - وہ اپنے لٹریچر میں پیغمبر اور آپ کےاہل بیت[327] کی توہین اِس طرح کر رہے ہیںکہ اُن کا اسلام سے دُور کا واسطہ بھی نہیں ہے؛

5)- وہ صحابہ کو مسلمان نہیں مانتے؛

6) - وہ صحابہ کو گالی دیتے ہیں؛

7) - وہ نہ صرف صحابہ کو کافر کہتے ہیں بلکہ وہ تمام مسلمان جو اِس بات پر یقین نہیں رکھتے کہ علی، رسول اللہ کے براہ راست جانشین تھے؛

8-11)- اُن کا کلمہ، اُن کی اذان، اُن کی نماز پڑھنے کا طریقہ اور اُن کی فقہ پوری اُمتِ مسلمہ سے مختلف ہے؛

12) - وہ خمینی کو گناہوں سے پاک (معصوم) امام مانتے ہیں؛

13) - خمینی بذاتِ خود ایرانی شیعوں کو پیغمبر کے صحابہ سے زیادہ نیک سمجھتے ہیں[328]۔

درج بالاتمام الزامات سوائے 3،6، اور 8سے 11 کم سے کم کہا جائے تو مجموعی طور پر متورّم تھے۔ خمینی کا حوالہ اہم تھا، کیونکہ سنی سخت گیر اِس بات سے خاص طور پر ناراض تھے کہ وہ الواحد الاسلامیہ پروپیگنڈے کی آڑ میں" شیعہ مذہب اختیار کرنے" کی کوششوں کو سمجھتے تھے، جو انقلاب کے بعد سے ایران سے بڑے پیمانے پر پھیل رہا تھا۔ اِس کا مقابلہ تقاریر اور پمفلٹس کے ذریعے کیا گیا جس میں خمینی کو متعصب شیعہ اور صحابہ کا دشمن دکھایا گیا تھا[329]۔ پاکستان میں بڑے پیمانے پر خمینی کی تقاریر اور تحریروں کے اردو تراجم اور ہر قسم کے سیاسی پروپیگنڈے کو تقسیم کرنے کے علاوہ ایرانی حکومت پر یہ الزام بھی لگایا گیا کہ اُس نے سنی مخالف سیاسی لٹریچر کی بے مثال پیداوار کی مالی معاونت کی[330]۔ ایسے لٹریچر کا کم از کم کچھ حصہ، خاص طور پر پرانی مناظرہ کتابوں اور پمفلٹس کو دوبارہ پرنٹ کیا جاتا تھا اور خود سنی انتہا پسندوں کے ذریعہ عام طور پر شیعوں کو بدنام کرنے کے لیے مواد فراہم کیا،[331] لیکن اُس کی جارحانہ بحثوں کا بھرپور جواب شیعہ مصنفین کی نئی تحریروں سے بھی دیا گیا[332]۔

چند سالوں میں ہی حق نواز فرقہ وارانہ منافرت کو ہوا دینے کے لیے اتنا بدنام ہوگیا تھا، کہ دفعہ 144 پاکستان پینل کوڈ (اجلاس پر پابندی) نافذ کی گئی، جہاں کہیں بھی اُس کا خطاب ہونا ہوتا، اور اُسے معمول کے مطابق جھنگ کے پڑوسی اضلاع میں داخلے کی اجازت نہیں دی جاتی تھی۔ اِس کے باوجود، جنونی نوجوان حامیوں کے مسلسل بڑھتے ہوئے جتھوں کی مدد سے[333]، وہ اکثر اِس طرح کی پابندیوں کی خلاف ورزی کرنے میں کامیاب ہوجاتے تھے۔ 6 ستمبر 1984ء کو، حق نواز نے جھنگ میں انجمن سپاہ صحابہ پاکستان (" اصحاب رسول کی فوج"؛ SSP) کی بنیاد رکھ کر اپنے پیروکاروں کو باضابطہ طور پر منظم کرنا شروع کیا[334]۔ نئی تنظیم کے ابتدائی بیان کردہ اہداف" حرمت صحابہ کا

تحفظ" ،"شیعہ اشتعال انگیزیوں کی روک تھام" اور" خلافت راشدین کے نظام کی راہ ہموار کرنا" تھے[335]۔لیکن شیعوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے،عزاداری کے جلوسوں پر عام پابندی،اور سنی اسلام کو ریاست کا سرکاری مذہب بنانے کو جلد ہی SSP کے ایجنڈے میں شامل کرلیا گیا[336]۔ SSP کے قیام کا ایک اہم جواز بہت سے پولیس افسران اور بیوروکریٹس کے" اسلام مخالف" رویے میں دیکھا گیا جن پر" مذہبی اقلیتوں کے تحفظ کے بہانے سنی تبلیغ کو روکنے" کا الزام لگایا گیا[337]۔

SSP کو شروع سے ہی ایک ملک گیر تنظیم بننے کا تصور کیا گیا تھا،لیکن اس کے سپورٹ بیس کی تیزی سے توسیع اِس کے بانیوں کے لیے بھی حیران کن تھی۔1985ءمیں اُس نے" آل پاکستان تحفظ صحابہ کانفرنس" کا جھنگ میں انتظام کیا جس میں سینکڑوں سنی علماء[338] نے شرکت کی،جن میں جے یو آئی (فضل الرحمان)،ٹی اے ایس (عبدالستار تونسوی)[339]،جمعیت اشاعت التوحید والسنۃ (قاضی احسان الحق)[340]،اور مجلس تحفظ ختم نبوت (مولانا خان محمد)[341] تھے۔اُس کامیابی کے بعد،حق نواز اپنی نقل وحرکت پر پابندیوں کی خلاف ورزی کرنے کے لیے پہلے سے زیادہ پرعزم تھا اور کئی مواقع پر ایسا کرنے میں کامیاب بھی ہوا،یا تو پولیس کی لاپرواہی یا پھر پرتشدد مظاہروں میں اُس کے خلق اخلاق کی وجہ سے[342]۔ SSP نے تیزی سے پنجاب کے بیشتر اضلاع خصوصاً سرائیکی پٹی میں شاخیں قائم کیں اور"عظمت صحابہ کانفرنسوں" کا ایک سلسلہ منعقد کیا۔اِس طرح کے واقعات نے نہ صرف شیعوں کے خلاف نفرت پھیلانے کے لیے صحابہ کی عظمت کی تصدیق کی تمہید بنے،بلکہ خلفائے راشدین اور دیگر ممتاز صحابہ کے یادگاری ایام کے ساتھ - درحقیقت شیعہ مقبول تحرک کے اہم عناصر کو نقل کرنے کی کوشش کی۔محمد قاسم زمان نے بخوبی مشاہدہ کیا ہے:

اگرچہ شیعوں کے خلاف غیر متزلزل دشمنی سپاہ صحابہ کے موقف کی وضاحت کرتی ہے، لیکن اِس کی اپنی علامت شیعوں کے اثر و رسوخ کی غیرواضح نشانیوں کوظاہر کرتی ہے۔ اصحاب رسول کی پرجوش تعظیم اُن کے ائمہ کی شیعہ تعظیم کے ساتھ واضح مماثلت رکھتی ہے۔ حتی یہاںپر کوئی شعوری کوشش کا پتہ لگا سکتا ہے کہ وہ سنی ازم کے لیے اِس کے "کرشماتی" رہنماؤں کے حصہ کا دعویٰ کرے، جو شدید ذاتی عقیدت کا باعث ہوں گے - ایک رجحان "راسخ العقیدہ" سنی ازم نے روایتی طور پر شیعہ اور صوفیاء دونوں کے خلاف مزاحمت کی ہے۔ . [...]

عام طور پرزیادہ ، سپاہ صحابہ کی علامت کو محرم کی تقریبات کے ردّعمل کے طور پر بھی سمجھا جا سکتا ہے ... [یہ] شیعوں کے لیے یادگاری مواقع کے ایک نئے سیٹ کو بدلنے کی خواہش رکھتا ہے۔ جوابی تقاریب کا مقصد شیعوں کو متوجہ کرنا اتنا نہیں ہے کہ سنیوں کو شیعوں کے اجتماعات کی طرف متوجہ ہونے سے روکا جائے، اور عام طور پر یہ ظاہر کرنا ہے کہ سنی روایت میں یاد منانے کے مواقع کی کوئی کمی نہیں ہے۔ ثقافتی شیعیت درحقیقت شیعہ عسکریت پسندی سے زیادہ ایک چیلنج ہے، کیونکہ بہت سے (مفہوم) سنی اِس کے غیر مشکوک شکار ہیں یا اس کے لالچ میں آگئے ہیں[343]۔

اِسی مصنف نے یہ بھی استدلال کیا ہے کہ:

... اِس بات پر یقین کرنے کی بہت کم وجہ معلوم ہوتی ہے کہ جن دیہاتی لوگوںسے اب بنیاد پرست فرقہ پرست تنظیمینرجوع کرتی ہیں، اُن کے پاس سب سے زیادہ سرسری پیشگی واقفیت کےساتھ شہری یا خواندہ اسلامی روایات ہیں۔اس لیے فرقہ وارانہ شناخت فراہم کرنا دیہی کسانوں کو شیعیت سے سنّیت (یا اِس کے برعکس)میں "تبدیل" کرنے کا معاملہ کم ہےاور شہری مذہبی سکالرز اور اداروں کے اسلام کے ساتھ مقامی طرزِ سےمقابلہ کرنے کا معاملہ زیادہ ہے۔ یہی مقامی اسلام ہے، جس میں "شیعہ"، "سنی" اور "صوفی" عناصر کا امتزاج ہے، جسے سپاہ صحابہ کم از کم جزوی طور پر "شیعیت کے طور پر دیکھتی ہے، اور جس کا مقابلہ کرنا چاہتی ہے[344]۔

دیہاتیوں کی" مذہبی جہالت" کے بارے میں شکایات اور اِس طرح کی کمیوں کو دور کرنے کا مبلغ صفت جوش پاکستان میں بھی شیعہ 'علماء' میں عام رہا ہے[345]۔ پھر بھی، جیسا کہ خود حق نواز کا کیس ظاہر کرتا ہے، 1960ء کی دہائی میں بھی دیہی علاقوں سے راسخ العقیدتی مکمل طور پر غائب نہ تھی، اور 1980ء کی دہائی سے اُس نے دینی مدارس کے" تیز پھیلاؤ" کی وجہ سے دیہی علاقوں میں تیزی سے اثر ورسوخ حاصل کیا ہے[346]۔ بہرحال، SSP کے لیے اس کے ابتدائی سالوں میں حمایت بنیادی طور پر پنجاب کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے قصبوں سے حاصل ہوئی، جہاں جھنگ اُن کا ہیڈکوارٹر اور اہم گڑھ بنا رہا۔ یہ قابل ذکر ہے کہ اُس نے نہ صرف ناراض طبقوں کے حامیوں کو اپنی طرف متوجہ کیا بلکہ خوشحال تاجروں اور شہری متوسط طبقے کے دیگر ارکان کی طرف سے بھی بڑی مالی امداد حاصل کی[347]۔ پاکستان میں SSP اور ہم خیال سنی تنظیموں کے لیے بیرونی حمایت کا اندازہ لگانا زیادہ مشکل ہے۔ SSP کے رہنماؤں نے ہمیشہ بیرونی مالی پشت پناہی سے انکار کیا ہے، لیکن سعودی عرب اور دیگر عرب خلیجی ممالک کی جانب سے 1980ء-88ء کی ایران کے خلاف جنگ کے دوران عراق کی حمایت کے لیے خرچ کی گئی رقم کو دیکھتے ہوئے[348]، کوئی محفوظ طریقے سے یہ فرض کرسکتا ہے کہ اسی عرصے کے دوران پاکستان میں " ایرانی انقلاب کو روکنے" پر دسیوں (شاید سینکڑوں) ملین ڈالر بھی خرچ کیے گئے ہیں[349]۔ اِس رقم سے سب سے زیادہ فائدہ اُٹھانے والے بلاشبہ دیوبندی اور اہل حدیث دونوں فرقوں کے دینی مدارس تھے جو پورے ملک میں نئے سرے سے بنائے گئے یا بڑھائے گئے[350]؛ لیکن یہ فرقہ وارانہ تنظیموں کے کارکنان کی بھرتی کے ایک اہم میدان کے طور پر بھی کام کرتے رہے ہیں، یہاں تک کہ اکثر اپنے طلاب کو فوجی تربیت بھی دیتے ہیں۔

جہاں تک ضیاء حکومت اور اس کی خفیہ ایجنسیوں کی طرف سے عسکریت پسند فرقہ واریت کی مبینہ حمایت کا تعلق ہے[351]، اِس کے بہت کم ٹھوس ثبوت موجود ہیں۔ مرتضیٰ پویا، خمینی کے ایک سخت گیر حامی شیعہ رہنما، نے صریحاً ضیاء الحق کو بری الذمہ قرار دیا ہے، لیکن اِس کے بجائے اُنہوں نے الزام امریکہ اور اسرائیل پر ڈال دیا ہے[352]۔ یہ بات مشہور ہے کہ مارچ 1984ء میں قائم اور عروج پر پہنچنے والی ایم کیو ایم کو حکومت نے سندھ میں پی پی پی کے اثر ورسوخ کو کاؤنٹر کرنے کے لیے سہولت فراہم کی تھی[353] اور تقریباً بیک وقت پنجاب میں SSP

کا عروج TNFJ کو کاؤنٹر کرنے کا ایک ذریعہ آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے۔ دوسری جانب، حق نواز اور دیگر SSP رہنماؤں کو پولیس کی جانب سے اکثر ہراساں کیا جاتا تھا اور اُنہیں قانونی عدالتوں میں متعدد مقدمات کا سامنا کرنا پڑتا تھا[354]۔ حتیٰ کہ ضیا دور میں بھی انتظامیہ اور پولیس کے کچھ افسران SSP کے خلاف قانون نافذ کرنے پر آمادہ تھے[355]۔ لیکن ان کے بارے میں مروّجہ رویہ۔ انچارج اہلکاروں کے انفرادی خیالات پر انحصار کرتے ہوئے۔ لگتا ہے کہ یہ مداخلت کے بغیر چیزوں کو اپنا راستہ اختیار کرنے کے لیے چھوڑنے کی پالیسی ہے۔ جیسا کہ سابقہ عشروں میں ہوا تھا، صریح فرقہ وارانہ پروپیگنڈہ، بشمول شیعوں کے خلاف تشدد کے مطالبات، کو ایسے افسران نے محض نظرانداز کیا جو یا تو خود فرقہ وارانہ تعصب کو ہوا دیتے تھے، یا فرقہ پرست جنونیوں کے غضب کا سامنا کرنے سے ڈرتے تھے[356]۔

واضح طور پر ضیاء الحق نے منظم شیعوں کے حوالے سے گاجر اور چھڑی (Carrot and Stick) کی پالیسی پر عمل کیا اور سنی انتہا پسندوں کو ڈھیلی لگام دینا اُن کی "لاٹھیوں" میں سے ایک سمجھا جا سکتا ہے۔ مزید یہ کہ 1985ء میں سمیع الحق کی قیادت میں جے یو آئی کا دھڑا سب سے اہم مذہبی جماعت تھی جو اب بھی اُن کی حکومت کی حمایت کر رہا تھا[357]۔ اِس لیے یہ منطقی بات تھی کہ SSP کی راہ میں بہت زیادہ رکاوٹیں نہ ڈالی جائیں، کیونکہ وہ جے یو آئی۔س سے قریبی طور پر وابستہ ہے۔ اُسی سال (13 جولائی)[358] کو "پرائیویٹ شریعت بل" پیش کرتے ہوئے جے یو آئی۔س نے مزید اسلامائزیشن کے لیے ضیاء پر اپنے وعدے پورے کرنے کے لیے دباؤ بڑھایا اور دس دیگر تنظیموں کے ساتھ مل کر "یونائیٹڈ سنی فرنٹ" (متحدہ سنی محاذ) تشکیل دیا۔ جنہوں نے راولپنڈی میں (4 اگست کو) ایک کنونشن میں پاکستان کو سنی ریاست قرار دینے اور حنفی فقہ کو عوامی قانون کے طور پر اپنانے کا مطالبہ دہرایا[359]۔

شیعہ عزاداری کے جلوسوں پر 1982ء سے شروع ہونے والے محرم اور دیگر مواقع پر حملے ایک بار پھر معمول بن گئے۔ محرم 1407 ہجری (6 ستمبر تا 5 اکتوبر 1986ء) میں سب سے زیادہ متاثر لاہور تھا۔ اُسی سال 9 محرم کو ایک چھوٹی تنظیم اسلامی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر اسرار احمد نے[360] ایک تقریر سے شیعوں کو مشتعل کیا جس میں اُنہوں نے الزام لگایا کہ امام حسین کی شہادت اقتدار کی ایک جدوجہد کا حصہ تھی[361]۔ اِس کے بعد عاشورہ (15 ستمبر) کو شدید جھڑپیں ہوئیں اور شہر کے کچھ حصوں میں دس دن کے لیے کرفیو لگانا پڑا[362]۔ اُسی مہینے کراچی، راولپنڈی، ملتان اور پنجاب کے دیگر قصبوں میں بھی عزاداروں پر حملے ہوئے۔ سید عارف حسین الحسینی، جنہوں نے تمام متاثرہ مقامات کا دورہ کیا، دھمکی دی کہ "مستقبل میں عباس کا علم لگانے/ اُٹھانے والے اِس کا دفاع کرنے کے قابل ہو جائیں گے"[363]۔ شیعہ سیلف ڈیفنس کے لیے مسلح فورس بنانے کی خفیہ کوششیں 1986ء میں شروع ہوئیں، یہ وہ سال بھی تھا جب بہت سے پاکستانی شیعوں نے عراق کے خلاف ایران کی جنگ میں رضاکارانہ طور پر حصہ لیا[364]۔

شیعوں کے خلاف تمام پرتشدد حملوں میں حکومت کے براہِ راست ملوث ہونے کے بارے میں حسینی کے الزامات یقیناً مبالغہ آمیز تھے، لیکن کم از کم کچھ معاملات میں ایسے حملوں میں مقامی انتظامیہ اور دیگر حکام کی ملی بھگت تھی[365]۔ فرقہ وارانہ سوچ کی "انفیکشن" کی ایک قابل ذکر نمائش میں، پنجاب کے وزیر اعلیٰ نواز شریف نے 1987ء کے اوائل میں تمام ہائی رینکنگ شیعہ سرکاری ملازمین (گریڈ 17 یا اِس سے اوپر) کی تفصیلات جمع کرنے کا حکم دیا۔ یہ اقدام ایم پی اے منظور احمد چنیوٹی (جے یو آئی) کے اِستفسار کے جواب میں اُٹھایا گیا[366]۔ ضیاء الحق خود شیعہ فوجی جرنیلوں اور ججوں پر شک کرنے لگے[367]۔ دوسری طرف، انہوں نے پاکستانی سنیوں، سعودیوں اور امریکیوں

کے تمام دباؤ کے ساتھ ساتھ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ، آئی ایس او حتیٰ کہ خود کچھ ایرانیوں کی اِشتعال انگیزیوں کے باوجود ایران کے ساتھ گرم جوش تعلقات برقرار رکھے۔ مثال کے طور پر، جولائی 1987ء میں ایران کے پاسداران انقلاب کے ارکان نے کراچی اور کوئٹہ میں 3 ایرانی جلاوطنوں کو ہلاک اور 18 کو زخمی کر دیا؛ چھ ماہ بعد اِن واقعات میں ملوث 30 ایرانیوں کو خاموشی سے ملک بدر کر دیا گیا[369]۔ SSP نے یہ بھی شکایت کی ہے کہ 1980ء کا وہ آرڈیننس جس میں صحابہ کو گالیاں دینے سے روکا گیا تھا، شاید ہی کبھی شیعہ مصنفین کے خلاف نافذ کیا گیا ہو[370]۔ [368]

24 مارچ 1987ء کو جماعت اہل حدیث کے اُس وقت کے سیکرٹری جنرل اور بریلویوں اور شیعوں کے خلاف سیاسی کتابوں کے مصنف احسان الٰہی ظہیر ایک بم دھماکے میں جان لیوا زخمی ہوئے[371]، جس میں مزید آٹھ افراد ہلاک اور تقریباً 100 زخمی ہوئے[373]۔ اِس خون ریزی کو فوری طور پر بنیاد پرست شیعوں سے منسوب کیا گیا، جب کہ TNFJ کے رہنما نے کسی بھی شیعہ کے ملوث ہونے کی تردید کی اور حکومت پر الزام لگایا کہ اُنہوں نے شریعت بل کے خلاف سخت مخاصمت کرنے پر ظہیر کو قتل کیا ہے[373]۔

حسینی نے اُس سال اسلامائزیشن پر سنیوں کے ساتھ کچھ مشترکہ ایجنڈا تلاش کرنے کی بھرپور کوشش کی[374]، 6 جولائی 1987ء کی TNFJ "قرآن وسنت کانفرنس" نے ملتان میں ایک اور "سنی کنونشن" (11 جولائی) میں اِس کی بازگشت پائی اگرچہ بہت چھوٹے پیمانے پر- جس میں جے یو آئی کے دونوں دھڑوں، SSP، TAS، سوادِ اعظم، اور کچھ چھوٹی دیوبندی تنظیموں نے شرکت کی[375]۔ اِس کا فوری سبب 19 جون کو لیہ ضلع میں حق نواز جھنگوی اور سولہ دیگر SSP ارکان کی گرفتاری تھی۔ 1985ء کے کوئٹہ واقعے پر TNFJ کے استحصال کی طرح[376]، تمام دیوبندی گروہ SSP کی کاز کے لیے فورسز میں شامل ہو گئے، اور چند ہفتوں میں حق نواز اور اُس کے ساتھیوں کی رہائی کو یقینی بنایا[377]۔

کرم ایجنسی میں تصادم (23 جولائی تا 3 اگست) اور 31 جولائی 1987ء کے مکہ قتل عام کے ساتھ فرقہ وارانہ کشیدگی انتہا پر پہنچ گئی[378]۔ اِن واقعات کے بعد حکام نے پچھلے سال کے مقابلے میں محرم 1408 ہجری (26 اگست تا 24 ستمبر 1987ء) میں سخت حفاظتی تدابیر اختیار کیں۔ مثال کے طور پر، کراچی میں سوادِ اعظم کے درجنوں ارکان کو گرفتار کیا گیا جب انہوں نے عاشورہ (4 ستمبر) کو ایک جوابی جلوس نکالنے کی کوشش کی۔ تاہم، 7 اکتوبر کو SSP کو کراچی میں اپنی پہلی "عظمت صحابہ کانفرنس" بلانے کی اجازت دی گئی، جس کے ایک ہفتہ بعد شیعہ چہلم کے جلوس پر حملے ہوئے[379]۔

ضیاء الحق کے دور کا آخری سنگین فرقہ وارانہ تصادم مئی 1988ء میں گلگت کے آس پاس ہوا۔ شمالی علاقہ جات، جس میں شیعہ اِثنا عشری اور اسماعیلی آبادی کی اکثریت ہے، 1980ء کی دہائی کے اوائل میں فرقہ وارانہ تصادم کے حساس مقامات میں سے ایک بن گیا، جہاں اگست 1982ء میں صوبہ سرحد کے قریبی ضلع چترال میں اسماعیلیوں کے خلاف سنیوں کے بڑے پیمانے پر حملے کے ساتھ آغاز ہوا[380]۔ 18-24 مئی 1988ء تک دیامیر ضلع سے کئی ہزار مسلح سنیوں کے لشکر، جن کو مبینہ طور پر صوبہ سرحد (کے پی) کے پناہ گزین کیمپوں میں رہنے والے افغانوں کی جانب سے حمایت تھی، نے گلگت کے قریب شیعہ دیہاتوں کو جلا دیا اور درجنوں دیہاتیوں کو اُس قصبے میں بڑی فوجی چھاؤنیوں کی جانب سے بلا روک ٹوک قتل کر دیا۔ وزیر امور کشمیر و شمالی علاقہ جات سید قاسم شاہ کے ساتھ ساتھ صوبہ سرحد کے سابق صوبائی

وزیر مولانا عبدالباقی بھی اِس شرمناک واقعے میں براہ راست ملوث تھے[381]۔

جھنگ میں SSP اتنی مضبوط ہوئی کہ حق نواز پنجاب میں قومی اسمبلی کا الیکشن لڑنے والے غریب حسب نسب سے تعلق رکھنے والے پہلے شخص تھے، جو نومبر 1988ء میں سیدہ عابدہ حسین سے محض 7000 ووٹوں کے فرق سے ہار گئے[382]۔ فروری 1990ء میں اُن کے قتل کے بعد جھنگ ایک مستقل تکلیف دہ جگہ بن گیا اور ایک خونی شیعہ سنی انتقام پنجاب کے بیشتر اضلاع اور پاکستان کے دیگر حصوں میں پھیل گیا[383]۔

7

عبوری جمہوری دہائی، 1988ء-1999ء

TNFJ سے TJP تک: عملیت پسندی کی جانب واپسی

6 اگست 1988ء کو سید عارف حسین الحسینی کی نماز جنازہ پشاور میں ادا کی گئی، لیکن کچھ رشتہ داروں نے اُن کی تدفین اُن کی شہادت کی جگہ کے بجائے اُن کے آبائی گاؤں میں کرنے پر اصرار کیا، جس کی TNFJ کے قائدین اور آیت اللہ احمد جنتی[1] کی قیادت میں ایرانی وفد دونوں کی جانب سے حمایت کی گئی۔ صوبہ سرحد (کے پی) کی حکومت اور ضیاء الحق نے، اپنی طرف سے، قصبے میں شیعہ زیارت مقام نہ بنانے پر بضد تھے۔ لیکن ضیاء نے اب حسینی کی تعریف "مسلم اتحاد کے علمبردار" کے طور پر کی اور یہاں تک کہ پشاور میں ہونے والی تقریب میں بھی شرکت کی، بہت سے شرکاء کے غصے کو برداشت کرتے ہوئے جنہوں نے شروع سے ہی اِس قتل میں اُن کے ملوث ہونے کا شبہ ظاہر کیا تھا[2]۔

اُسی دن، TNFJ ورکنگ کونسل نے پشاور میں حسینی کے جانشین کے انتخاب کے لیے اجلاس کیا۔ صفدر حسین نجفی نے سید ساجد علی نقوی کو تجویز کیا، جو 1986ء سے TNFJ کے سینئر نائب صدر تھے، اور پھر متفقہ طور پر خوش آمدید کہا گیا[3]۔ وہ 1999ء تک مرکزی دھارے کی شیعہ تحریک کے بلا مقابلہ رہنما رہے جب اُن کے مخالفین نے تنظیم میں ایک اور تقسیم کو اُبھارا[4]۔ اگرچہ ساجد علی 1978ء-79ء کے انقلاب کے بعد سے "ایرانی خط" کے قریبی پیروکار تھے، لیکن وہ حسینی کے مقابلے میں کم پرجوش تھے اور یوں سیاست اور سمجھوتہ کے دَور کے لیے زیادہ موزوں تھے، جسے ضیاء الحق اور آیت اللہ خمینی دونوں کی موت کے بعد فالو کرنا تھا۔ وہ پنڈی گھیب تحصیل (ضلع اٹک) کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں 1940ء میں پیدا ہوئے، انہوں نے اپنی دینی تعلیم ملتان میں اپنے چچا سید گلاب علی شاہ کے جامعہ مخزن العلوم میں حاصل کی[5] جہاں وہ 1958ء سے 1970ء تک بطور انسٹرکٹر رہے۔ اِس کے بعد وہ نجف (1970ء-75ء) اور قم (1975ء-78ء) چلے گئے اور واپسی پر راولپنڈی میں مدرسہ آیت اللہ الحکیم کے پرنسپل بن گئے[6]۔ وہ مفتی جعفر حسین کی قیادت میں TNFJ سپریم کونسل کے رکن رہ چکے تھے اور 1980ء کے اسلام آباد کنونشن کی تیاری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا لیکن دوسرے پہلوؤں سے اُنہوں نے خود کو کم پروفائل میں رکھا ہوا تھا، اِس کے بعد سرگودھا میں ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے بھی وہ غیر حاضر رہے[7]۔ دسمبر 1983ء میں انہوں نے راولپنڈی میں ہونے والے اجلاس میں شرکت کی جس میں سید حامد علی موسوی کو TNFJ کا سربراہ بنانے کی تجویز پیش کی[8]، لیکن بھکر میں حسینی کے انتخاب سے پہلے اُنہوں نے مؤخر الذکر کی حمایت کی تھی۔ 1988ء تک وہ حسینی کے قاتلوں کی مبینہ ہٹ لسٹ میں شامل ہونے کے لیے کافی اہم ہو گئے تھے[9]۔

حسینی کی موت کے بعد پہلے سالوں میں TNFJ کے آفس ہولڈرز کے اوپری ترتیب میں کچھ تبدیلیاں کی گئیں۔ ساجد علی نے 1993ء تک سید وزارت حسین کو اپنا سیکرٹری جنرل بنائے رکھا پھر اُن کی جگہ انور علی اخوندزادہ کو لے لیا گیا[10]، اور وہ ڈاکٹر محمد علی نقوی[11]، سید افتخار حسین نقوی[12] اور یعقوب علی توسلی[13] جیسے تجربہ کار منتظمین پر انحصار کرتے رہے۔ TNFJ کے اندرونی حلقوں میں ایک نیا چہرہ منیر حسین گیلانی تھا، جو 1988ء سے 1993ء تک ساجد علی کے سیاسی مشیر بنے تھے[14]۔ انداز کی ایک اور ابتدائی تبدیلی ضیاء الحق کی موت

کے بعد اُن کا پریس بیان تھا، جسے اُنھوں نے" اپنے ملک اور اُمہ کیلئے ایک بہت بڑا نقصان" قرار دیا[15]۔

1988ء کے موسم خزاں میں TNFJ کے لیے ایک فوری چیلنج 1977ء کے بعد پہلی آزاد پارلیمانی انتخابی مہم تھی۔ نئے انتخابات (16 اور 19 نومبر) کی تاریخیں ضیاء الحق نے 20 جولائی کو پہلے ہی طے کر دی تھیں۔ 2 اکتوبر کو، ضیاء کی موت کے چھ ہفتے بعد، سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو شرکت کی اجازت ہونی چاہیے۔ اگرچہ TNFJ ابھی تک سیاسی جماعت کے کردار کے لیے تیار نہیں تھی اور پی پی پی کے ساتھ انتخابی اتحاد کرنے میں ناکام رہی[16]، پارٹی نے متعدد حلقوں سے قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات لڑنے کا فیصلہ کیا[17]۔ لیکن بالکل اسی طرح جیسے 1970ء میں پاکستان کے شیعوں کی اکثریت نے شاید پی پی پی کو ووٹ دیا تھا، اور شیعہ گڑھ علاقوں میں بھی TNFJ کے امیدواروں نے ایک سیٹ بھی نہیں جیتی تھی[18]۔ TNFJ کے کچھ حامیوں نے اِسے فخر کی بات سمجھا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک حقیقی شیعہ تنظیم نے اپنے ایجنڈے کے ساتھ قومی سیاست میں مکمل طور پر حصہ لیا[19]۔ لیکن ساجد علی نے" فرقہ وارانہ مقابلے" کے تاثر سے بچنے کو ترجیح دی[20]۔

اگر TNFJ کی 1988ء کے انتخابات پر کوئی خاص اثر ڈالنے میں ناکامی غیر متوقع نہیں تھی، تو اِن کا ایک اور قسم کا بھیانک اثر بھی تھا: TNFJ، جس کی بنیاد ضیاء الحق کی کچھ کارروائیوں کے ردعمل کے طور پر رکھی گئی تھی اور آمر کے خلاف پروپیگنڈہ اور" سامراج کی کاسہ لیسی" 1984ء سے اِس کی سیاسی گفتگو کا جوہر کزتھی، اب اِسے بے نظیر بھٹو کی جمہوری طور پر منتخب حکومت کا سامنا کرنا پڑا جو سنی اسلامائزیشن کی بجائے سیکولرازم کی وکالت کر رہی تھی[21]۔ ایران عراق جنگ کے خاتمے (20 اگست 1988ء) اور بعد ازاں خمینی کی وفات (3 جون 1989ء)، کے بعد ایران کے حکمرانوں کا مغرب اور اُن کے عرب پڑوسیوں کی طرف زیادہ غیر استدلالی سوچ بھی پاکستان میں شیعوں کو متحرک کرنے کے لیے TNFJ کو انتہائی ڈرامائی بین الاقوامی ایشوز سے بھی محروم کر رہی تھی۔ اگرچہ ساجد علی نقوی کی قیادت میں TNFJ/TJP کافی حد تک فلسطین، لبنان اور دیگر بین الاقوامی ایشوز پر قابض رہی[22]، یہ واضح تھا کہ نئی ترجیحات طے کرنا ہوں گی اور نئے مسائل تلاش کرنا ہوں گے۔

1988ء-93ء کے دوران TNFJ کے لیے سب سے اہم مسائل میں سے ایک حسینی کے قتل کی سازش کا مکمل انکشاف اور تمام مجرموں کو سزا دینے کی جدوجہد تھی۔ لیکن اگرچہ اصل قاتل، تحصیل نوشہرہ (NWFP) کے گاؤں سے تعلق رکھنے والا ایک جمیل اللہ اور اُس کے کئی ساتھیوں کو ستمبر 1988ء میں پہلے ہی پکڑا گیا تھا[23] اور تفصیلی اعترافات ہو گئے تھے، اور TNFJ کے تمام دباؤ کے باوجود متعدد مظاہروں اور پروپیگنڈہ مہموں کے ذریعے کیس، سچ کو چھپانے اور عدل وانصاف سے اِنکار کی شرمناک مشق میں بدل گیا۔ پشاور پولیس کی ایک خصوصی تفتیشی ٹیم نے گینگ کے سرغنہ سراج کے گاؤں ترنگزئی (ضلع چارسدہ) سے ملنے والے اشارے کی بدولت کرائے کے قاتلوں کو تیزی سے گرفتار کرلیا، جو جنرل فضل حق (صوبہ سرحد کے گورنر 1978ء) اور اُن کے بھائی ہاشم خان کا طویل عرصے سے" سیاسی کارکن" رہا تھا[24]۔ دونوں کو بظاہر حسینی (اور اِن کے بعد TNFJ کے تین دیگر سرکردہ ارکان)[25] کو قتل کرنے کی ہدایات کا مکمل علم تھا، جو ضیاء الحق کی سیکیورٹی ٹیم کے رکن کیپٹن ماجد رضا گیلانی نے سراج اور اُس کے ساتھیوں کو پہنچائی تھیں[26]۔ کسی بیرونی ملک کی جانب سے چاہے عراق ہو، سعودی عرب یا امریکہ[27]۔ ہاشم خان، گیلانی اور سراج کو ساتھ لے کر آیا اور دونوں نے قتل کی تیاریوں کے دوران مشترکہ طور پر فضل حق سے

ملاقات بھی کی[28]۔ 8 جون 1989ء کو، جب سراج کی حلفی شہادت پریس میں شائع ہوئی تو تب عوام کو معلوم ہوا[29]۔ ابتدائی نو مہینوں کے دوران پکڑے گئے مجرموں کے اعترافات کو چھپانے کی تمام تر کوششیں کی گئیں اور تفتیشی ٹیم کے ایک مستعد شیعہ رکن عبدالعلی خان بنگش کو قتل کر دیا گیا[30]۔ جونہی اہم حقائق منظر عام پر آئے تو TNFJ نے فضل حق اور ہاشم خان کی گرفتاری کے لیے دباؤ ڈالا۔ مؤخرالذکر کو 24 جون کو جب اُس کی درخواستِ ضمانت مسترد ہوئی تو پشاور کے ایک کمرۂ عدالت سے فرار ہونے کی اجازت دی گئی۔ اِس کے بعد اُس نے سعودی عرب فرار ہونے سے پہلے پنجاب میں چیمہ اور چوہدری زمیندار خاندانوں اور آزاد کشمیر کے وزیر اعلیٰ سردار عبدالقیوم کے ہاں مہمان کی حیثیت سے کچھ وقت گزارا۔ وہاں سے وہ فروری 1991ء میں واپس آیا اور اُسے گرفتار کر لیا گیا لیکن اُسی سال 10 اگست کو اُسی بری کر دیا گیا[31]۔ فضل حق نے بھی صوبہ سرحد (کے پی) کے جسٹس سے پنجاب میں پناہ مانگی، جس پر ضیاء الحق سے متوسّل نواز شریف کی حکومت تھی32۔ امریکہ میں سیاسی پناہ کی درخواست مسترد ہونے کے بعد، وہ لاہور فرار ہو گئے اور 12 جولائی 1989 کو لاہور ہائی کورٹ سے انہیں عارضی ضمانت مل گئی۔ پشاور واپس آ گئے، تاہم، وہ اپنی ضمانت میں توسیع کرانے میں ناکام رہے اور 22 جولائی کو گرفتار کر لیا گیا[33]۔ اِس کے بعد اُن کے وکلاء نے سپریم کورٹ کے لاہور بنچ میں درخواست دائر کی، جب کہ اُن کے اہل خانہ نے سپاہ صحابہ جیسے گروہوں سمیت، اِس مقصد کے لیے سڑکوں پر لانے کے لیے تیار کیا۔ TNFJ کی جانب سے کیے گئے استغاثہ کے وکیل شوکت علی کو پنجاب حکومت نے ہراساں کیا اور 4 اکتوبر کو فضل حق کیس کی سماعت شروع ہونے سے کچھ دیر پہلے ہی اُن کا تبادلہ کرنا پڑا[34]۔

اُس وقت، بھٹو کے ایک وزیر (مختار احمد اعوان) کو ملتان میں قتل کے ایک ٹرائل[35] اور اُن کی پوری حکومت کو قومی اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد سے بچانے کے لیے سیاسی "ہارس ٹریڈنگ" زوروں پر تھی، جو بالآخر یکم نومبر کو ناکام ہو گئی[36]۔ چھ روز قبل سپریم کورٹ کے لاہور بینچ نے فضل حق کو ضمانت دی تھی[37]۔ بظاہر اِس نازک موڑ پر اُن کی رہائی کو یقینی بنانے کے لیے پیپلز پارٹی کے ساتھ کوئی خفیہ معاہدہ ہوا تھا[38]۔ فضل حق کو صدر غلام اسحاق خان سے بھی تحفظ حاصل تھا، جن کے سیاسی کیریئر میں اُنہوں نے پچھلے سالوں میں سہولت فراہم کی تھی[39]۔ اُس کی رہائی کے بعد، اُس نے حسینی کے قتل میں ملوث ہونے کے الزام سے خود کو صاف کرنے کی پوری کوشش کی، یہاں تک کہ کچھ شیعہ مذہبی شخصیات کی خدمات بھی خریدیں[40]۔ نومبر 1990ء میں فضل حق ایک بار پھر صوبہ سرحد کی صوبائی اسمبلی کے لیے منتخب ہوئے لیکن 3 اکتوبر 1991ء کو اُنہیں قتل کر دیا گیا۔ اُن کے بیٹے نے فوری طور پر ساجد علی نقوی، انور علی اخوندزادہ (اس وقت صوبہ سرحد میں TNFJ کے صوبائی سیکرٹری جنرل) اور ایرانی قونصل جنرل حامد رضا شیر خدائی پر قتل کی سازش کا الزام لگایا، لیکن TNFJ کے حامیوں کے علاوہ مشتبہ افراد میں مہمند ٹرائبل ایجنسی کے سیاسی حریف بھی شامل تھے[41]۔

جنوری 1992ء کو جمیل اللہ اور گینگ کے تین دیگر ارکان جنہیں حسینی کے قتل کے لیے اُجرت پر لیا گیا تھا، کا ٹرائل پشاور کی ایک سیشن عدالت میں شروع ہوا۔ اِس کے فوراً بعد کیپٹن ماجد گیلانی، جسے پولیس تین سال سے زائد عرصے سے تلاش کر رہی تھی، کو گرفتار کر لیا گیا اور اِس میں دیگر اعلیٰ شخصیات کے ملوث ہونے کے انکشافات کیے جنہیں عوامی طور پر ظاہر نہ کیا گیا[42]۔ گیلانی کے ذریعے حسینی قتل کی سازش میں ملوث ہونے والوں میں صوبہ سرحد کے سابق وزیر مذہبی اُمور مولانا عبدالباقی (جے یو آئی) بھی شامل تھے43۔ گیلانی، جو ابتدا میں "مکمل سچائی ظاہر کر کے اپنے ضمیر کو صاف کرنے" کا خواہشمند تھا، اُس نے عدالت میں اپنے اعترافی بیانات کے مسخ شدہ ورژن کی تصدیق

کرنے سے انکار کر دیا، وہ اپنی ہوشمندی کے امتحان میں پیش ہونے کے بعد دل کی مکمل تبدیلی سے گزر گئے اور مبینہ طور پر اُس نے کچھ اعلیٰ شخصیات سے ملاقاتیں کیں جن میں صدر غلام اسحاق خان بھی شامل تھے۔

اپریل 1993ء میں اُس نے اپنے سابقہ عتراف جرم کو منسوخ کر دیا، اور اہم گواہ سراج نے اچانک اُسے نہ پہچاننے کا بہانہ کر دیا[44]۔ 31 جولائی 1993ء کو اِس مقدمے کا شرمناک انجام اُس وقت ہوا جب سیشن جج فضل الرحمان نے تمام ملزمان کو بری کر دیا، حتیٰ کہ قتل کا اقرار کرنے والے قاتل جمیل اللہ بھی[45]۔ TNFJ نے اِس فیصلے کے خلاف اپیل کی، لیکن کیس مزید اٹھارہ سال تک چلتا رہا، یہاں تک کہ 2011ء میں پشاور ہائی کورٹ نے اپیل کو بالآخر مسترد کر دیا۔ اُس وقت، سابقہ دس ملزمان میں سے صرف تین زندہ تھے[46]۔

حسینی قتل کیس کو ہینڈل کرنے سے نہ صرف پاکستان مسلم لیگ کی مبینہ طور پر جرم پر اُکسانے والوں کے ساتھ کچھ ملی بھگت ظاہر ہوئی بلکہ پی پی پی کی طرف سے بھی دلچسپی کا کافی فقدان نظر آیا، جس نے اگست 1990ء تک وفاقی اور صوبہ سرحد (کے پی) دونوں کی صوبائی حکومتوں کی سربراہی کی۔ اِس لیے TNFJ کو اِس بات کا خدشہ تھا کہ 1988ء کے انتخابات میں اپنی پہلی ناکام کوشش کے بعد اُسے کن اتحادیوں کے ساتھ سیاسی کھیل میں حصہ لینا چاہیے۔ دسمبر 1989ء میں ساجد علی نقوی نے پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات کے سابق پروفیسر طاہر القادری کی دعوت کے حق میں جواب دیا جنھوں نے اُسی سال مئی میں ایک سہ فریقی سیاسی اتحاد کے بارے میں بات چیت کے لیے پاکستان عوامی تحریک کی بنیاد رکھی تھی[47]، جس میں اصغر خان کی تحریک ستقلال بھی شامل تھی۔ تینوں رہنماؤں کی پہلی ملاقات 29 دسمبر کو ہوئی، اِس کے بعد مشترکہ اعلامیہ 9 جنوری 1990ء کو شائع ہوا (اِقتباسات):

ملک کی موجودہ مخدُوش سیاسی، معاشی اور سماجی صورتحال میں ایک ایسی سیاسی قوت کو لانے کی اشد ضرورت ہے جو ایماندار اور فعال ہو، جس کی فکر اور پروگرام قرآن و سنت پر مبنی ہو، جو انقلابی ہو، فلاح و بہبود پر مبنی ہو اور جمہوری طریقے سے کام کرنے والی ہو؛ جو سیاست کو کاروبار کی بجائے عوام کی خدمت کی ضرورت سمجھتی ہو؛ جس کا آغاز سیاسی انقلاب سے بھرپور جدوجہد سے شروع ہو جو استحصالی اور ناکارہ طبقے کو بااصول، قابل اور مخلص لوگوں تک منتقل کرے، جس سے ایک ایسا انقلاب برپا ہو گا کہ پاکستان کو ایک عظیم اسلامی جمہوری فلاحی ریاست بنا دے گا۔۔۔

ہم پاکستان کے مظلوم اور محروم عوام سے موجودہ جابرانہ، استحصالی اور سامراجی نظام کے خلاف اس عظیم جہاد میں شامل ہونے کی اپیل کرتے ہیں۔ اِس سلسلے میں پہلا تاریخی انقلابی جلسہ 2 مارچ 1990ء کو مینارِ پاکستان لاہور میں منعقد ہو گا۔۔۔[48]

نئے اتحاد کو" برصغیر پاک و ہند میں مختلف مذہبی فرقوں کے درمیان تعلقات میں ایک سنگ میل" کے طور پر پیش کیا گیا[49]، اس نے 19 نکاتی "پاکستان کو ایک جدید اسلامی جمہوری فلاحی ریاست میں تبدیل کرنے کے لیے انقلابی پروگرام" بھی پیش کیا۔ اِس میں

"قرآن وسنت کی مکمل حکمرانی" (1)، "سامراجی تسلط" کا خاتمہ (2)، تمام شہریوں کے لیے تعلیم اور صحت کی خدمات کی فراہمی (7)، بے روزگاری، لاقانونیت، کرپشن، ناانصافی اور دیگر برائیوں کا خاتمہ شامل تھا۔ فرقہ وارانہ، لسانی اور علاقائی جنونیت (12)، اور "اقلیتوں کے حقوق کا مکمل تحفظ"[50]۔ اِس طرح کی بلند بانگ بیان بازی اُس وقت پاکستان کے سیاسی گروہوں میں تقریباً معیاری تھی، جن میں وہ "ظالم" بھی شامل تھے جن سے دستخط کرنے والے چھٹکارا چاہتے تھے۔ لاہور میں جلسۂ عام کو بعد میں منسوخ کر دیا گیا اور سہ فریقی اتحاد کو کچھ مہینوں کے بعد تقریباً فراموش کر دیا گیا[51]، حالانکہ اِس کے اراکین 1990ء کی دہائی کے بیشتر عرصے میں ایک دوسرے کے ساتھ دوستانہ تعلقات پر قائم رہے۔

6 اگست 1990ء کو صدر کی طرف سے بے نظیر بھٹو کی حکومت اور تمام اسمبلیوں کی برطرفی نے TNFJ کو سیاست میں آنے کا ایک بہتر موقع فراہم کیا۔ 1988ء کے برعکس، پی پی پی کو اب اتحادیوں کی ضرورت تھی اور اُس نے بالترتیب 24 اور 27 اکتوبر کو قومی اور صوبائی انتخابات لڑنے کے لیے پاکستان ڈیموکریٹک الائنس (PDA) تشکیل دیا[52]۔ 30 اور 31 اگست کو ساجد علی نقوی نے اسلام آباد میں آصف علی زرداری اور فاروق لغاری سمیت پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سے ملاقات کی اور تعاون پر اصولی معاہدہ کیا[53]۔ TNFJ نے PDA کی انتخابی مہم میں بھرپور حصہ لیا اور اِسے کچھ حلقوں میں PDA کے ٹکٹ الاٹ کیے گئے[54] لیکن اس کے اُمیدواران انتخابات میں PDA کی عام شکست کا شکار ہو گئے۔[55] بھٹو کی طرح، ساجد علی نقوی نے بھی فاتح آئی جے آئی کی طرف سے انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے خلاف احتجاج کیا، لیکن اُنہوں نے TNFJ کے حامیوں سے پرسکون رہنے اور صبر کرنے کی اپیل کی[56]۔ انتخابات کی تاریخ سے پہلے ڈاکٹر محمد علی نقوی نے پیش گوئی کر دی تھی کہ TNFJ-PPP کا اتحاد قلیل المدت رہے گا، کیونکہ PPP نہ تو امریکہ کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے اور نہ ہی فرقہ پرست سنی ملاؤں کا؛ پھر بھی یہ اتحاد TNFJ کے لیے فائدہ مند ہو گا، کیونکہ یہ "فرقہ وارانہ اُفق سے اُوپر بلند ہو گا" اور پاکستان میں "سیاسی منظرنامے کا حصہ" بن جائے گا[57]۔

ساجد علی نقوی کے ابتدائی سالوں میں TNFJ کے لیے تیسرا اہم مسئلہ سیاسی عزائم اور حسینی قتل کیس کے علاوہ فرقہ وارانہ تشدد تھا۔ فروری 1990ء میں حق نواز جھنگوی کے قتل کے بعد سے یہ بہت زیادہ بڑھ گیا تھا اور اِس کے بعد سے پاکستان کے شیعوں کے لیے سب سے بڑا مسئلہ بن گیا تھا[58]۔ فیصل آباد میں TNFJ سپریم کونسل کے اجلاس (11-12 مئی 1990ء) کے دوران جھنگ اور دیگر کئی مقامات پر حالیہ فرقہ وارانہ حملوں کے بارے میں رپورٹس سننے کے بعد، شرکاء اس نتیجے پر پہنچے کہ اِن تمام معاملات میں حکام نے اپنی نااہلی اور شیعوں کے ساتھ تعاون کرنے پر ناخوشی ظاہر کی تھی۔ اس لیے ایک "مرکزی جعفریہ فنڈ" اور "مرکزی دفاعی کونسل" بنانے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ غیر متوقع واقعات پر فوری ردعمل کا اظہار کیا جا سکے، پاسبانِ اسلام کو مضبوط کیا جا سکے[59]، TNFJ کے اراکین کے لیے ہتھیاروں کی خریداری اور فوجی تربیت، اور انہیں سیلف ڈیفنس کا جذبہ سکھائیں۔ "وہابیت" کا مقابلہ کرنے کے لیے پروپیگنڈے کے تمام ذرائع استعمال کیے جائیں، جبکہ ساتھ ہی TNFJ کو فرقہ واریت کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کے لیے "اتحادِ مسلمانان" کے لیے کام کرنا ہو گا[60]۔ 12 جولائی 1990 کو TNFJ نے 1400 ویں (ہجری) عید الغدیر کے موقع پر راولپنڈی کے لیاقت باغ میں ایک بڑا جلسہ کرنے کا منصوبہ بنایا گیا[61] لیکن اِس کی اجازت نہ دی گئی۔ اپنی تقریر میں ساجد علی نقوی نے امام بارگاہ یادگارِ حسینی (سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی)، جہاں مرکزی تقریبات منتقل

کی گئی تھیں، میں فرقہ واریت کے مسئلے کو یوں مخاطب کیا (اقتباسات):

ماضی قریب میں ہم نے بہت قربانیاں دی ہیں ... اور بہت زیادہ خاموشی اختیار کی ہے۔ غیرت کا احساس رکھنے والے لوگوں کے لیے خاموش رہنا بہت مشکل ہے۔ ہم نے ہر قسم کی ذاتی توہین برداشت کی ہے لیکن ہم اہل بیت کے خالص شیعہ مذہب کی توہین برداشت نہیں کر سکتے۔ اور پھر بھی ہم نے تحمل اور بردباری کے ساتھ ردعمل کا مظاہرہ کیا ہے۔ ہمیں توقع تھی کہ یہاں کی حکومتیں اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گی اور قانون کا نفاذ ہوگا۔ اب دیکھتےہینکیا ہوتا ہے؟ اِس ملک میں انارکی کا دَوردورہ ہے۔ گیارہ سالہ آمریت میں ہمارے گھر جلائے گئے، ہمارے گاؤں لوٹے گئے، ہماری حرمتیں تباہ ہوئیں اور ہمارے سیکڑوں لوگ شہید ہوئے۔ گزشتہ گیارہ سالوں میں آمریت کے خلاف اتنی قربانیاں اور جدوجہد کسی اور جماعت نے نہیں کی جتنی TNFJ نے کی۔ ہمیں توقع تھی کہ جمہوریت کے آنے سے ملک کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ امن و امان کے مسائل ہیں، معیشت کے، سیاسی بدعنوانی کے، تمام کو حل کرنا ہے۔ اور ہمیں توقع تھی کہ ہمارے بنیادی حقوق، ہمارے مذہبی حقوق، ہمارے آئینی حقوق، ہمارے انسانی حقوق مل جائیں گے۔ لیکن ہم نے دیکھا ہے کہ جو حکومتیں برسراقتدار آئیں وہ ہماری توقعات پر پورا نہیں اُتریں۔

صوبائی حکومتیں ہوں یا مرکزی حکومت، یہ حکومت ایک ملا پر بھی قانون نافذ نہیں کر سکتی۔۔۔اگر ایک ملا پر قانون نافذ نہیں کر سکتی تو پورے ملک میں قانون کیسے نافذ کرے گی[62]؟

یہ تقریر خاص طور پر TNFJ کے پی پی پی کے ساتھ انتخابی اتحاد میں شامل ہونے سے دو ماہ قبل منعقد ہوئی تھی (اوپر ملاحظہ کریں)۔ 23 اگست 1990ء کو ایک تقریر میں ساجد علی اور زیادہ واضح ہو گئے (اقتباسات):

TNFJ کے پلیٹ فارم سے اب تک کسی بھی فرقے کے مسلمان کو کافر نہیں کہا گیا۔ (اگر کسی شیعہ نے کسی دوسرے کو کافر کہا ہے تو اس نے انفرادی طور پر عمل کیا ہے۔) اگر ہم میں سے کسی نے ایسا کیا ہے تو اُس نے کئی بار سوچا ہوگا۔ عالمی سامراج ہماری تحریک کو اسلامی انقلاب کی راہ سے ہٹانے کے لیے ہمارے خلاف فرقہ واریت کا زہر استعمال کر رہا ہے... ہم نے اِس پرتشدد ماحول اور نازک حالات میں کبھی صبر کا دامن نہیں چھوڑا، لیکن ہم کب تک صبر اور قربانیاں پیش کر سکتے ہیں؟ اس ملک میں قانون کا نفاذ نہیں ہو رہا۔ کچھ چھپے ہاتھ ہیں جو جب چاہیں قتل اور جارحیت کر سکتے ہیں... اِن میں سے کچھ تنظیمیں شہید حسینی کے قتل میں ملوث رہی ہیں۔ پچھلے دو سالوں میں بدلہ لینا آسان ہوتا لیکن ہم نے خود کو ملک کے قانون کے مطابق چلنے دیا ... اب

تک کوئی مثبت نتیجہ نہیں نکلا۔ اگرانتشار کا زہر مزید پھیلا تو دوسرے بھی اِس سے بچ نہیں پائیں گے[63]۔

اگرچہ 1990ء کی دہائی میں شیعوں کے خلاف تشدد کے واقعات میں اضافہ ہوتا تھا،لیکن ساجد علی عسکریت پسند فرقہ واریت کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے بنیادی طور پر مفاہمت کا رویہ بھی ترک نہیں کیا۔ پہلے ہی جنوری 1990ء میں، سید علی خامنہ ای نے، جب ساجد علی کو پاکستان میں اپنا وکیل مقرر کیا تھا، تو اُنہوں نے بڑی احتیاط کے ساتھ آگے بڑھنے اور شیعہ سنی اتحاد کے لیے کوشش کرنے کی تلقین کی تھی[64]۔ اگرچہ ISO اور TNFJ کے بہت سے سخت گیر نوجوانوں نے اُن کی معتدل لائن کو سراہا نہیں تھا، جنہوں نے 1993ء میں SSP اور دیگر شدت پسند سنی گروپوں کا مقابلہ کرنے کے لیے عسکریت پسند تنظیم سپاہِ محمد کی بنیاد رکھی تھی[65]، بلاشبہ یہ ایک ٹھوس حکمت عملی تھی، جس نے پاکستان میں شیعوں کی آبادی کی پریشان کن خطرناک صورتحال کو ظاہر کیا تھا۔ بعض اوقات اِس کے معقول نتائج بھی برآمد ہوئے۔ ایک مثال TNFJ کی کامیابی تھی کہ" شریعت بل" میں اِس طرح ترمیم کی گئی کہ 1991ء میں اِس کے نفاذ کے وقت اِسے شیعوں کی قانونی حیثیت کے لیے خطرہ نہیں سمجھا گیا۔

1985ء سے جے یو آئی کا" پرائیویٹ شریعت بل" اور 1986ء میں حکومت کی طرف سے پیش کردہ متبادل ورژن دونوں کی TNFJ نے حنفی سنی تعصب کی وجہ سے سخت مخالفت کی تھی[66]۔ پھر جون 1988ء میں ضیاء الحق، جنہوں نے جونیجو حکومت کو برطرف کرنے کے لیے" اسلامائزیشن میں تاخیر" کو ایک بہانہ بنایا تھا، نے ایک نام نہاد شریعت آرڈیننس جاری کیا۔ یہ اُن کی موت سے دو دن پہلے نافذ العمل ہوا لیکن فروری 1989ء میں اِس کی میعاد ختم ہوگئی، کیونکہ پیپلز پارٹی کی حکومت اِسے قومی اسمبلی سے منظور کرانے میں دلچسپی نہیں رکھتی تھی۔ 1990ء کی انتخابی مہم کے دوران، IJI نے" اِس ناکامی کا ازالہ" کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ اِس طرح نواز شریف نے نومبر 1990ء میں وزارت عظمیٰ کا عہدہ سنبھالنے کے فوراً بعد اِس مسئلے کو نمٹا دیا[67]۔ لیکن شریف خود سنی مذہبی جماعتوں کو بھی کوئی اضافی فائدہ نہیں دینا چاہتے تھے، اور اُنہوں نے اِس بات کو یقینی بنایا کہ اصل بل کو تسلیم کرنے سے باہر کر دیا جائے[68]۔ اُنہوں نے ساجد علی نقوی سے اُن کی تجاویز بھی سنیں۔ TNJF کے مطالبے کے جواب میں، تمام تسلیم شدہ مسلم مکاتب فکر کو نام کے ساتھ درج کیا گیا، اور آئین کے آرٹیکل 227- جس میں صرف مختلف فرقوں کے پرسنل لاء کا ذکر تھا- کو 16 مئی 1991ء کو شریعت بل کی منظوری کے ساتھ ہی منسوخ کر دیا گیا[69]۔

اُس کامیابی کے علاوہ، تاہم، نواز شریف بطور وزیر اعظم کی پہلی ٹرم (1990-93) کے دوران TNFJ پر دباؤ بڑھ گیا۔ IJI نے SSP کو سیاسی عزت دلانے میں اپنا حصہ ڈالا، جس نے اکتوبر 1990ء کے انتخابات میں اپنے امیدوار اسرار الحق قاسمی کو جھنگ سے قومی اور صوبائی اسمبلی دونوں نشستیں جیتنے میں مدد فراہم کی[70]۔ قاسمی کے قتل کے بعد جنوری 1991ء میں- انتخابات میں چودہ ماہ کی تاخیر ہوئی لیکن ایک بار پھر SSP کے امیدوار اعظم طارق نے کامیابی حاصل کی[71]۔ اگرچہ اُس وقت تک نواز شریف SSP کی بنیادی تنظیم JUI-S سے علیحدگی اختیار کر چکے تھے اور مسلم لیگ کے دو امیدوار طارق کے خلاف انتخاب لڑ چکے تھے[73]، شریف حکومت اور اُن کی پارٹی کے آدمی غلام حیدر وائیں (1990ء-93ء) کی پنجاب صوبائی حکومت میں جھنگ اور دیگر جگہوں پر فرقہ وارانہ تشدد کی بڑھتی ہوئی لہر کو روکنے کے لیے سیاسی عزم اور اخلاص کا فقدان تھا۔ ضیاء الحق کی طرز پر، جنہوں نے سنی مذہبی جماعتوں کو پیپلز پارٹی کے خلاف چھڑی کے طور

پر استعمال کیا تھا، شریف اپنے بنیادی سیاسی حریف کو دور رکھنے کے لیے مذہبی لابی کو رجھانے میں مائل رہے۔ تاہم، 1992ء کے موسم خزاں میں، اُن کی وزارتِ داخلہ نے اشارے دیے کہ حکومت ”فرقہ واریت کو فروغ دینے والی تنظیموں“ پر پابندی لگانے پر غور کر رہی ہے جو نہ صرف SSP بلکہ TNFJ اور ISO کو بھی متاثر کرے گی[74]۔ نومبر 1992ء میں TNFJ کے نام سے ”نفاذ فقہ جعفریہ“ کا حوالہ ہٹانے اور تنظیم کا نام تحریک جعفریہ پاکستان (TJP) رکھنے کے فیصلے کی ایک وجہ یہ تھی۔ ایک اور حقیقت یہ تھی کہ پاکستان میں اقتدار کے لیے مقابلہ کرنے والی دو بڑی جماعتوں میں سے کوئی بھی قانون کی مزید اسلامائزیشن میں دلچسپی نہیں رکھتی تھی، جیسا کہ 1991ء کے شریعت بل کے واقعہ نے دکھایا تھا۔ مرکزی شیعہ تنظیم کو کم ”جارحانہ“ اور زیادہ جدید نام دینے کا خیال ڈاکٹر محمد علی نقوی کی طرف سے آیا ہے[75]۔ اِس کا اعلان 1993ء کے اوائل میں کیا گیا تھا اور 16 اپریل 1993ء کو فیصل آباد میں TJP کے پہلے کنونشن کے دوران مکمل طور پر نافذ کیا گیا تھا، جو تنظیمی اُمور کے لیے وقف تھا[76]۔ اِس کنونشن سے اپنی تقریر میں، ساجد علی نقوی نے TJP کی سرگرمیوں کے بڑھتے ہوئے دائرہ کار کو مالی اعانت فراہم کرنے کے لیے خُمس کی وصولی کو خصوصی اہمیت دی (اقتباسات):

[شیعہ] قوم کو اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی طرح سُستی یا کوتاہی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے، اور مذہبی واجبات (وجوہاتِ شریعہ) ادا نہ کرنے کے جُرم کی شِدّت سے آگاہ ہونا چاہیے۔ اپنے واجبات خود ادا کریں اور اُن بھائیوں کو اِس کی ضرورت پر توجہ مبذول کرائیں جو ابھی تک اِس فریضہ سے غفلت برتتے ہیں، پنجاب میں ادائیگی نہ کرنے والوں کو اِس سسٹم کے مطابق بنانے کی کوشش شروع ہو گئی ہے۔ آپ نے یقیناً جعفریہ ویلفیئر فنڈ کے بارے میں سنا ہوگا۔ اِس نظام کا قیام ایک دینی فریضہ ہے جسے ہم نے بہت سوچ سمجھ کر شروع کیا ہے۔ ہمارے دینی مدارس اور تمام مذہبی تنظیموں کا اِستحکام اِس نظام کی کامیابی پر منحصر ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ [ایران میں] اسلامی انقلاب کامیاب رہا ہے، کیونکہ وہاں مرجعیہ کے ادارے کے پاس کبھی بھی فنڈز کی کمی نہیں رہی، اور خُمس کے نظام کی بدولت ہمیشہ خود کفیل رہی ہے۔ اِس لیے شیعوں کو آگاہ کریں۔ خاص طور پر وہ لوگ جو ابھی تک خُمس ادا نہیں کرتے ہیں اُن کو چاہیے کہ غفلت کی دنیا سے نکل آئیں اور اپنے دینی، اِلٰہی اور سماجی فریضے کی پابندی کریں اور خدا اور اُس کے بندوں کے واجبات ادا کریں۔۔۔[77]

مذکورہ جعفریہ ویلفیئر فنڈ 1990ء کے اواخر میں قائم کیا گیا تھا۔ اُس وقت TNFJ کے دفاتر سے تقسیم کیے گئے ایک پمفلٹ میں ساجد علی نے اِن الفاظ کے ساتھ ”نئے نظام“ کا پرچار کیا تھا (اقتباسات):

... خُمس دین کی ضروریات میں سے ایک ہے، اِس کی تنسِیخ (انکار) کا مطلب محمد و آلِ محمد سے اِنحراف ہے۔ آپ یقیناً جانتے ہوں گے کہ اہل بیت کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں میں سے ایک اُن کے خمس کے خصوصی حق سے انکار بھی تھا... اس اِنکار کا سب سے اہم مقصد اُن کی معاشی حالت کو

خراب کرنا تھا۔

خدا کا شکر ہے کہ تمام شیعہ خُمس کے واجب ہونے پر یقین رکھتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے اکثر اِس کی عملی تکمیل میں غفلت برتتے ہیں۔ درحقیقت خُمس ایک آفاقی نظام ہے، جس کے مکمل نفاذ کے بعد قوم کے بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں... مزید کسی خاص چندہ کی ضرورت نہیں رہے گی... خُمس ایک مذہبی فریضہ ہے، جسے اہلِ ایمان کے شعور سے تحریک ملتی ہے۔ لہذا سیاسی اِقتدار کی باگ ڈور جس کے پاس بھی ہو، ہم ... بحیثیت قوم اپنے وقار اور اہل بیت کی عظمت کے لیے اہم کام کر سکیں گے بشرطیکہ ہم اپنے معاشی نظام کی پیروی کریں... تمام شیعوں کو اِس فرض کی پابندی کرنی چاہیے اور تمام بڑے اور چھوٹے قصبوں میں ہماری طرف سے مُقرر کردہ افراد کے ساتھ مکمل تعاون کرنا چاہیے ...[78]

مذکورہ پمفلٹ ایک انتباہ کے ساتھ بند کیا گیا تھا کہ نئے نظام سے دینی مدارس متاثر نہیں ہونے چاہئیں۔ لہٰذا وہ شیعہ جو پہلے ہی اپنے اپنے علاقے کے مدارس یا علماء کے لیے خُمس اور زکوٰۃ ادا کر چکے ہیں، جعفریہ ویلفیئر فنڈ کی ادائیگی کے لیے رابطہ نہ کیا جائے، بلکہ صرف اُن لوگوں سے رابطہ کیا جائے جنہوں نے اب تک کوئی مذہبی واجبات ادا نہیں کیے ہیں[79]۔ TNFJ/TJP کا ملک بھر میں شیعہ مذہبی واجبات کے جمع کرنے والے کا کام سنبھالنے کا مقصد شاید ہی ایک "غیر فرقہ وارانہ" پارٹی بننے کے اپنے اعلان کردہ ہدف کے مطابق تھا۔ یہ معلوم نہیں کہ اس طرح کی اپیلیں کس حد تک کامیاب ہوئیں، لیکن ساجد علی نے بارہا یہ دعویٰ کیا ہے کہ TJP خُمس کے نظام کے ذریعے مکمل طور پر خود کفیل تھی اور اُسے پاکستان کے باہر سے کبھی کوئی مالی مدد نہیں ملی[80]۔ اس کے آفس کی رپورٹ کے مطابق۔ 1992ء-94ء تک اِن سالوں میں اپنی سرگرمیوں پر TNFJ/TJP نے 22 ملین روپے سے زائد (ممکنہ طور پر جعفریہ ویلفیئر فنڈ سے) امداد اور خیراتی کاموں پر خرچ کیے ہیں جو درج ذیل ہیں[81]:

ٹیبل 2: 1992ء سے 1994 تک خیراتی کاموں پر TNFJ/TJP کے اخراجات

مساجد، دینی مدارس اور امام بارگاہوں کی تعمیر	4,564,326 روپے
سادات	3,353,619 روپے
غیر سادات	1,474,085 روپے
سیلاب زدگان	2,807,677 روپے
اسیران	2,264,686 روپے
شادیاں	1,926,617 روپے
علاج معالجے	1,223,665 روپے

(شیعہ)افغان پناہ گزین	1,078,454روپے
گھروں کی تعمیر	874,822روپے
علماء	868,769روپے
تعلیم	520,622روپے
شمالی علاقہ جات (گلگت بلتستان)	270,358روپے

پاراچنار	180,661روپے
عراقی پناہ گزین	159,220روپے
نوربخشی طلباء	7,540روپے

اِس لسٹ میں TNFJ/TJP کی اُن سالوں کی مزید سرگرمیوں کی لاگت شامل نہیں ہے، جیسے کنونشنز اور کانفرنسز82، اشاعتیں[83]، سفری اخراجات،[84] وکلاء[85]، خط وکتابت[86]، انتخابی مہم کے اخراجات، سیکورٹی اور دیگر۔ اِس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ تنظیم کو بہت زیادہ سالانہ بجٹ کی ضرورت تھی، لیکن یہ بھی کہ اِسے بیرون ملک سے ملنے والی مدد سنی مذہبی گروہوں کی کئی تنظیموں سے کم تھی۔ TNFJ کے رہنماؤں کی طرف سے شیعوں کو اپنے" مذہبی واجبات" کی ادائیگی کے لیے تلقین کرنے کی تمام تر کوششوں کے باوجود، پاکستان کے شیعوں نے عزاداری اور مجالس پر بے دریغ خرچ کرنے کی اپنی دہائیوں پرانی عادت کو تبدیل نہ کیا، بلکہ اپنے 'علماء'، مدارس اور گروہی تنظیموں پر، اپنے سنی ہم وطنوں کے مقابلے میں، ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کیا ہے۔

1993 میں، TJP نے ایک بار پھر سیاسی طور پر پیپلز پارٹی کے ساتھ اتحاد کرنے کی کوشش کی۔ اِس کے اراکین کو جولائی میں دارالحکومت تک بے نظیر بھٹو کے ایک منصوبہ بند" لانگ مارچ" میں شامل ہونے کے لیے بلایا گیا[87]، اور جب نگراں حکومت نے جلد نئے انتخابات کی راہ ہموار کی، تو TJP نے چند دنوں کے اندر ایک وفد بھٹو کے پاس بھیجا تاکہ اتحاد کی شرائط پر بات چیت کی جاسکے۔ TJP نے اپنے امیدواروں کے لیے PDA کے تقریباً 6 فیصد ٹکٹوں کا مطالبہ کیا، لیکن PPP صرف کچھ حلقوں میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ کرنے کے لیے تیار تھی۔ انتخابی تاریخوں (6 اور 9 اکتوبر) سے کچھ ہفتے پہلے TJP نے اتحاد کو" عملی طور پر مردہ" قرار دیا تھا، تب اپنے امیدواروں سے آزاد طور پر اِنتخاب لڑنے کا مطالبہ کیا[88]۔ اِس کے بعد سے اس کا مقصد" پی پی پی کو اُس کے وعدے کی خلاف ورزی کی سزا دینا" اور اپنا ووٹ بنک بنانے کے ساتھ ساتھ شیعوں کو قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں منتخب ہونے میں مدد کرنا تھا[89]۔ ایک بار پھر TJP کا ایک بھی اُمیدوار منتخب نہیں ہوا، لیکن TJP نے خود کو مبارکباد دی کہ اُس نے اپنی مدد کے ذریعے بہت سے دوسرے لوگوں کی جیت کو یقینی بنایا[90]۔

1990ء کی دہائی میں فرقہ وارانہ انتقام

اگرچہ ضیاء الحق کی حکمرانی نے شیعہ مخالف انتہا پسندی کو تیزی سے فروغ دینے میں سہولت فراہم کی تھی، لیکن یہ صرف 1990ء کی دہائی میں ہی تھا کہ شیعوں کے خلاف فرقہ وارانہ تشدد روزمرہ کا مسئلہ بن گیا، جس نے ملک کے تقریباً تمام حصوں کو متاثر کیا۔ یہ پیشرفت 1980ء کی دہائی سے پاکستانی معاشرے کی عمومی بربریت کا سب سے نمایاں پہلو رہا ہے جس کا بڑے پیمانے پر ضیاء اور اُس کی باقیات پر الزام لگایا جاتا رہا ہے[91]، خاص طور پر افغان جنگ میں پاکستان کی شمولیت۔ 1990ء کی دہائی کے دوران (اور اِس سے زیادہ 2001ء کے بعد)، سیکورٹی کی جستجو TNFJ/TJP اور دیگر شیعہ تنظیموں کے لیے سب سے اہم مسئلہ بنی ہوئی ہے، جس نے شیعوں کے پرانے مطالبات جیسے الگ دینیات اور اوقاف یا فقہ جعفریہ کے نفاذ کو مکمل طور پر ختم کر دیا۔ دوسری طرف، جب کہ واضح طور پر سنی اکثریت کے اندر جنونی عناصر کے ہاتھوں بڑے پیمانے پر شیعہ سب سے پہلے نشانہ بنے، انتہا پسند شیعہ گروہوں نے بتدریج ردعمل کا اظہار کیا، جس میں بے ترتیب متاثرین کا اندھا دھند قتل بھی شامل ہے۔ اِس طرح اِس دہائی میں شیعہ سنی تنازعہ ایک حقیقی انتقام میں بدل گیا۔

منتخب وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے، اپنی طرف سے، عسکریت پسند فرقہ واریت کو روکنے کے لیے متعدد کوششیں کیں، لیکن اُن میں سے زیادہ تر محض ایڈہاک ایکٹیوزم کا مظاہرہ تھیں جن میں مستقل مزاجی اور اعتماد کا فقدان تھا۔ یہ خاص طور پر مسلم لیگ کی زیر قیادت حکومتوں کے بارے میں سچ تھا، جو ہمیشہ سیاسی مصلحت سے ہٹ کر SSP سمیت سنی مذہبی لابیوں کو ترغیب دینے میں مائل رہتی تھیں۔ لیکن پی پی پی کی قیادت بھی اکثر مواقع پر مذہبی جماعتوں کے ساتھ تنازعات سے گریز کرتی رہی اور اِس نے 1993ء سے 1996ء تک جے یو آئی کے ایک دھڑے کے ساتھ اتحاد بھی کر لیا[92]۔ تاہم، مسلم لیگ اور پی پی پی دونوں کا فرقہ وارانہ انتہا پسندوں کی طرف رویہ گاجر اور چھڑی (Stick and Carrot) کے درمیان ہمیشہ غیر قطعی رہا۔ سیکورٹی فورسز کی طرف سے سخت پابندیوں اور عسکریت پسند فرقہ وارانہ رہنماؤں کی گرفتاریوں کو "امن معاہدوں" کی خاطر اعلیٰ سطحی میٹنگوں میں اُنہیں مدعو کر کے تبدیل کیا گیا، اور حتیٰ کہ کابینہ عہدوں پر اُن کی پروموشن بھی کی گئی۔

1990ء سے 1995ء تک کے سالوں کے دوران، SSP اور TNFJ/TJP کے آفس ہولڈرز فرقہ وارانہ حملوں کا اہم ہدف رہے ہیں۔ تاہم، اگست 1988ء میں TNFJ کے رہنما حسینی کا قتل ابھی تک" فرقہ وارانہ جنگ" کا حصہ نہیں تھا[93]، اور بظاہر SSP کا اِس میں کوئی ہاتھ نہیں تھا۔ یہ صرف 22 فروری 1990ء کو حق نواز جھنگوی کا قتل تھا جس نے شیعہ اور سنی دونوں کے 'علماء' اور گروہی کارکنوں کے قتل کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع کر دیا، اِس کے علاوہ شیعوں کے خلاف سڑکوں پر تشدد کی سطح اور تعدّد میں کافی اضافہ ہوا۔ جھنگ سے تعلق رکھنے والے چار شیعوں پر حق نواز کو قتل کرنے کا الزام لگا اور اُنہیں 1991ء میں سزا سنائی گئی[94]، حالانکہ یہ واضح نہیں تھا کہ آیا اُنہوں نے TNFJ، ضلعی شیعہ زمینداروں، یا سنی سیاست دان شیخ محمد اقبال کی طرف سے یہ کام کیا تھا، جنہوں نے SSP کے گڑھ وسطی جھنگ میں بار بار الیکشن لڑا تھا یہاں تک وہ 1995ء میں خود قتل ہو گیا[95]۔ 1991ء میں شیخ اقبال پر یہ بھی شبہ تھا کہ اُس نے SSP کے وائس چیئرمین اسرار الحق قاسمی کے قتل کا حکم دیا تھا جنہوں نے 1990ء کے انتخابات میں دو نشستیں جیتی تھیں[96]، اور اُسے عارضی طور پر گرفتار کیا

گیا[97]۔ اِس کے باوجود جھنگ میں تشدد، جس نے پہلے ہی 1990ء-91ء میں بڑے مادی نقصانات کے علاوہ[98] درجنوں افراد کو ہلاک اور سینکڑوں کو زخمی کر دیا تھا، بنیادی طور پر شیعوں کے خلاف تھا، جس میں متعدد SSP کے حامیوں کی انتقامی ہلاکتیں بھی ہوئی۔ طویل عرصے تک وہاں کرفیو نافذ کرنا پڑا، جب کہ جرائم پیشہ گروہ، جو اپنی سرگرمیوں کو چھپانے کے لیے SSP کے ساتھ شامل ہوئے تھے، نے شیعہ اور سنی دونوں آبادی کو یرغمال بنائے رکھا۔ جب قاسمی کی خالی ہونے والی قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستوں کے لیے بالآخر مارچ 1992ء میں ضمنی انتخابات ہوئے تو SSP نے دھمکی دی کہ اُس کے امیدوار اعظم طارق (1991ء سے SSP کے وائس چیئرمین) کی شکست برداشت نہیں کی جائے گی۔ اُنہیں جے یو آئی کے دونوں دھڑوں اور یہاں تک کہ جماعت اسلامی نے بھی سپورٹ کیا اور وہ 1990ء کے قریبی مارجن سے منتخب ہو گئے[99]۔ دو ماہ بعد SSP کے امیدوار میاں عابد حسین، اعظم طارق کی خالی کردہ صوبائی اسمبلی کی نشست پر بلا مقابلہ منتخب ہو گئے[100]۔

محمد اعظم طارق (1961ء-2003ء)، چیچہ وطنی (ضلع ساہیوال) میں پنجابی مہاجر والدین کے ہاں پیدا ہوئے، کراچی کی ایک مسجد کے پیش امام کے طور پر SSP کے اندر نمایاں ہوئے۔ مبینہ طور پر اُس نے اور دیگر SSP رہنماؤں نے ایم کیو ایم کی مثال سے پرتشدد سیاسی بلیک میلنگ کے فن کے بارے میں بہت کچھ سیکھا ہوا تھا[101]۔ جھنگ میں اپنی پوزیشن مستحکم کرنے کے بعد، اعظم طارق اور ضیاء الرحمان فاروقی، جنہوں نے 1997ء میں حق نواز جھنگوی کی موت سے لے کر اپنے قتل تک SSP کی سربراہی کی[102]، نے اسلام آباد میں ایک پریس کانفرنس کی جہاں انہوں نے ''سنی مسلمانوں کے جائز حقوق کے حصول کے لیے آئینی جدوجہد'' پر یقین رکھنے کا دعویٰ کیا، ساتھ ہی ساتھ اِس بات پر زور دیا کہ ''شیعوں کے بطور شہری حقوق کا تحفظ کیا جانا چاہیے اور اُن کے مسائل کو حل کیا جانا چاہیے''[103]۔ جب مئی 1992ء میں پریس میں یہ خبر شائع ہوئی کہ پنجاب حکومت SSP پر پابندی لگانے پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے تو فاروقی نے جواب دیا کہ وہ اِس صورت میں ایک اور تنظیم کو کھڑا کر دیں گے[104]۔ اُسی سال جون میں، جب SSP کے عسکریت پسندوں نے پولیس کی گاڑی پر طیارہ شکن بندوقوں سے حملہ کیا، تو جھنگ میں SSP اور TNFJ کے اراکین کے خلاف بہت بڑا ''آپریشن کلین اپ'' شروع کیا گیا[105]۔ تاہم، کچھ ہی دیر بعد SSP کے وفود کو اعلیٰ ترین معززین نے دوبارہ استقبال کیا تاکہ محرم 1413 ہجری (3 جولائی - یکم اگست 1992ء) کے دوران تشدد سے بچا جا سکے[106]۔

اُس سال پنجاب میں کافی احتیاطی تدابیر اختیار کی گئیں لیکن 'عاشورہ' (13 جولائی) کو پشاور میں اُس وقت شدید تصادم ہوا جب ایک شیعہ جلوس پرانے شہر کے کوہاٹی گیٹ کے قریب SSP کے زیرکنٹرول ایک مسجد کے سامنے سے گزرا[107]۔ شیعہ اور سنیوں نے حملہ شروع کرنے کا الزام ایک دوسرے پر لگایا، جبکہ عینی شاہدین کی گواہی دینے میں ہچکچاہٹ کی وجہ سے سرکاری تفتیش میں رکاوٹ پیدا ہوئی[108]۔ SSP کے قائدین فاروقی اور ضیا القاسمی جن بڑے احترام سے وزیراعلی سرحد (کے پی) میر افضل خان نے کیا تھا، کچھ دیر بعد پشاور میں اعلان کیا کہ اعظم طارق جلد ہی قومی اسمبلی میں ''ناموس صحابہ بل'' پیش کریں گے، جس میں صحابہ کے مقدس ناموں کی بے حرمتی کے مرتکب پائے جانے والے کسی بھی شخص کے لیے سزائے موت کا بندوبست کیا جائے گا[109]۔ اِس پر بحث میں تاخیر ہوئی کیونکہ اُس وقت PML نے دہشت گردی اور دیگر مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے بارے میں تفصیلی پولیس رپورٹس کے بعد SSP کے خلاف نسبتاً سخت موقف

اختیار کیا تھا[110]۔ اگرچہ SSP اور دیگر تنظیموں پر پابندی لگانے کا منصوبہ نومبر 1992ء میں ترک کر دیا گیا تھا لیکن 1993ء کے اوائل میں SSP کے ہزاروں حامیوں کو گرفتار کر لیا گیا[111] جس نے پنجاب کے مختلف اضلاع سے اسلام آباد تک ”لانگ مارچ“ کو اُکسایا۔[112]

اُسی وقت TNFJ کی قیادت نے، جسے اکتوبر 1992ء میں NWFP کے سیکرٹری جنرل کی گرفتاری کے ساتھ ”انتباہی اشارہ“ ملا تھا[113]، نے نیا نام TJP اور ایک زیادہ اعتدال پسند تصویر اختیار کرنے کا فیصلہ کیا۔ اِس اقدام نے ایسے سخت گیر لوگوں کو، جنہوں نے ساجد علی نقوی کے محتاط اندازِ فکر سے کبھی اتفاق نہیں کیا تھا، نئی تنظیم سپاہِ محمد پاکستان (SMP) بنانے پر آمادہ کیا[114]۔ SMP کے بانی، سید غلام رضا نقوی، جو 1960ء میں عباس پور (ضلع خانیوال) میں پیدا ہوئے، نے مشہد کے حوزہ علمیہ میں تین سال تعلیم حاصل کی اور 1987ء میں قریب ہی جھنگ میں ایک مدرسہ قائم کرنے سے پہلے پاسبان کے رکن کے طور پر افغانستان میں عسکری ٹریننگ حاصل کی۔ اُس نے جھنگ میں جرائم اور فرقہ وارانہ تشدد میں ملوث ہونے پر تین سال جیل میں گزارے، اِس کے بعد لاہور کے جنوبی مضافات میں واقع ایک بڑے گاؤں ٹھوکر نیاز بیگ میں خطیب بنے[115]۔ سید غلام رضا، جنہوں نے جارحانہ مردانہ وجاہت اپنا کر، اپنے اردگرد عقیدت مند پیروکاروں کا ایک گروہ بنا لیا، جس نے گاؤں کو کئی سالوں تک قانون نافذ کرنے والے اداروں کی حد سے دور رکھا (نیچے ملاحظہ کریں)۔ اپنے سے زیادہ دانشور مولانا مرید عباس یزدانی[116]، کے ساتھ مل کر جو 1996ء میں اپنے قتل تک SMP کی باضابطہ سربراہی کی، SMP کو ایک مضبوط ملک گیر نیم خفیہ تنظیم بنانے میں کامیاب رہے۔ پھر بھی یہ شبہ ہے کہ 1993ء سے فرقہ وارانہ تنازعہ کے متعدد فلیش پوائنٹس پر SMP کے جھنڈے تلے اُبھرنے والے تمام عسکریت پسند شیعہ گروہ ایک مرکزی کمانڈ کی پیروی کر رہے تھے؛ بلکہ یہ SMP کا نظریہ تھا جس نے شیعہ نوجوانوں کے ایک حصے میں قبولیت حاصل کی۔ ”بنانے کے دعووں کے باوجود، ایک ایسا پلیٹ فارم جس پر سنی اور شیعہ دونوں متحد ہو کر اپنے مشترکہ دشمن یعنی امریکہ، اسرائیل، انڈیا اور اُن کے ”ایجنٹوں“[117] کا مقابلہ کر سکیں، اپنے تحفظ اور انصاف کے لیے ریاست پر انحصار کرنے کی بجائے، SMP کا سب سے اہم ایجنڈا ہر قسم کے تشدد کا جواب دینا تھا۔ یہ ایک ایسے موڈ کی عکاسی کرتا ہے جو ایک دہائی کے دوران نوجوان شیعہ کارکنوں میں عام ہو چکا تھا، اور یہاں تک کہ ساجد علی نقوی نے بھی اکثر خود کو شیعوں کے جارحین کو مطمئن کرنے کے لیے اُن کے خلاف دھمکی آمیز الفاظ استعمال کرنے کا پابند محسوس کیا تھا[118]۔ SMP کی تشکیل کے بعد، اگرچہ TJP نے اس تنظیم سے اپنی دوری برقرار رکھی، حالانکہ اُس پر اکثر یہ الزام لگایا جاتا رہا ہے کہ اُس نے اپنے بہت سے کاموں کی حقیقت میں منظوری دی تھی[119]۔

25 مارچ 1993ء کو بہاولپور کی جامع مسجد میں عید الفطر کی نماز کے اجتماع پر دستی بموں اور خودکار بندوقوں سے حملہ کیا گیا جس میں تین افراد جاں بحق اور سو کے قریب زخمی ہوئے۔ یہ قصبہ اب تک فرقہ واریت سے مشکل سے متاثر ہوا تھا، اب بھی سنیوں نے محرم کے دوران شیعوں کی نسبت زیادہ تعزیہ کے جلوس نکالے۔ TJP نے ژوب (بلوچستان) سے تعلق رکھنے والے مولانا عبداللہ پر الزام لگایا، جو SSP کے مرکزی وائس چیئرمین تھے، جو 1990ء میں بہاولپور چلے گئے تھے، اُنہوں نے اپنے رمضان کے خطبوں میں کھلم کھلا شیعوں کے قتل کا مطالبہ کیا تھا[120]۔ بے جا فرقہ وارانہ دہشت گردی کے اِس انداز کو اگلے برسوں میں کئی بار دہرایا جانا تھا، جس سے شیعوں میں عدم تحفظ کا عمومی احساس پھیلنا اور اُن جگہوں پر بھی جو ہم آہنگی کے ساتھ بقائے باہمی کی ایک طویل تاریخ رکھتی ہیں، بین المسالک تعلقات کو کشیدہ کرنا تھا[121]۔

اِس کے باوجود 1993ء میں پچھلے اور اگلے سالوں کے مقابلے میں فرقہ وارانہ تشدد کم تھا[122]۔ اکتوبر 1993ء کے انتخابات میں، قومی اسمبلی کی 204 مسلم نشستوں میں سے مذہبی جماعتوں کا حصہ 18 سے کم ہو کر 9 رہ گیا لیکن اعظم طارق اپنے جھنگ کے حلقے سے دوبارہ منتخب ہو گئے[123]۔ بے نظیر بھٹو کی دوسری حکومت (1993ء-96ء) نے پی پی پی کے صدر اور پنجاب اور سندھ میں اس کی اتحادی صوبائی حکومتوں[124] کے ہاتھ مضبوط کر کے 1994ء کے اوائل میں توہین رسالت کے قانون (سیکشن 295 پی پی سی) کے طریقہ کار میں اصلاحات لانے کے اپنے ارادے کا اعلان کیا۔ برطانوی دور سے تعلق رکھنے والے اس قانون کو ضیاء الحق کے دور میں بار بار بڑھایا گیا اور سخت کیا گیا اور 1991ء سے پیغمبر اسلام کے نام کی بالواسطہ یا بلاواسطہ توہین کرنے پر سزائے موت لازمی ہو گئی۔ اس کے بعد درجنوں پاکستانیوں، خاص طور پر عیسائیوں پر توہین مذہب کا الزام لگایا گیا، بظاہر صرف ذاتی اسکور طے کرنے کے لیے[125]۔ لیکن جب کہ انسانی حقوق کی تنظیموں اور مغربی ممالک نے پاکستان کی حکومت پر اِس قانون سے جان چھڑانے کے لیے دباؤ ڈالا، یا کم از کم اِسے کم سے کم خطرناک قرار دیا، تمام مذہبی جماعتیں اِسے برقرار رکھنے پر بضد تھیں۔ SSP اپنی طرف سے، ایک ایسی شق شامل کرنا چاہتی تھی جو توہین صحابہ کو بھی سزائے موت دے سکے[126]۔

توہین رسالت کے قانون کو ختم کرنے کے بجائے توسیع دینے کی کوشش میں، SSP نے 1994ء کے اوائل میں فرقہ وارانہ کشیدگی میں نیا ایندھن ڈالنے کی کوشش کی، مبینہ طور پر حکومت کو محرم (اُس سال 10 جون سے 9 جولائی) سے پہلے امن کے بدلے رعایت دینے پر مجبور کرنے کے لیے[127]۔ 21 جنوری کو شہر سلطان (ضلع مظفر گڑھ) میں شیعہ مسجد پر دستی بم پھینکا گیا، جس میں چھ افراد ہلاک اور پچیس زخمی ہوئے۔ شیعہ عسکریت پسندوں نے 5 فروری کو کگڑہٹہ (ضلع ملتان) میں ایک سنی مسجد پر اسی طرح کے حملے کا جواب دیا[128]۔ مارچ 1994ء میں اعظم طارق نے جھنگ اور ڈیرہ اسماعیل خان میں عوامی تقریروں میں شیعوں کے 12ویں امام کے بارے میں تبصرہ کیا۔ جو اِس قدر جارحانہ تھے کہ جریدے رضا کار نے شیعہ ردِّعمل کے خوف سے اپنی رپورٹ میں اِسے شائع کرنے سے انکار کر دیا[129]۔ محرم سے کچھ پہلے، طارق نے اپنا "ناموسِ صحابہ بل" قومی اسمبلی میں پیش کیا، جسے تمام سنی مذہبی جماعتوں کی حمایت حاصل تھی۔ حتیٰ کہ وہ اسپیکر کی کرسی پر بھی قابض ہو گئے اور اور اعلان کیا کہ بل "منظور" ہو گیا ہے جب کہ زیادہ تر MNAs اپوزیشن کے MNAs کے نارواروے کی وجہ سے واک آؤٹ کر چکے تھے[130]۔ اگرچہ اِس بل کو قومی اسمبلی اور سینیٹ کی منظوری نہیں ملی، لیکن طارق نے تین ماہ بعد اِس کی حمایت کرنے والے ستر سے زائد MNAs کے دستخطوں کا دعویٰ کیا[131]۔

1994ء کے اوائل سے TJP اور SSP اراکین کے قتل وغارت گری کے ایک نئے سلسلے کے باوجود، دونوں جماعتوں نے محرم کے لیے سرکاری افسران یا بیوروکریٹس کی ثالثی میں متعدد امن معاہدوں پر دستخط کیے[132]۔ منظور وٹو کی حکومت پنجاب SSP اور دونوں کے لیے سینکڑوں اسلحے کے لائسنس دینے کے لیے بھی تیار تھی اِس طرح کے جنگ بندی کے معاہدوں کے بدلے، جو اُن کے اقتدار میں رہنے کے عرصے تک کسی حد تک کام آئے[133]۔ اُس وقت تک SSP لیڈرز یہ وعدہ کرنے کے لیے تیار تھے کہ اُن کی پارٹی پُرتشدد اِشتعال انگیزی میں ملوث نہیں ہو گی، کیونکہ SSP سے کچھ نئے الگ ہونے والے گروپس اُبھرے، جو اُس سے بھی زیادہ بنیاد پرست تھے اور اپنی حیثیت سے یہ "افسوسناک کام" کرتے تھے۔ اِن میں سے کچھ عام مجرموں کے ٹولے تھے جو فرقہ واریت کو بطور بچاؤ استعمال

کرتے تھے[134]۔ 1993ء میں تشکیل پانے والا ایک گروپ حرکت الانصار، افغان جنگ کے عرب اور پاکستانی سابق فوجیوں اور کشمیر میں جہاد کے لیے نئے رضا کاروں بلکہ SSP کے فرقہ وارانہ دہشت گردوں کے ساتھ شامل ہوا[135]۔ ریاض بسرا، SSP کا نشانہ باز اور سزا یافتہ قاتل جو مئی 1994ء میں جیل سے فرار ہو گیا تھا، نے تشکیل دیا تھا[136]۔ چونکہ SSP نے کراچی میں بھی اپنی موجودگی کا احساس دلایا، جہاں ایم کیو ایم اب تک سب سے زیادہ پرتشدد کارروائیوں کی ذمہ دار رہی ہے۔ 23 جولائی کو مجلس سے واپس جانے والی کوچ پر دستی بم پھینکے جانے سے چھ شیعہ ہلاک اور ستائیس زخمی ہوئے۔ دو مہینوں کے اندر TJP نے دعویٰ کیا کہ کراچی میں اُس کے مزید 39 کارکن مارے گئے، جب کہ SSP نے اپنی تعداد پچاس سے زیادہ بتائی[137]۔

8 جون 1994ء کو راولپنڈی میں ایک اجلاس کے دوران، TJP سپریم کونسل نے وٹو حکومت پر فرقہ وارانہ دہشت گردوں کو تحفظ فراہم کرنے کا الزام لگایا[138]۔ اگست میں پنجاب کے گورنر الطاف حسین نے بھی ایسی ہی تنقید کی تھی[139] لیکن اِس دوران یہ واضح ہو گیا تھا کہ حکام کی جانب سے اپنے خلاف قانون کے نفاذ میں ہچکچاہٹ کا فائدہ نہ صرف سنی انتہا پسندوں کو ہوا۔ 15 جولائی کو پنجاب یونیورسٹی (لاہور) کے نیو کیمپس میں فائرنگ اور ایک مسجد میں بم دھماکے کے بعد مشتبہ افراد کی تلاش میں پولیس کی چھاپہ مار پارٹی کو مسلح مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا اور SMP کے مضبوط گڑھ ٹھوکر نیاز بیگ میں اسے ذلیل و خوار کیا گیا[140]۔ گاؤں میں دوسرا سرچ آپریشن TJP کے ساتھ ابتدائی معاہدے کے بعد ہی کیا جا سکا اور مقامی امام بارگاہ کو چھوڑنا پڑا[141]۔ اکتوبر 1994ء میں SMP نے لاہور میں آتشیں اسلحے کی بھاری نمائش کے ساتھ ایک ریلی نکالی 142۔ اِس گروپ نے 1994ء کے بعد سے شیعہ مخالف تشدد کے بہت سے واقعات کے بعد نہ صرف اپنی ''آنکھ کے بدلے آنکھ'' کی دھمکیوں کو عملی جامہ پہنایا، بلکہ اخباری ایڈیٹرز کو ڈرانے دھمکانے اور لوٹ مار اور بلیک میل کرنے کی کوشش کی[143]۔

22 جنوری 1995ء کو وفاقی کابینہ نے فرقہ واریت کے مسئلے پر بحث کی اور متعدد انسدادی اقدامات کا اعلان کیا۔ اِس کا مقصد دینی مدارس کی براہ راست غیر ملکی فنڈنگ پر پابندی لگانا، فرقہ واریت کو ہوا دینے والے اداروں کا سراغ لگانا اور قومی اسمبلی میں فرقہ واریت کے خلاف نئی قانون سازی کرنا تھا[144]۔ یہ اقدام ایک ایسے وقت میں سامنے آیا جب تحریک طالبان، جو کہ انہی مدارس کی پیداوار ہے، نے جنوبی افغانستان میں اپنی تیزی سے ابتدائی توسیع کو اِسی پاکستانی وزیر داخلہ، جنرل (ر) نصیر اللہ بابر کی واضح حمایت سے دیکھا، جس نے اُس وقت مدارس کے خلاف ملک میں کریک ڈاؤن کا اعلان کیا تھا[145]۔ اِس منصوبے کی تمام مذہبی جماعتوں نے سخت مزاحمت کی، جو اِسے بھٹو حکومت کا ''اپنے امریکی آقاؤں کو خوش کرنے'' اور دیگر مغربی ممالک کی کوشش کے طور پر دیکھتے تھے۔ جیسا کہ سیکولر ناقدین نے پیش گوئی کی ہے، حکومت نے اپنی دھمکی کو پورا نہیں کیا اور دینی مدارس بڑے پیمانے پر پہنچ سے باہر رہے۔ اس کا واحد اثر SSP، TJP اور SMP کے ارکان کی گرفتاری مہم تھا، جس میں موخرالذکر کے ''کمانڈر انچیف'' مرید عباس یزدانی بھی شامل تھے[146]۔ اعظم طارق روپوش ہو گیا جب پولیس نے 22 فروری کو جھنگ میں اُس کے گھر پر ریڈ کیا تو اُس نے چار ماہ بعد خود کو سرحد پولیس کے حوالے کر دیا اور آنے والے پانچ سالوں میں زیادہ تر گرفتار رہا اور اُسے قتل کے متعدد مقدمات میں ملوث ہونے کے الزامات کا سامنا کرنا پڑا[147]۔

SSP نے خاص قتل اور دیگر دہشت گردانہ کارروائیوں کے ساتھ فوری ردعمل کا اظہار کیا۔ پہلا شکار شیخ محمد اقبال تھے 148، جو

جھنگ سے تعلق رکھنے والے SSP کے ”انتہائی مطلوب“ حریفوں میں سے ایک تھے، اس کے بعد اتنے ہی اہم ڈاکٹر محمد علی نقوی تھے[149]۔ 25 فروری 1995ء کو کراچی میں دو مساجد پر بیک وقت ہونے والے حملوں میں بائیس شیعہ ہلاک اور درجنوں زخمی ہوئے[150]۔ اگلے دن ایک سنی مسجد پر انتقامی حملے میں سات آدمی جان سے گئے۔ 10 مارچ کو ملیر (کراچی) میں شیعہ مسجد کے باہر ہونے والے بم دھماکے میں مزید دس افراد جاں بحق ہوئے[151]۔ اُس وقت، TJP قیادت نے اعلان کیا کہ وہ فرقہ وارانہ تنظیموں پر پابندی لگانے اور تمام متنازعہ کتابوں کے مصنفین اور ناشرین کی گرفتاری سے اتفاق کرے گی۔ TJP نے JI کے رہنما قاضی حسین احمد کی ثالثی کو بھی قبول کیا جن سے اُس مقصد کے لیے SSP نے رابطہ کیا تھا۔ انہوں نے 24 مارچ کو اسلام آباد میں ہونے والی ایک کانفرنس میں ملی یکجہتی کونسل (MYC ”قومی یکجہتی کونسل“) کی تشکیل کے ساتھ قلیل مدتی کامیابی حاصل کی۔ MYC میں نہ صرف TJP اور SSP، بلکہ پاکستان کی تمام بڑی مذہبی جماعتیں شامل تھیں، جنھوں نے اب مختلف اسلامی مکاتب فکر کے پیروکاروں کے درمیان ”فرقہ وارانہ ہم آہنگی، امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے“ کا عہد کیا ہے[153]۔

MYC کی تشکیل کے ساتھ ہی، مذہبی جماعتوں نے فرقہ وارانہ تشدد کے دوہرے چیلنج پر ردعمل کا اظہار کیا، جو اِن تمام جماعتوں کی ساکھ اور پی پی پی حکومت کے سخت رویے کو زیادہ سے زیادہ نقصان پہنچا رہا تھا[154]۔ اِس موڑ پر، پی پی پی کی ’بنیاد پرستی کے خلاف‘ مہم کا مقابلہ کرنے اور 1993ء کی انتخابی شکست کے بعد سیاسی قد کاٹھ دوبارہ حاصل کرنے کے لیے ایک خاص حد تک اتحاد ضروری سمجھا جاتا تھا۔ بحران کے ایسے وقت میں، 1951ء کی ’’علماء‘‘ کانفرنس اور اُس کے ’’22 اصولوں‘‘ کو بھی دیر سے پذیرائی ملی، اور تمام فرقہ وارانہ دہشت گردی کا خاتمہ اچانک قابل فہم لگنے لگا[155]۔ 9 اپریل کو MYC نے کراچی میں ایک بڑے کنونشن کے ساتھ اپنی کوششوں کی پیروی کی، جس نے متفقہ طور پر مندرجہ ذیل دفعات پر مشتمل 17 نکاتی ضابطہ اخلاق کو اپنایا:

ہم مذہب کے نام پر ہونے والی دہشت گردی اور قتل و غارت کی مذمت کرتے ہیں اور اسے اسلام کی تعلیم کے منافی سمجھتے ہیں اور اِس کی مخالفت کرتے ہیں۔

کسی بھی مسلمان فرقے کو کافر قرار دینا یا کسی شخص کو اُس کے مسلک کی بنا پر قتل کرنا غیر اسلامی اور قابل مذمت عمل ہے۔

پاک پیغمبرؐ کی حُرمت، اہل بیت کا احترام، ازواجِ رسول اور صحابۂ کرام ایمان کا جزو لاینفک ہے۔ مقدس ہستیوں کی تذلیل میں پائے جانے والے کسی بھی شخص کو مذہبی خارجی تصور کیا جائے گا۔ ان کی بے حرمتی اور توہین کو مجرمانہ فعل تصور کیا جائے گا۔

ہر کسی کو ایسی تقریر یا تحریر سے پرہیز کرنا چاہیے جس سے کسی مکتبۂ فکر کے جذبات مجروح ہوں۔

تخریبی لٹریچر (پمفلٹ، پوسٹرز، کُتب اور آڈیو ویڈیو کیسٹس) کی اشاعت، ریکارڈنگ اور تقسیم پر مکمل پابندی ہوگی۔

مخالفانہ نعرے لگانے پر مکمل پابندی ہو گی اور ملک میں ہر جگہ ریلوے کی بوگیوں، بسوں اور دیواروں پر مخالفانہ نعرے لکھنے پر مکمل پابندی ہوگی۔

جلسوں، جلوسوں، مساجد اور دیگر عبادت گاہوں میں اسلحہ نمائش پر مکمل پابندی ہوگی۔

کثیر مکتبی جلسوں کے انعقاد سے مسلمانوں کے درمیان یکجہتی کو تقویت ملے گی۔

ضابطۂ اخلاق پر عمل درآمد کے لیے ایک اعلیٰ اختیاراتی بورڈ قائم کیا جائے گا۔ چارٹر کی کوئی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی[156]۔

حیرت کی بات نہیں، اِس دستاویز کی تشریحات اِس کے دستخط کنندگان کے ذریعہ تھوڑے ہی عرصے میں بڑے پیمانے پر مختلف ہوگئیں۔ SSP کا خیال تھا کہ صحابہ کی عظمت کو قبول نہ کرنے والے کسی کو کافر ماننے کا اس کا مطالبہ بالآخر درست ہوگیا ہے[157]۔ اسی وجہ سے، SMP کے رہنما سید غلام رضا نقوی نے ضابطہ اخلاق کو قبول کرنے سے انکار کر دیا، اگرچہ یزدانی نے اِس سے اتفاق کیا تھا[158]۔ احمد شاہ نورانی اور قاضی حسین احمد نے MYC کو اپنے سیاسی عزائم کے لیے ایک نئے پلیٹ فارم کے طور پر دیکھا۔ اُن کے کہنے پر 9 اپریل کے کنونشن میں متعدد خالصتاً سیاسی قراردادیں منظور کی گئیں۔ MYC نے 27 مئی کو حکومت کی طرف سے توہین رسالت کے قانون میں ترمیم کی نئی کوششوں کے خلاف ملک گیر ہڑتال کی کال دی، اور MYC نے اگلے مہینوں میں قومی اور بین الاقوامی سیاست کے مزید مسائل اُٹھائے[159]۔ TJP کو، اپنی طرف سے، MYC میں شرکت کرنے اور ضابطہ اخلاق پر دستخط کرنے پر اپنے شیعہ حلقے کی جانب سے کافی تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک پمفلٹ میں اِس نے اپنے موقف کا دفاع اِس طرح کیا (اقتباسات):

TJP نے اپنی مُحتاط حکمت اور اپنے منطقی اور اصولی طریقہ کار سے مذہبی دہشت گردوں کے گروہ کو مکمل طور پر الگ تھلگ کر دیا ہے اور عوام نے اُن کے موقف کو مُسترد کر دیا ہے۔ درحقیقت یہ گروہ جنگ کی ہر لڑائی ہار چکا ہے اور اس کے پاس مذاکرات کے علاوہ کوئی راستہ نہیں بچا تھا۔

MYC کی تشکیل میں TJP کا فیصلہ کُن کردار تھا ... MYC کی کوششوں سے فرقہ وارانہ قتل و غارت کا سِلسلہ رُک گیا ہے اور فرقہ وارانہ کشیدگی اب تقریباً ختم ہو چکی ہے۔ لیکن بدقسمتی سے کچھ مایوس، بدمعاش اور [تشدد کے] عادی لوگوں کو یہ پُرسکون اور سلامتی کا ماحول پسند نہیں ہے۔ پہلے اُنھوں نے MYC کی تشکیل کے بارے میں شکوک و شبہات پھیلانے کی کوشش کی، اور اب وہ ضابطۂ اخلاق کے بارے میں غلط فہمیاں پھیلانے میں مصروف ہیں۔

MYC کا ضابطۂ اخلاق درحقیقت اُن مسائل کا مجموعہ ہے جو پاکستان کے ہر مسلمان

مکتبۂ فِکر کے لیے اِنتہائی اہم ہے۔ یہ ایک دستاویز ہے جس میں اُن سب نے اپنی اپنی مقدس ہستیوں کی تعریف کی ہے، تاکہ ہر کوئی اُن کا احترام کرے۔ یہ "حساس عقائد" کا مجموعہ ہے... یہ اُمید نہیں کی جا سکتی کہ ہمارے سنی بھائی عصمت اہل بیت کا اقرار کریں گے اور نہ ہی یہ ممکن ہے کہ شیعہ خلفائے راشدین کے بارے میں وہی عقائد رکھتے ہوں جو سنی رکھتے ہیں۔ بلکہ ضابطۂ اخلاق نے تاکید کی ہے کہ ایک دوسرے کی قابل احترام شخصیات (بزرگان) کے بارے میں بُری باتوں کو روکا جائے۔ اِس بات پر کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا...[160]

پمفلٹ میں کوئٹہ میں MYC کے اجلاس (28 جون 1995ء) کی ایک قرارداد کا حوالہ دیا گیا، جہاں اِس بات کی دوبارہ تصدیق کی گئی تھی کہ ضابطہ اخلاق کو ہر قیمت پر لاگو کیا جانا چاہیے، اور یہ کہ یہ نہ تو کسی فرقے کے عقائد سے متصادم ہے اور نہ ہی اسے کسی بھی فریق کی فتح یا شکست سمجھا جائے[161]۔ درحقیقت، MYC کی بدولت محرم 1416 ہجری (31 مئی-29 جون 1995ء) بغیر کسی بڑے واقعے کے MYC کی بدولت گزر گیا۔لیکن دونوں SMP جو صرف دباؤ کے تحت MYC میں شامل ہوئی تھی اور بعد میں ضابطہ اخلاق کے حوالے سے اپنی پوزیشن سے الگ ہوگئی تھی[162] اور SSP نے صرف ایک مختصر مدت کے لیے جنگ بندی کی پابندی کی تھی۔ اکتوبر 1995ء میں لاہور میں باہمی قتل و غارت گری کا سلسلہ اپنے اختتام کو پہنچا[163]۔ کچھ عرصہ قبل پیپلز پارٹی نے پنجاب کے نئے وزیر اعلیٰ محمد عارف نکئی[164] کے لیے SSP کی حمایت کے عوض اعظم طارق کی جیل سے رہائی کے ساتھ فرقہ واریت کے خلاف اپنے رویے کے حوالے سے اخلاص کے تمام جھوٹے دعوے اُتار پھینکے[165]۔ حتیٰ کہ نکئی نے جب حکومت نے اسلام آباد میں مصری سفارت خانے کے خلاف بم حملے پر ردعمل ظاہر کیا تو طارق اور ضیاالرحمٰن فاروقی کو SSP، TJP، SMP اور جے یو آئی کے 200 دیگر کارکنوں کے ساتھ دوبارہ گرفتار کرلیا گیا[166]۔ MYC اپنی طرف سے، 1995ء کے آخر تک بنیادی طور پر حکومت کے خلاف احتجاج کی آلہ کار بن گئی تھی اور فرقہ پرست جماعتوں پر زیادہ اثر ڈالنا چھوڑ دیا تھا[167]۔ اِس کا مزید مثبت حصہ 1417 ہجری (19 مئی تا 17 جون 1996ء) میں نسبتاً پرسکون محرم تھا۔

بے نظیر بھٹو کی حکومت کے آخری مہینوں میں فرقہ وارانہ تشدد اور دہشت گردی میں اضافہ ہوا۔ 5 اگست 1996ء کو سرگودھا ڈویژن کے کمشنر سید تجمل عباس کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ اگرچہ سول سروس کے شیعہ ارکان کو پہلے بھی SSP کی جانب سے جان سے مارنے کی دھمکیاں مل چکی تھیں، لیکن ابھی تک اُن کو زیادہ سنجیدگی سے نہیں لیا گیا تھا[168]۔ 14 اگست کو، پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر کراچی میں SSP کی ریلی پر فائرنگ کی گئی، جس میں بارہ افراد ہلاک ہوئے[169]۔ جوابی کارروائی میلسی (ضلع وہاڑی) میں پاکستان مسلم لیگ کے سابق ایم پی اے ارشاد گھلو کی رہائش گاہ پر ایک مجلس پر حملے کے ساتھ ہوئی، جس میں پندرہ شیعہ اور تین حملہ آور مارے گئے[170]۔ 10 ستمبر کو پاراچنار میں شدید لڑائی شروع ہوئی اور کئی دنوں تک جاری رہی، اس بار بظاہر مقامی شیعوں نے شروع کیا اور 200 سے زیادہ متاثرین کی اکثریت سنی تھی[171]۔ دو دن بعد اسلام آباد میں SMP رہنما یزدانی کے قتل کو بھی ابتدائی طور پر فرقہ وارانہ انتقامی کارروائی کا شبہ ظاہر کیا گیا، لیکن بعد میں SMP کی آپسی لڑائی کا نتیجہ نکلا[172]۔ اِس کے بعد 23 ستمبر کو پاکستان میں شیعوں کی جانب سے اب تک کا بدترین

قتل عام ہوا، جب ممتاز آباد (ملتان) [173] کی مسجد الخیر میں نماز کے دوران اٹھائیس سنی نمازی شہید اور چالیس زخمی ہوئے۔ اِس قتل عام کے بعد، پنجاب حکومت نے اعلان کیا کہ وہ" فرقہ پرست عناصر کو آہنی ہاتھوں سے کچل دے گی" اور دینی مدارس اور عبادت گاہوں میں "آپریشن کلین اپ" شروع کرے گی، جن میں سے اکثر دہشت گردوں اور اسلحہ اور گولہ بارود کے سٹورز کی محفوظ پناہ گاہیں بن چکے ہیں [174]۔ "فرقہ وارانہ جماعتوں" کی ممکنہ پابندی پر ایک بار پھر عوامی سطح پر بحث کی گئی، حتیٰ کہ TJP پر بھی [175]۔

5 نومبر 1996ء تک اِس سلسلے میں کچھ بھی اہم نہ ہوا جب صدر لغاری نے بھٹو کی حکومت اور تمام صوبائی حکومتیں برطرف کر دیں۔ اُس وقت تک، TJP نے پہلے ہی اپنی سیاسی ترجیح کو PPP سے PML میں منتقل کر دیا تھا، حالانکہ یہ کام بھی اِسے اپنے مسائل کے حل کے قریب نہیں لے گیا [176]۔ اگلے انتخابات سے قبل عبوری دور میں دو اہم واقعات رونما ہوئے۔ نومبر 1996ء میں SMP کے اندر سید غلام رضا نقوی کے خلاف بغاوت کی گئی، جب یہ معلوم ہو گیا کہ یزدانی کے قتل کے پیچھے اُن کا ہاتھ ہے۔ وہ روپوش ہو گیا اور بالآخر پولیس ٹھوکر نیاز بیگ کے اندر داخل ہونے میں کامیاب ہو گئی [177]۔ 30 دسمبر کو اُسے ملتان میں گرفتار کیا گیا [178]، جبکہ اُس کے جانشین سید جبار حسین آف فیصل آباد نے SMP کے سربراہ کے طور پر، تنظیم کی پہلے سے زیادہ معتدل تصویر پیش کرنے کی کوشش کی [179]۔ 18 جنوری کو، SSP رہنما ضیاء الرحمان فاروقی 22 پولیس اہلکاروں اور تین دیگر راہگیروں کے ساتھ اُس وقت مارے گئے جب لاہور کی سیشن کورٹ کے باہر ایک ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ ہوا، جہاں اُنہیں اور اعظم طارق کو کئی مجرمانہ الزامات کا سامنا تھا [182]۔ طارق اِس حملے میں شدید زخمی ہو کر بچ گئے اور اُنہیں ایک بار پھر جھنگ میں قومی اسمبلی کا الیکشن لڑنے کی اجازت مل گئی [181] لیکن وہ TJP کے حمایت یافتہ مسلم لیگ کے امیدوار کے ہاتھوں شکست کھا گئے [181]۔ بم حملے کے بعد لاہور میں ایرانی ثقافتی مرکز کو SSP کے جنازے کے جلوس کے ارکان نے نذرِ آتش کر دیا [182] اور ایک ماہ بعد ملتان میں ایرانی ثقافتی مرکز پر حملے میں اُس کے ڈائریکٹر محمد علی رحیمی سمیت سات افراد جاں بحق ہو گئے [183]۔

فروری 1997ء کے انتخابات کے نتیجے میں مسلم لیگ کو بھاری اکثریت سے کامیابی ملی، جس سے نواز شریف کو قیامِ پاکستان کے بعد سے کسی بھی منتخب وزیر اعظم سے زیادہ فائدہ حاصل ہوا۔ اُن کے بھائی شہباز شریف پنجاب کے وزیر اعلیٰ بنے جہاں پیپلز پارٹی کو بدترین انتخابی شکست کا سامنا کرنا پڑا [184]۔ اتنی مضبوط طاقت کی بنیاد اور فرقہ وارانہ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے متوازی عدلیہ متعارف کرانے کی بار بار کوششوں کے باوجود نواز شریف کی دوسری حکومت اپنے پیشرو کے مقابلے میں اِسے روکنے میں زیادہ کامیاب نہیں ہوئی۔ صرف پنجاب میں 1997ء میں فرقہ وارانہ واقعات میں 200 افراد مارے گئے، یہ پاکستان میں اب تک فرقہ وارانہ فسادات کا بدترین سال ہے [185]۔ صوبائی حکومت میں اس کی شرکت کے خاتمے اور فاروقی کی موت کے بعد، SSP اور اس کے منقسم گروہوں نے شیعہ برادری کے بااثر افراد کو تیزی سے نشانہ بنایا، چاہے وہ TJP کے رُکن تھے یا نہ تھے [186]۔ ایک شاندار کیس اشرف مارتھ (5 مئی کو مارا گیا) کا تھا، جس کی ملتان میں پولیس چیف کی حیثیت سے کوششوں کے نتیجے میں لشکرِ جھنگوی کے کچھ انتہائی مطلوب دہشت گردوں کو گرفتار کیا گیا [187]۔ اس کے بعد فرقہ وارانہ دہشت گردوں کے سنگین ظلم وستم کے ذریعے اپنی جانیں خطرے میں ڈالنے کے لیے تیار رہنے والے پولیس افسران کی تعداد میں مزید کمی واقع ہوئی۔ اگرچہ قومی اسمبلی نے 13 اگست 1997ء کو انسداد دہشت گردی ایکٹ منظور کیا [188] جس میں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالتیں متعارف کرائی گئیں اور پولیس کو مزید اختیارات دیے گئے، تاہم اِن عدالتوں کے ذریعے بہت کم

مقدمات نمٹائے گئے[189] ۔ یہاں تک کہ گرفتار فرقہ وارانہ دہشت گردوں کو جیل میں ترجیحی سلوک اور ہر قسم کی سہولیات میسر تھیں۔ یہ بات اُس وقت کھل کر سامنے آئی جب لشکر جھنگوی کے پانچ مبینہ متعدد قاتلوں کو اُن کے ساتھیوں نے 26 دسمبر 1997ء کو ڈیرہ غازی خان میں ایک" ہائی سیکیورٹی جیل" سے آسانی سے رہا کر دیا[190] ۔اس گروپ نے 17 ستمبر کو اسلام آباد میں پانچ ایرانی فضائیہ کے کیڈٹس کے قتل اور سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس کو ریاض بسرا کے ایک خط کے ساتھ حکومت کو للکارا جس میں اُنہوں نے دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ تمام ایرانی ثقافتی مراکز اور قونصل خانے بند کرنے، شیعہ مذہبی جلوسوں اور اذان پر پابندی، اور لشکر جھنگوی کے تمام گرفتار ارکان کے لیے عام معافی کا مطالبہ کیا[191] ۔

ٹیبل:3 پنجاب میں فرقہ وارانہ واقعات، 1987ء-1999ء

زخمی	ہلاک	واقعات	سال
155	11	25	1987ء
16	1	10	1988ء
102	18	67	1989ء
328	32	274	1990ء
263	47	180	1991ء
261	58	135	1992ء
247	39	90	1993ء
386	73	162	1994ء
189	59	88	1995ء
168	86	80	1996ء
219	193	103	1997ء
231	157	188	1998ء
189	86	105	1999ء

ذرائع: ڈان، یکم جنوری 1998ء؛ نیوز لائن 10/ 1999، پی۔ 68

ٹیبل 4:   پنجاب میں فرقہ وارانہ تشدد میں مارے گئے شیعہ 1997ء-1990ء

ڈویژن	1990ء	1991ء	1992ء	1993ء	1994ء	1995ء	1996ء	1997ء
لاہور	1	1	2	3	7	14	11	16
راولپنڈی	-	2	-	-	9	-	-	-
فیصل آباد	9	20	5	5	3	11	11	24
گوجرانوالہ	-	-	-	2	-	-	-	3
بہاولپور	-	-	1	5	10	3	8	11
ملتان	-	3	1	2	1	6	23	31
سرگودھا	1	1	-	-	2	-	3	2
ڈی جی خان	3	2	2	-	7	2	-	-
ٹوٹل	14	29	11	17	39	36	56	87

ذرائع: نیوز لائن 9/ 1997، پی-44

11 جنوری 1998ء کو تین مسلح افراد نے وسطی لاہور میں شیعہ قبرستان مومن پورہ کے 25 زائرین کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ وہ آسانی سے فرار ہو گئے اور وہ مزید چوبیس گھنٹے تک اسی انتہائی نمایاں گاڑی کے ساتھ گھومتے رہے۔ اگلے دن جنازہ کے جلوس کے شیعہ شرکاء نے لاہور میں ڈی سی کی رہائش گاہ سمیت عوامی عمارتوں کو نذرِ آتش کر دیا[193]۔ شہریوں کے تحفظ اور امن و امان کو نافذ کرنے میں حکام کی نااہلی کی ایک اور سخت مثال اُسی سال 21 مارچ کو ہنگو (KP) میں دی گئی۔ اِس قصبے میں کچھ مہینوں سے فرقہ وارانہ تصادم کا اندیشہ تھا کیونکہ ایک مقامی ”سنی سپریم کونسل“ کے چیئرمین اور مسلم لیگ ن کے ایم این اے جاوید ابراہیم پراچہ اُس دن نوروز منانے پر سنیوں کو شیعہ روایت کے خلاف متحرک کرنے میں مصروف تھے[194]۔ 20 مارچ کو ہنگو میں مکمل بندش کے بعد، 21 مارچ کو اردگرد کے ہزاروں قبائلیوں پر مشتمل ایک لشکر نے نوروز کے مرکزی اجتماع پر حملہ کیا۔ جبکہ فوج کی کمک بارہ گھنٹوں کے اندر قصبے میں دوبارہ نظم و نسق بحال کرنے میں کامیاب ہوگئی لیکن قریبی شیعہ دیہاتوں پر مارٹر فائر کے ساتھ حملے مزید دو دن تک جاری رہے[195]۔

ٹیبل 5: پنجاب میں فرقہ وارانہ تشدد میں مارے گئے سنی 1990ء-1997ء

ڈویژن	1990ء	1991ء	1992ء	1993ء	1994ء	1995ء	1996ء	1997ء
لاہور	-	1	-	6	15	11	4	58
راولپنڈی	-	1	1	1	-	-	-	-
فیصل آباد	8	18	2	1	3	-	4	14
گوجرانوالہ	-	-	-	-	-	2	-	-
بہاولپور	-	2	2	-	2	-	1	-
ملتان	-	-	-	-	2	9	23	4
سرگودھا	-	-	-	1	1	-	-	-
ڈی جی خان	5	1	1	2	-	-	2	-
ٹوٹل	13	23	6	11	23	22	34	76

ذرائع: نیوز لائن 9/1997، پی-45- (جدول 4 اور 5، 1997ء کی مکمل ہلاکتوں کی تعداد نہیں بتاتے۔ جدول 3 کے ساتھ دیگر اختلافات کی وضاحت اِس حقیقت سے کی جا سکتی ہے کہ تینوں جدولوں میں صرف سرکاری اعداد ہیں، جو پھر بھی نامکمل ہیں۔)

اگست 1998ء میں افغانستان میں طالبان کے شانہ بشانہ لڑنے والے پاکستانی رضا کار مزارشریف میں شیعہ ہزارہ کے بڑے پیمانے پر قتل عام میں بظاہر ملوث تھے[196]۔ اسی قصبے میں نو ایرانی سفارت کاروں کی ہلاکت کے ساتھ اِس واقعہ نے ایران کو طالبان کے خلاف کھلی فوجی مداخلت کے دہانے پر پہنچا دیا[197]۔ کچھ مہینوں کی کشمکش کے بعد ایران کے تحمل کا مظاہرہ کرنے کے فیصلے کی ایک وجہ بین الاقوامی" فرقہ وارانہ جنگ" کا خطرہ تھا، جس کے پاکستان کے شیعوں پر بھی شدید اثرات مرتب ہو سکتے تھے۔ اگست 1998ء میں بھی، افغانستان میں خوست کے قریب حرکت الانصار کا ایک تربیتی کیمپ، جس میں پاکستان کے فرقہ وارانہ دہشت گردوں کو پناہ دی گئی تھی، کو امریکی کروز میزائلوں نے نشانہ بنایا[198]۔ یہ حقیقت کہ اِن میزائلوں نے پاکستانی فضائی حدود سے کراس کیا تھا، اور پاکستان کی عسکری قیادت کو بظاہر اس سے کچھ دیر پہلے مطلع کیا گیا تھا، جو مذہبی جماعتوں کی طرف سے حکومت کے خلاف احتجاج شروع کرنے کا باعث بنا۔ نواز شریف نے 28 اگست کو قومی اسمبلی میں 15ویں آئینی ترمیم کابل جمع کراتے ہوئے ردعمل دیا، جس میں قرآن وسنت کو ملک کا سپریم قانون قرار دیا گیا۔ حکمران جماعت کو مذہب کی آڑ میں غیر معمولی اختیارات دینے کی کوشش کے طور پر پی پی پی اور دیگر سیکولر جماعتوں کی طرف سے اِس پر شدید تنقید کی گئی، اور سینیٹ نے اِسے روک دیا[199]۔

اکتوبر 1998ء سے شروع ہونے والے نام نہاد مقابلوں میں، پنجاب پولیس نے کئی فرقہ وارانہ دہشت گردوں کو ہلاک کیا، جو بظاہر جان بوجھ کر کیے گئے، یہ طریقہ 1995ء سے کراچی میں ایم کیو ایم کے دہشت گردوں کے خلاف نصیر اللہ بابر کے حکم پر پہلے سے رائج

تھا[200]۔ جواب آنے میں زیادہ دیر نہیں لگی کہ 3 جنوری 1999ء کو رائیونڈ (لاہور) میں نواز شریف کی رہائش گاہ کے قریب اُن کی جان پر حملہ کرنے کی کوشش کی گئی[201]۔ 4 جنوری کو کرمداد قریشی (ضلع مظفر گڑھ) گاؤں میں شیعہ مسجد میں ایک اور قتل عام ہوا (سولہ افراد ہلاک)[202]۔ جہاں TJP کے رہنماؤں نے حکومت سے شیعوں کو اپنے دفاع کے لیے نجی ملیشیائیں بنانے کی اجازت دینے کو کہا[203]، نواز شریف نے SSP کو مطمئن کرنے کی ایک اور کوشش کی۔ 26 مارچ کو وہ اور اُن کے بھائی شہباز نے ڈاکٹر اسرار احمد سے ملاقات کی، جسے فاروقی کی موت کے بعد سے SSP کے چیف سرپرست ضیاء القاسمی نے SSP اور حکومت کے درمیان ثالثی کرنے کے لیے کہا تھا۔ انہوں نے توہین رسالت کے قانون کے دائرہ کار کو بڑھانے، صحابہ کرام، ازواج رسول یا اہل بیت کی توہین کرنے پر زیادہ سے زیادہ چودہ سال قید کی سزا دینے کا ایک اصولی معاہدہ کیا۔ اُس اجلاس میں ایک اور قانون تجویز کیا گیا، جس کے تحت کسی دوسرے شخص پر کافر ہونے کا الزام لگانے والے کو عدالت میں الزام ثابت کرنے یا اُسے سخت سزا دینے کی ضرورت ہوگی[204]۔

یکم اپریل 1999ء کو، ڈاکٹر اسرار احمد نے اسلام آباد میں وزیر اعظم ہاؤس میں علماء کی دس رکنی کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی، جس میں SSP اور TJP کے رہنما بھی شامل تھے۔ اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ اگر کمیٹی اتفاق رائے پر پہنچ جائے گی تو حکومت مجوزہ قانون سازی کو آگے بڑھائے گی۔ 7-8 اپریل کو ایک اور میٹنگ میں مسودہ قوانین پر تبادلہ خیال کیا گیا، لیکن TJP کو ان دونوں کے خلاف تحفظات تھے۔ 13 اپریل کو ڈاکٹر اسرار نے اُس وقت کمیٹی کے چیئرمین کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا جب ساجد علی نقوی کی جانب سے قوانین کے مسودے کو عام کرنے پر اُنہیں ملامت کی گئی[205]۔ اس کے بعد شہباز شریف پنجاب سے علماء کی ایک اور کمیٹی کے ساتھ آگے بڑھے جس نے ایسی ہی سفارشات پیش کیں جن پر شریف برادران اور اسرار احمد کے درمیان پہلی ملاقات میں اتفاق کیا گیا[206]۔ ساجد علی نقوی کے اس احتجاج سے متاثر نہ ہوتے ہوئے جس میں انہوں (نقوی) نے "شیعوں کو اُن کے تمام حقوق اور مذہبی آزادیوں[207] سے محروم کرنے کی سازش" قرار دیا، کے خلاف 22 اگست کو حکومت پنجاب نے سیکشن 296 PPC میں ترمیم کرنے والا آرڈیننس جاری کیا[208]۔ شریف برادران کی اس وقت SSP کے ساتھ تعلقات ٹھیک کرنے کی بے تابی کے ایک اور اشارے میں اعظم طارق کو 9 جولائی کو جیل سے رہا کیا گیا۔ اُس نے فوری طور پر ایک ایسے وقت میں جب زیادہ تر مذہبی جماعتیں کشمیر میں مبینہ طور پر "فروخت" کرنے پر شریف کی مذمت کر رہی تھیں، ایک ایسے وقت میں مکمل جنگ کے بغیر مسئلہ کشمیر کو بین الاقوامی بنانے میں نواز شریف کی مدبرانہ حکمت عملی کو سراہا[209]۔

شریف کی دوسری میعاد کے آخری ہفتوں میں بطور وزیر اعظم فرقہ وارانہ قتل کا ایک اور عروج دیکھا گیا، جن میں زیادہ تر شیعوں کی زیادہ تر ٹارگٹ کلنگ کی گئی[210]۔ متاثرین میں لاہور ہائی کورٹ کے وکیل سید ناصر عباس کاظمی[211]، ٹی جے پی کے سینئر وائس چیئرمین اور مالیاتی سیکرٹری خورشید انور[212]، کراچی کی ایک شیعہ مسجد میں دس نمازی[213]، آئی ایس او کے سابق رہنما ڈاکٹر قیصر عباس سیال[214]، اور پانچ دیگر ممتاز شیعہ شامل تھے۔ اس نے حکومت کی طرف سے ایک اور یوٹرن کا اشارہ دیا۔ اعظم طارق کو یکم اکتوبر کو دوبارہ گرفتار کیا گیا، جس کے دس دن بعد SSP کے مرکزی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں کو گرفتار کیا[215]۔ نواز شریف نے آئی ایس آئی کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ضیاء الدین کو بھی قندھار روانہ کیا تاکہ طالبان کے رہنما سے پاکستانی فرقہ وارانہ دہشت گردوں کے تربیتی کیمپوں کو بند کرنے کا مطالبہ کیا جائے اور 7 اکتوبر کو ایسے کیمپوں پر عوامی الزامات لگائے[216]۔ فرقہ وارانہ جماعتوں کے تئیں پالیسی کی حقیقی تبدیلی کا ارادہ تھا یا نہیں، یہ قیاس آرائیوں کے لیے کھولا گیا، کیونکہ شریف کو صرف چھ دن بعد جنرل پرویز مشرف کی قیادت میں فوجی بغاوت کے ذریعے معزول کر دیا گیا[217]۔

تحریک جعفریہ پاکستان کا زوال

اکتوبر 1993ء میں TJP قومی اور صوبائی انتخابات میں کوئی پیش رفت کرنے میں ایک بار پھر ناکام ہوگئی لیکن ساجد علی نقوی اس تنظیم کو پاکستان میں اسلام پسند مرکزی دھارے کا حصہ بنانے کے لیے ہمیشہ کی طرح پرعزم رہے۔ اِن انتخابات میں تمام مذہبی جماعتوں کا ناقص مظاہرہ، جو اُنہوں نے تین حریف کیمپوں میں لڑا[218]، ایسا لگتا تھا کہ آپس میں میل جول کا ایک موقع ہے۔ دسمبر 1993ء میں شمالی علاقہ جات کے دورے کے دوران، ساجد علی نے ماضی کے فرقہ وارانہ تنازعات کا صفحہ پلٹنے کی اپیل کرتے ہوئے "اتحاد کی تاریخی دعوت" پیش کی۔ اُنہوں نے حنفی اور جعفری فقہ کے مشترک عناصر کو اسلامی عمومی قانون کا حصہ بنانے اور متنازعہ تفصیلات کو ہر مسلک کے پرسنل لا پر چھوڑنے کی تجویز بھی دی[219]۔ واپسی پر اُنہوں نے پشاور میں ایک پریس کانفرنس میں مذہبی جماعتوں کے "عظیم اتحاد" کی اپیل کی، اور یہ بتاتے ہوئے کہ TJP نے ممکنہ شراکت داروں سے رابطہ کرنے کے لیے "ملی یکجہتی کونسل" تشکیل دی ہے۔ اِن میں "وہ گروپ شامل نہیں تھے جو تشدد پر یقین رکھتے ہیں اور جن کا مقصد فرقہ واریت کو فروغ دینا ہے" جیسے SSP[220]۔ TJP نے 18-19 نومبر 1993ء کو کراچی میں اپنی مرکزی کونسل کے ایک خصوصی اجلاس میں پہلے ہی بریلوی مذہبی رہنماؤں کے ساتھ تعاون کے لیے اپنی ترجیح واضح کر دی تھی، جب ایک نئے پانچ نکاتی پروگرام پر تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔ اِس نے TJP کے اہداف کو اس طرح بیان کیا تھا:

(1) اشاعتوں اور کتب خانوں کی تاسیس کے ذریعے شیعیت کے بارے میں آگاہی، شیعہ مخالف لٹریچر کے مضبوط جوابات، تبلیغی دورہ جات، اور مبلغین کی تربیت اور سرپرستی۔

(2) مساجد، امام بارگاہوں کی تعمیر اور دیکھ بھال، پیش نمازوں کی فراہمی، علماء، ذاکرین اور قائدین کی کانفرنسوں کا انعقاد، تعلیمی اداروں اور دینیات کے مراکز کی تاسیس کے ذریعے شیعیت کو مضبوط کرنا۔

(3) تشیع کی تشہیر (تعارفی) لٹریچر کے ذریعے اور مختلف علاقوں میں تبلیغی مراکز کا قیام۔

(4) پیشہ وارانہ تربیتی مراکز، ڈسپنسریوں، ہسپتالوں، دفاتر اور تنظیموں، ورکشاپس وغیرہ کے قیام کے ذریعے شیعیت کی تعمیر۔

(5) اتحاد کانفرنسوں کے ذریعے شیعیت کا تحفظ، مشائخ اور پیروں سے روابط اُستوار کرنا، بریلوی رہنماؤں کے ساتھ تعاون اور اتحاد اور موجودہ حالات کے تقاضوں سے مسلمانوں کو آگاہ کرنا[221]۔

TNFJ کے جولائی 1987ء کے منشور کے مقابلے میں، جس میں وحدتِ اسلامی کا بیانیہ شامل تھا اور جہاں تک ممکن ہوا تنظیم کی شیعہ شناخت کے حوالے سے گریز کیا گیا، TJP کے 1993ء کے "پانچ نکات" پرجوش اور بالکل واضح تھے۔ نقطہ نمبر 5 میں سنیوں کو پیش کی

گئی صلح بریلیوں کو ممکنہ شراکت داروں کے طور پر اکٹھا کرنے کے لیے قابلِ ذکر تھی۔ تاہم، پاسبان[223] جیسی مسلح شیعہ تنظیموں کے ذریعے سیکورٹی فراہم کرنے کی کوششوں کو آسانی سے ختم کر دیا گیا۔

اگرچہ سنی مذہبی اور سیاسی رہنماؤں کو خاموشی سے پیش کیا جاتا رہا اور نتائج برآمد ہونے میں کچھ وقت لگا، TJP نے ہمیشہ کی طرح اپنے شیعہ گروہی ایجنڈے پر عمل کیا۔ اس نے اسلامی نظریاتی کونسل کے لیے پی پی پی حکومت کے شیعہ تقرر کے خلاف احتجاج کیا، کیونکہ TJP سے مشاورت نہیں کی گئی، اور اُن کی تعداد تین سے بڑھا کر پانچ کرنے کا مطالبہ کیا[224]۔ 1994ء کے اوائل میں ساجد علی نقوی نے سینیٹ کے لیے چھ امیدواروں کا نام لیا[225] لیکن اِن میں سے صرف دو نے اپنا اندراج کرایا[226]۔ پاراچنار سے تعلق رکھنے والے سید محمد جواد ہادی،[227] صوبہ خیبر پختونخوا میں مسلم لیگ اور عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کی مخلوط حکومت کو توڑنے کے لیے پی پی پی کی کوششوں کی بدولت TJP کے پہلے سینیٹر بنے[228]۔ مارچ 1994ء میں[229]، TJP کی ''سیاسی کونسل'' کے سربراہ کے طور پر مقرر ہوئے، اُنہوں نے آنے والے سالوں میں ایک اعلیٰ کردار ادا کیا، آہستہ آہستہ TJP کی قیادت کے لیے ساجد علی کے حریف کے طور پر اُبھرے۔

1994 میں TJP کے لیے فرقہ وارانہ تشدد کے علاوہ سب سے اہم مسئلہ SSP کے ''ناموسِ صحابہ بل'' کا مقابلہ کرنا تھا[230]۔ اعظم طارق کی جانب سے قومی اسمبلی میں بل پیش کیے جانے کے ایک دن بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے ساجد علی نے اعلان کیا کہ TJP اِس کی مخالفت ''پوری طاقت'' سے کرے گی[231]۔ TJP نے بل کی منظوری کے خلاف حکومت اور اپوزیشن دونوں کے رہنماؤں سے لابنگ کی، جب کہ سید جواد ہادی نے فرقہ واریت کے خلاف ایک بل سینیٹ میں پیش کیا جس کا مقصد دیگر چیزوں کے علاوہ، اعظم طارق جیسے افراد کو باہر کرنا تھا، جو اسمبلیوں میں فرقہ وارانہ کشیدگی کو ہوا دینے میں شامل تھا[232]۔ TJP کے قائم کردہ ایک ''ریسرچ سنٹر'' نے ''ناموس صحابہ بل'' کے لیے ایک تفصیلی جواب تیار کیا، جس کی کاپیاں بڑی تعداد میں تقسیم کی گئیں۔ پمفلٹ نے بل کو ایک ''شیطانی فرقہ وارانہ سازش'' قرار دیتے ہوئے پاکستان کے آئین کی طرح قرآن وسنت سے متصادم قرار دیا، بل کے پیش کرنے والے سے درج ذیل سوالات کیے:

1) کس کو صحابی (پیغمبر کا ساتھی) کہا جا سکتا ہے؟ کیا ہر وہ شخص صحابی ہے جس نے حضورؐ کو دیکھا ہو --- اور آپ کے پاس بیٹھا ہو؟ پھر قرآن مجید کی سیکڑوں آیات اور احادیث ہیں جن میں ایسے لوگوں[233] پر تنقید کی گئی ہے اور اُنہیں دردناک عذاب کی دھمکی دی گئی ہے۔ اِن کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

2) "صحابہ کی توہین" کی تعریف کیسے کی جائے؟

3) کیا صحابہ کی آپس کی رقابتوں اور جھگڑوں کا ذکر کرنا بھی توہین ہے؟

4) کیا صحابہ اور اہل بیت کے درمیان پیش آنے والے واقعات کا ذکر کرنا صحابہ کی توہین ہے جو قرآن و سنت اور تاریخ کی متعدد کتابوں میں درج ہیں؟

5) کیا اُن صحابہ کی بداعمالیوں کو بیان کرنا جنہوں نے اہل بیت کے خلاف بغاوت کی اور ان مقدس ہستیوں کی توہین کی؟

6) کیا آپ کو یقین ہے کہ صحابہ، انبیاء کی طرح معصوم تھے؟ اور اگر نہیں تو آپ اِس کو ناممکن کیسے سمجھ سکتے ہیں کہ صحابہ گناہانِ صغیرہ اور کبیرہ کر سکتے تھے؟[234]

متنازعہ بل کی منظوری کو ٹالا جاسکتا تھا لیکن TJP کے بہت سے دوسرے مطالبات، جو جولائی 1994ء میں صدر لغاری اور بے نظیر بھٹو کو لکھے گئے خط میں درج تھے، نامکمل رہے۔ اِن میں عارف حسین کے قاتلوں کو سزا اور جرم کا پورا پس منظر بتانا، فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف مؤثر اقدامات کرنا، وفاقی شرعی عدالت میں شیعہ نمائندگی، اسلامی نظریاتی کونسل میں شیعہ کی بہتر نمائندگی (بشمول 'علماء')، شامل ہیں۔ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے نصاب میں فقہ جعفریہ کی شمولیت، نوتعمیر شدہ شہری کوارٹرز میں شیعہ مساجد اور امام بارگاہوں کے لیے پلاٹوں کی الاٹمنٹ، عزاداری کے جلوسوں پر عائد پابندیوں کا عمومی خاتمہ، ایسے مواقع پر لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر پابندی، اور ایران اور عراق میں مقدس مقامات کی زیارت پر، الگ الگ وقف بورڈ اور دینیات سے متعلق پرانے مطالبات[235]۔ اِس کے علاوہ، TJP کو بہت زیادہ مشہور جعفریہ ویلفیئر فنڈ کے باوجود اپنے بلند نظر پروگرام کی مالی اعانت میں مشکلات کا سامنا تھا[236]۔ درحقیقت یہ منصوبہ صرف پنجاب کے کچھ حصوں میں لاگو کیا جاسکتا تھا، اور خمس کی شکل میں ٹی جے پی کو دی جانے والی امداد کی رقم کم ہوگئی تھی۔

2009ء میں پنجاب اور کراچی میں بھی شیعہ برادری کے خلاف بڑے پیمانے پر دہشت گرد حملے کیے گئے۔ 5 فروری کو ایک خودکش بمبار نے ڈیرہ غازی خان میں امام بارگاہ وڈانی کے باہر چہلم کے جلوس کو نشانہ بنایا، جس میں کم از کم تیس عزادار شہید ہوئے[117]۔ اسی نوعیت کے مزید سانحات چکوال میں 5 اپریل کو اور اسلام آباد کے نواحی گاؤں شکریال میں 24 دسمبر کو پیش آئے۔ چکوال میں ایک شخص نے مجلسِ عزاء کے اختتام پر امام بارگاہ سے نکلتے ہوئے ہجوم پر حملہ کیا اور جب سیکیورٹی گارڈز نے اسے روکنے کی کوشش کی تو اس نے خود کو دھماکے سے اُڑا لیا۔ اس واقعے میں 24 افراد جاں بحق اور 140 زخمی ہوئے، جن میں سے 35 کی حالت نازک تھی[118]۔ شکریال میں 24 دسمبر کو امام بارگاہِ قصرِ سکینہؑ کے سیکیورٹی گارڈ نے ایک خودکش حملہ آور کو تلاشی کے دوران روک لیا، جس کے باعث مزید بڑے نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا، اگرچہ اس نے وہیں اپنا دھماکہ خیز مواد اڑا دیا[119]۔ اسی سال 28 دسمبر کی دوپہر کو کراچی کی ایم اے جناح روڈ پر مرکزی جلوسِ عاشورہ کو ایک خودکش بمبار نے نشانہ بنایا، جس میں 44 افراد جاں بحق اور 60 زخمی ہوئے[120]۔ اس کے بعد شیعہ نوجوانوں کے احتجاج اور

غصے نے شہر بھر میں شدید ہنگامے کی شکل اختیار کر لی۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع سے غائب ہو گئے، اور تقریباً اڑھائی ہزار دکانیں جلا دی گئیں۔ کل نقصان کا تخمینہ درجنوں ارب روپے لگایا گیا[121]۔ تحریکِ طالبان پاکستان (TTP) کے ایک کمانڈر عصمت اللہ شاہین نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی اور کہا کہ یہ کارروائی TTP کی شوریٰ کے فیصلے کے مطابق "عظمت صحابہ کے تحفظ کے لیے" کی گئی[122]۔ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ 2009ء میں اگرچہ بڑے بم دھماکوں سے محفوظ رہا، لیکن ہزارہ برادری کے افراد کی ٹارگٹ کلنگ میں نمایاں اضافہ ہو گیا۔ اِسی سال 14 جنوری کو ڈی ایس پی حسن علی[123] اور 26 جنوری کو ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی (HDP) کے چیئرمین حسین علی یوسف کو قتل کر دیا گیا[124]۔ سال بھر میں اِس نوعیت کے کئی قتل ہوئے، مگر قاتلوں میں سے بہت کم کو گرفتار کیا گیا[125]۔

اگرچہ 2009ء میں شیعہ مخالف حملوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا، لیکن اسی سال تحریکِ طالبان پاکستان (TTP) اور اس کے اتحادی گروہوں کی جانب سے دیگر اہداف بی جن میں فوجی مراکز جیسے مضبوط ٹھکانے بھی شامل تھے بی پر دہشت گردی کی کارروائیوں نے بھی اپنی انتہاء کو پہنچ گئی۔ یہ سلسلہ دراصل سوات وادی اور جنوبی وزیرستان میں فوج کی وسیع پیمانے پر کی جانے والی عسکری کارروائیوں کا جوابی ردِعمل تھا[126]۔ 2009ء کے بعد سے پاکستان سینکڑوں ایسے دہشت گرد حملوں کی لپیٹ میں آ چکا ہے جو شیعہ سنی تنازع سے غیر متعلق تھے[127]۔ دوسری جانب، ان میں سے بہت سے حملے ایسے " پنجابی طالبان" سے منسوب کیے گئے، جو دراصل ایک غیر رسمی مگر فعال نیٹ ورک تھا، جس میں لشکرِ جھنگوی (LeJ)، سپاہِ صحابہ (SSP) اور جیش محمد (JeM) کے کارکن شامل تھے۔ یہ نیٹ ورک وقت کے ساتھ TTP، افغان طالبان اور فاٹا میں سرگرم دیگر جہادی تنظیموں سے مضبوط روابط قائم کر چکا تھا[128]۔ البتہ بعض ٹارگٹ کلنگ کے واقعات ایسے بھی ہوئے جو شیعہ عناصر کی جوابی کارروائی معلوم ہوتے تھے۔ ان میں سب سے نمایاں واقعہ 17 اگست 2009ء کا ہے، جب سپاہِ صحابہ/ملّتِ اسلامیہ پاکستان (SSP/MIP) کے سرپرست اعلیٰ مولانا علی شیر حیدری کو اُن کے آبائی علاقے خیرپور (سندھ) کے قریب گولی مار کر قتل کر دیا گیا[129]۔

اسی دوران سپاہِ صحابہ پاکستان (SSP) نے ایک نیا نام اختیار کر لیا یعنی اہلِ سنت والجماعت (ASWJ)۔ فروری 2010ء میں پنجاب حکومت کے وزیرِ قانون رانا ثناء اللہ نے جھنگ کے ضمنی انتخابات کے دوران مسلم لیگ (ن) کے ایک امیدوار کے لیے SSP/ASWJ کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی[130]۔ اس موقع پر وہ اہلِ سنت والجماعت کے سربراہ مولانا محمد احمد لودھیانوی کے ساتھ ایک الیکشن جلسے میں باقاعدہ طور پر شریک ہوئے۔ جب اِس اقدام پر رانا ثناء اللہ کو برطرف کرنے کے مطالبات سامنے آئے تو وزیرِ اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے اپنے ناقدین کو یہ یاد دلایا کہ لدھیانوی 2008ء کے عام انتخابات میں باقاعدہ امیدوار تھے، اُنہوں نے چالیس ہزار سے زائد ووٹ حاصل کیے تھے، اور یہ کہ اُس وقت پاکستان پیپلز پارٹی (PPP) نے بھی اِسی "ممنوعہ" جماعت کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی تھی[131]۔ کچھ ہی عرصے بعد شہباز شریف نے ایک انٹرویو میں ایک اور تنازع کھڑا کر دیا، جب انہوں نے کہا کہ تحریک طالبان پاکستان (TTP) کو پنجاب میں حملے نہیں کرنے چاہییں، کیونکہ پنجاب حکومت " بیرون لوگوں کے احکامات" پر عمل نہیں کرے گی۔ یوں شہباز شریف نے بالواسطہ طور پر مذہبی جماعتوں کے اِس مؤقف کو تقویت دی کہ پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف امریکی جنگ میں شمولیت ہی TTP کے حملوں کی اصل وجہ ہے۔ لیکن جب خودکش حملہ آوروں نے لاہور میں بریلوی سنیوں کے سب سے بڑے مزارات میں

سے ایک، یعنی داتا دربار کو نشانہ بنایا[133]، تو پنجاب حکومت نے ممنوعہ تنظیموں بشمول سپاہِ صحابہ/ اہلِ سنت والجماعت (SSP/ASWJ) کے خلاف ایک اور عارضی (اور مختصر المدت) کریک ڈاؤن کا حکم جاری کیا[134]۔

خودکش اور دیگر حملے 2010ء میں بھی تمام صوبوں میں شیعہ برادری کے خلاف جاری رہے، جن کا آغاز کراچی سے ہوا۔ 5 فروری کو دہشت گردوں نے پہلے ایک بس کو نشانہ بنایا جس میں چہلم کے جلوس میں شریک ہونے والے عزادار سوار تھے، اور کچھ دیر بعد جناح اسپتال میں اُن امدادی کارکنوں اور زخمیوں کے لواحقین کو نشانہ بنایا جو پہلے دھماکے کے متاثرین کی مدد کے لیے جمع ہوئے تھے[135]۔ اسی طرزِ عمل کو 16 اپریل کو کوئٹہ میں دہرایا گیا، جب ایک خودکش حملہ آور نے سول اسپتال کے اندر خود کو دھماکے سے اُڑا دیا، جہاں درجنوں شیعہ افراد اس روز صبح نجی بینک کے منیجر ارشد زیدی کے ٹارگٹ کلنگ کے خلاف احتجاج کے لیے جمع تھے[136]۔ 17 اپریل کو، یعنی اُس دن کے دو دن بعد جب صوبہ سرحد کا سرکاری طور پر نام بدل کر خیبر پختونخوا (KPK) رکھا گیا، لشکرِ جھنگوی کے دو دہشت گردوں نے اپنی خودکش جیکیٹیں صرف چند منٹ کے وقفے سے کوہاٹ کے قریب کرم اور اورکزئی ایجنسیوں سے آنے والے شیعہ مہاجرین کے رجسٹریشن مرکز میں پھاڑ دیں[137]۔ 18 جولائی کو ایک خودکش بمبار نے سرگودھا میں دارالعلوم محمدیہ کی مسجد و امام بارگاہ کے دروازے پر خود کو دھماکے سے اُڑا لیا، جب اُسے سیکیورٹی گارڈ نے اندر جانے سے روک دیا[138]۔ یکم ستمبر کو لاہور میں یومِ علی کے جلوسوں کو نشانہ بناتے ہوئے تین مسلسل خودکش دھماکے ہوئے، جن میں 31 افراد جاں بحق اور 280 سے زائد زخمی ہوئے۔ اِن دھماکوں کے بعد مشتعل ہجوم نے پولیس اہلکاروں اور یہاں تک کہ ایمبولینس ڈرائیوروں کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا[139]۔ اس کے بعد سال کا سب سے ہولناک حملہ 3 ستمبر کو کوئٹہ میں ہوا، جب ایک خودکش حملہ آور نے یوم القدس کے موقع پر امامیہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (ISO) کے زیرِ اہتمام میزان چوک پر نکالے گئے جلوس کو نشانہ بنایا۔ دھماکے کے بعد شیعہ مظاہرین نے الزام لگایا کہ اینٹی ٹیررازم فورس اور فرنٹیئر کور کے اہلکاروں نے ہجوم پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں کم از کم 54 افراد ہلاک ہوئے۔ دوسری طرف پولیس کا موقف تھا کہ جلوس نے طے شدہ راستے کی خلاف ورزی کی تھی۔ اِس واقعے کے بعد بلوچ اور پختون قوم پرست جماعتوں کے دباؤ پر کوئٹہ میں مذہبی جلوسوں پر مکمل پابندی لگانے پر صوبائی حکومت نے سنجیدگی سے غور کیا، جبکہ سیکولر ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی (HDP) کے رہنماؤں نے بھی شیعہ علما کو اِس بات پر تنقید کا نشانہ بنایا کہ وہ "ایسی مشکلات خود دعوت دے کر مول لے رہے ہیں"[141]۔

2010ء میں خیبر پختونخوا میں شیعہ برادری کے خلاف مزید دو دہشت گرد حملے کیے گئے۔ 8 دسمبر کو کوہاٹ کے تیراہ بازار میں چودہ سالہ خودکش حملہ آور نے ایک کوچ کو نشانہ بنایا[142] جس میں زیادہ تر شیعہ مسافر سوار تھے۔ 16 دسمبر کو پشاور کے چوک یادگار میں سخت سیکیورٹی انتظامات کے باوجود 9 محرم کے جلوس پر دستی بم پھینکا گیا[143]۔ اسی سال شیعہ ہجوم کے تشدد کا ایک افسوسناک واقعہ بھی پیش آیا: 18 مارچ کو ڈیرہ غازی خان کے علاقے چوٹی زیریں میں اہلِ سنت والجماعت کے ضلعی جنرل سیکریٹری حافظ عبداللہ کو پولیس اسٹیشن سے گھسیٹ کر باہر نکالا گیا اور زندہ جلایا گیا، تھوڑی ہی دیر پہلے اُس نے ایک مقامی شیعہ رہنما اور اُن کے والد کو قتل کیا تھا[144]۔ گلگت میں بھی بارہا ٹارگٹ کلنگ اور فرقہ وارانہ جھڑپوں کے واقعات ہوئے[145]، جن میں بعض مواقع پر پولیس اہلکار براہِ راست ملوث پائے گئے[146]۔ شیعہ افراد کی ٹارگٹ کلنگ کراچی میں بھی جاری رہی جن میں ایم کیو ایم کے رکن صوبائی اسمبلی رضا حیدر 2010ء کے نمایاں ترین مقتول تھے[147] جبکہ کوئٹہ میں

بھی یہ سلسلہ خاص طور پر شدت کے ساتھ جاری رہا[148]۔

2010ء میں خیبر پختونخوا میں شیعہ برادری کے خلاف مزید دو دہشت گرد حملے کیے گئے: 8 دسمبر کو کوہاٹ کے تیراہ بازار میں چودہ سالہ خودکش حملہ آور نے ایک کوچ کو نشانہ بنایا جس میں زیادہ تر شیعہ مسافر سوار تھے[142]۔ 16 دسمبر کو پشاور کے چوک یادگار میں سخت سکیورٹی انتظامات کے باوجود 9 محرم کے جلوس پر دستی بم پھینکا گیا[143]۔ اسی سال شیعہ ہجوم کے تشدد کا ایک افسوسناک واقعہ بھی پیش آیا: 18 مارچ کو ڈیرہ غازی خان کے علاقے چوٹی زیریں میں اہلِ سنت والجماعت کے ضلعی جنرل سیکریٹری حافظ عبداللہ کو پولیس اسٹیشن سے گھسیٹ کر باہر نکالا گیا اور زندہ جلا دیا گیا۔ تھوڑی ہی دیر پہلے اُس نے ایک مقامی شیعہ رہنما اور اُن کے والد کو قتل کیا تھا۔ گلگت میں بھی بارہا ٹارگٹ کلنگ اور فرقہ وارانہ جھڑپوں کے واقعات ہوئے، جن میں بعض مواقع پر پولیس اہلکار براہِ راست ملوث پائے گئے۔ شیعہ افراد کی ٹارگٹ کلنگ کراچی میں بھی جاری رہی جن میں ایم کیو ایم کے رکن صوبائی اسمبلی رضا حیدر 2010ء کے نمایاں ترین مقتول تھے جبکہ کوئٹہ میں بھی یہ سلسلہ خاص طور پر شدت کے ساتھ جاری رہا[144]۔ گلگت میں ٹارگٹ کلنگ اور فرقہ وارانہ تصادم کے متعدد واقعات ہوئے جن میں بعض واقعات میں پولیس اہلکار براہ راست ملوث پائے گئے[145]۔ کراچی میں بھی شیعوں کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ جاری رہا[146]، جس میں ایم کیو ایم کے ایم پی اے رضا حیدر 2010ء میں سب سے نمایاں شکار ہوئے[147] اور خاص طور پر کوئٹہ میں[148]۔

2011ء سے کوئٹہ کی 3 سے 4 لاکھ آبادی پر مشتمل ہزارہ برادری نے ریاست کی شیعہ مخالف دہشت گردی پر قابو پانے میں ناکامی کی سب سے بھاری قیمت ادا کی ہے۔ 2008ء سے 2010ء کے دوران ہی لشکرِ جھنگوی کے قاتل سکیورٹی فورسز کی بھاری موجودگی کے باوجود اس شہر میں غیر معمولی آزادی کے ساتھ سرگرم تھے، مگر 2011ء سے ہزارہ شیعہ برادری کے منظم قتل عام کا وہ سلسلہ شروع ہوا جسے بعد میں صرف شیعوں نے نہیں بلکہ مختلف حلقوں نے "نسل کشی (genocide)" کے نام سے یاد کیا۔ یہ بے رحم مہم اس وقت شروع ہوئی جب 1 مئی کو ایبٹ آباد میں امریکی کارروائی کے دوران اسامہ بن لادن ہلاک ہوا۔ اس واقعے کے فوراً بعد لشکرِ جھنگوی اُن شدت پسند تنظیموں میں شامل تھی جنہوں نے اس کی "شہادت" کا بدلہ لینے کا اعلان کیا[149]۔ 6 مئی کو ہزارہ ٹاؤن میں صبح کی ورزش کے لیے میدان میں موجود درجنوں شیعہ شہریوں پر خودکار ہتھیاروں، راکٹوں اور دستی بموں سے حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں کم از کم چھ افراد جاں بحق اور پندرہ زخمی ہوئے[150]۔ دو ہفتے بعد سبزی منڈی سے واپس آنے والے دس ہزارہ افراد کو لے جانے والی پک اپ پر دو مسلح افراد نے حملہ کیا، جس میں چھ افراد موقع پر ہی ہلاک اور باقی زخمی ہو گئے۔ ایک لڑکی بھی آوارہ گولی کا نشانہ بن گئی[151]۔ 17 جون کو سابق اولمپک باکسر سید ابرار حسین کو کوئٹہ اسٹیڈیم کے قریب گولی مار کر قتل کر دیا گیا[152]۔ چھ دن بعد ہزار گنجی، کوئٹہ میں ایران سے واپس آنے والے تیس ہزارہ زائرین کو لے جانے والی ایک بس پر فائرنگ کی گئی، جس میں چار افراد جاں بحق اور گیارہ زخمی ہوئے[153]۔ یہ تمام حملے سکیورٹی چیک پوسٹوں سے چند قدم کے فاصلے پر ہوئے۔ روزنامہ ڈان سے بات کرتے ہوئے ایک مقامی ہزارہ شہری نے کہا: "ایسا نہیں کہ فرقہ وارانہ تنظیمیں دوسرے شیعوں کو نشانہ نہیں بناتیں، فرق صرف یہ ہے کہ ہم ان کے لیے آسان ہدف ہیں...... کیونکہ ہمارے منگولی خدوخال ہمیں فوراً پہچانوا دیتے ہیں...... یہاں کا حال کرفیو جیسا ہے: ہم اپنی بستیوں میں تو آزاد گھوم سکتے ہیں مگر باہر نہیں نکل سکتے[154]۔" 30 جولائی کو دہشت گردوں نے ایک بار پھر ہزارہ ٹاؤن سے کوئٹہ شہر جانے والی پک اپ کو روکا اور مسافروں پر اندھادھند فائرنگ کر دی، جس میں تین افراد موقع پر ہلاک اور آٹھ زخمی بعد میں

اسپتال جاتے ہوئے دم توڑ گئے[155]۔ اِن تمام قتل و غارت کے بعد لشکرِ جھنگوی نے ذمہ داری قبول کی۔ اگست 2011ء میں اِسی تنظیم نے مَرّی آباد (کوئٹہ) کی گلیوں میں ایک رات کے وقت تقسیم کیا گیا خط پھیلایا، جس پر" پرنسپل لشکرِ جھنگوی پاکستان" کے دستخط تھے جس میں درج تھا:

تمام شیعہ واجب القتل ہیں۔ ہم اِس ملک کو اِس ناپاک قوم سے پاک کردیں گے۔ پاکستان کا مطلب ہے 'زمین پاک' اور شیعوں کا یہاں کوئی حق نہیں۔ ہمارے پاس معزز علمائے کرام کے فتوےاور دستخط موجود ہیں جن میں شیعوں کو کافر قرار دیا گیا ہے۔جس طرح ہمارے مجاہدین نے افغانستان میں شیعہ ہزارہ کے خلاف کامیاب جہاد کیا، ہمارا مشن [پاکستان میں] اِس ناپاک فرقے اور قوم یعنی شیعوں اور شیعہ ہزارہ کو ہر شہر، ہر گاؤں، ہر کونے سے ختم کرنا ہے۔ ماضی کی طرح پاکستان میں، خصوصاً کوئٹہ میں، ہزارہ کے خلاف ہمارا کامیاب جہاد جاری ہے اور جاری رہے گا۔ ہم پاکستان کو اِن کی قبرستان بنا دیں گے ،اِن کے گھر بموں اور خودکش حملہ آوروں سے تباہ کیے جائیں گے۔ ہم تب تک چین نہ پائیں گے جب تک اِس زمین پر سچا اسلامی پرچم لہرا نہیں دیتے۔ ہمارے مجاہدین اور خودکش حملہ آور پہلے ہی پاراچنار میں کام کر چکے ہیں اور اب پورے پاکستان میں کارروائی کے حکم کے منتظر ہیں۔ ہزارہ شیعوں کے خلاف جہاد اب ہمارا فرض بن چکا ہے۔ ہمارے خودکش حملہ آوروں نے 6 مئی کو ہزارہ ٹاؤن میں کامیابی سے کارروائی کی، اور اب ہمارا اگلا ہدف آپ کے گھر ہیں جو علمدار روڈ پر ہیں[156]۔

ایسی دھمکیوں کے فوراً بعد مزید سنگین دہشت گردانہ حملے شروع ہو گئے۔ 2 ستمبر کو جب علمدار روڈ پر عید الفطر کی نماز ختم ہوئی ہی تھی کہ بارود سے بھری ایک کار نمازیوں کے قریب آنے کی کوشش میں تھی۔ تاہم ہزارہ اسکاوٹس نے بروقت اِقدام کرتے ہوئے اپنی گاڑی اُس کے سامنے کھڑی کر کے اُسے روک لیا۔ اُسی لمحے دہشت گرد نے گاڑی وہیں دھماکے سے اُڑا دی، جس کے نتیجے میں گیارہ افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے۔ اگر ہزارہ اسکاوٹس کا یہ اِقدام نہ ہوتا تو ہلاکتوں کی تعداد کہیں زیادہ ہوتی۔ کوئٹہ کے رکن قومی اسمبلی سید ناصر علی شاہ نے الزام لگایا کہ چھ ہزار کے قریب نمازیوں کے اِس اجتماع کے لیے ایک بھی پولیس اہلکار تعینات نہیں کیا گیا تھا[157]۔ 20 ستمبر کو پچاس مسافروں پر مشتمل ایک بس، جن میں سے زیادہ تر شیعہ ہزارہ زائرین تھے، کو کوئٹہ سے پچاس کلو میٹر مغرب میں آٹھ سے دس مسلح افراد نے روک لیا۔ حملہ آوروں نے تمام مسافروں کو بس سے اُتارا، اُن کے شناختی کارڈ چیک کیے، اور پھر قریب سے گولیوں کی بوچھاڑ کر دی۔ نتیجتاً چھبیس افراد موقع پر ہی جاں بحق اور آٹھ شدید زخمی ہوئے۔ بعد ازاں جب تین افراد زخمیوں کو ایمبولینس کے ذریعے کوئٹہ لے جانے لگے تو اُنہیں بھی راستے میں قتل کر دیا گیا[158]۔ محض تین دن بعد ایک اور بس پر کوئٹہ کے جنوب میں چند میل کے فاصلے پر ایک گاڑی سے اندھا دھند فائرنگ کی گئی، جس میں تین ہزارہ مسافر جاں بحق اور پانچ زخمی ہوئے[159]۔ 4 اکتوبر کو ہزار گنجی اور اختر آباد کے درمیان تقریباً یہی منظر ایک بار پھر دہرایا

گیا، جب چودہ بس مسافروں کا قتل عام کیا گیا[160]۔ ایک عینی شاہد کے مطابق، جب ایک مقتول نے حملہ آور سے پوچھا کہ ''میں نے تو کچھ نہیں کیا'' تو اُس نے جواب دیا: ''تم نے واقعی کچھ نہیں کیا، مگر ہمیں بتایا گیا ہے کہ ایک شیعہ کو قتل کرنے سے جنت کے پانچ دروازے کھل جاتے ہیں[162]۔'' 5 نومبر کو ہزارہ ٹاؤن کے ایک امامبارگاہ میں ایک خودکش حملہ آور نے نمازیوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، لیکن اسے اندر داخل ہونے سے پہلے ہی روک لیا گیا۔ دسمبر 2011ء میں ہیومن رائٹس واچ کی تحقیق کے مطابق، 2008ء سے صرف بلوچستان میں کم ازکم 275 شیعہ افراد، جن میں زیادہ تر ہزارہ نسل سے تعلق رکھتے تھے، فرقہ وارانہ حملوں میں قتل کیے جا چکے تھے[163]۔ اُسی مہینے لشکرِ جھنگوی کے مشتبہ پاکستانی دہشت گردوں نے کابل میں ایک غیر معمولی حملے کے دوران پچپن ہزارہ افراد کو ہلاک کیا[164]۔

ستمبر 2011ء میں صوبائی حکومت نے اعتراف کیا کہ بلوچستان میں ایک سال کے دوران چالیس مشتبہ دہشت گردوں کو ناکافی ثبوتوں کی بنیاد پر رہا کر دیا گیا[165]۔ یہ محض ایک مثال تھی اُس عمومی کمزوری کی جو گزشتہ دہائی میں پاکستان کے عدالتی نظام کو فرقہ وارانہ اور دیگر دہشت گردی کے مقدمات سے نمٹنے میں درپیش رہی۔ استغاثہ (Prosecution) کو ہمیشہ یہ دشواری رہی کہ وہ ملزمان کو سزا دلوانے میں کامیاب نہیں ہو پاتے، کیونکہ: دہشت گردی کے مقدمات چلانے کے لیے وسائل اور تربیت کی شدید کمی تھی، پولیس کے پاس بنیادی تفتیشی مہارتوں کا فقدان تھا، اور ججوں و گواہوں کو اکثر ملزمان کے ساتھیوں کی جانب سے دھمکیاں ملتی رہتی تھیں[166]۔ 11 جولائی 2011ء کو سپریم کورٹ کی لاہور بینچ نے ملک محمد اسحاق، جو لشکرِ جھنگوی کا بدنام زمانہ قاتل اور مرکزی رہنما تھا، کو ضمانت پر رہا کر دیا۔ ملک اسحاق کو 1997ء میں گرفتار کیا گیا تھا اور اُس پر قتل کے چوالیس مختلف مقدمات میں ستر افراد کے قتل (جن میں زیادہ تر شیعہ تھے) کے الزامات عائد تھے، مگر ہر مقدمے میں وہ ''عدمِ ثبوت'' کی بنا پر بری ہوتا رہا[167]۔ بعدازاں انکشاف ہوا کہ ملک اسحاق کو جیل میں تقریباً وی آئی پی حیثیت حاصل تھی۔ اکتوبر 2009ء میں اُسے خصوصی طیارے کے ذریعے راولپنڈی لے جایا گیا تاکہ تحریک طالبان پاکستان (TTP) کے اُن دہشت گردوں سے مذاکرات کر سکے جنہوں نے پاک فوج کے جنرل ہیڈکوارٹر (GHQ) میں یرغمال بنائے گئے افراد کو قید کر رکھا تھا[168]۔ رہائی کے بعد اُس نے جنوبی پنجاب کے دورے شروع کر دیے اور دوبارہ شیعہ مخالف اشتعال انگیز تقاریر کرنے لگا۔ بالآخر 22 ستمبر کو اُسے حفاظتی نظربندی میں رکھا گیا، اور پانچ ماہ بعد دوبارہ جیل منتقل کر دیا گیا[169]۔

2011ء میں شیعہ برادری پر دہشت گردانہ حملے بنیادی طور پر کوئٹہ اور کرّم ایجنسی میں مرکوز رہے[170]، تاہم پاکستان کے دیگر حصّوں میں بھی بعض بڑے سانحات پیش آئے۔ 25 جنوری کو کم عمر خودکش بمباروں نے لاہور اور کراچی، دونوں شہروں میں چہلم کے جلوسوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ لاہور میں ایک لڑکے نے پہلے بارودی مواد سے بھرا ہوا بیگ پھینکا اور پھر سیکیورٹی چیک پوسٹ کے قریب خود کو دھماکے سے اُڑا لیا۔ اس حملے میں گیارہ افراد جاں بحق ہوئے، جن میں تین پولیس اہلکار بھی شامل تھے۔ کراچی میں ایک خودکش حملہ آور نے اپنی بارود سے لدی موٹر سائیکل کو پولیس وین سے ٹکرا دیا، کیونکہ اُسے چہلم کے جلوس کے قریب جانے سے روک دیا گیا تھا۔ اس دھماکے میں کم ازکم تین افراد ہلاک ہوئے۔ دونوں حملوں میں اگر دہشت گرد اپنے اصل ہدف کے قریب پہنچنے میں کامیاب ہو جاتے، تو جانی نقصان کہیں زیادہ ہولناک ہوتا[171]۔ بعدازاں، 13 مارچ کو ہنگو ضلع میں شدت پسندوں نے پشاور جانے والی ایک مسافر کوچ پر اندھادھند فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں پاراچنار سے تعلق رکھنے والے گیارہ شیعہ مسافر جاں بحق ہو گئے[172]۔

2012ء میں گلگت بلتستان میں شیعہ برادری کے خلاف سب سے لرزہ خیز اور سنگدلانہ مظالم رونما ہوئے[173]۔ 28 فروری کو آٹھ مسلح افراد، جو فوجی وردیوں میں ملبوس تھے، نے چلاس ضلع کے قریب ہربن نالہ پر قراقرم ہائی وے پر چلنے والی چار بسوں کو روک لیا۔ انہوں نے مسافروں کو گاڑیوں سے اُترنے کا حکم دیا اور اُن کے کاغذات کی جانچ پڑتال شروع کی۔ جن مسافروں کے ناموں سے اُن کا شیعہ ہونا ظاہر ہوتا تھا، اُن میں سے اٹھارہ افراد کو الگ کر کے گولیوں سے بھون دیا گیا۔ شدت پسند تنظیم جنداللہ کے ایک ترجمان نے بعد میں اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی۔ عینی شاہدین کے مطابق حملہ آور دراصل قریبی وادیوں داریل اور تانگیر کے مقامی باشندے تھے۔

اِس واقعے سے قبل چلاس ضلع کے دو افراد گلگت میں ایک فرقہ وارانہ جھڑپ میں مارے گئے تھے، جس کے بعد مقامی عناصر نے انتقام لینے کا عزم ظاہر کیا تھا[174]۔ 3 اپریل کو کئی ہفتوں سے جاری شیعہ مظاہروں کے بعد، اہلسنّت والجماعت (ASWJ) کے ایک اہلسنّت اجتماع پر ہینڈ گرینیڈ سے حملہ کیا گیا، جس میں دو افراد جاں بحق اور پینتیس زخمی ہوئے۔ اِس کے بعد پورے گلگت شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ اور حملوں کا سلسلہ شروع ہوا، جو سارا دن جاری رہا۔ چلاس میں کم از کم بارہ شیعہ مسافروں کو بسوں سے اُتار کر ہجوم نے بے دردی سے قتل کر دیا[175]۔ اس کے ردِعمل میں نگر ضلع کے شیعوں نے چلاس اور کوہستان سے تعلق رکھنے والے چونتیس مزدوروں کو یرغمال بنا لیا، جنہیں سات دن بعد رہا کیا گیا[176]۔ 4 اپریل کو وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے گلگت میں شیعہ اور سنّی علما سے ملاقات کے بعد حسبِ معمول یہ بیان دیا کہ یہ پرتشدد واقعات " فرقہ واریت سے متعلق نہیں" بلکہ "پس پردہ طاقتیں" ملوث ہیں جنہیں" جلد بے نقاب کیا جائے گا"[177]۔ تاہم، دس روز سے زائد طویل کرفیو کے بعد بھی گلگت کی مرکزی شیعہ و سنّی مساجد اسی وقت کھولی گئیں جب دونوں فریقوں نے ایک "ضابطہٴ اخلاق" (Code of Conduct) کو تسلیم کر لیا[178]، جسے 29 مئی کو گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی نے باضابطہ قانون کی حیثیت دے دی[179]۔ شیعہ برادری نے اس فیصلے پر شدید احتجاج کیا کہ اس میں مظلوم اور ظالم کو برابر قرار دیا گیا ہے، نیز دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کوہستان اور چلاس کے بجائے ہنزہ نگر میں کرنے پر بھی شدید اعتراض کیا۔ 16 اگست کو 28 فروری والے سانحے کی عین طرز پر ایک اور قتلِ عام کیا گیا۔ یہ واقعہ بابوسر پاس کے قریب پیش آیا، جو راولپنڈی سے گلگت جانے کا ایک متبادل راستہ سمجھا جاتا تھا اور قراقرم ہائی وے سے کم خطرناک تصور کیا جاتا تھا۔ درجنوں مسلح افراد، جو فوجی وردیوں میں ملبوس تھے، نے چار ویگنوں کے قافلے کو روک کر مسافروں کو اُترنے کا حکم دیا اور اُن سے اُن کے مسلک کے بارے میں پوچھ گچھ شروع کی۔ جن مسافروں کا تعلق شیعہ مسلک سے ثابت ہوا، اُنہیں علیحدہ کر کے موقع پر گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ اِس قتلِ عام میں بائیس افراد جاں بحق ہوئے، اِن میں چار سنّی مسافر بھی شامل تھے جنہوں نے شیعہ شناخت میں دہشت گردوں کی مدد سے انکار کیا تھا۔ بعد ازاں تحریکِ طالبان پاکستان (TTP) کے دَرّہ آدم خیل گروہ نے اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی[180]۔

2012ء میں پاکستان کے تمام صوبوں میں شیعہ برادری کے خلاف متعدد دہشت گردانہ حملے کیے گئے۔ 15 جنوری کو خانپور میں واقع درگاہِ حسین امام بارگاہ کے قریب ایک بم دھماکا اُس وقت ہوا جب چہلم کا جلوس جاری تھا۔ اِس خوفناک دھماکے میں اٹھارہ عزادار موقع پر جاں بحق ہو گئے[181]۔ 18 جولائی کو اورکزئی ایجنسی کے زیریں علاقے سے کوہاٹ جانے والی ایک پک اپ وین پر روڈ سائیڈ بم دھماکے میں چودہ شیعہ مسافر شہید ہو گئے[182]۔ کراچی میں بھی شیعہ مخالف دہشت گردی کے کئی سنگین واقعات پیش آئے جن میں شامل

ہیں: 25 جنوری کو تین شیعہ وکلا کی ٹارگٹ کلنگ[183]، 17 اگست کو ISO کی یوم القدس ریلی میں شریک افراد کی بس پر بم حملہ[184]، 18 ستمبر کو اسماعیلی بوہرہ برادری پر پہلا دہشت گرد حملہ[185]، 6 نومبر کو ایک شہید شیعہ عالم کے جنازے پر حملہ[186]، 18 نومبر کو عباس ٹاؤن میں امام بارگاہِ مصطفیٰ کے قریب بم دھماکہ[187]، اور 21 نومبر کو اورنگی ٹاؤن میں مسجد وامام بارگاہِ حیدرِ کرّار کے نزدیک ایک گھنٹے کے اندر دو بم دھماکے[188]۔

اُسی دن، جو 6 محرم 1434ھ کے مطابق تھا، راولپنڈی کے علاقے ڈھوک سیداں میں امام بارگاہ قصرِ شبیر سے نکلنے والے عزاداری جلوس پر ایک خودکش حملہ ہوا، جس میں تئیس (23) شیعہ عزادار شہید ہو گئے[189]۔ اِس سانحے کے تین روز بعد، ڈیرہ اسماعیل خان[190] میں ایک اور محرم جلوس کو ریموٹ کنٹرول بم سے نشانہ بنایا گیا، اور پھر عاشور کے دن (25 نومبر) اِسی شہر میں ایک اور بم دھماکہ پیش آیا۔ ان دونوں حملوں میں چودہ افراد جاں بحق اور 104 زخمی ہوئے[191]۔ 23 نومبر کو لکی مروت میں ایک خودکش بمبار نے محرم کے جلوس کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، لیکن اُسے علاقائی رضاکاروں نے بروقت روک دیا[192]۔

پچھلے برسوں کی طرح، 2012ء میں بھی سب سے زیادہ خونریز حملے کرم ایجنسی [193] اور کوئٹہ میں ہوئے، جہاں ہزارہ برادری کو پورے سال مسلسل نشانہ بنایا گیا۔ اِن میں سے بیشتر واقعات میں مقتولین محض اِس لیے چُنے گئے کہ وہ دہشت گردوں کے لیے آسان ہدف تھے، جب کہ کچھ افراد کو اُن کے سماجی یا پیشہ ورانہ مقام کے باعث قتل کیا گیا۔ 25 جنوری کو ایک آرٹسٹ، پولیس انسپکٹر اور شاعر کو ایک کار میں موٹر سائیکل سوار حملہ آوروں نے گولی مار کر قتل کر دیا[194]۔ 29 مارچ کو اسپنی روڈ پر چار موٹر سائیکل سواروں نے ایک وین پر فائرنگ کر کے چھ ہزارہ شہریوں کو ہلاک کر دیا۔ اسی روز ایک ہجوم نے لڑکیوں کے کالج کو آگ لگا دی اور کئی سرکاری عمارتوں پر حملہ کیا، جس کے دوران پولیس فائرنگ میں دو افراد مارے گئے[195]۔ 9 اپریل کو مسجد روڈ پر ایک جوتوں کی دکان پر گاڑی سے فائرنگ میں چھ گاہک جاں بحق ہوئے[196]۔ 14 اپریل کو دو گاڑیوں پر اندھادھند فائرنگ سے آٹھ ہزارہ افراد قتل ہوئے[197]۔ 21 اپریل کو بریوری روڈ پر مزید دو ہزارہ شہریوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا[198]۔ 26 اپریل کو ایک خودکش حملہ آور نے ہزارہ ٹاؤن کی سبزی منڈی میں داخل ہونے کی کوشش کی لیکن مقامی نوجوانوں نے اُسے روک کر اُس کے دھماکہ خیز جیکٹ کا ڈیٹونیٹر الگ کر دیا۔ حملہ آور فرار ہونے کی کوشش میں تھا کہ گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا[199]۔

ہزارہ برادری کے قتلِ عام کا یہ غیر معمولی اور لگاتار سلسلہ نہ صرف ملک کے اندر بلکہ یورپ میں بھی تشویش کا باعث بنا[200]۔ بین الاقوامی سطح پر یہ سوالات اُٹھنے لگے کہ آخر قاتل اس قدر دیدہ دلیری کے ساتھ اپنے جرائم کیوں کر انجام دے رہے ہیں اور ریاستی ادارے اُنہیں کھلی چھوٹ کیوں دیے ہوئے ہیں[201]۔ مئی 2012ء میں اُن بین الاقوامی مبصرین اور قانونی ماہرین کے حقائق معلوم کرنے والے وفد (Fact-Finding Mission) نے اپنی رپورٹ شائع کی، جو نومبر 2011ء میں کوئٹہ کا دورہ کر چکا تھا[202]۔ اِسی دوران، 7 جون کو کوئٹہ کے سیٹلائٹ ٹاؤن میں واقع ایک دیوبندی سنی مدرسے پر ایک نادر نوعیت کا بم حملہ ہوا، جس میں سولہ افراد جاں بحق اور چھیالیس زخمی ہوئے[203]۔ تاہم، اِس کے فوراً بعد شیعہ برادری کے خلاف دہشت گردی کی مہم دوبارہ شدت اختیار کر گئی۔ 18 جون کو ایک ریموٹ کنٹرول کار بم دھماکے میں ایک آئی ٹی یونیورسٹی کی بس کو نشانہ بنایا گیا، جس میں پانچ طلبہ موقع پر جاں بحق اور کم از کم ستر زخمی ہوئے جن میں سے اکثر کا

تعلق ہزارہ برادری سے تھا[204]۔ اسی طرزِ عمل کو دہراتے ہوئے 28 جون کو کوئٹہ کے ہزار گنجی پھل منڈی کے قریب ایران سے واپس آنے والے ہزارہ زائرین کی بس پر حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں تیرہ افراد جاں بحق اور بیس زخمی ہوئے[205]۔
ایچ ڈی پی (Hazara Democratic Party) کے صدر عبدالخالق ہزارہ نے اِس صورتِ حال کو ہزارہ برادری کی منظم نسلی تطہیر قرار دیا۔ جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی سید ناصر علی شاہ نے کہا کہ ریاستی ادارے گویا گہری نیند میں ہیں اور اِسی غفلت و بے حسی نے قاتلوں کو کھلی آزادی دے رکھی ہے کہ وہ بغیر کسی گرفت یا قانونی کارروائی کے خوف کے بغیر قتل و غارت گری کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

16 اگست کو مسلح افراد نے خودکار ہتھیاروں سے اندھا دھند فائرنگ کی، نشانہ ایک رکشہ تھا جو ہزارہ ٹاؤن کی سمت جا رہا تھا۔ اسی نوعیت کا ایک اور حملہ 27 اگست کو ایک ٹیکسی پر ہوا، جن میں مجموعی طور پر چھ مسافر جاں بحق ہوئے[207]۔ 30 اگست کو ایک جج کو جو اِس سے قبل دھمکی آمیز فون کالیں وصول کر چکا تھا، اس کے ڈرائیور اور محافظ سمیت گولی مار کر قتل کر دیا گیا[208]۔ یکم ستمبر کو چار مسلح افراد نے ایک بس روکی، بس میں سوار پانچ ہزارہ مردوں کو اُتارا، صف باندھ کر کھڑا کیا، اور گولیوں سے بھون ڈالا۔ اس واقعے کے چند ہی منٹ بعد بس اڈے پر مزید دو افراد کو بھی گولی مار دی گئی۔ اِن ہولناک واقعات کے بعد پُرتشدد احتجاج پھوٹ پڑا، جس میں مزید دو افراد، بشمول ایک پولیس اہلکار، ہلاک ہو گئے[209]۔ 18 ستمبر کو ایک بار پھر ایک بس کو نشانہ بنایا گیا، اس بار روڈ سائیڈ کار بم کے ذریعے، جو شیعہ زائرین کو لے جا رہی تھی[210]۔ 6 اور 11 نومبر کو کوئٹہ میں مزید چھ ہزارہ افراد کو اُن کی گاڑیوں میں گولی مار کر قتل کر دیا گیا[211]، اور 12 نومبر کو مچھ کے بازار میں موٹر سائیکل سوار حملہ آوروں نے ایک دکان پر فائرنگ کی، جس میں دو ہزارہ افراد موقع پر جاں بحق اور پانچ شدید زخمی ہوئے[212]۔ سال 2012ء میں بلوچستان میں شیعہ برادری پر سب سے ہلاکت خیز حملہ 30 دسمبر کو مستونگ ضلع میں پیش آیا، جب ایک کار بم نے ایران جانے والی بسوں کے قافلے کو نشانہ بنایا، اور ایک بس آگ کی لپیٹ میں آ گئی۔ اِس حملے میں بیس زائرین جاں بحق اور پچیس زخمی ہوئے، جن میں سے اکثر کا تعلق پنجاب سے تھا[213]۔

کوئٹہ میں شیعہ ہزارہ برادری کے خلاف بدترین قتل عام سال 2013ء کے ابتدائی مہینوں میں وقوع پذیر ہوئے۔ 10 جنوری کی شام، عالمدار روڈ پر واقع ایک سنوکر کلب میں ایک خودکش حملہ آور نے دھماکہ خیز جیکٹ اُڑا دی۔ دس منٹ بعد، اسی مقام پر ایک ایمبولینس میں نصب دوسرا بم پھٹ گیا، جس سے عمارت مکمل طور پر تباہ ہو گئی، اور پچاس سے زائد دکانیں اور قریبی مکانات بری طرح متاثر ہوئے۔ اس المناک سانحے میں چھیانوے افراد جاں بحق ہوئے، جن میں پچیس ریسکیو اہلکار اور نو پولیس اہلکار بھی شامل تھے، اکثر جاں بحق ہونے والے ہزارہ برادری سے تعلق رکھتے تھے[214]۔ اگلے ہی روز سینکڑوں ہزارہ افراد اپنے 87 مقتولین کے جنازوں کے ساتھ عالمدار روڈ پر دھرنے پر بیٹھ گئے، اور اپنے مطالبات کی منظوری تک تدفین سے انکار کر دیا[215]۔ 12 جنوری تک، شدید سردی اور بارش کے باوجود پانچ ہزار سے زائد افراد نے موقع پر شہداء کے حق میں شب بیداری میں شرکت کی[216]۔ پورے پاکستان میں شیعہ تنظیموں کی جانب سے بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے کیے گئے، جبکہ انسانی حقوق کے کارکنان نے بھی چھوٹے پیمانے پر مظاہرے منعقد کیے[217]۔ یہ احتجاج اس وقت ختم ہوا جب وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف، جو بات چیت کے لیے کوئٹہ پہنچے تھے، نے 13 جنوری کو نواب اسلم خان رئیسانی کی صوبائی حکومت برطرف

کر کے بلوچستان میں گورنر راج نافذ کرنے کا اعلان کیا[218]۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ ریئسانی، جو کئی دنوں تک بدترین دہشت گرد حملوں کے بعد بھی بیرون ملک سے واپس آنے سے گریزاں رہے، نے اپنے برطرف کیے جانے پر کسی قسم کی ندامت ظاہر نہ کی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں ریکوڈیک کی سونے کی کانیں ایک بین الاقوامی کمپنی کو دینے سے انکار پر ہٹایا گیا ہے[219]۔ لیکن اُن کی حکومت پر پہلے ہی یہ الزام عائد تھا کہ انہوں نے لشکر جھنگوی کے دہشت گردوں کے خلاف مکمل غفلت برتی، جو اُن کے اپنے حلقۂ انتخاب مستونگ میں تقریباً محفوظ پناہ گاہ بنا چکے تھے[220]۔

جیسا کہ بہت سے مبصرین نے پیش گوئی کی تھی، گورنر راج کے نفاذ جو ویسے بھی آئندہ عام انتخابات سے کچھ ہی عرصہ قبل نافذ کیا گیا تھا سے کوئٹہ کی صورتحال میں کوئی خاطر خواہ تبدیلی نہ آسکی۔ 16 فروری کو ایک اور بڑا دہشت گرد حملہ ہوا جس نے ہزارہ ٹاؤن کو ایک بار پھر لرزا دیا۔ اس بار پہلی مرتبہ سیال بم (Liquid Explosives) استعمال کیے گئے، جن میں ڈیزل اور پوٹاشیم کلوریٹ کا آمیزہ تھا۔ یہ بم ایک ٹریکٹر ٹرالی پر لدے پانی کے ٹینک میں نصب تھا، جو شام ساڑھے پانچ بجے ایک گنجان بازار میں دھماکے سے پھٹ گیا[221]۔ ابتدائی طور پر پینسٹھ (65) افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ملی مگر بعد میں زخمیوں میں سے کئی شدید طور پر جھلس جانے کے باعث تعداد بڑھ کر چوراسی (84) تک جا پہنچی۔ دھماکے سے چار سے زائد مارکیٹیں اور بیس سے زیادہ دکانیں مکمل طور پر جل کر راکھ ہوگئیں، جبکہ کئی گاڑیاں بھی تباہ ہوگئیں۔ ایک بار پھر ہزارہ برادری کے ہزاروں مرد، عورتیں اور بچے دھرنے پر بیٹھ گئے اور اپنے شہداء کی تدفین سے اِنکار کر دیا، یہ مطالبہ کرتے ہوئے کہ کوئٹہ کی سیکیورٹی کو پاک فوج کے سپرد کیا جائے[222]۔ وفاقی حکومت نے فوج کو مزید اختیارات دینے سے گریز کیا۔ اِس کی بجائے، 19 فروری کو فرنٹیئر کور (ایف سی) نے کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں ایک بڑے پیمانے پر آپریشن کا آغاز کیا۔ اِس دوران 170 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا، جن میں اہلِ سنت والجماعت (ASWJ) کا ایک صوبائی رہنما اور لشکر جھنگوی کے بعض مطلوب دہشت گرد شامل تھے[223]۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ کوئٹہ پولیس نے اِس سے کئی ہفتے قبل بلوچستان میں لشکر جھنگوی کے نیٹ ورک کی تفصیلات پر مشتمل ایک خفیہ رپورٹ تیار کر کے فرنٹیئر کور کے ساتھ شیئر کی تھی، اور ساتھ ہی یہ تجویز بھی دی تھی کہ تاخیر کے بغیر ایک ہدفی کارروائی شروع کی جائے۔ مگر یہ تجویز ایک اور بڑے حملے کے بعد ہی عملی صورت اختیار کرسکی[224]۔ ایک روز بعد، شیعہ تنظیموں کے نمائندے اور مقامی ہزارہ عمائدین گورنر بلوچستان اور اسلام آباد سے آئے پارلیمانی وفد کی یقین دہانیوں کے بعد دھرنا ختم کرنے پر رضامند ہو گئے[225]۔

پہلے ہی 16 فروری کو، لشکرِ جھنگوی (LeJ) کے ایک ترجمان نے حکومت سے مطالبہ کیا تھا کہ وہ اپنے زیرِ سماعت قیدیوں کو فوراً کوئٹہ کینٹ میں واقع انسدادِ دہشت گردی فورس (ATF) کی ہائی سکیورٹی جیل سے نکال کر مرکزی جیل میں منتقل کرے، ورنہ ایک اور خودکش حملے کے لیے تیار رہے اس بار ہدف اے ٹی ایف کی جیل ہوگی۔ اس نے ہزارہ برادری کو نئی دھمکیاں بھی دیں:

حکومت کو اب کسی فریب میں نہیں رہنا چاہیے کہ بلوچستان میں گورنر را ج کے نفاذ نے ہمیں اپنے دشمن — شیعہ ہزارہ — کو نشانہ بنانے سے روکا ہوا ہے۔ ہم شیعہ ہزارہ برادری کو واضح طور پر بتانا چاہتے ہیں کہ جب تک پاکستان میں اسلامی خلافت قائم نہیں ہو جاتی، وہ خود کو محفوظ و امان میں نہ سمجھیں۔لشکر جھنگوی کے مجاہدین گورنر راج کے نفاذ یا فوج کی تعیناتی

کے باوجود شیعہ افراد کو قتل کرتے رہیں گے۔ ہم اسلامی خلفاء کے عزّت کی حفاظت کے لیے ہر ایک کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔16 فروری کو گاڑی بم سے ہونے والا فدائین حملہ 2013ء کے آغاز کے بعد شیعہ اکثریتی علاقے میں دوسرا ایسا واقعہ تھا۔ میں شیعہ ہزارہ برادری کو آگاہ کر دوں کہ ہمارے پاس اِس نوعیت کی مزید بیس گاڑیاں موجود ہیں جو زہریلے/مہلک مواد سے بھری ہوئی اور دشمن پر وار کے لیے تیار ہیں۔ ہم صرف اپنی قیادت کے اگلے حکم کا انتظار کر رہے ہیں تاکہ علمدار روڈ، مہرآباد اور ہزارہ ٹاؤن میں اپنے اہداف پر حملہ کر سکیں۔ہم نہ گورنر راج سے ڈرتے ہیں اور نہ ہی پاکستانی فوج سے اور ہم شیعہ ہزارہ افراد کواُن کے گھروں میں قتل کرنا جاری رکھیں گے[226]۔

22 فروری کولشکر جھنگوی کے رہنما ملک اسحاق کو رحیم یار خان میں اپنی رہائش گاہ پر گرفتاری کی پیشکش کے بعد دوبارہ جیل بھیج دیا گیا[227]۔شیعہ رہنماؤں نے اس کے نئے مقدمے کی سماعت کا مطالبہ کیا،لیکن ایچ ڈی پی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ کا خیال تھا کہ اسحاق کی گرفتاری محض دھوکہ تھی،تاکہ اُسے محدود مدت کے لیے کام سے باہر رکھا جائے[228]۔بلوچستان حکومت نے پنجاب سے اُن کی تحویل کی درخواست نہیں کی[229]۔جیسا کہ اس وقت انکشاف ہوا،اسحاق کو مولانا لدھیانوی نے 18 ستمبر 2012 کو پہلے ہی ASWJ کا نائب صدر مقرر کر دیا تھا،جنہوں نے اِسے ایک قابل تعریف اقدام سمجھا جس کا مقصد اسحاق کو"سرنڈر" تھا[230]۔مزید برآں،مسلم لیگ ن اور اے ایس ڈبلیو جے نے لدھیانوی اور وزیر رانا ثناء اللہ کے درمیان نئے سرے سے مذاکرات کے بعد آئندہ انتخابات میں پنجاب پی اے اور این اے کے امیدواروں کی سیٹ ایڈجسٹمنٹ پر اتفاق رائے کر لیا[231]۔وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے دعویٰ کیا کہ جن 734 دہشت گردوں کو گرفتار کیا جانا چاہیے اُن کی فہرست پہلے پنجاب حکومت کو دی گئی تھی لیکن بعد میں کالعدم تنظیموں کے خلاف کارروائی نیم دلی سے کی گئی[232]۔ پنجاب پولیس کے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی تیار کردہ ایک خفیہ رپورٹ سے بھی اِس بات کی تصدیق ہوئی ہے[233]۔

دریں اثنا،مئی 2013ء کے انتخابات سے قبل بلوچستان کے باہر بھی شیعہ برادری کو نشانہ بنانے والے مزید دہشت گرد حملے کیے گئے۔یکم فروری کو ہنگو کے پٹ بازار میں نمازِ جمعہ کے فوراً بعد ایک خودکش حملہ آور نے مسجد کے باہر خود کو دھماکے سے اُڑا لیا،جس کے نتیجے میں اٹھائیس افراد جاں بحق اور چھیالیس زخمی ہوئے[234]۔3 مارچ کو کراچی کے عباس ٹاؤن کے داخلی دروازے پر،دو رہائشی بلاکوں کے درمیان واقع ایک امام بارگاہ کے قریب مغرب سے کچھ پہلے ایک ریموٹ کنٹرول بم سے بھری کار پھٹ گئی[235]۔دھماکے میں دونوں بلاکوں کی نچلی اور پہلی منزل بری طرح تباہ ہوگئیں،یہاں تک کہ کئی رہائشی اپنے فلیٹوں کے اندر ہی ہلاک ہو گئے۔تقریباً ڈیڑھ سو کلو گرام دھماکہ خیز مواد پر مشتمل اِس بم دھماکے میں اڑتالیس افراد جاں بحق اور ایک سو پینتیس زخمی ہوئے۔4 مارچ کو متاثرین کے جنازے کے بعد ہونے والے پرتشدد احتجاج میں مزید چار افراد ہلاک ہوئے[236]۔اِسی دوران پشاور[237]،لاہور[238] اور کراچی[239] میں بھی شیعہ افراد کی ٹارگٹ کلنگ کے نئے واقعات پیش آئے۔مارچ 2013ء میں 2008ء میں منتخب ہونے والی قومی اور صوبائی اسمبلیاں اپنی مدتِ اقتدار پوری کر چکی تھیں،اور 11 مئی کو عام انتخابات کی تاریخ مقرر کی گئی۔اہلسنت والجماعت (ASWJ) کے سربراہ مولانا لدھیانوی نے ایک بار پھر جھنگ سے قومی اسمبلی (NA) اور صوبائی اسمبلی (PA) دونوں نشستوں کے لیے اپنی امیدواری داخل کرائی۔تاہم،وہ یہ دیکھ کر حیران

رہ گئے کہ اُن کے دیرینہ حریف شیخ وقاص اکرم (سابقہ مسلم لیگ ق) اس بار مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر اُن کے مقابل امیدوار ہیں۔ اِسی دوران نواز شریف نے اپنی جماعت کو اہلسنت والجماعت سے فاصلہ اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیا، جسے ASWJ نے صریح دھوکا تصور کیا[240]۔ تاہم، مسلم لیگ (ن) نے NA-107 (گجرات) کی نشست پر چودھری عابد رضا کو ٹکٹ دیا جو قتل کے الزام میں پانچ سال قید کاٹ چکے تھے[241] اور جن کے تعلقات لشکرِ جھنگوی کے امجد فاروقی اور ملک اسحاق سے رہے تھے۔ اِسی طرح NA-178 (مظفر گڑھ)[242] سے سردار عباد ڈوگر کو، جو طویل عرصے سے ایس ایس پی/ اے ایس ڈبلیو جے سے منسلک تھے، امیدوار نامزد کیا گیا۔ کل ملا کر الیکشن کمیشن نے صرف پنجاب میں اہلسنت والجماعت کے چالیس امیدواروں کو انتخاب لڑنے کی اجازت دی[243]۔ جبکہ کراچی میں اہلسنت والجماعت کے سیکرٹری اطلاعات اورنگزیب فاروقی جن پر مقامی شیعہ افراد کے قتل کے الزامات عائد تھے، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی، دونوں نشستوں کے لیے امیدوار کے طور پر سامنے آئے[244]۔

عام انتخابات سے چند ہفتے قبل تحریکِ طالبان پاکستان (TTP) نے سیکولر سیاسی جماعتوں یعنی پاکستان پیپلز پارٹی (PPP)، متحدہ قومی موومنٹ (MQM) اور عوامی نیشنل پارٹی (ANP) کے خلاف دہشت گردی کی ایک خونریز مہم شروع کر دی[245]۔ اِس کے برعکس، پاکستان مسلم لیگ (ن) اور عمران خان کی پاکستان تحریکِ انصاف (PTI) جن دونوں نے قبائلی علاقوں (فاٹا)[246] میں شدت پسندوں پر امریکی ڈرون حملوں کی مذمت کی تھی اور ٹی ٹی پی سے مذاکرات پر زور دیا تھا تاکہ بڑی حد تک اِن حملوں سے محفوظ رہیں۔ نتیجتاً، پیپلز پارٹی کو قومی اسمبلی (NA) اور پنجاب اسمبلی (PA) دونوں انتخابات میں شکستِ فاش کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ عوامی نیشنل پارٹی (ANP) خیبر پختونخوا میں بری طرح ہار گئی۔ اس کے باوجود اقتدار کی منتقلی نہایت پر امن اور منظم رہی؛ مسلم لیگ (ن) نے قومی اسمبلی اور پنجاب اسمبلی، دونوں میں واضح اکثریت حاصل کی، جبکہ تحریکِ انصاف (PTI) نے جماعتِ اسلامی کے ساتھ مل کر خیبر پختونخوا میں اتحادی حکومت قائم کی۔ صدر آصف علی زرداری نے اپنی آئینی مدت مکمل ہونے کے بعد 8 ستمبر کو پورے اعزاز و احترام کے ساتھ سبکدوشی اختیار کی۔ ویسے بھی وہ اپریل 2010ء میں منظور ہونے والی اٹھارہویں آئینی ترمیم کے ذریعے صدر کے کلیدی اختیارات پارلیمنٹ کو منتقل کر چکے تھے[247]۔

مئی 2013ء کے انتخابات میں جماعت اسلامی سے الگ جماعت ASWJ کے کسی امیدوار کو کامیابی نہ ملی، تاہم سرکاری پابندی کے باوجود پارٹی نے اپنی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ لدھیانوی نے 71598 ووٹ حاصل کیے، جبکہ وقاص اکرم 74324 ووٹ لے کر آگے تھے، اور لدھیانوی نے دوبارہ گنتی کا مطالبہ کیا[248]۔ انتخابات کے فوراً بعد، پنجاب میں کوئٹہ کے قتل عام کے تین ماہ بعد گرفتار کیے گئے ASWJ اور لشکرِ جھنگوی کے 112 کارکنان رہا کر دیے گئے، جن میں ملک اسحاق بھی شامل تھا[249]۔ اِسی دوران کوئٹہ میں دو پولیس اہلکار بھی گرفتار ہوئے، جن کے مبینہ طور پر لشکرِ جھنگوی کے رہنما آصف چھوٹو اور سیف اللہ کرد کے ساتھ قریبی تعلقات تھے[250]۔ اگست میں یہ اعلان کیا گیا کہ جلد سکھر جیل میں چار مجرم، دو دو ٹی ٹی پی اور لشکرِ جھنگوی کے، پھانسی دیے جائیں گے۔ 2008ء سے اقتدار میں رہنے والی پیپلز پارٹی کی حکومت کے دوران کسی شہری کو بطور پالیسی پھانسی نہیں دی گئی تھی، حالانکہ ملک بھر میں موت کے سزا یافتہ قیدیوں کی تعداد 7046 تک پہنچ گئی تھی۔ ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ میں موت کی سزا کے خلاف 6408 اپیلیں زیرِ التوا تھیں، جبکہ صدر کے پاس 532 رحم کی درخواستیں پڑی ہوئی تھیں۔ جب مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے پھانسیوں پر عارضی روک جاری نہ رکھنے کا فیصلہ کیا، تو ٹی ٹی پی نے خبردار کیا

کہ اِس” جنگ کے اعلان“ کی قیمت حکومت کو بھاری چکانی پڑے گی[251]۔ اِس کے علاوہ یورپی ممالک کی طرف سے بھی پاکستان میں موت کی سزا کے نفاذ دوبارہ شروع کرنے کے خلاف شدید دباؤ تھا، اور بالآخر 17 اگست کو وزیراعظم نے اپنے فیصلے سے واپس قدم کھینچ لیا[252]۔

صدر زرداری کے عہدے کے آخری مہینوں میں انتخابات کے بعد شیعہ مخالف دہشت گردانہ حملے جاری رہے۔ 15 جون کو ایک خاتون خودکش بمبار، جس نے برقع پہن رکھا تھا، کوئٹہ کی سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے احاطے میں کھڑی ایک بس میں داخل ہوگئی اور خود کو دھماکے سے اُڑا دیا، جبکہ بس میں تقریباً چالیس طالبات، جن میں زیادہ تر ہزارہ لڑکیاں تھیں، سوار ہو چکی تھیں۔ اِس حملے میں چودہ طالبات ہلاک ہوگئیں۔ جب زخمی ہونے والی بائیس لڑکیوں کو بولان میڈیکل کالج ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں لایا گیا، تو وہاں ایک اور خودکش بمبار نے حملہ کر دیا اور ساتھ ہی مسلح افراد نے ہسپتال کے عملے، سیکیورٹی فورسز اور حکومتی اہلکاروں پر جو موقع پر پہنچے تھے، اندھادھند فائرنگ شروع کر دی۔ اِس مجموعی حملے میں کوئٹہ کے ڈپٹی کمشنر بھی ہلاک ہونے والوں میں شامل تھے۔ لشکرِ جھنگوی کے ایک ترجمان کے مطابق یہ حملے 6 جون کو کوئٹہ کے علاقے خروٹ آباد میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے شدت پسندوں پر چھاپے کے ردعمل میں کیے گئے[253]۔ پشاور میں 21 جون کو تین مسلح افراد نے ایک مدرسہ، جس کا نام شہید علامہ عارف حسین حسینی کے نام پر تھا اور جس پر 1988ء میں اِسی احاطے میں اُن کی جان لی گئی تھی، پر دھاوا بولا[254]۔ حملہ آوروں میں سے ایک نے مسجد میں داخل ہو کر خود کو دھماکے سے اُڑا دیا، جس کے نتیجے میں چودہ افراد ہلاک ہوئے، جن میں سابق TNFJ رہنما کے ایک پوتا بھی شامل تھا[255]۔ 30 جون کو علی آباد بازار (کوئٹہ) میں ایک امام بارگاہ میں داخل ہونے کی ناکام کوشش کے بعد ایک خودکش بمبار نے خود کو دھماکے سے اُڑا دیا، جس میں اٹھائیس افراد ہلاک ہوئے، جن میں زیادہ تر ہزارہ کمیونٹی کے لوگ تھے[256]۔ 27 جولائی کو ہزارہ ٹاؤن میں مقامی باشندوں کی چوکسی کے باعث ایک اور خودکش حملے کی کوشش ناکام بنائی گئی[257] مگر کوئٹہ میں ہزارہ کو ہدف بنا کر قتل کرنے کے واقعات جاری رہے۔ 8 اگست کو ایک پولیس افسر کی نمازِ جنازہ میں شرکت کرنے والے اہلکاروں کی بھیڑ پر خودکش بمبار نے حملہ کر دیا، جس میں 38 افراد ہلاک ہوئے، جن میں کوئٹہ کے ڈی آئی جی پولیس (آپریشنز) فیاض سُنبل بھی شامل تھے۔ بلوچستان پولیس نے پچھلے چند مہینوں میں کوئٹہ میں فرقہ وارانہ شدت پسندوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی تھیں، اِس لیے انتہاپسندوں کی جانب سے انتقامی حملوں کی توقع کی جا رہی تھی[259]۔

سال 2013ء کے سب سے شدید شیعہ مخالف خودکش حملوں میں سے ایک 26 جولائی کو پاراچنار میں ہوا[260]۔ 9 اگست کو اسلام آباد کے قریب بھارہ کہو میں واقع علی مسجد میں عیدالفطر کی جمعہ کی نماز کے دوران ایک دہشت گرد داخل ہوا اور نمازیوں پر فائرنگ شروع کر دی، تاہم وہ خودکش جیکٹ میں موجود دھماکہ خیز مواد بلاسٹ کرنے سے قبل ہی مارا گیا۔ تحقیقات سے پتہ چلا کہ اِس حملے کے پیچھے مقامی طلبہ کا ایک گروہ تھا، جس میں ایک اٹھارہ سالہ لڑکی اور ایک چودہ سالہ لڑکا شامل تھے[261]۔

سال 2000ء سے 2013ء کے دوران شیعہ مخالف دہشت گردی کے مذکورہ بالا واقعات کا خلاصہ بنیادی طور پر پاکستان کی مرکزی انگریزی زبان کی صحافت سے مرتب کیا گیا ہے۔ یہ رپورٹ ان سالوں میں ہونے والے اہم دہشت گردانہ حملوں کو شامل کرتی ہے، جن میں زیادہ تر شکار شیعہ تھے، لیکن یہ مکمل نہیں ہے۔ ایسے جرائم کی مزید تفصیلی دستاویزات

http://www.shiitenews.com, https://facebook.com/shiakilling3 and

http://www.satp.org/satporgtp/countries/pakistan/database/sect-killin.htm.

ایسی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

جیسا کہ گزشتہ دہائیوں میں ہوتا آیا ہے، صوبائی حکومتوں اور اُن کے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ملک بھر میں شیعہ عزاداری کے جلوسوں کی حفاظت کے لیے ہمیشہ اپنی بھرپور کوششیں کی ہیں، اور اِس میں اُنہیں بھاری قیمت بھی چکانی پڑی۔ اِس طرح اُنہوں نے پاکستان کے قیام کے بعد سے شیعہ سماجی تنظیموں کا ایک بنیادی مطالبہ پورا کیا، یعنی اُن کے مذہبی حقوق اور عبادت کی آزادی کا تحفظ۔ کئی ایسے بھی واقعات ہیں جہاں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے نہ صرف بے خوفی بلکہ پختہ عزم کے ساتھ شیعہ مخالف دہشت گردوں کو گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لائے۔ پھر بھی، پاکستان میں شیعہ کمیونٹی کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال گزشتہ دہائی میں انتہائی خراب رہی۔ سب سے اہم وجہ یہ رہی کہ 2001ء میں افغانستان میں امریکی جنگ کے بعد نئی انتہا پسند سنی اسلام پسند تنظیمیں سامنے آئیں، جیسا کہ ٹی ٹی پی اور اِس کے پیش رو گروہ، جن کی دہشت گردی نے پاکستان میں مختلف اہداف کے خلاف کارروائیوں کے لحاظ سے 2009ء کے بعد تقریباً شیعہ مخالف دہشت گردی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ تاہم شیعہ کمیونٹی کے خلاف سب سے زیادہ قاتلانہ حملے اب بھی لشکرِ جھنگوی جیسے فرقہ وارانہ انتہاپسندوں کی جانب سے کیے جا رہے ہیں، جو 1994ء سے موجود ہے اور 2002ء کے بعد فاٹا اور دیگر زیادہ تر پشتون علاقوں میں "طالبانائزیشن" کے عمل کے نتیجے میں دوبارہ سرگرم ہوئی۔ ٹی ٹی پی، لشکرِ جھنگوی، القاعدہ اور دیگر انتہاپسند گروہوں نے پاکستان میں باہم مل کر اپنی طاقت کے خیالی تصورات اور "عقائدی پاکیزگی" کے خوابوں کو پورا کرنے کے لیے اندھا دھند دہشت گردانہ کارروائیاں کیں، جن میں سے زیادہ تر حملے شیعہ کمیونٹی کے خلاف کیے گئے۔

پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف مؤثر حکمت عملی کے لیے سب سے بڑی رکاوٹ شاید یہ وسیع پھیلا ہوا تاثر ہے کہ انتہاپسندوں کو بیرونِ ملک حکمت عملی کے مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے اور اِسی دوران اُنہیں اندرونِ ملک قابو میں رکھا یا مطمئن کیا جا سکتا ہے۔ حالیہ برسوں میں اِسی سوچ کے تحت کئی سیاسی رہنماؤں نے دہشت گردی کے مسئلے کا "سیاسی حل" پیش کیا، جس میں ٹی ٹی پی کو بطور "سٹیک ہولڈر" بات چیت کے لیے شامل کیا جانا تھا۔ اِس حکمت عملی کو شیعہ تنظیموں کے رہنماؤں نے شدید مخالفت کے ساتھ مسترد کر دیا، کیونکہ وہ بخوبی سمجھ گئے تھے کہ اِس کے اُن کی کمیونٹی پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

کرم ایجنسی کے محصور شیعہ

کرم ایجنسی میں شیعہ آبادی کے خلاف تشدد، جو 2007ء کے بعد کی برسوں میں غیر معمولی سطح تک پہنچ گیا، پاکستان کے دیگر حصوں میں شیعہ برادری پر ہونے والی دہشت گردانہ مہم کے متوازی رہا ہے۔ تاہم، کرم ایجنسی کی صورتحال کئی لحاظ سے مختلف تھی۔ اولاً، کرم ایجنسی میں شیعہ سنی تنازعات میں شدت افغانستان کی صورتحال سے گہرا تعلق رکھتی تھی، جہاں 2006ء کے بعد طالبان کی نیٹو افواج اور 2001ء کے بعد قائم ہونے والے سیاسی نظام کے خلاف بغاوت تیزی سے بڑھ رہی تھی۔ اِس کے ساتھ ہی، وفاق کے زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات (فاٹا) میں متعدد انتہا پسند گروہوں کا تیزی سے اُبھرنا بھی دیکھا گیا، جو دسمبر 2007ء سے تحریکِ طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے پرچم تلے منظم ہوئے۔ ثانیاً، جہاں پورے پاکستان میں شیعہ مخالف دہشت گرد ہمیشہ غیر مسلح اجتماعات یا افراد کو نشانہ بناتے رہے، وہیں کرم ایجنسی کے شیعہ نہ صرف دہشت گردی اور مسلح حملوں کے شکار بنے بلکہ اُنہوں نے سابقہ دہائیوں کی طرح بھرپور مزاحمت بھی کی[262]۔ ثالثاً، کرم ایجنسی میں شیعوں کے خلاف تشدد کرنے والے عناصر کے محرکات صرف فرقہ وارانہ جنون پر مبنی نہیں تھے۔ مقامی سنی قبائل خصوصاً شیعہ طوری اور بنگش کے روایتی مخالف کے لیے قبائلی یکجہتی اور انتقام کی روایات غالب عنصر تھیں[263]، جبکہ ہمسایہ علاقوں کے ٹی ٹی پی سے وابستہ عسکریت پسند اور افغان طالبان زیادہ تر طاقت کے حصول اور تزویراتی مقاصد کے پیشِ نظر کرم ایجنسی کے شیعوں کے خلاف برسرِ پیکار رہے۔

آج کرم کے تقریباً ڈھائی لاکھ شیعہ آبادی بالائی کرم ایجنسی میں پاراچنار کے گرد و نواح میں موجود ہے۔ کرم کو فاٹا کا سب سے کم "قبائلی" علاقہ سمجھا جاتا ہے، کیونکہ مقامی شیعہ کمیونٹی نے برطانوی دورِ حکومت سے ہی ریاست کی سرپرستی اور تحفظ حاصل کرنے کی کوشش کی، اور اُن کی شرح خواندگی قومی سطح کے قریب ہے[264]۔ اُن کا یہ شکوہ بجا ہے کہ وہ ہمیشہ پاکستان کے لیے مخلص اور وفادار رہے، مگر اِس کے باوجود اکثر اُنہیں نظرانداز کیا گیا یا بعض اوقات ریاست نے اُنہیں عملاً تنہا چھوڑ دیا۔ گزشتہ برسوں میں یہ احساسِ محرومی انتہائی شدت اختیار کر گیا ہے۔ کرم ایجنسی میں اپریل اور مئی 2001ء کے شیعہ سنی فسادات کے بعد چھ برس تک صورتحال نسبتاً پُرامن رہی[265]، مگر اپریل 2007ء وہ موڑ ثابت ہوا جب مقامی شیعہ آبادی کے لیے ایک طویل آزمائش کا آغاز ہوا۔ یہ وہ وقت تھا جب پڑوسی قبائلی علاقوں شمالی وزیرستان اور اورکزئی ایجنسی میں عسکریت پسند انتہا پسندوں نے اپنی عملداری قائم کر لی تھی[266]، جس کے باعث کرم کے شیعہ پہلے سے زیادہ غیر محفوظ ہو گئے۔ کرم کی تاریخ میں فرقہ وارانہ تصادم کے سب سے سنگین دور کا آغاز یکم اپریل 2007ء کو پاراچنار میں نکالے جانے والے ایک سنی جلوس سے ہوا۔ اِس واقعے کی تفصیل منصور خان محسود نے اِن الفاظ میں بیان کی ہے:

اپریل 2007ء میں پاراچنار میں ربیع الاول کے جلوس کے دوران جو ولادتِ رسولِ اکرمؐ کی یاد میں نکالا گیا تھا؛ سنی شرکاء نے شیعہ مخالف نعرے لگائے، جس سے مقامی شیعہ آبادی میں سخت اِشتعال پھیل گیا۔ شیعہ عمائدین نے اِس واقعے کی شکایت مقامی سیاسی حکام سے کی، جنھوں نے اِس تنازع میں ملوث بعض سنی سرداروں کو گرفتار کر لیا۔ دوسری جانب سنیوں نے الزام لگایا کہ جلوس

پر شیعہ افراد نے پتھراؤ کیا تھا۔صورتِ حال تیزی سے بگڑ گئی، اور اگلے ہی دن شیعہ رہنماؤں نے دعویٰ کیا کہ سنیوں نے پاراچنار کی ایک مسجد سے راکٹ اور دستی بموں کے ذریعے شیعہ مذہبی جلوس پر حملہ کیا۔ جلد ہی فرقہ وارانہ تشدد نے پورے شہر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور آس پاس کے دیہات تک پھیل گیا۔جب پاک فوج اور فرنٹیئر کور کے اہلکاروں نے مداخلت کی کوشش کی تو دونوں فریقوں کی جانب سے اُن پر بھی حملے کیے گئے، جس کے نتیجے میں ایک درجن سے زائد سیکیورٹی اہلکار مارے گئے۔ اِس سلسلہ وار جھڑپوں میں مجموعی طور پر 100 سے زیادہ افراد جاں بحق ہوئے۔

جب خُونریز فسادات نے پورے کرم کو گھیر لیا تو ہنگو کے سنی اور شیعہ عمائدین پر مشتمل ایک جرگہ بلایا گیا، جس نے پاراچنار میں دونوں فرقوں کے درمیان جنگ بندی کرانے میں کامیابی حاصل کی۔ لڑائی تو رُک گئی، مگر حکومت کی جانب سے نافذ کیے گئے کرفیو کے باعث شہریوں کو 45 دن تک گھروں میں محصور رہنا پڑا تاکہ حالات معمول پر آ سکیں۔ تاہم، ایجنسی کے مختلف حصوں میں چھوٹے پیمانے پر جھڑپیں جاری رہیں، جن کے باعث سڑکیں بند ہو گئیں اور بہت سے شیعہ و سنی اپنے اپنےدیہاتوں میں پھنس کر رہ گئے[267]۔

پاراچنار کے شیعہ باشندوں کے مطابق، جن سے اِسی مصنف نے انٹرویو کیے، کرم کے ایک سابق پولیٹیکل ایجنٹ نے دسمبر 2006ء میں پیش گوئی کی تھی کہ" مارچ 2007ء کے بعد" علاقے کی صورتحال بگڑ جائے گی، جبکہ صوبہ سرحد (موجودہ خیبر پختونخوا) کے گورنر علی محمد جان اورکزئی نے بھی مذکورہ بالا جھڑپوں سے چند روز قبل اِسی قسم کا انتباہ دیا تھا[268]۔ بعدازاں ڈاکٹر محمد تقی نے واضح طور پر" ڈیپ اسٹیٹ" پر الزام عائد کیا کہ اُس نے" اپریل 2007ء میں کرم میں ایک فرقہ وارانہ بحران پیدا کرنے کے لیے حد سے زیادہ سرگرمی دکھائی[269]"۔ اُس وقت اصل مسئلہ افغانستان میں مزاحمتی کارروائیوں کے لیے پاراچنار کے راستے محفوظ گزرگاہ کا حصول تھا، کیونکہ کرم کا" طوطے کی چونچ" نما علاقہ فاٹا سے کابل تک کا سب سے مختصر راستہ سمجھا جاتا تھا۔ماضی کی طرح، طوری قبائل نے اپنے علاقوں سے ایسی محفوظ راہداری دینے سے دوٹوک انکار کر دیا۔ پاراچنار کے شیعہ عمائدین کا کہنا تھا کہ دو پولیٹیکل ایجنٹوں نے اُن سے مطالبہ کیا تھا کہ وہ پاکستانی اور افغان طالبان کی نقل وحرکت میں سہولت فراہم کریں، ورنہ نتائج کے لیے تیار رہیں[270]۔ اصل لڑائی 6 اپریل کو شروع ہوئی، اور 12 اپریل کو جنگ بندی کے نفاذ تک، پولیٹیکل ایجنٹ کے مطابق دونوں جانب سے 63 افراد ہلاک اور 162 زخمی ہو چکے تھے[271]۔ یکم مئی کو پاراچنار میں ایک باضابطہ امن معاہدے پر دستخط ہوئے، مگر سنی قبائلی عمائدین کی اکثریت کا خیال تھا کہ معاہدے میں اُن کے بنیادی خدشات کا ازالہ نہیں کیا گیا، چنانچہ اُنہوں نے اسلحہ خریدنے کے لیے چندہ مہم شروع کر دی[272]۔

4 اگست کو ایک خودکش حملہ آور نے پاراچنار کے عیدگاہ بازار میں کھڑی ایک گاڑی سے اپنی کار ٹکرا دی تاکہ لوگوں کا ہجوم جمع ہو جائے، اور پھر خود کو دھماکے سے اُڑا لیا۔ اِس حملے میں 5 افراد موقع پر جاں بحق اور 48 زخمی ہوئے[273]۔ 16 نومبر 2007ء کو پاراچنار میں ایک

اور شدید فرقہ وارانہ تصادم بھڑک اُٹھا جو بالا کرم اور وسطی کرم کی متعدد بستیوں تک پھیل گیا۔ صرف ابتدائی چار دنوں میں 109 افراد مارے گئے اور 245 زخمی ہوئے [274]۔ فوج کی بھاری تعیناتی اور کئی جنگ بندی معاہدوں کے باوجود کرم ایجنسی کے مختلف مقامات پر تقریباً دو ماہ تک وقفے وقفے سے جھڑپیں جاری رہیں [275]۔ 16 نومبر کے بعد پاراچنار کو ضلع ہنگو کے قصبے ٹل اور پاکستان کے باقی حصوں سے ملانے والی سڑک بند رہی، جس کے باعث بالا کرم کے باشندوں کو پشاور پہنچنے کے لیے افغانستان کے راستے سفر کرنا پڑا [276]۔ بالآخر ہنگو مصالحتی جرگہ، سیاسی انتظامیہ، اور مقامی عمائدین کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں 13 جنوری 2008ء کو ایک معاہدہ طے پایا۔ اُس وقت تک 335 افراد ہلاک اور 750 زخمی ہو چکے تھے 277۔ بتایا جاتا ہے کہ 2007ء کے اواخر ہی سے فاٹا کے دیگر حصوں سے آئے ہوئے جنگجو بھی اِس لڑائی میں بڑے پیمانے پر شریک تھے [278]۔ پاراچنار کو ٹل (ضلع ہنگو) اور باقی پاکستان سے ملانے والی سڑک 16 نومبر کے بعد بند رہی، جس سے اپر کرم کے باشندے پشاور پہنچنے کے لیے افغانستان کے راستے سفر کرنے پر مجبور ہوئے [276]۔ جب 13 جنوری 2008ء کو ہنگو کے مصالحتی جرگے، پولیٹیکل انتظامیہ اور علاقے کے عمائدین کی مسلسل کوششوں کے بعد ایک معاہدے پر دستخط ہوئے تو 335 جاں بحق اور 750 زخمی ہو چکے تھے [277]۔ 2007ء کے اواخر میں ہونے والی لڑائی میں مبینہ طور پر فاٹا کے دیگر علاقوں کے عسکریت پسندوں کا بڑا حصہ تھا [278]۔

16 فروری 2008ء کو ایک خودکش حملہ آور نے دھماکہ خیز مواد سے بھری کار پاراچنار میں پیپلز پارٹی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار ڈاکٹر سید ریاض حسین شاہ کے انتخابی دفتر سے ٹکرا دی، جس کے نتیجے میں 47 افراد جاں بحق ہو گئے۔ اِس دھماکے کے بعد شہر میں فسادات پھوٹ پڑے اور متعدد مکانات و دکانوں کو آگ لگا دی گئی۔ ہنگاموں پر قابو پانے کے لیے فوج کو فائرنگ کرنی پڑی [279]۔ ڈاکٹر ریاض حسین، جو دھماکے کے وقت اپنے دفتر میں موجود نہیں تھے، 26 فروری کو صدہ کے قریب ایک اور قاتلانہ حملے میں بھی بال بال بچ گئے۔ کرم کی مرکزی شاہراہ پر اِس کے بعد بھی کئی گھات لگا کر حملے کیے گئے [280]، 27 مارچ کو پاراچنار کے قریب ایک ایمبولینس پر [281]، 5 اپریل کو سیکورٹی فورسز کی معیت میں جانے والی نجی گاڑیوں کے قافلے پر [282]، اور 19 جون کو غذائی سامان لے جانے والے ٹرکوں کے قافلے پر۔ زیریں کرم میں ہونے والے آخری حملے میں اغوا کیے گئے 11 شیعہ افراد کو کچھ ہی دیر بعد مردہ پایا گیا [283]۔ اِس کے ردِ عمل میں طوری شیعوں نے 30 جون کو پیواڑ کے قریب فرنٹیئر کور کے 30 اہلکاروں کو اغوا کر لیا، جن میں زیادہ تر مخالف مینگل قبیلے سے تعلق رکھتے تھے [284]۔

8 اگست 2008ء کو لوئر کرم میں شیعہ اور سنّی قبائل کے درمیان شدید جھڑپوں کا ایک نیا سلسلہ شروع ہوا، جو 14 اگست تک ایجنسی کے بیشتر علاقوں میں پھیل گیا۔ دونوں جانب سے بھاری ہتھیار بڑے پیمانے پر استعمال کیے گئے، اور بے شمار دیہاتوں سے لوگوں کی وسیع پیمانے پر نقل مکانی ہوئی۔ بنگش قبیلے کے سنّی اراکین کا الزام تھا کہ افغان حکومت طوری قبائل کی پشت پناہی کر رہی ہے، جبکہ طوریوں کا کہنا تھا کہ اُن کے مخالفین کو تحریکِ طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے جنگجو مدد فراہم کر رہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق، اگست 2008ء میں ٹی ٹی پی کے نائب سربراہ ولی الرحمٰن نے طوری قبائل کو یہ پیشکش کی تھی کہ اگر وہ طالبان کے افغانستان جانے کے راستے بند کرنا چھوڑ دیں، تو طالبان شیعہ مسافروں کو تحفظ فراہم کریں گے۔ طوری عمائدین نے اِس تجویز کو مسترد کر دیا، اُنہیں خدشہ تھا کہ ٹی ٹی پی اُن کے علاقوں پر قبضہ کر لے گی [285]۔ جب 13 ستمبر کو جزوی جنگ بندی طے پائی تو ہلاکتوں کی تعداد 500 سے تجاوز کر چکی تھی [286]۔ 19 سے 27 ستمبر کے درمیان

طوری اور مینگل قبائل کے سو رکنی امن جرگے نے، جس میں بعض ارکانِ قومی اسمبلی اور سینیٹر بھی شامل تھے، پشاور اور اسلام آباد میں ملاقاتیں کیں اور 31 دسمبر تک کے لیے جنگ بندی پر اتفاق کیا۔ طے پایا کہ متحارب فریقین ایک دوسرے کے زیرِ قبضہ علاقے خالی کر کے اصل مالکان کے حوالے کریں گے، قیدیوں کا باہمی تبادلہ کیا جائے گا، اور ٹل - پاراچنار شاہراہ عام آمد و رفت کے لیے دوبارہ کھول دی جائے گی[287]۔ جرگے نے یہ قرارداد بھی منظور کی کہ "کرم ایجنسی میں درحقیقت کوئی شیعہ - سنّی کشیدگی موجود نہیں، بلکہ کوئی تیسرا ہاتھ دونوں قبائل کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکا رہا ہے"، اور یہ کہ "ہم اپنی قبائلی آبادی کے خلاف ہونے والی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے[288]۔" 16 اکتوبر کو مری میں ایک تحریری معاہدہ پر دستخط کیے گئے جس میں اُن تمام شرائط کی باضابطہ توثیق کی گئی[289]۔ سال 2008ء کے آخری ہفتوں میں پاراچنار جانے والی سڑک دوبارہ کھول دی گئی، قیدیوں کا باہمی تبادلہ عمل میں آیا، اور مقبوضہ دیہات فریقین نے خالی کر کے اصل باشندوں کے حوالے کر دیے[290]۔

2009ء میں مری معاہدے پر عمل درآمد انتہائی کمزور ثابت ہوا[291]۔ فروری کے آخر ہی میں پاراچنار جانے والی مرکزی شاہراہ دوبارہ بند کر دی گئی، جس سے حالات ایک بار پھر کشیدگی کی طرف بڑھنے لگے[291]۔ 16 جون کو لوئر کرم میں لڑائی کا نیا سلسلہ شروع ہوا، جو یکم جولائی تک جاری رہا۔ بالآخر جب فوج نے تحریکِ طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے جنگجوؤں کے خلاف طوری لشکروں کی حمایت میں مداخلت کی، تب کہیں جا کر جھڑپوں کا خاتمہ ہوا[292]۔ اِس نئی لہر کے پیچھے شدید شیعہ مخالف انتہا پسند حکیم اللہ محسود کا ہاتھ تھا، جو اُس وقت کرم، اورکزئی اور خیبر ایجنسیوں میں ٹی ٹی پی کا کمانڈر تھا[293]۔ اسی عرصے میں سوات اور گرد و نواح کے اضلاع میں[294] پاکستانی فوج کی بڑی کارروائی کے بعد کئی ٹی ٹی پی جنگجو وہاں سے فرار ہو کر کرم ایجنسی پہنچے[295]، اور انہوں نے شیعہ آبادی پر حملوں میں اضافہ کر دیا۔ طوری قبیلے کے ایک سرکردہ رہنما حاجی رؤف کے مطابق، گزشتہ دو برسوں میں طوری قبائل کے سات سو نوجوان جاں بحق ہوئے، مگر اُنہوں نے انتہا پسندوں کو بالائی کرم میں قدم جمانے نہیں دیے۔ تاہم سوات، دیر اور دیگر علاقوں سے عسکریت پسندوں کے مسلسل داخلے نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا[296]۔ دوسری جانب کچھ مبصرین نے دعویٰ کیا کہ حکومت خاموش تماشائی بنی رہی، اور بعض مقامات پر شیعہ آبادی تقریباً صفحۂ ہستی سے مٹا دی گئی، جو لوگ استطاعت رکھتے تھے وہ علاقے سے نقل مکانی کر گئے[297]۔ ادھر چھ سنّی قبائل کے عمائدین کا کہنا تھا کہ افغانستان میں بھارتی قونصل خانے طوری قبائل کی پشت پناہی کر رہے ہیں، جنہوں نے گزشتہ چند برسوں میں ہزاروں بے گناہ سنّیوں کو اُن کے گھروں اور دیہات سے بے دخل کیا[298]۔ حقیقت یہ ہے کہ بالائی کرم کے سنّی باشندے، بالخصوص پاراچنار شہر کے لوگ، جنہوں نے ماضی میں اکثر اوقات فرقہ وارانہ کشیدگی کو قابو میں رکھنے میں کامیابی حاصل کی تھی، خود بھی 2007ء کے بعد سے بگڑتی ہوئی صورتِ حال کے باعث متاثرین بن گئے تھے[299]۔

2009ء کے اختتام پر، جب فوج نے جنوبی وزیرستان میں ایک بڑی کارروائی کا آغاز کیا[300]، تو یہ آثار نمایاں ہونے لگے کہ حکومت نے کرم ایجنسی میں موجود عسکری خطرے کو بھی سنجیدگی سے لینا شروع کر دیا ہے۔ 9 نومبر کو پاکستان فضائیہ کے جیٹ طیاروں نے پہلی بار وسطی کرم میں تحریکِ طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے عسکریت پسندوں کے ٹھکانوں اور کمپاؤنڈز پر شدید بمباری کی۔[301] اس کے چند ہی دن بعد، 15 نومبر کو سیکیورٹی فورسز کے 25 ٹرکوں پر مشتمل پہلا قافلہ، جس میں خوراک، ادویات اور دیگر ضروری سامان شامل تھا، پاراچنار

پہنچنے میں کامیاب ہوا[302]۔ سال 2009ء کے آخری ہفتوں میں ٹی ٹی پی کے خلاف فوجی کارروائیاں مزید تیز کر دی گئیں، اور کرم ایجنسی کے مختلف حصوں میں عسکریت پسندوں کے ٹھکانوں پر کئی کارروائیاں کی گئیں[303]۔

2010ء کے دوران پاکستانی فوج اور فرنٹیئر کور نے وسطی کرم ایجنسی میں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے جنگجوؤں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھیں، تاہم ٹل سے لوئر کرم تک جانے والی مرکزی شاہراہ کو اُن کے تسلط سے آزاد کرانے کے لیے کوئی نمایاں پیش رفت نہ ہوسکی۔

مقامی سنّی قبائل بھی اپنے علاقوں میں دیگر ایجنسیوں سے آئے ہوئے ٹی ٹی پی جنگجوؤں کی موجودگی سے نالاں تھے اور اُنہوں نے ان کے خلاف مزاحمت کی کوشش کی مگر مارچ 2010ء میں مولانا طوفان کی قیادت میں عسکریت پسندوں نے اُنہیں زیر کرلیا، اور بالآخر اُن قبائل کو ٹی ٹی پی سے وفاداری کا حلف اُٹھانے پر مجبور ہونا پڑا[304]۔ 15 مئی کو مسلح افراد نے پاراچنار سے ہنگو جانے والے دو الگ الگ قافلوں سے تقریباً 64 مسافروں کو اغوا کرلیا[305]۔ جولائی میں پاراچنار کے شیعہ مسافروں کے دو مزید قافلوں پر گھات لگا کر حملے کیے گئے۔ 10 جولائی کو افغانستان کے سرحدی علاقے (جسے بعض ذرائع ''پاکستان صوبہ'' کہتے ہیں) میں 11 شیعہ جاں بحق ہوئے[306]، جب کہ 17 جولائی کو لوئر کرم میں ایک اور بڑے حملے میں 18 شیعہ افراد مارے گئے۔ یہ آخری قافلہ 60 گاڑیوں پر مشتمل تھا، جسے سیاسی انتظامیہ کے حکام اور فرنٹیئر کور کے جوانوں کی حفاظت حاصل تھی، مگر چرخیل گاؤں کے قریب عسکریت پسندوں نے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کر دیا[307]۔

اگست اور ستمبر 2010ء میں بالائی کرم میں منگل اور طوری قبائل کے درمیان دوبارہ شدید لڑائی چھڑ گئی، جو بظاہر پانی اور جنگلات کی ملکیت کے مقامی تنازعات سے منسلک بتائی گئی۔ اِس جھڑپ میں ڈیڑھ سو سے زائد افراد ہلاک ہوئے[308]۔ اِسی دوران طوری قبائل پر شدید دباؤ ڈالا گیا کہ وہ اپنے علاقے کو افغان حقانی نیٹ ورک کے جنگجوؤں کے لیے پناہ گاہ اور گزرگاہ کے طور پر کھول دیں،[309] تاکہ اگر اُنہیں قریبی شمالی وزیرستان سے نکلنا پڑے تو وہ وہاں منتقل ہوسکیں۔ پہلے ہی 2009ء میں امریکی ڈرون حملوں میں حقانی نیٹ ورک اور دیگر عسکری گروہوں سے وابستہ افراد کو بڑے پیمانے پر نشانہ بنایا جاچکا تھا۔ 2010ء میں شمالی وزیرستان میں فوجی کارروائی کے مطالبات میں اضافہ ہوتا جارہا تھا، کیونکہ یہ علاقہ پاکستان میں انتہاپسندوں کا بدنام ترین گڑھ بن چکا تھا[310]۔ چنانچہ ایک طرف پاکستانی فوج کرم ایجنسی میں ٹی ٹی پی کے خلاف کارروائیاں تیز کر رہی تھی، تو دوسری جانب اُسی علاقے کو حقانی نیٹ ورک کے جنگجوؤں کے لیے ایک متبادل محفوظ پناہ گاہ بنانے کی کوشش بھی کی جارہی تھی، کیونکہ یہ نیٹ ورک افغانستان پر مرکوز تھا اور اِس نے کبھی پاکستانی فوج کے خلاف ٹی ٹی پی کی دشمنانہ کارروائیوں کی حمایت نہیں کی تھی۔ اِس منصوبے کے لیے شیعہ قبائل کی مزاحمت کو نرم کرنے کی منظم کوششیں کی گئیں، جب کہ دوسری جانب حقانی نیٹ ورک کو ''امن قائم کرنے والا'' ظاہر کرنے کی مہم بھی چلائی گئی۔

ستمبر 2010ء سے جلال الدین حقانی کے دو بھائیوں نے پشاور اور اسلام آباد میں کرم ایجنسی کے قبائلی عمائدین سے مذاکرات میں حصہ لینا شروع کیا۔ ان مذاکرات کا بنیادی مقصد 2008ء کے مری معاہدے پر عمل درآمد کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا تھا، لیکن اب اُن امن کوششوں کو حقانی نیٹ ورک کے مطالبات سے جوڑ دیا گیا تھا، جنہیں پاکستانی عسکری قیادت کی حمایت حاصل تھی[311]۔ 27 ستمبر کو ماتا سنگر کے علاقے میں ایک نیٹو فضائی حملے نے فوج کے لیے ایک جواز فراہم کیا، جس کے تحت بالائی کرم سے افغانستان جانے

والے پانچ سرحدی راستے بند کر دیے گئے۔ اس اقدام نے شیعہ قبائل کے معاشی گلے کو مزید سخت کر دیا[312]۔ اسی دوران پاکستانی اخبارات کے بعض حلقوں میں یہ بیانیہ پھیلایا گیا کہ توری قبائل نے حقانیوں سے "مدد طلب کی" ہے[313]۔ تاہم حقیقت یہ تھی کہ یکم نومبر 2010ء تک بڑی تعداد میں طوری عمائدین اور علما اِس معاہدے کے سخت مخالف تھے اور انہوں نے اعلان کیا تھا کہ وہ طالبان کو اپنی زمینوں تک رسائی دینے کے بجائے "گھاس کھانا" پسند کریں گے[314]۔ البتہ دوہری ناکہ بندی یعنی ایک طرف فوجی دباؤ اور دوسری طرف زمینی راستوں کی بندش، کے باعث طوری قیادت کے بعض سرکردہ افراد، جن میں رکن قومی اسمبلی ساجد حسین طوری اور سابق سینیٹر سید سجاد حسین شامل تھے، بالآخر اپنی مزاحمت ترک کرنے پر مجبور ہو گئے۔ اِس کے بدلے میں اُنہیں پاراچنار تا پشاور مرکزی شاہراہ پر شیعہ مسافروں کے محفوظ گزرنے کی نئی ضمانتیں فراہم کی گئیں[315]۔

جنوری میں دو مزید قافلوں پر حملوں[316] اور پشاور میں پاراچنار کے ایک معتدل سنی رہنما کے ٹارگٹ کلنگ کے بعد[317] بالآخر 4 فروری 2011ء کو اسلام آباد میں ایک جرگے کے ذریعے نئے امن معاہدے کا باضابطہ اعلان کیا گیا۔ یہ جرگہ کرم ایجنسی کے شیعہ و سنی عمائدین پر مشتمل تھا اور اِس کی صدارت وفاقی وزیرِ داخلہ نے کی۔ اِس نئے معاہدے نے 2008ء کے مری معاہدے کی بنیادی شقوں کی توثیق کی یعنی زخمی یا جاں بحق قبائلیوں کی واپسی یا ازالہ ٹل-پاراچنار سڑک کا کھلنا، اور اندرونِ ملک بے گھر ہونے والے افراد کی بحالی۔ تاہم اس کے ساتھ ایک اہم نیا اضافہ یہ تھا کہ حقانی نیٹ ورک اور اِس سے وابستہ عسکری گروہوں کو اُن شیعہ علاقوں کے راستے افغانستان تک رسائی کی اجازت دے دی گئی جنہیں وہ پہلے اپنے لیے غیر دوستانہ یا دشمنانہ علاقے سمجھتے تھے۔ اُس وقت تک کرم ایجنسی میں تقریباً چار برس پر محیط تصادم کے نتیجے میں دو ہزار افراد کے ہلاک اور ساڑھے تین ہزار کے زخمی ہونے کا تخمینہ لگایا گیا[318]۔

اگرچہ نئے معاہدے کے اعلان کے بعد شیعہ و سنی عمائدین اور سرکاری حکّام پر مشتمل ایک قافلہ جشن مناتے ہوئے پاراچنار پہنچا اور پاراچنار و صدہ دونوں میں مقامی لوگوں نے مٹھائیاں تقسیم کیں اور گلیوں میں رقص کیا،[319] مگر تجزیہ کاروں کا اتفاقِ رائے تھا کہ اس معاہدے کا سب سے بڑا فائدہ حقانی نیٹ ورک کو ہوا[320]۔ حتیٰ کہ کرم کے زیریں حصّے میں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے ایک باغی کمانڈر فضل سید حقانی[321]، جو خود ایک مفرور مجرم تھا اور ابتدا میں اِس معاہدے کا مخالف رہا تھا، نے بھی اعلان کیا کہ جو کوئی امن معاہدے کی خلاف ورزی کرے گا، اُسے "شرعی سزا" دی جائے گی[322]۔ تاہم، جیسا کہ متوقع تھا، مارچ 2011ء ہی میں ٹل-پاراچنار روڈ پر نئے گھات لگانے کے واقعات پیش آئے[323]۔ ان میں سب سے بڑا واقعہ 25 مارچ کو پیش آیا، جب فضل سید کے کارندوں نے تین وینوں سے شیعہ مسافروں کے 47 افراد کو اغوا کر لیا[324]۔ ظاہر ہے کہ وہ ٹی ٹی پی کے عسکریت پسند، جنہیں بظاہر حقانی نیٹ ورک کے اثر و رسوخ کے ذریعے قابو میں لایا جانا تھا، دراصل اس صورتِ حال سے مطمئن نہیں تھے، اور اُنہوں نے اپنے مطالبات منوانے کے لیے تشدد اور بھتّے کے حربوں کا سلسلہ جاری رکھا[325]۔ اپریل 2011ء میں قومی اسمبلی کے اراکین جو فروری کے معاہدے پر دستخط کنندگان میں شامل تھے، نے اس کے نفاذ میں تاخیر کا معاملہ اسمبلی میں اُٹھایا[326]، جس کے بعد اسلام آباد میں "یوتھ آف پاراچنار" کی احتجاجی تحریک شروع ہو گئی[327]۔

27 جون 2011ء کو فضل سید نے ٹی ٹی پی قیادت سے اختلاف کر کے علیحدگی اختیار کر لی اور اپنی جماعت "تحریک طالبانِ اسلامی" تشکیل دی۔ اُنہوں نے اعلان کیا کہ اُن کی جماعت افغانستان میں نیٹو فورسز کے خلاف اور پاکستان میں "اسلام مخالف عناصر" کے خلاف جہاد

جاری رکھے گی، مگر ریاستی مفادات کو نقصان نہیں پہنچائے گی[328]، اور واضح کہا: ”ہم معصوم لوگوں کو خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعے قتل، اپنی ہی فوج پر حملے، اور معاشرتی ڈھانچے کی تباہ کاری کو سختی سے ناپسند کرتے ہیں۔“ بعدازاں معلوم ہوا کہ فضل سید کے ٹھیکیدار سے علیحدگی کی اصل وجہ یہ تھی کہ ٹی ٹی پی کے سربراہ حکیم اللہ محسود نے انہیں کمانڈ سے ہٹا دیا تھا۔ حکیم اللہ نے مطالبہ کیا تھا کہ فضل سعید کے اہلِ اروں کی جانب سے 25 مارچ کو اغوا کیے گئے شیعہ قیدیوں کو اُس کے حوالے کیا جائے تاکہ وہ (محسود) اُن کی رہائی کے بدلے تاوان وصول کر سکے۔ فضل سید کے ڈپٹی نے یہ مطالبہ مسترد کر دیا اور قیدیوں میں سے آٹھ کو قتل کر دیا[329]۔ خلاصہ یہ کہ، ملک دشمن ٹی ٹی پی کو کمزور کرنا اور اِسی دوران حقانی نیٹ ورک کا دائرہ اثر مضبوط کرنا، جس کے ساتھ فضل سعید نے 2011ء کے اوائل سے الحاق کر لیا تھا- کرم میں پاکستانی فوج کی حکمت عملی بھی تھی[330]۔ 3 جولائی کو پاکستان آرمی اور فضائیہ نے وسطی کرم میں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے خلاف مکمل فوجی کارروائی شروع کی، جس میں خاص طور پر اورکزئی ایجنسی کے پہاڑی علاقے نشانہ بنائے گئے[331]۔ بعدازاں، سنّی مسوزئی قبیلے کا ایک لشکر بھی شامل ہو کر جنگجوؤں کے خلاف لڑائی میں حصہ لینے لگا[332]۔ مگر لوئر کرم میں فضل سعید کے ٹھکانے، جو سیکیورٹی مسائل کا مرکز تھے، اِس کارروائی سے محفوظ رہے۔ مقامی شیعہ اِس بات کا شبہ کرتے تھے کہ یہ حملہ صرف اپر کرم میں طوری قبائل کو غیر مسلح کرنے کی منصوبہ بندی کی ابتدا ہو سکتا ہے[333]۔ حقیقت یہ تھی کہ ٹل-صدہ سڑک ابھی بھی شیعہ مسافروں کے لیے محفوظ نہیں تھی، جب آرمی چیف جنرل اشفاق پرویز کیانی 18-19 اگست کو پاراچنار پہنچے اور کرم کو ”مجرموں سے پاک“ قرار دیا۔ اِس آپریشن نے ہزاروں شہریوں کو عارضی طور پر اپنے مکانات چھوڑنے پر مجبور کر دیا، جس کے نتیجے میں ٹی ٹی پی کے جنگجوؤں نے سولہ خالی دیہات جلا دیے، جن میں ہر دیہات میں پچاس سے ساٹھ مکانات تھے[334]۔

جب ٹی ٹی پی کے خلاف فوجی کارروائی جاری تھی، تب پاراچنار کے قریب شیعہ عسکریت پسندوں کی جانب سے ایک نایاب دہشت گردانہ حملہ کیا گیا۔ 16 جولائی کو بوشارا گاؤں میں ایک پک اپ ٹرک پر فائرنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں گیارہ سنی مسافر ہلاک ہوئے، جن میں تین خواتین اور تین بچے شامل تھے[335]۔ ظاہر ہے کہ یہ انتقامی کارروائی تھی، کیونکہ اگلے دن لوئر کرم کے چرخیل گاؤں کے قریب ٹرکوں کے ایک قافلے پر مسلح افراد نے حملہ کیا، دس افراد کو اغوا کیا اور چھ گاڑیاں نذر آتش کر دیں[336]۔ یکم اور 2 ستمبر کو مزید دو وین گاڑیاں گھات لگانے والے افراد کے ہاتھوں نشانہ بنیں، جس میں گیارہ افراد، زیادہ تر شیعہ، ہلاک ہوئے[337]۔ ستمبر اور اکتوبر 2011ء میں دو قافلوں کو حفاظتی وجوہات کی بنا پر پاراچنار سے پشاور جانے کی اجازت نہیں دی گئی[338]۔ ہنگو کے ایک سنی رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ ”ٹل-پاراچنار روڈ تقریباً طالبان کے قبضے میں ہے،“ اور مزید کہا کہ ”طالبان اور جنگ سالاروں کے دہشت گردانہ اقدامات کی وجہ سے تاجروں اور کسانوں کو اب تک کم از کم 70 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے[339]۔“ مگر اکتوبر 2011ء کے آخر میں امن معاہدے کے نفاذ کی طرف ایک اہم قدم اُٹھایا گیا: 80 سنی خاندانوں کی پاراچنار واپسی جو 1982ء سے بے گھر تھے، اور شیعہ خاندانوں کی صدہ شہر واپسی[340]۔ اسی دوران پاکستان آرمی اور فرنٹیئر کور کے اہلکاروں نے پاراچنار میں سیکورٹی چیک پوسٹوں کا کنٹرول شیعہ ملیشیاؤں سے سنبھال لیا[341]۔ جنوری 2012ء میں تحریکِ طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے جنگجوؤں نے جوجی گاؤں کے قریب پاک فوج کی ایک چوکی پر حملہ کیا، جو اورکزئی اور کرم ایجنسیوں کے درمیان اہم گذرگاہوں پر نظر رکھتی تھی۔ اِس واقعے نے شدید جھڑپوں کے ایک نئے سلسلے کو جنم دیا[342]۔ 17 فروری کو، جب فوجی کارروائی

بدستور جاری تھی، ایک خودکش حملہ آور نے پاراچنار میں مسجد کے باہر مصروف بازار میں درجنوں افراد کو ہلاک کر دیا۔ اِس کے بعد جب سیکیورٹی فورسز نے مشتعل شیعہ مظاہرین کو مقامی سنیوں کی اِملاک کو نقصان پہنچانے سے روکا، تو مزید تین افراد جان سے گئے[343]۔ فضل سعید حقانی، جنہوں نے صرف آٹھ ماہ قبل خودکش حملوں سے اپنی ''بیزاری'' کا اعلان کیا تھا، نے اِس حملے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے کہا: ''ہم نے پاراچنار کی شیعہ برادری کو نشانہ بنایا کیونکہ وہ ہمارے خلاف سرگرمیوں میں ملوث تھے۔ ہم پاراچنار کی سیاسی انتظامیہ کو بھی متنبہ کرتے ہیں کہ وہ ہر تنازعے میں شیعہ برادری کا ساتھ دینا بند کرے[344]۔'' ایک دوسرے بیان کے مطابق فضل سعید نے خاص طور پر شیعہ برادری پر الزام عائد کیا تھا کہ وہ کرم ایجنسی میں جاری فوجی کارروائی کے دوران حکومت اور مسلح افواج کی حمایت کر رہی ہے اور تحریک طالبان پاکستان کے خلاف فریق بن گئی ہے[345]۔

20 فروری کو منعقد ہونے والے ایک اور احتجاجی جلوس میں شیعہ تنظیم ''یوتھ آف پاراچنار'' نے فضل سعید کی سزائے موت اور اُن افراد کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا جن پر تین روز قبل مظاہرین پر فائرنگ کرنے کا الزام تھا۔ تنظیم کے رہنماؤں نے اس امر کو بھی دہرایا کہ گزشتہ چار برسوں کے دوران، جب شیعہ رضا کاروں نے مقامی چیک پوسٹوں پر پہرہ دیا تھا[346]، پاراچنار میں ایک بھی دہشت گرد حملہ نہیں ہوا۔ اگلے ہی روز، سیکیورٹی فورسز نے فضل سعید اور اُس کے رشتہ داروں کی ملکیت میں موجود تین مکانات اور ایک پٹرول پمپ منہدم کر دیا، تاہم خود فضل سعید کو کوئی گزند نہ پہنچی[347]۔ اگلے چند مہینوں میں لوئر کرم کی مرکزی شاہراہ پر متعدد گاڑیوں پر حملے ہوئے، اور 10 ستمبر 2012ء کو پاراچنار میں ایک اور بڑا دہشت گرد حملہ پیش آیا[348]۔ ایک کار بم نے مصروف کشمیر چوک کو لرزا دیا۔ دھماکے کے نتیجے میں دو افراد موقع پر جاں بحق ہوئے، جبکہ بارہ زخمی دورانِ علاج یا اسپتال پہنچنے سے قبل دم توڑ گئے۔ اس دھماکے نے تیس دکانوں کو مکمل طور پر تباہ اور سو کے لگ بھگ دیگر دکانوں کو شدید نقصان پہنچایا۔ اس حملے کی ذمہ داری تحریک طالبان پاکستان کے ایک نامعلوم دھڑے ''غازی گروپ'' نے قبول کی، اور کہا کہ اس کا ہدف شیعہ کمیونٹی تھی[349]۔ 2012ء کے موسم خزاں میں کرم ایجنسی میں مزید چند دہشت گرد حملے بھی ہوئے[350]، تاہم پچھلے برسوں کے مقابلے میں پاراچنار-ٹل شاہراہ پر سفر کرنے والے شیعہ مسافروں کے لیے خطرات میں کچھ کمی واقع ہوئی تھی۔

9 جنوری 2013ء کو پاراچنار کے پیپلز پارٹی کے رہنما ڈاکٹر ریاض حسین، جو 2008ء میں اپنی جان پر ہونے والی دو قاتلانہ کوششوں میں محفوظ رہے تھے، پشاور میں فائرنگ سے جاں بحق ہو گئے۔ اُن کی تدفین اُن کے آبائی شہر پاراچنار میں کی گئی[351]۔ 12 مئی 2013ء کو ساجد حسین طوری، جنہوں نے 2011ء کے امن معاہدے کی غیر مشروط حمایت کی تھی، قومی اسمبلی کے حلقہ این اے-37 (پاراچنار) سے آزاد امیدوار کی حیثیت سے دوبارہ منتخب ہوئے۔ اُن کے حریف سابق ایئر مارشل سید قیصر حسین شاہ کی خواتین حامیوں نے الزام عائد کیا کہ انہیں ووٹ ڈالنے سے روکا گیا، جب کہ انتخابی دھاندلی کے دیگر الزامات بھی سامنے آئے[352]۔ انتخابات سے ایک ہفتہ قبل سنٹرل کرم کے علاقے سیواک میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے انتخابی جلسے پر ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ ہوا، جس میں 23 افراد جاں بحق ہوئے[353]۔ تحریک طالبان پاکستان کے ترجمان نے حملے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے کہا کہ ہدف سابق رکن قومی اسمبلی منیر خان اورکزئی تھے، جو خوش قسمتی سے محفوظ رہے۔ یوں 2013ء میں کرم ایجنسی میں جاری فوجی دباؤ کے باوجود، ٹی ٹی پی نے ایک سنی مذہبی سیاسی جماعت کے رہنماؤں اور حامیوں کو بھی نشانہ بنانے سے گریز نہیں کیا۔ 26 جولائی کو پاراچنار میں دوبارہ دہشت گردی کی لہر اٹھی۔ افطار

سے دو گھنٹے قبل مصروف بازار میں دو خودکش دھماکوں نے قیامت برپا کر دی - 60 افراد موقع پر جاں بحق ہوئے، جب کہ درجنوں زخمی ہوئے اور بازار کی بڑی تعداد میں دکانیں تباہ ہوگئیں [354]۔ انصار المجاہدین کے ترجمان، جو تحریک طالبان پاکستان کا ایک فرنٹ تنظیم تھی [355]، نے حملے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے اعلان کیا کہ: ''ہم پاکستان میں شیعہ برادری کے خلاف مزید ایسے حملے کریں گے تاکہ شام اور عراق میں سنی مسلمانوں پر شیعہ مظالم کا بدلہ لیا جا سکے [356]۔'' اُسی روز لوئر کرم میں ایک مسافر گاڑی کو بھی بارودی سرنگ (IED) سے نشانہ بنایا گیا۔ ایک بار پھر یہ سوال اُٹھا کہ دہشت گرد متعدد سیکیورٹی چیک پوسٹوں کو عبور کر کے حملے تک کیسے پہنچے؟ اِس واقعے کے بعد شیعہ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ پاراچنار شہر کی سیکیورٹی ایک بار پھر مقامی رضا کاروں کے حوالے کی جائے [358]۔

فروری 2011ء کے کرم امن معاہدے کا مجموعی نتیجہ اب تک خاطر خواہ حوصلہ افزا ثابت نہیں ہوا۔ اگرچہ وہ بدترین خدشہ - جس کا ذکر بعض ناقدین نے کیا تھا، یعنی شیعہ طوری قبائل کو غیر مسلح کر کے اُنہیں حقانی نیٹ ورک اور اُن کے عسکری اتحادی افغان طالبان کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا - خزاں 2013ء تک حقیقت کا روپ نہ دھار سکا، تاہم حالیہ بم حملوں کی نئی لہر شاید آئندہ مزید سنگین حالات کی پیش خیمہ ہو۔ 2011ء کے بعد سے مقامی شیعہ اور سنی قبائل کے مابین کوئی بڑی مسلح جھڑپ پیش نہیں آئی، اور اپر کرم کا محاصرہ بھی کسی حد تک نرم ہوا ہے، لیکن پاراچنار تاٹل شاہراہ پر سفر شیعہ مسافروں کے لیے تا حال غیر محفوظ ہے۔ آئندہ برسوں میں افغانستان کے تنازعے کا رُخ اور اس میں پاکستان کے کردار کی نوعیت، کرم کے شیعوں کی قسمت اور ٹی ٹی پی کے مقامی عسکریت پسندوں سے متعلق ریاستی پالیسی - دونوں کے لیے فیصلہ کن عوامل ثابت ہوں گے۔ بہترین ممکنہ صورتِ حال میں پاکستان کی حکومت اور فوج کو چاہیے کہ وہ تحریک طالبان پاکستان کے خلاف سنجیدگی سے کارروائی کر کے فاٹا کے تمام علاقوں میں ریاستی عملداری بحال کرے اور افغان مزاحمتی گروہوں کی پشت پناہی کا سلسلہ ختم کرے۔ تاہم خزاں 2013ء تک یہ صورتِ حال عملی طور پر حقیقت بننے سے بہت دُور تھی۔

شیعہ گروہی تنظیموں کے جوابی اقدامات

پاکستان کے بہت سے قصبوں اور دیگر علاقوں میں ان کے ہم مذہبوں کے خلاف تشدد میں اضافہ، جیسا کہ پچھلے دو حصوں میں بیان کیا گیا ہے، 2000ء سے 2013ء تک تمام شیعہ تنظیموں کے لیے سب سے اہم مسئلہ رہا ہے۔ اِس چیلنج کے جواب میں، تحریک جعفریہ پاکستان/ اسلامی تحریک پاکستان (TJP/ITP) جو اِس پورے عرصے میں سید ساجد علی نقوی کی قیادت میں رہی [359] اور مجلسِ وحدتِ مسلمین (MWM) جو 2009ء کے بعد تیزی سے تحریک جعفریہ کے اثر ونفوذ پر غالب آ گئی [360]، دونوں نے وہی حکمت عملی اختیار کیے رکھی جو 1980ء کی دہائی میں تحریک نفاذِ فقہ جعفریہ (TNFJ) کے رہنما سید عارف حسین الحسینی نے متعارف کرائی تھی، یعنی سیاسی و مذہبی معاملات میں جہاں تک ممکن ہو، مرکزی سنی اسلام پسند جماعتوں کے ساتھ اشتراک و ہم آہنگی کی بنیاد تلاش کرنا۔ امریکہ مخالف رجحان جو اکثر "استعمار دشمنی" کے لبادے میں ظاہر ہوتا رہا، سنی اسلام پسندوں کے ساتھ فکری ونظری اشتراک کا سب سے سہل اور مؤثر نکتۂ اِتصال ثابت ہوا، اور دونوں شیعہ تنظیموں نے مسلسل اِسی پہلو کو نمایاں رکھا۔ اسی طرزِ فکر کے مطابق، جو 1980ء کی دہائی سے ایران کی مذہبی قیادت کی جانب سے پاکستان میں اپنے پیروکاروں کے لیے طے کردہ لائحہ عمل بھی رہا ہے [361]، شیعہ مخالف دہشت گردی کو عموماً امریکی اور اسرائیلی "اشتعال انگیزی" یا "سازش" کے طور پر پیش کیا جاتا رہا، جس کا مقصد امتِ مسلمہ کو تقسیم کرنا اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کو کمزور کرنا بتایا گیا۔ مزید یہ کہ سعودی "وہابی" عناصر پر الزام عائد کیا جاتا رہا کہ وہ "اپنے آقاؤں کے اِشارے پر" مقامی سنی شدت پسند گروہوں کی مالی وفکری پشت پناہی کر رہے ہیں۔

شدید فرقہ وارانہ انتہاپسندی کے خلاف اپنی جدوجہد میں شیعہ تنظیموں نے بریلوی سنی تنظیموں مثلاً جمعیت علمائے پاکستان (JUP)، سنی تحریک اور سنی اتحاد کونسل کے ساتھ سب سے زیادہ فکری و عملی اشتراکِ عمل پایا، خصوصاً اس وقت کے بعد جب بریلوی اجتماعات اور مزارات بھی دہشت گرد حملوں کا ہدف بننے لگے [362]۔ تاہم تحریک جعفریہ پاکستان/ اسلامی تحریک پاکستان (TJP/ITP) کے لیے، کم از کم 2002ء تا 2008ء کے عرصے میں، جمعیت علمائے اسلام (ف) اور جماعتِ اسلامی کے ساتھ سیاسی ہم آہنگی زیادہ اہمیت رکھتی تھی یہ دونوں جماعتیں متحدہ مجلسِ عمل (MMA) کے اتحاد میں سب سے زیادہ مؤثر حیثیت رکھتی تھیں [363]۔ اگرچہ سید ساجد علی نقوی نے نائن الیون کے بعد صدر پرویز مشرف کی افغان پالیسی میں تبدیلی (U-turn) کی حمایت کی تھی، تاہم وہ خزاں 2001ء میں طالبان کے خلاف امریکہ کی فضائی جنگ کے دوران براہِ راست عسکری تعاون کے مخالف رہے 364۔ جب ان جماعتوں نے، جو امریکہ کے خلاف افغانستان جنگ پر ملک گیر احتجاج کی قیادت کر رہی تھیں، 2 جنوری 2002ء کو متحدہ مجلسِ عمل (MMA) کی بنیاد رکھی، تو تحریکِ جعفریہ پاکستان کو بھی اس اتحاد کی چھ رُکنی جماعتوں میں شامل کیا گیا۔ بعد ازاں جمعیت علمائے اسلام (ف) اور جماعتِ اسلامی نے تحریک جعفریہ پر پابندی کے غیر منصفانہ فیصلے کے خلاف اس کا دفاع کیا۔ [365] سید ساجد نقوی نے پہلے اعلان کیا کہ تنظیم کا نام بدل کر ملت جعفریہ پاکستان رکھا جائے گا اور وہ سپریم کورٹ میں اِس پابندی کو چیلنج کریں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ "تحریک جعفریہ کبھی دہشت گردی میں ملوث نہیں رہی [366]، نہ ہی آئندہ ایسی کسی سرگرمی میں شریک ہوگی۔" 10 جولائی 2002ء کو TJP پر پابندی ختم کرنے کی درخواست مسترد کر دی گئی [367]، مگر کچھ ہی عرصے بعد

اِسے نئے نام اسلامی تحریک پاکستان (ITP) کے تحت اکتوبر 2002ء کے عام انتخابات میں حصہ لینے کے لیے رجسٹریشن کی اجازت دے دی گئی[368] تحریکِ جعفریہ/ اسلامی تحریک پاکستان (TJP/ITP) نے متحدہ مجلسِ عمل (MMA) کے پلیٹ فارم سے 2002ء کے عام انتخابات میں حصہ لیا اور اگلے چھ برسوں تک اِسی اتحاد کا باقاعدہ حصہ بنی رہی۔ تاہم اکتوبر 2002ء کے انتخابات میں اِسے قومی یا صوبائی اسمبلی کی ایک بھی نشست حاصل نہ ہوسکی؛ اور نہ ہی فروری 2003ء میں ایم ایم اے نے اسلامی تحریک پاکستان کے کسی امیدوار کو سینیٹ کے لیے کامیاب کرانے میں معاونت کی[369]۔ دوسری جانب، 15 نومبر 2003ء کو جب سید ساجد علی نقوی کو اعظم طارق قتل کیس کے ملزمان میں نامزد کیے جانے کے پانچ ہفتے بعد گرفتار کیا گیا[370]، تو ایم ایم اے نے اُن کی بھرپور حمایت کی[371]۔ اُسی روز اسلامی تحریک پاکستان پر ایک بار پھر پابندی عائد کر دی گئی، جسے ایم ایم اے نے اپنے اتحاد کو کمزور کرنے کی کوشش قرار دیا۔ ذرائع کے مطابق، اُس وقت سرکاری اداروں نے سید ساجد نقوی کو رہائی کے لیے تین شرائط پیش کیں:

پہلی، سپاہِ صحابہ کے نئے سربراہ احمد لُدھیانوی سے مذاکرات؛

دوسری، اعظم طارق کی جانب سے 1 اکتوبر کو قومی اسمبلی میں پیش کیے گئے "شریعت بِل" کی حمایت؛[372]

تیسری، تحریک جعفریہ / اسلامی تحریک اور سپاہِ صحابہ / مجلسِ احرارِ پاکستان کی طرف سے ایک مُشترکہ اعلامیہ جس میں فرقہ وارانہ قتل و غارت میں ملوث تمام ملزمان کے لیے عام معافی کی حمایت شامل تھی۔

ساجد نقوی، جو اس سے قبل 2000ء میں ہی سپاہِ صحابہ کو اپنے ہم پلہ تسلیم کرنے سے انکار کر چکے تھے[273]، نے احمد لدھیانوی سے براہِ راست بات چیت سے انکار کیا اور کہا کہ وہ صرف اُسی صورت گفتگو کریں گے جب لدھیانوی کو سینئر مذہبی رہنماؤں کے ایک مشترکہ پینل میں شامل کر دیا جائے[274]۔ 27 مارچ 2004ء کو ساجد نقوی ضمانت پر رہا کر دیے گئے بغیر اُن تین میں سے کسی شرط پر عمل کیے[375]، بعد ازاں نومبر 2004ء میں وہ قتل کے مقدمے سے مکمل طور پر بری قرار پائے[376]۔ چند روز بعد، قاضی حسین احمد، جو حال ہی میں امیر جماعتِ اسلامی کے طور پر دوبارہ منتخب ہوئے تھے اور اُس وقت ایم ایم اے کے قائم مقام صدر تھے، نے اسلام آباد میں ساجد نقوی سے ملاقات کی، اور دونوں رہنماؤں نے اِس امر کی تصدیق کی کہ اسلامی تحریک پاکستان بدستور ایم ایم اے کا جزوِ لازم ہے[377]۔ قاضی حسین احمد پہلے ہی ساجد نقوی کو بے گناہ قرار دے چکے تھے اور اُن کی رہائی کا مطالبہ کرتے رہے تھے[378]۔

اُسی سال کوئٹہ، کراچی، سیالکوٹ اور لاہور میں شیعہ برادری کے خلاف دہشت گردانہ حملے ہوئے جنہوں نے شدید ردِعمل کو جنم دیا۔ 2 مارچ 2004ء کو عاشورہ کے روز کوئٹہ میں ہونے والے قتلِ عام کے بعد، ہزارہ شیعہ عالم دین شیخ یعقوب علی توسلی نے سیکیورٹی فورسز اور مقامی انتظامیہ پر سخت الزامات لگائے اور اعلان کیا کہ جب تک گرفتار شدہ 26 شیعہ افراد کو رہا نہیں کیا جاتا، شہداء کی تدفین نہیں کی جائے گی[379]۔ اسلامی تحریک پاکستان، سنی علما اور ایم ایم اے کی قیادت نے یک زبان ہو کر نامعلوم خفیہ اداروں اور امریکہ کو دہشت گرد حملوں اور

بعد ازاں ہونے والے عوامی تشدد کا ذمہ دار ٹھہرایا[380]۔ کراچی اور سیالکوٹ میں بھی، جب 2004ء میں مساجد پر خود کش حملوں کے بعد شیعہ مظاہرین پرتشدد احتجاج اور آتش زنی پر اُتر آئے، تو شیعہ رہنماؤں نے انتظامیہ پر ملزمان کو سزا نہ دینے کے باعث عوامی اشتعال کا الزام عائد کیا۔[381] اکتوبر 2004ء میں ملتان میں شیعہ شدت پسندوں نے سپاہِ صحابہ کے سنی حامیوں پر ایک بدترین جوابی حملہ کیا، جو ملک میں فرقہ وارانہ تشدد کی تاریخ کے سنگین واقعات میں شمار ہوتا ہے[382]۔ تاہم اُس سال کی سب سے بڑی شیعہ عوامی تحریک گلگت میں اٹھی، جہاں مقامی شیعہ آبادی 2000ء سے نصابی کتب اور درسی مواد میں سنی عقائد کے حق میں جھکاؤ کے خلاف احتجاج کر رہی تھی۔

مئی 2004ء میں شیعہ طلبہ نے نصابی امتیاز کے خلاف احتجاجاً کلاسوں کا بائیکاٹ شروع کیا اور مظاہرے منظم کیے، جن میں تین سو سے زیادہ طلبہ نے بھوک ہڑتال بھی کی۔ جب مقامی انجمن امامیہ کے سربراہ آغا ضیاءالدین رضوی نے حکومت کو متنازعہ نصابی حصوں کو 3 جون تک حذف کرنے کی مہلت دی، تو فوج نے گلگت میں کرفیو نافذ کر دیا۔ تاہم کرفیو کے باوجود احتجاجی مظاہرے ہوئے اور ان میں شدت آ گئی، بالخصوص سرکاری اداروں کے خلاف، جس کے نتیجے میں شیعہ مظاہرین اور سیکیورٹی اہلکاروں کے درمیان جھڑپیں شمالی علاقہ جات کے دیگر حصوں تک پھیل گئیں[383]۔ بعد ازاں آغا ضیاءالدین رضوی کو قتل کر دیا گیا،[384] اور گلگت میں تعلیمی ادارے مئی 2005ء میں ہی دوبارہ کھل سکے، جب حکومت نے متنازعہ نصابی کتب کی جگہ نیا نصاب متعارف کرایا[385]۔

شیعہ عبادت گاہوں، جلوسوں یا دیگر اجتماعات پر دہشت گردانہ حملوں کے بعد مشتعل شیعہ مظاہرین کی جانب سے عوامی اور نجی املاک کو نقصان پہنچانے کا جو طرزِ عمل دیکھنے میں آیا، جس کے نتیجے میں اکثر درجنوں بے گناہ افراد جاں بحق یا زخمی ہوئے، وہ آنے والے برسوں میں بھی بار بار دہرایا گیا۔ اگرچہ ہر نئے دہشت گرد حملے کے بعد سرکاری عہدیداران اور سیاسی قائدین کی جانب سے سخت الفاظ میں مذمت کے بیانات جاری کیے جاتے رہے، تاہم وفاقی وصوبائی حکومتیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اس مسئلے کی جڑ یعنی ان گنت مدارس کے ذریعے پھیلائے جانے والے فرقہ وارانہ تعصب اور مذہبی انتہاپسندی - کو سنجیدگی اور جامع انداز میں ختم کرنے میں نہ تو کامیاب ہو سکے اور نہ ہی بظاہر مخلص دکھائی دیے، باوجود اِس کے کہ دینی مدارس پر ریاستی نگرانی اور نصاب میں اصلاحات کے اعلانات کیے گئے تھے[386]۔ اسی طرح ایک اور بنیادی عامل، یعنی معروف فرقہ وارانہ مجرموں اور نفرت انگیز خطباء کے ساتھ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عدالتوں کی عمومی نرمی (چند قابل تعریف استثناؤں کے باوجود)، بھی شیعہ تنظیموں خصوصاً اسلامی تحریک پاکستان (ITP) کی مسلسل تنقید کا نشانہ بنتی رہی، مگر اِس کا خاطر خواہ اثر نہ ہوسکا۔ پاکستان میں احتجاجی جلسے، ریلیاں اور مختلف نوعیت کی تحاریک عشروں سے روزمرہ کا معمول بن چکی ہیں، اور گزشتہ چند برسوں میں دہشت گردانہ حملوں کی کثرت نے اِس صورتِ حال کو اِس حد تک معمول بنا دیا ہے کہ شیعہ برادری کے خلاف دہشت گردی کے انسداد کو سیاسی فیصلہ سازوں نے کبھی فوری ترجیح کے طور پر نہیں لیا[387]۔

چنانچہ اس میں چنداں تعجب کی بات نہیں کہ تحریک جعفریہ پاکستان (TJP)/ اسلامی تحریک پاکستان (ITP)، جو پہلے ہی 1990ء کی دہائی میں حرارت کھو چکی تھی اور 1998ء کے بعد علامہ ساجد علی نقوی کی قیادت پر اپنے ہی سابق حامیوں کی مخالفت سے مزید کمزور ہو گئی[388]، اپنی اُس عوامی شیعہ بنیاد کی توقعات پر پورا نہ اُتر سکی جو دہشت گردوں سے تحفظ کی ریاستی ناکامی اور شیعہ مخالف جرائم کے معروف مجرموں کو سزا نہ ملنے پر شدید مایوسی کا شکار ہو چکی تھی۔ TJP/ITP کو ایک اضافی مسئلہ یہ بھی درپیش تھا کہ وہ کم از کم نومبر 2003ء

سے قانونی طور پر ''کالعدم تنظیم'' کے زمرے میں شمار ہوتی رہی، خواہ اُس نے اپنا نام تبدیل کر لیا تھا[389]۔ اگرچہ سپاہ صحابہ پاکستان (SSP)، جسے بعد ازاں ملتِ اسلامیہ پاکستان (MIP) اور پھر اہلِ سنت والجماعت (ASWJ) کا نام دیا گیا، کو بھی اِسی قانونی رکاوٹ کا سامنا تھا، تاہم اِس کی نوعیت مختلف تھی، کیونکہ SSP نے TJP/ITP کے برعکس اپنے قیام (1984ء) ہی سے پاکستانی ہم وطنوں کے خلاف نفرت کا پرچار اپنا شعار بنا رکھا تھا۔

فروری 2008ء کے عام انتخابات سے قبل متحدہ مجلسِ عمل (MMA) تحلیل ہو چکی تھی، جس کی بنیادی وجہ جمعیت علمائے اسلام (ف) اور جماعتِ اسلامی کے مابین رقابت اور سیاسی مفادات کا تصادم تھا۔ جماعت اسلامی نے انتخابات کا بائیکاٹ کیا، جبکہ جمعیت علمائے اسلام (ف)، ''ایم ایم اے'' کے نام سے اکیلے میدان میں اُتری، مگر قومی اسمبلی کی نشستوں میں سے صرف آٹھ اور صوبہ سرحد (موجودہ خیبر پختونخوا) کی 124 نشستوں میں سے محض 14 نشستیں حاصل کر سکی[390]۔ تحریک جعفریہ پاکستان/ اسلامی تحریک پاکستان (TJP/ ITP) اس کے بعد سے متحدہ مجلس عمل کے سیاسی تحفظ یا سرپرستی سے محروم رہی، اگرچہ علامہ ساجد علی نقوی نے بعد ازاں اِس اتحاد کو بحال کرنے کی کوششوں میں شرکت کی[391]۔ تاہم، 2002ء ہی کی طرح، اسلامی تحریک پاکستان 2008ء کے عام انتخابات میں بھی قومی یا صوبائی اسمبلی کی ایک بھی نشست جیتنے میں کامیاب نہ ہو سکی۔

3 اگست 2008ء کو امامیہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن (ISO) نے اسلام آباد میں ''عظمتِ شہداء کانفرنس'' کا انعقاد کیا، جو علامہ سید عارف حسین الحسینیؒ کے قتل کی بیسویں برسی کے موقع پر منعقد ہوئی[392]۔ اُس روز تاریخ نے خود کو دہرایا، کیونکہ ٹھیک دس سال قبل اِسی برسی کے موقع پر پشاور میں تحریک جعفریہ پاکستان (TJP) کے متبادل کے طور پر ''شوریٰ وحدتِ اسلامی'' کے قیام کا اعلان کیا گیا تھا[393]۔ اِس مرتبہ جو متبادل تنظیم عوامی سطح پر پہلی بار سامنے آئی، اِس کا نام ''مجلسِ وحدتِ مسلمین'' (MWM، شوریٰ وحدت اسلامی) رکھا گیا، اور یہ اپنی پیش رو تنظیم جو بعد ازاں نئے نام سے موسوم تحریک جعفریہ پاکستان، کے مقابلے میں کہیں زیادہ مؤثر ثابت ہوئی۔ مجلسِ وحدتِ مسلمین نے نہ صرف شیعہ برادری کو اُن کے اجتماعی و دینی مقاصد کے لیے متحرک کیا بلکہ سیاسی دباؤ ڈالنے میں بھی غیر معمولی کامیابی حاصل کی۔ اگرچہ تنظیم کے سرکاری تعارف میں ''یومِ تاسیس'' 2 اگست 2009ء درج ہے[394]، لیکن اِسی ماخذ کے مطابق ایک سال قبل اسلام آباد میں منعقد ہونے والی ''عظمتِ شہداء کانفرنس'' کو مجلسِ وحدتِ مسلمین کے ''ملک گیر آغاز کا پیش خیمہ'' قرار دیا گیا ہے۔ درحقیقت، پنجاب کے ایک مرکزی گروہِ علمائے کرام نے اس تنظیم کی ابتدائی بنیادیں اپریل 2008ء میں ہی رکھ دی تھیں[396]۔

مجلسِ وحدتِ مسلمین (MWM) پر ایران کے اثر و نفوذ کی جھلک آغاز ہی سے نمایاں تھی۔ اِس کی قیادت ایک اجتماعی نظم کے تحت ہے، جس میں ''شوریٰ عالی'' کے نام سے ایک اعلیٰ کونسل قائم کی گئی ہے، جس کے ارکان میں چودہ علما، سات ''ٹیکنوکریٹس'' اور چار صوبائی امیر شامل ہیں۔ اس کے سیکرٹری جنرل راجہ ناصر عباس جعفری کو ''شورائے نظارت'' (یعنی نگران کونسل) نے ابتدا میں نامزد کیا، جس کے بعد انہوں نے سولہ رکنی کابینہ تشکیل دی[397]۔ تین برس بعد راجہ ناصر عباس نے انکشاف کیا کہ مجلسِ وحدتِ مسلمین کے قیام سے قبل انہوں نے ایران کے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ خامنہ ای کے دفتر سے رہنمائی حاصل کی تھی اور وہاں سے یہ پیغام ملا تھا کہ ''پاکستان میں شیعوں کی بے عملی کا خاتمہ ہونا چاہیے۔'' ناصر عباس نے مزید کہا کہ وہ تمام افراد جو ''ولایت فقیہ'' پر ایمان رکھتے ہیں، جو مجلسِ وحدتِ مسلمین کا حصہ ہیں[398]۔ اپنی طرف

سے آیت اللہ خامنہ ای نے بھی پاکستان کے شیعہ عوام میں اپنے لیے ایک نہایت اہم مذہبی حلقۂ اثر پایا ہے، جو اُن کے اِس دعوے کے لیے مؤید و مضبوط ثابت ہوا کہ وہ دنیائے تشیع کے اعلیٰ ترین دینی وفکری مرجع (مرجع تقلید عام) ہیں، حالانکہ ایران کے اندر خود اُن کی "مرجعیت" طویل عرصے تک ایک متنازعہ امر بنی رہی، باوجود اِس کے کہ وہ 1989ء میں امام خمینی کے جانشین کے طور پر منتخب ہو چکے تھے۔ ایران شناس ایلکس ویٹنکا (Alex Vatanka) نے اِس صورتِ حال کی درجِ ذیل تعبیر پیش کی ہے:

یہ بات بخوبی مشہور ہے کہ پاکستانی شیعہ نے اسلامی جمہوریہ کے قیام سے قبل ہی قُم کے علما کو اپنے مذہبی رہنما کے طور پر تسلیم کیا تھا۔ تاہم، آیت اللہ خامنہ ای کے اقتدار میں آنے کے بعد ایران اور پاکستان کے درمیان شیعہ مذہبی روابط واضح طور پر قُم کے مراجع تقلید سے ہٹ کر ایک نئے محور کی طرف منتقل ہو گئے ہیں۔ اب یہ روابط زیادہ تر اِس مقصد پر مرکُوز ہیں کہ پاکستان میں خامنہ ای کے نظریۂ ولایتِ فقیہ کو قبولیت دلائی جائے۔اِس عمل میں خامنہ ای کی شخصیت کی عظمت افزائی اور تعظیم بھی شامل رہی، خاص طور پر جب ایرانی اقدامات کا ہدف پاکستان کے شیعہ تھے۔ ... چونکہ خامنہ ای کے پاس سپریم لیڈر منتخب ہونے سے قبل لازمی دینی کوالیفیکیشن اور رُوحانی پیروی کم تھی، اُنھوں نے ایران کی سرحدوں سے باہر دیکھ کر اپنا نام ایک مرجع کے طور پر قائم کرنے کا راستہ اپنایا۔چونکہ پاکستان میں شیعہ آبادی کی تعداد کافی زیادہ ہے اور ملک میں اہلِ تشیع دینی رہنماؤں کی تعداد نسبتًا کم ہے، ایسا لگتا ہے کہ خامنہ ای نے فیصلہ کیا کہ پاکستان اُن کے دینی اثر و رسوخ کے لیے ایک زرخیز زمین فراہم کرتا ہے۔

[...] پاکستان کے کئی شیعہ مذہبی رہنما خامنہ ای کے شدید حمایت یافتہ اور جانب دار حامی بن چکے ہیں [...] پاکستان کے ایران حامی علما نہ صرف خامنہ ای کا دفاع کرتے ہیں جب وہ ایران میں اپنے داخلی ناقدین کے نشانے پر ہوں، بلکہ وہ اُن کے وژن اور ایک علاقائی اسلامی رہنما کے طور پر کردار کو وسیع پیمانے پر عوامی توجہ اور قبولیت دیتے ہیں [...] ایرانی مالی معاونت کے سبب خامنہ ای کی یہ تعظیم آن لائن دنیا میں بھی نمایاں ہے۔ آج پاکستان میں درجنوں شیعہ اسلام پسند ویب سائٹس فعال ہیں، جو ایرانی حکومت کے پیغامات اور آیت اللہ خامنہ ای کی تعلیمات کی تبلیغ میں سرگرم عمل ہیں[399]۔

MWM نے TJP/ITP اور چھوٹے شیعہ 'علماء' اور فرقہ پرست کارکنوں کی ایک بڑی تعداد کو ساتھ ملایا جن کا پختہ یقین تھا کہ اسلامی جمہوریہ ایران اپنی بڑی سنی اکثریت کے باوجود پاکستان کے لیے ایک رول ماڈل کے طور پر کام کر سکتا ہے[400]۔ یہ آئی ایس او کا نظریہ بھی تھا جس نے شروع سے ہی ایم ڈبلیو ایم کو ہر طرح کی حمایت دی اور مرحوم سید عارف حسین الحسینی کا بھی، جن کی تنظیم کو ایم ڈبلیو ایم نے نئی

بلندیوں تک پہنچایا۔ اِس کا باضابطہ تین نکاتی ایجنڈا تھا:

(1)۔ پاکستان کے استحکام کو یقینی بنانا، خاص طور پر بیرونی مداخلت سے اِس کا دفاع؛

(2)۔ فرقہ وارانہ لڑائی کو روکنا اور متحدہ اُمّہ پر اصرار کرنا؛ اور

(3)۔ ناانصافی کا خاتمہ[401]۔

لیکن اگرچہ اِس کے نام سے شیعیت کا کوئی بھی حوالہ حذف کر دیا گیا تھا- جیسا کہ تحریک جعفریہ پاکستان بعد میں اسلامی تحریک پاکستان کے ساتھ 2002ء سے پہلے ہوتا رہا- MWM کی تقریباً تمام سرگرمیاں، فطری طور پر، شیعہ شکایات پر مرکوز تھیں، جن میں شیعوں کے خلاف دہشت گردانہ تشدد سرفہرست ہے۔

28 دسمبر 2009ء کو کراچی میں مرکزی عاشورہ جلوس پر ہونے والے حملے کے بعد، مجلسِ وحدتِ مسلمین (MWM) نے دیگر شیعہ تنظیموں کے ساتھ مشترکہ طور پر شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال اور تین روزہ سوگ کا اعلان کیا، جو کہ MWM کی لاتعداد احتجاجی تحریکوں میں پہلا اقدام تھا[402]۔ 5 فروری 2010ء کو کراچی میں ایک اور دہشت گردانہ حملے کے بعد، MWM اور امامیہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن (ISO) نے لاہور اور سندھ میں مشترکہ ریلیاں منعقد کیں[403]۔ 23 اپریل 2010ء کو MWM نے پاکستان میں شیعہ مسلمانوں کے خلاف جاری "نسل کشی" کے خلاف اپنا پہلا ملک گیر احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا۔ اس کے رہنماؤں نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور آرمی چیف جنرل اشفاق پرویز کیانی سے مطالبہ کیا کہ وہ کوئٹہ میں شیعہ افراد کی ٹارگٹ کلنگ کو روکنے کے لیے عملی اقدامات کریں اور فوری طور پر کوئٹہ، کرم ایجنسی اور کوہاٹ میں فوجی کارروائی شروع کر کے اُن علاقوں سے دہشت گردوں کو ختم کریں[404]۔ 26 اپریل کو لاہور میں صوبائی اسمبلی کے باہر دھرنے کے دوران، MWM کے رہنماؤں نے پنجاب حکومت کی "کالعدم دہشت گرد تنظیم سپاہِ صحابہ" کی حمایت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور اِس کی شیعہ کمیونٹی کے خلاف" امتیازی پالیسیوں کی سخت مذمت کی[405]"۔

اِس دوران، مجلسِ وحدتِ مسلمین (MWM) نے اپنا پہلا پارٹی کنونشن 10 اور 11 اپریل 2010ء کو اسلام آباد میں منعقد کیا۔ اس موقع پر راجہ ناصر عباس جعفری کو تین سال کے لیے سیکرٹری جنرل کے طور پر MWM کی سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کے پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے 300 سے زائد نمائندگان نے کنفرم کیا۔ یہ کنونشن تحریک جعفریہ پاکستان/ اسلامی تحریک پاکستان (TJP/ITP) کے خلاف ایک طاقت کا مظاہرہ بھی تھا۔ MWM کی دوسرے نمبر پر قیادت محمد امین شہیدی نے کہا کہ اس تنظیم کے قیام کی بنیادی وجہ پاکستانی شیعہ کمیونٹی کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا، کیونکہ پہلے رہنما (سید ساجد علی نقوی) اپنی قیادت میں اِس کمیونٹی کے حقوق اور مفادات کی نمائندگی کرنے میں ناکام رہے تھے۔ MWM کا اہم مقصد مسلم فرقوں کے درمیان ہم آہنگی قائم کرنا اور ملک سے امریکہ کے اثر و رسوخ کو ختم کرنے کی کوششیں شروع کرنا ہے[406]۔

اگرچہ مجلسِ وحدتِ مسلمین (MWM) کی قیادت نے کبھی اِس بات کو نہیں چھپایا کہ اُن کی خواہش تحریک جعفریہ پاکستان/ اسلامی تحریک پاکستان (TJP/ITP) کی جگہ لینا ہے، تاہم دونوں جماعتوں نے اکثر مشترکہ مطالبات کے لیے تعاون بھی کیا۔ مئی 2010ء میں

دونوں تنظیموں نے مشترکہ طور پر دھمکی دی کہ اگر وہاں شیعہ افراد کے ٹارگٹ کلرز کے خلاف سخت کارروائی نہ کی گئی تو کوئٹہ کی جانب لانگ مارچ اور گورنر و وزیرِ اعلیٰ ہاؤس کا گھیراؤ کیا جائے گا[407]۔ اگرچہ اِس دھمکی پر اُس وقت کوئٹہ میں عملدرآمد نہ ہوا، مگر 18 جون کو MWM کے رہنماؤں نے کراچی میں اِنہی مطالبات کے ساتھ ”تحفظِ تشیع مہم“ کا آغاز کیا اور سندھ حکومت پر بھی الزام عائد کیا کہ وہ دہشت گرد عناصر کے خلاف کوئی مؤثر اِقدام نہیں کر رہی[408]۔ MWM اور امامیہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن (ISO) نے 20 جون کو ریلیوں پر عائد حکومتی پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے احتجاج کیا- جو اُن کے زیادہ جری اور پُر اعتماد طرزِ احتجاج کی پہچان بن گیا۔ مقررین نے پاکستان میں شیعہ مسلمانوں کی ”نسل کشی“ کو ”صیہونی اثر و رسوخ کے زیرِ اثر امریکی حکومت کی گہری سازش“ قرار دیا[409]۔ MWM کا اگلا قدم یکم اگست کو اسلام آباد میں ”وحدتِ ملت“ کے عنوان سے ایک کنونشن منعقد کرنا تھا، جس میں اپر کرم کے شیعہ عوام کی مشکلات کو موضوعِ بحث بنایا گیا اور ”قافلۂ امن“ کے نام سے ایک امدادی کارواں کے ذریعے پاراچنار تک ریلیف سامان پہنچانے کا اعلان کیا گیا[410]۔ اُسی ماہ MWM نے جنوبی پنجاب میں سیلاب سے متاثرہ شیعہ خاندانوں کی امداد کے لیے بھی سرگرم کردار ادا کیا[411]۔ لاہور اور کوئٹہ میں ستمبر 2010ء کے دوران شیعہ جلوسوں پر ہونے والے حملوں کے بعد، ایم ڈبلیو ایم نے آئی ایس او کے ساتھ مل کر ایک مرتبہ پھر سب سے بڑے احتجاجی ریلیوں کی قیادت کی[412]۔ جن کے بعد کراچی میں پیش آنے والے دو مزید واقعات کے خلاف بھی سخت ردِّ عمل سامنے آیا[413]۔ 3 اکتوبر کو ایم ڈبلیو ایم نے اسلام آباد میں ”نیشنل شیعہ کانفرنس“ کا انعقاد کیا، جہاں مقررین نے شیعہ مخالف دہشت گردوں پر الزام عائد کیا کہ وہ ”پاکستان کو عدم استحکام اور انتشار سے دوچار کرنے کے لیے براہِ راست امریکی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں“۔ مقررین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ نہ صرف فوراً کرم ایجنسی میں اپنی رٹ بحال کرے بلکہ ”پاکستانی علاقے کے اندر ڈرون حملوں اور آئی ایس اے ایف فورسز کے حملوں کو روکنے کے لیے بھی فوری اور مؤثر اقدامات کرے“[414]۔ اسی اجلاس میں، اور اسی سال محرم سے قبل مختلف پریس کانفرنسوں کے دوران، ایم ڈبلیو ایم کی قیادت نے واضح کر دیا کہ وہ روایتی شیعہ عزاداری کے جلوسوں پر کسی بھی قسم کی پابندی قبول نہیں کریں گے، کیونکہ یہ اُن کا آئینی حق ہے[415]۔ ایم ڈبلیو ایم کے مرکزی ترجمان، سید حسن ظفر نقوی نے دعویٰ کیا کہ پاکستانی شیعوں کی ایک بھاری اکثریت ایم ڈبلیو ایم کے پلیٹ فارم تلے متحد ہو چکی ہے جو دراصل ”اُمتِ مسلمہ کے اتحاد کا پلیٹ فارم“ ہے[416]۔

2011ء کی بہار میں ایم ڈبلیو ایم نے عرب دنیا میں اُٹھنے والی عوامی بغاوتوں کا خیر مقدم ایک ”اسلامی تحریک آزادی“ کے طور پر کیا اور اُن کی حمایت میں ریلیوں اور اجتماعات کا اہتمام کیا[417]۔ جس طرح ایران میں تھا، اسی طرح پاکستان کے شیعوں کے لیے بھی بحرین کی تحریکِ احتجاج اظہارِ یکجہتی کا مرکزی محور بنی[418]، جبکہ شام کی تحریک کسی ہمدردی کے دائرے میں شامل نہ ہو سکی[419]۔ ایم ڈبلیو ایم نے امریکی سی آئی اے کے کنٹریکٹر ریمنڈ ڈیوس کے خلاف سنی اسلام پسند جماعتوں کی ہم آواز ہو کر شدید احتجاج کیا[420]، اور اسامہ بن لادن کی ایبٹ آباد رہائش گاہ پر امریکی کارروائی کی مذمت میں بھی اُنہی کی صف میں کھڑی نظر آئی[421]۔ مئی 2011ء میں پاکستان کے اُبھرتے ہوئے سیاسی رہنما عمران خان ایک وفد کے ہمراہ، اپنی جماعت پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی نمائندگی کرتے ہوئے، کراچی میں سید حسن ظفر نقوی کی رہائش گاہ پر ملاقات کے لیے پہنچے۔ اُنہوں نے ایم ڈبلیو ایم کو پی ٹی آئی کے اُس دھرنے میں شرکت کی دعوت دی جو بڑھتے ہوئے ڈرون حملوں اور پاکستان میں امریکی اثر و رسوخ کے خلاف بطور احتجاج منعقد کیا جا رہا تھا[422]۔

پاکستان میں گزشتہ چند برسوں کے دوران ابھرنے والی سخت گیرم امریکی مخالفت کی فضا کے ساتھ بہنا اگرچہ ایم ڈبلیو ایم اور دیگر شیعہ تنظیموں کے لیے سیاسی طور پر سہل اور موزوں تھا،لیکن اِس رجحان نے ملک کے اندر پروان چڑھنے والی شیعہ دشمن انتہا پسندی اور دہشت گردی کا صحیح اور حقیقت پر مبنی مقابلہ کرنے کی راہ میں بھی رکاوٹیں کھڑی کر دیں۔اقلیتوں کے حقوق کے لیے جدوجہد کرنے والی سیکولر اور ترقی پسند جماعتوں کے ساتھ اتحاد بنانے کی بجائے، ایم ڈبلیو ایم نے بالواسطہ طور پر اُن ہی قوتوں کو سیاسی تقویت فراہم کی جنہوں نے سپاہِ صحابہ، لشکرِ جھنگوی اور ٹی ٹی پی جیسے انتہا پسند گروہوں کی فکری اور عملی آبیاری کی یا کم از کم اُن کی مسلسل خوشنودی اور تائید کے لیے کوشاں رہیں[423]۔جولائی 2011ء میں ایم ڈبلیو ایم اور آئی ایس او نے اسلام آباد میں ایک اور کنونشن منعقد کیا، جو اِس بار سید عارف حسین الحسینی کی برسی کے سلسلے میں رمضان کے بابرکت مہینے سے قبل، ایک ہفتہ پہلے ہی منعقد کر لیا گیا۔اِسے ''کنونشن برائے آزادیٔ پاکستان'' کا عنوان دیا گیا اور مقررین نے حسبِ روایت ''پاکستان کے خلاف بیرونی سازشوں'' کی مذمت کی، تاہم اصل توجہ پاراچنار کے شیعہ باشندوں کی صورتحال پر مرکوز رہی[424]۔اُسی سال اپریل میں ''یوتھ آف پاراچنار'' نے اسلام آباد میں نیشنل پریس کلب کے باہر ایک احتجاجی کیمپ قائم کیا تھا، جو 110 دن تک مسلسل جاری رہا، اور ایم این اے ساجد حسین طوری نے خود کو مظاہرین کا ترجمان بنا لیا تھا[425]۔ 11 مئی کو سید حسن ظفر نقوی نے اِس احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا، اور ایم ڈبلیو ایم نے بھرپور انداز میں اِس مسئلے کو اجاگر کرتے ہوئے پاراچنار کے محاصرے کا تقابل فلسطین کے غزہ کی ناکہ بندی سے کیا۔اسی سلسلے میں اُنہوں نے شیعہ آبادی کے لیے امدادی سامان کے ایک اور قافلے کا بھی انتظام کیا[426]۔

8 اگست 2011ء کو ایم ڈبلیو ایم کی قیادت نے کراچی میں ایم کیو ایم، اے این پی اور جماعت اسلامی کے نمائندوں سے ملاقات کی تاکہ شہر کی موجودہ امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جا سکے، مگر اِس موقع پر اُنہوں نے اِس امر پر بھی زور دیا کہ پاکستان کو ''امریکا اور اسرائیل کی گرفت سے نکالنا'' ناگزیر ہو چکا ہے[427]۔اِس کے بعد 20 ستمبر کو مستونگ کے قریب کوئٹہ میں شیعہ زائرین کے بہیمانہ قتل عام نے ملک گیر احتجاج کی ایک نئی لہر کو جنم دیا، جس کی قیادت حسبِ سابق ایم ڈبلیو ایم اور آئی ایس او نے کی[428]۔ اِن احتجاجات میں بلوچستان حکومت کی فوری برطرفی کا مطالبہ نمایاں تھا[429]۔ 18 اکتوبر کو پہلی بار ایم ڈبلیو ایم کے کچھ رہنماؤں نے عوامی سطح پر پاکستان کی انٹیلیجنس ایجنسیوں پر الزام عائد کیا کہ وہ کوئٹہ میں شیعوں کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کی سرپرستی کر رہی ہیں، اور اِس کے دس روز بعد ایم ڈبلیو ایم نے ٹی جے پی/آئی ٹی پی اور مقامی تنظیموں کے ساتھ مل کر کوئٹہ میں ایک کانفرنس میں شرکت کی، جہاں شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور بلوچستان کی ہزارہ کمیونٹی سے اظہارِ یکجہتی کیا گیا[431]۔ 29 دسمبر 2011ء کو ایم ڈبلیو ایم کے ایک وفد نے لاہور کے قریب واقع جماعت اسلامی کے مرکز کا دورہ کیا تاکہ پنجاب یونیورسٹی میں جماعت کی طلبہ تنظیم اسلامی جمعیت طلبہ اور شیعہ طلبہ کے درمیان پیدا ہونے والے تنازع کو حل کیا جا سکے۔بات چیت نہایت خوشگوار ماحول میں ہوئی، اور جماعتِ اسلامی کی قیادت ایم ڈبلیو ایم کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے آمادہ نظر آئی[432]، بالخصوص اب جبکہ ایم ڈبلیو ایم سیاسی میدان میں اپنے قدم جما چکی تھی اور مرکزی اسلام پسند جماعتوں کی سطح پر بھی اِسے احترام کی نگاہ سے دیکھا جانے لگا تھا۔

10 جنوری 2012 کو ایم ڈبلیو ایم اور پی ٹی آئی کے درمیان اعلیٰ سطح کی دوسری ملاقات ہوئی، جس میں متعدد اُمور پر اتفاقِ رائے پیدا کیا گیا۔یہ نکات بعد ازاں عمران خان اور راجہ ناصر عباس جعفری کی مشترکہ پریس کانفرنس میں بیان کیے گئے۔دونوں رہنماؤں

نے، دیگر مطالبات کے ساتھ، پاکستان کے لیے آزاد اور خودمختار خارجہ پالیسی، افغانستان میں نیٹو افواج کے لیے ٹرانزٹ سہولتوں کا مکمل خاتمہ، اور گلگت بلتستان کے لیے مکمل صوبائی خودمختاری کا مطالبہ کیا[433]۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان میں شیعہ-سنّی تنازع کے وجود کی تردید کرتے ہوئے اِس کا الزام ''امریکا کے بعض ایجنٹوں'' پر عائد کیا، جن کے بارے میں اُن کا کہنا تھا کہ وہ ''اپنے مخصوص مفادات کی تکمیل کے لیے ملک میں فرقہ وارانہ فساد کی سازشیں کر رہے ہیں''[434]۔ 28 فروری 2012ء کو گلگت-بلتستان میں شیعہ بس مسافروں کے المناک قتل عام نے ملک بھر میں شیعہ احتجاجات کی ایک اور شدید لہر کو جنم دیا[435]، جس کی قیادت حسبِ روایت ایم ڈبلیو ایم نے سنبھالی[436]۔ اِسی دوران ایم ڈبلیو ایم نے 25 مارچ کو کراچی میں ایک بڑے کنونشن کا اعلان بھی کیا، جس کا محور پاکستان میں امریکی مداخلت کے خلاف آواز بلند کرنا اور دہشت گردی کے سلگتے ہوئے مسئلے کو اجاگر کرنا تھا[437]۔ یہ اجتماع ایم ڈبلیو ایم کی سرپرستی میں اب تک ہونے والا سب سے بڑا شیعہ اجتماع ثابت ہوا، جس میں ملک کے گوشے گوشے سے آنے والے لگ بھگ ڈھائی لاکھ افراد شریک ہوئے؛ اگرچہ کراچی کے بعض علاقوں میں بینرز اور پوسٹرز ہٹا کر اس اجتماع کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں بھی کی گئیں[438]۔ اس اجتماع میں مرکزی خطاب کرتے ہوئے راجہ ناصر عباس جعفری نے اعلان کیا کہ آنے والے انتخابات میں شیعہ ووٹر اُن سیاسی جماعتوں کی حمایت نہیں کریں گے جو ماضی میں اُن کے ووٹ تو لیتی رہیں، مگر اُن کی ''نسل کُشی'' پر خاموش رہیں۔ اب فیصلہ کیا گیا ہے کہ ووٹ اُنہی کو دیا جائے گا جو مشکل وقت میں شیعوں کے ساتھ کھڑے ہوں۔ اُس کے ساتھ یہ بھی کہا گیا کہ صرف اُنہی امیدواروں کو ووٹ دیا جائے گا جو پاکستان کے لیے امریکی ایجنڈے کو مسترد کرتے ہوں۔ اُنہوں نے ''امریکی سامراج'' پر الزام عائد کیا کہ وہ تمام مسلم ممالک خصوصاً پاکستان کو خانہ جنگیوں اور عدم استحکام کی طرف دھکیلنا چاہتا ہے۔ اُن کے بقول ایم ڈبلیو ایم کو ''مسلمانوں کی غیر متزلزل تائید'' حاصل رہے گی، اور وہ دہشت گردی و انتہاپسندی کی مخالفت جاری رکھے گی لیکن ''کھوکھلے بیانات اور زبانی جمع خرچ'' سے ان برائیوں کا خاتمہ ممکن نہیں۔ دیگر کئی مقررین نے پاکستان میں شیعوں کی ''نسل کُشی'' پر گہرا رنج وغم ظاہر کیا[439]۔ عباس کُمیلی کے مطابق اس ''نسل کُشی'' کے اب تک کم از کم آٹھ ہزار متاثرین ہو چکے تھے، مگر اِس کے باوجود پاکستان کی اعلیٰ عدالتوں نے اِس جانب توجہ نہ دی[440]۔ اُنہوں نے پاکستان ہیومن رائٹس کمیشن، ایمنسٹی انٹرنیشنل اور متعدد لکھاریوں وصحافیوں کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا کہ وہ یا تو پاکستان میں شیعہ ''نسل کُشی'' پر خاموش ہیں، یا پھر اسے اہلِ سنت وشیعہ کے مابین یکساں سطح کے تشدد کے طور پر غلط انداز میں پیش کر رہے ہیں[441]۔ ایک گہری نظر رکھنے والے مبصر نے اِس کنونشن کا خلاصہ یوں پیش کیا:

اس کنونشن میں، جسے ایک طرف تو ایکسپریس ٹریبیون، ڈان اور کئی دیگر بظاہر ترقی پسند میڈیا نے یا تو غلط انداز میں پیش کیا یا مکمل طور پر نظر انداز کر دیا، ایک مقرر نے روایتی آئی ایس آئی موقف دہرایا اور شیعہ نسل کشی کا الزام جماعتِ اسلامی کے لابی نوازانہ موقف کی طرف موڑ دیا (مثلاً: نیٹو سپلائی لائن بند کی جائے، امریکہ اور اسرائیل پاکستان کے شیعہ قتل کر رہے ہیں)۔ تاہم، یہ مقرر واحد نہیں تھا، اور جیسا کہ دیکھا گیا، باقی بیشتر مقررین نے اصل مسئلہ اجاگر کیا کہ پاکستان میں شیعوں کو کون قتل کر رہا ہے، کس نے ان کے حقوق کی حفاظت میں ناکامی دکھائی (فوج، عدلیہ، پی پی پی، ایم کیو ایم) اور کس طرح دانشور، سول سوسائٹی، لبرل سیکولر لابی اور انسانی

حقوق کے کارکن اس جلتے ہوئے مسئلے پر زیادہ تر خاموش رہے۔یہ آخری گروہ شیعہ نسل کشی کو اجاگر کرنے کے لیے سب سے آگے ہونا چاہیے تھا، لیکن ایسا لگتا ہے کہ وہ زیادہ تر چھوٹی باتوں پر اٹک کر یا حقائق کو مسخ کر کے ان کارکنوں کے کام کو غلط پیش کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں جو پاکستان میں شیعہ نسل کشی کو اجاگر کر رہے ہیں۔ میڈیا میں، ڈان اور ایکسپریس ٹریبیون نے اس کنونشن کی براہِ راست کوریج کو مکمل طور پر نظرانداز کیا اور صرف کراچی سیکشن میں چند نمائش نما کالم دیے۔ قومی اور ہیڈ لائن سیکشن میں اس کی کوئی جگہ نہ دی گئی[442]۔

ایک اور مبصر نے اِس کنونشن کے دوران امریکی مخالفت کے بیانیے پر توجہ دیتے ہوئے کہا:

اگرچہ ہم اِس بات کو خوش آئند سمجھتے ہیں کہ پاکستان کے شیعہ مسلمانوں میں اپنی جاری نسل کشی کے جواب میں شعور کی لہر بڑھ رہی ہے، جو جہادی فرقہ وارانہ دہشت گردوں (اہل سنت والجماعت،سپاہ صحابہ، طالبان) کی جانب سے کی جا رہی ہے، لیکن قرآن و اہلِ بیت کانفرنس کے منتظمین،خصوصاً ایم ڈبلیو ایم کے رہنماؤں،کو کچھ مشورے دینا ضروری ہے۔ ہمیں یہ تشویش ہے کہ بعض شیعہ مقررین اور مذہبی علماء کے بیانیے میں ایسے نکات شامل ہیں جو بظاہر پاکستان کی فوج اور انٹیلیجنس ایجنسیوں کی سرکاری پالیسی سے متاثر معلوم ہوتے ہیں، اور آئی ایس آئی کے زیرِ سرپرستی ’’دفاعِ پاکستان کونسل‘‘ کے نظریات اور سازشی بیانیے سے زیادہ مختلف نہیں ہیں۔کانفرنس میں منظور ہونے والے 16 نکات میں سے کم از کم آٹھ نکات بظاہر دفاعِ پاکستان کونسل یا آئی ایس پی آر کی پریس ریلیز سے محض معمولی ترامیم کے ساتھ لیے گئے ہیں۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ ایم ڈبلیو ایم کو چاہیے کہ وہ نیٹو سپلائی، شیعہ نسل کشی میں امریکہ-اسرائیل کی سازش وغیرہ کے بیانیے کو دوبارہ دہرانے اور تقویت دینے سے گریز کرے۔ آخر وہ سعودی مالی معاونت یافتہ اور آئی ایس آئی کی سرپرستی میں کام کرنے والے جہادی دیوبندیوں کو پاکستان میں شیعہ نسل کشی کا ذمہ دار کیوں نہیں ٹھہراتے؟یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ امریکہ کے اقدامات، جو اپنی ترجیحات سے متاثر ہیں، افغانستان میں شیعوں کو طالبان اور عراق میں شیعوں کو صدام حسین سے بچانے میں مددگار ثابت ہوئے۔ یقیناً امریکہ کا کردار ایران، اسرائیل اور بحرین کے حوالے سے منافقت پر مبنی ہے، لیکن سیاست عملی امکانات کا فن ہے۔ امریکہ، برطانیہ یا بھارت میں شیعوں کا قتل نہیں ہو رہا؛ یہ قتل پاکستان، سعودی عرب اور بحرین میں جہادی دیوبندی اور جہادی سلفی عناصر کے ہاتھوں ہو رہا ہے[445]۔

جہانگیر حفصی نے بھی اسی تناظر میں کانفرنس پر تبصرہ کرتے ہوئے ایم ڈبلیو ایم کو زیادہ فکری ایمانداری اپنانے کا مشورہ دیا:

مناسب احترام کے ساتھ، ایم ڈبلیو ایم کے رہنماؤں اور شیعہ دانشوروں کو فوری اور سنجیدہ مسئلے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ پاکستان میں شیعوں کے خلاف نسل کشی جاری ہے، اور قاتل یہ تمیز نہیں کرتے کہ اگلا شیعہ شکار تقلید کرتا ہے، ولایتِ فقیہ پر ایمان رکھتا ہے، سیکولر ہے، شیعہ عقائد کا مذاق اُڑاتا ہے یا کچھ اور۔ دُور تک جانے کی ضرورت نہیں، صرف کوہستان کا واقعہ کافی ہے، جہاں شیعوں کو صرف نام اور فرقے کی بنیاد پر الگ کیا گیا اور پھر بے رحمی سے قتل کیا گیا۔مزید یہ کہ، جو لوگ شیعوں کو قتل کر رہے ہیں، وہ احمدی، عیسائی اور سنی بریلوی مسلمانوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں۔ ایم ڈبلیو ایم نے اس سلسلے میں اپنے ہم درد دیگر متاثرین تک پہنچنے کی کوشش میں کافی آگے نہیں بڑھا۔اس کے علاوہ، تنقید کو صرف امریکہ اور اسرائیل تک محدود رکھنا، اور سکیورٹی اداروں بشمول عدلیہ اور ان کے سعودی مالی معاونین پر صرف ایک نمائی تنقیدی روش اختیار کرنا، جو اس ''اسٹریٹجک ڈیپتھ'' کے فروغ اور جہادیوں کو طاقت دینے میں ملوّث ہیں، فکری ایمانداری کے منافی ہے۔ اِس سے کراچی میں قریب نصف ملین شیعوں کے اجتماع کی قابلِ ستائش کوشش کو نقصان پہنچ سکتا ہے[446]۔

چاہے ایم ڈبلیو ایم کے رہنماؤں تک اِس قسم کے مشورے پہنچے بھی ہوں یا نہ پہنچے ہوں کسی صورت اُنہیں خاطر میں نہ لایا گیا۔ وہ اپنی پالیسی پر قائم رہے کہ شیعہ مخالف دہشت گردوں اور اُن کے خلاف سرکاری سستی کے سلسلے میں بالکل جائز احتجاجات کو امریکہ، اسرائیل، اور کبھی کبھار بھارت کے خلاف نکتہ چینی اور الزامات سے جوڑ دیا جائے۔ یہی صورتحال اپریل 2012ء میں گلگت کے قریب چلّاس میں شیعوں کے دوبارہ قتل کے بعد ہونے والی احتجاجی مہم کے دوران بھی دیکھی گئی[447]۔ کراچی اور کوئٹہ میں ریلیوں کے بعد، جہاں امریکہ کے جھنڈے جلا کر اور امریکہ، اسرائیل اور ممنوعہ دہشت گرد تنظیموں کی مشترکہ ''سازش'' کے خلاف نعرے لگائے گئے[448]، ایم ڈبلیو ایم نے اسلام آباد میں پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر دھرنا دیا، جو 9 دن تک جاری رہا یہاں تک کہ حکومت نے متعدد مطالبات تسلیم کیے[449]۔ اِسی دوران کراچی میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے راجہ ناصر عباس نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اگر واقعی پاکستان میں فرقہ وارانہ کشیدگی کو روکنا مقصود ہے تو امریکی سفارتخانہ بند کیا جائے، امریکی سفارت کار اور ''صیہونی'' ملک بدر کیے جائیں۔ ایم ڈبلیو ایم کے رہنما کے مطابق، وفاقی وزیرِ داخلہ کو برطرف اور بلوچستان کے وزیرِ اعلیٰ کو شیعوں کے خلاف ''نسل کشی'' کے جرم میں گرفتار کیا جانا چاہیے[450]۔ گلگت-بلتستان کے حوالے سے اپنے مطالبات کی بظاہر منظوری کے بعد بھی، ایم ڈبلیو ایم جلد ہی حکومت کے اقدامات پر تنقید کرنے کے نئے بہانے ڈھونڈنے لگی[451]۔ ہنزہ-نگر ڈسٹرکٹ میں شیعوں کے خلاف ایک آپریشن کا حوالہ دیتے ہوئے راجا ناصر عباس نے ریاستی اداروں پر الزام لگایا کہ اُنہوں نے ''دہشت گردوں کے ساتھ غیر اعلانیہ اتحاد قائم کر رکھا تھا''۔ مقامی شیعوں کی حمایت کرنے کے بجائے جنہوں نے 48-1947ء میں

گلگت-بلتستان کو بھارت سے آزاد کروایا اور پھر پاکستان میں شامل ہوئے، ریاستی اداروں نے اُن پر کریک ڈاؤن شروع کر دیا[452]۔ جولائی 2012ء میں مقامی حکومت نے اُن کا گلگت-بلتستان میں داخلہ ممنوع کرنے کی کوشش کی، لیکن سکردو اور گلگت میں شیعوں کی سخت احتجاجی کارروائی کے بعد مجبوراً پیچھے ہٹنا پڑا[453]۔

اپریل 2012ء میں، کراچی کنونشن کی شاندار کامیابی کے فوراً بعد، ایم ڈبلیو ایم نے خود کو ایک سیاسی جماعت میں تبدیل کرنے کے منصوبے کا اعلان کر دیا۔ 26 اپریل کو امین شہیدی نے کہا: "پاکستان کو ایک ایماندار اور وطن پرست قیادت کی ضرورت ہے، اور ہم وہ اہل قیادت لائیں گے۔" انہوں نے مزید کہا کہ مذہب کی بدنامی کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ماضی میں مذہبی گروہوں اور رہنماؤں کو کئی مواقع پر انٹیلیجنس ایجنسیوں نے ہائی جیک کر لیا، مگر اب ملک کو "ایک نظریاتی تحریک" کی ضرورت ہے[454]۔ ایک ماہ بعد ملتان میں ایک تقریر کے دوران راجہ ناصر عباس نے کہا کہ سیاسی جماعتیں ہمیشہ شیعوں سے ووٹ تو مانگتی رہیں، مگر انہیں کچھ واپس نہیں دیا۔ اب شیعہ ایسے پارٹیوں کو ووٹ نہیں دیں گے جن سے اُنہیں فائدہ نہ پہنچا ہو۔ انہوں نے پی ایم ایل-این پر الزام لگایا کہ وہ ممنوعہ دہشت گرد گروہوں کی پشت پناہی کرتی ہے، اور پی پی پی پر کہ وہ کوئٹہ میں شیعوں کی 'نسل کشی' کا خاموش ناظر بنی رہی[455]۔ 10 جون کو بھکر میں ایک اور خطاب میں راجہ ناصر عباس نے ولایت فقیہ کو "سب سے بہترین سیاسی نظام، جو نیک لوگوں کو عوام پر حکمرانی کے لیے لاتا ہے" قرار دیا، اور کہا کہ وہ وقت گزر گیا جب شیعوں کو سیکولر جماعتوں کے لیے ووٹ دینے کے لیے بہکایا جاتا تھا۔ اب سے شیعہ صرف انہی جماعتوں کو ووٹ دیں گے جو اُن کے جائز اور غیر قابل تنسیخ حقوق کے مطابق اُن کے مفادات کی خدمت کریں[456]۔

یکم جولائی 2012ء کو ایم ڈبلیو ایم نے لاہور میں مینار پاکستان پر ایک نہایت بڑے پیمانے پر تشہیر شدہ "قرآن و سنّت کانفرنس" کے ذریعے اپنی قوت کا ایک اور مظاہرہ کیا، بالکل اُسی طرز پر جیسے پچیس برس قبل علامہ سید عارف حسین الحسینی نے کیا تھا[457]۔

متعدد شیعہ شخصیات میں جنہیں مدعو کیا گیا، اُن میں سید ساجد علی نقوی بھی شامل تھے[458]، جن کی TJI/ITP اس عرصے میں عملی طور پر ایم ڈبلیو ایم کی جونیئر پارٹنر بن چکی تھی، تاہم وہ اب بھی شیعہ علما کونسل کے سربراہ تھے اور MYC اور غیر فعال ہو چکی MMA میں اپنے سنی ساتھیوں کے درمیان ایک خاص مقام رکھتے تھے۔ یہ کانفرنس، اگرچہ ممکنہ طور پر 25 مارچ کے کراچی کنونشن کے مقابلے میں کم شرکا پر مشتمل تھی[459]، تاہم پھر بھی ایم ڈبلیو ایم کی کامیاب عوامی تحرک سازی کی ایک اور نمایاں مثال تھی، جس میں شرکا نے تپتی ہوئی گرمی کے باوجود پورا دن بڑی نظم و ضبط کے ساتھ گزارا۔ راجہ ناصر عباس جعفری نے اس اجتماع کو آئندہ عام انتخابات میں ایم ڈبلیو ایم کی مکمل سیاسی شمولیت کے اعلان کے لیے بطور پلیٹ فارم استعمال کیا۔ ان کے مطابق ملک بھر کے شیعہ اب اپنے مذہبی و سیاسی حقوق کے حصول کے لیے ایک نئے پلیٹ فارم پر یکجا ہو چکے ہیں۔ انہوں نے ہر بڑی سیاسی جماعت پر الزام لگایا کہ اس نے شیعوں سے ووٹ لینے کے بعد انہیں دھوکا دیا، اور خبردار کیا کہ اب کوئی جماعت، حتیٰ کہ پی پی پی بھی، شیعہ عوام کو مزید فریب نہیں دے سکے گی۔ اُن کے مطابق آنے والے برس میں شیعہ "ملک کی سب سے بڑی سیاسی قوت" ہوں گے، اور وہ کسی ایسی جماعت کو ووٹ نہیں دیں گے جو دہشت گردوں یا کالعدم گروہوں سے ہاتھ ملائے گی۔ جعفری نے خبردار کیا کہ اگر شیعہ ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ نہ رکا تو ایم ڈبلیو ایم آرمی ہیڈکوارٹر، ایوانِ صدر، اور وزیراعظم ہاؤس کا گھیراؤ کرے گی۔ لیکن حسبِ روایت، اُن کی سب سے سخت تنقید اور شدید لہجے کے بیانات امریکہ کے خلاف تھے۔ اُنہوں نے امریکی سفارت

خانے اور قونصل خانوں کو" پاکستان میں دہشت گردی کے اصل مراکز" قرار دیا، اور کہا کہ اگر ریاستی ادارے ایسا کرنے میں ناکام رہے تو شیعہ خود امریکیوں کو پاکستان سے باہر نکال دیں گے۔ اُن کے مطابق امریکہ کو ایران، عراق، لبنان اور شام میں شکست ہو چکی ہے اور پاکستان میں بھی اُسے یہی انجام دیکھنا پڑے گا۔ ایم ڈبلیو ایم کے رہنما نے دھمکی دی: "ہم امریکیوں کو ذلت کے ساتھ پاکستان سے نکال باہر کریں گے[460]۔

2012ء کے دوسرے نصف میں ایم ڈبلیو ایم کی سرگرمیاں عروج پر رہیں۔ ان میں شامل تھے: 18 جولائی کو گلگت-بلتستان میں ناصر عباس جعفری کے ملک سے اخراج کے حکم کے بعد پیدا ہونے والا شدید ردعمل[461]، 8 اگست کو چنیوٹ میں رہا شدہ لشکرِ جھنگوی کے دہشت گرد ملک اسحٰق کے خطاب کے خلاف احتجاج[462]، 16 اگست کو گلگت جانے والے بس مسافروں کے منتخب قتل کے نئے واقعے کے بعد احتجاج[463]، 3 ستمبر کو اسلام آباد میں نیشنل پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ کا قیام[464]، اور 15 ستمبر کو اسلام آباد میں تمام شیعہ جماعتوں کا ایک اجلاس کا انعقاد۔ اِس اجلاس میں چند ایم این ایز بھی شریک ہوئے، لیکن شیعہ علما کونسل یا ٹی جے پی/ آئی ٹی پی کی شرکت نہیں ہوئی[465]۔ اسی دوران، ایم ڈبلیو ایم نے پوری دلجمعی کے ساتھ اُس اسلام مخالف فلمی ٹریلر" Innocence of Muslims " کے خلاف احتجاج میں حصہ لیا، جس نے پاکستان میں خاص طور پر شدید غصے اور مظاہروں کو بھڑکایا[466]۔ 16 ستمبر کو آئی ایس او اور ایم ڈبلیو ایم نے باوجود پابندی کے امریکی قونصل خانے کی طرف احتجاجی ریلی کا رخ کیا۔ پولیس نے اُس ریلی پر لاٹھی چارج کیا اور فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں ایک شخص سید رضا تقوی شہید ہو گیا۔ اُن کی شہادت اور مبینہ پولیس بربریت کئی مہینوں تک ایم ڈبلیو ایم کے لیے ایک نئی رنجش کا باعث بن گئی[467]۔ جیسا کہ مہرین زہرہ ملک نے بیان کیا: "ایک ایسی جماعت کے لیے جو...... خود کو قومی اور سیاسی میدان میں متحرک کرنا چاہتی رہے اور پاکستان میں شیعوں کی حتمی نمائندہ کے طور پر اُبھرنا چاہتی ہے، اِس اسلام مخالف فلم نے بالکل موزوں موقع فراہم کیا...... تاکہ وہ اپنی عوامی شناخت اُجاگر کر سکے[468]۔" حقیقت یہ ہے کہ ایم ڈبلیو ایم نے اِس فلم کے خلاف احتجاج کو اکتوبر 2012ء تک جاری رکھا[469]۔ اور 9 اکتوبر کو ملالہ یوسفزئی پر ہونے والے قاتلانہ حملے کے بعد، جس کی پاکستان کے تقریباً تمام عوامی شخصیات نے شدید مذمت کی، ناصر عباس جعفری بھی اُن آوازوں میں شامل ہو گئے جن کا دعویٰ تھا کہ" ملالہ پر حملہ امریکی اور اسرائیلی ایجنٹوں نے کیا تاکہ عوام کی توجہ اُس گستاخانہ فلم کے خلاف عالمی ردعمل سے ہٹائی جا سکے[470]۔"

نومبر 2012ء میں امین شہیدی نے پاکستان میں شیعہ کمیونٹی کے درمیان ہم آہنگی فروغ دینے کے لیے ایک "شیعہ یکجہتی کونسل" کے قیام کا اعلان کیا، اور وضاحت کی کہ ایم ڈبلیو ایم نے پاکستان کی تمام شیعہ جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کی بھرپور کوششیں کی ہیں۔ انہوں نے 1995ء سے موجود ملی یکجہتی کونسل کا بھی ذکر کیا[471] مگر یاد دہانی کروائی کہ ملی یکجہتی کونسل پاکستان میں شیعوں کے خلاف ہونے والے تشدد کو روکنے میں مؤثر کردار ادا نہیں کر سکی[472]۔ 14 نومبر، یعنی اُس سال محرم سے دو دن قبل، ناصر عباس جعفری نے حکومتی اہلکاروں سے اپیل کی کہ وہ ماتمی جلوسوں کو محدود کرنے کے حوالے سے "غیر ذمہ دارانہ بیانات" نہ دیں۔ اِس کے بجائے اُنہیں محرم کے دوران جلوسوں اور ماتمیوں کی حفاظت کے مناسب اقدامات کرنا چاہئیں، جو شیعہ شہریوں کا بنیادی قانونی حق ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت کو اُن افراد کے خلاف کارروائی کرنی ہوگی جو مذہبی نفرت کو ہوا دے رہے ہیں؛ ورنہ اُسے بھی دہشت گردی کے لیے مساوی طور پر ذمہ دار

سمجھا جائے گا473۔ اُسی ماہ، اُنہوں نے تمام پاکستانی شیعوں پر لازم قرار دیا کہ وہ 9 اور 10 محرم کو ’’عزاداری کے جلوس‘‘ میں شرکت کریں تاکہ یزیدی قوتوں کی امام حسین کی عزاداری کو تنہا کرنے کی کوششیں ناکام بنائی جاسکیں۔ اُنہوں نے ملک گیر فوجی کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کے خاتمے کا مطالبہ بھی کیا، اور کہا کہ میڈیا کو ’’بدنام کالعدم گروہوں‘‘ کے بیانات شائع یا نشر کرنے سے گریز کرنا چاہیے474۔

جنوری 2013 میں، ایم ڈبلیو ایم اُن چند جماعتوں میں شامل تھی جو طاہر القادری کے اسلام آباد کے ’’لانگ مارچ‘‘ کی حمایت کر رہی تھیں، جس کا مقصد عام انتخابات سے قبل اہم اصلاحات نافذ کرنا اور کرپٹ افراد کو انتخابات میں حصہ لینے سے روکنا تھا475۔ دیگر زیادہ تر جماعتوں کے برعکس، ایم ڈبلیو ایم نے ٹی ٹی پی کے ساتھ مذاکرات کی صریحاً تردید بھی کر دی۔ امین شہیدی نے اِستدلال کیا کہ ملکی طالبان نے نہ صرف بے گناہ شہریوں بلکہ سکیورٹی اہلکاروں کا بھی قتل کیا ہے، اور شکایت کی کہ دنیا میں کہیں بھی دہشت گردوں کے ساتھ پاکستان جتنا نرم رویہ اختیار نہیں کیا جاتا۔ اُنہوں نے کہا کہ ’’شہداء کا مقدس خون‘‘ حکومت سے یہ تقاضا کرے گا کہ وہ ٹی ٹی پی کے ’’بدنام دہشت گردوں‘‘ کے خاتمے کے لیے غیر جانبدارانہ کارروائی کرے، بجائے اِس کے کہ اُن کے ساتھ مذاکرات کرے476۔

10 جنوری 2013ء کو کوئٹہ میں اب تک کے سب سے شدید دہشت گردانہ حملے میں کم از کم 87 شیعہ شہید ہو گئے، جس کے بعد ایم ڈبلیو ایم نے ملک گیر احتجاجی تحریک کی قیادت کی۔ اِس تحریک میں غیر شیعہ عناصر نے بھی حصہ لیا اور اِس نے پی پی پی کی سربراہی میں جانے والی سابقہ حکومت کو بعض مطالبات تسلیم کرنے پر مجبور کر دیا477۔ امین شہیدی نے براہِ راست جنرل اشفاق پرویز کیانی کو چیلنج کیا: ’’میں فوج کے سربراہ سے سوال کرتا ہوں: آپ نے اِن اضافی تین سالوں میں کیا کیا جو آپ کو [عہدے میں] ملے؟ آپ نے ہمیں مزید موت کے علاوہ کیا دیا؟‘‘ اِس کے باوجود ایم ڈبلیو ایم نے مقامی ہزارہ رہنماؤں کے ساتھ مل کر مطالبہ کیا کہ فوج کوئٹہ کی سکیورٹی سنبھالے478۔ مقتولین کے رشتہ دار علمدار روڈ پر 87 تابوتوں کے ساتھ دھرنا دے کر بیٹھ گئے، اور اِس دوران پندرہ نکات پر مشتمل مطالبات کی فہرست مرتب کی گئی، جو درج ذیل تھی:

1) بلوچستان کے وزیرِ اعلیٰ کو لازماً مُستعفی ہونا چاہیے؛ بلوچستان کی صوبائی حکومت کو برطرف کیا جائے، صوبے میں گورنر راج نافذ کیا جائے، اور امن و امان اور تمام شہریوں—بشمول شیعہ برادری—کی حفاظت کی براہِ راست ذمہ داری اور جوابدہی فوج کے سپرد کی جائے۔

2) سپاہِ صحابہ پاکستان پر عائد قانونی پابندی کا مکمل اور سخت نفاذ کیا جائے، جسے فی الحال نئے نام اہلسنت والجماعت کے تحت آزادانہ سرگرمیاں جاری رکھنے کی اجازت ہے۔ ASWJ کے رہنماؤں کو گرفتار کیا جائے اور شیعہ مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز تقاریر پر اُنہیں سزا دی جائے۔

3) صوبے کے اُن بدنام زمانہ علاقوں میں ہدفی فوجی کارروائی کی جائے جو لشکرِ جھنگوی (SSP–ASWJ) کے تربیتی کیمپوں اور پناہ گاہوں کے طور پر معروف ہیں، خصوصاً سریاب روڈ کوئٹہ، کنک اور مستونگ۔ SSP (جو اس وقت ASWJ–LeJ کے طور پر کام کر رہی ہے) کے

تمام رہنماؤں اور دہشت گردوں کو گرفتار کر کے فوری سماعتوں کے بعد مثالی سزائیں دی جائیں۔

4) ASWJ–LeJ کے اُن دہشت گردوں کی سزائے موت فوراً نافذ کی جائے جنہیں عدالت پہلے ہی موت کی سزا سنا چکی ہے۔

5) مقامی اخبارات اور ٹی وی چینلز میں لشکرِ جھنگوی–SSP کی جانب سے شیعہ کمیونٹی کو دی جانے والی دھمکیوں کی اشاعت روکی جائے۔ میڈیا پر احمد لدھیانوی، طاہر اشرفی، ملک اسحاق اور دیگر ASWJ–LeJ رہنماؤں کو نشر و اشاعت کی سہولت دینے کا سلسلہ بند کیا جائے۔

6) ایک ہزار سے زائد شیعہ شہداء کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے (فی کس دس لاکھ روپے)، اور زخمیوں کو پانچ لاکھ روپے اور مفت علاج کی سہولت فراہم کی جائے؛ دہشت گردی کے واقعات میں زخمی ہونے والوں کا علاج آغا خان ہسپتال کراچی اور دیگر معتبر ہسپتالوں میں سرکاری خرچ پر کرایا جائے۔

7) اُن تمام متاثرہ خاندانوں کے افراد کو روزگار فراہم کیا جائے جن کے سربراہ یا کفیل جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

8) بے گناہ شیعہ مسلمانوں کو، جو بے بنیاد مقدمات میں گرفتار ہیں، فی الفور رہا کیا جائے۔

9) شیعہ تاجروں، ٹرانسپورٹروں، دکانداروں، سرکاری افسران، اور سکول، کالج و یونیورسٹی کے طلبہ کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔

10) اُن علاقوں میں پولیس کی سکیورٹی چوکیاں قائم کی جائیں جہاں شیعہ مسلسل نشانہ بنتے رہے ہیں۔ خصوصاً علمدار روڈ اور ہزارہ ٹاؤن کے اندر اور اردگرد مستقل چوکیاں قائم کی جائیں۔

11) شیعہ رضاکاروں اور باشندوں کو اپنے دفاع کے لیے سرکاری لائسنس یافتہ اسلحہ، ایکس رے اسکینرز اور تربیت فراہم کی جائے۔ شیعہ اسکاوٹس اور رضاکاروں کو شیعہ علاقوں میں نجی سکیورٹی قائم کرنے کی اجازت دی جائے۔

12) بلوچستان یونیورسٹی اور دیگر اداروں میں شیعہ ہزارہ اور تمام شیعہ طلبہ کے خلاف امتیازی سلوک کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے۔

13) اُن شیعہ ہزارہ خاندانوں کو دوبارہ آباد کیا جائے جنہیں خضدار اور مچھ سے بے گھر کیا گیا،

اور اُنہیں تحفظ اور معاوضہ فراہم کیا جائے۔

14) میڈیا میں دیوبندی عسکریت پسندوں SSP ((ASWJ–LeJ) کے ہاتھوں ہونے والی شیعہ نسل کشی کی مکمل اور درست کوریج کی جائے؛ اسے ہزارہ تک محدود، نسلی تنازع یا سنّی–شیعہ فرقہ وارانہ مسئلہ قرار دے کر مبہم نہ بنایا جائے۔ حکومتِ پاکستان، خصوصاً پیمرا، اُن چینلز اور اخبارات کے خلاف کارروائی کرے جو شیعہ نسل کشی کو غلط طور پر سنّی–شیعہ فرقہ واریت یا مخصوص ہزارہ مسئلے کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

15) ایک اعلیٰ سطحی عدالتی کمیشن قائم کیا جائے، جس میں اقوامِ متحدہ، ہیومن رائٹس واچ، ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے اراکین بھی شامل ہوں، تاکہ عسکریت پسند گروہوں اور فوجی و نیم فوجی اداروں کے درمیان مبینہ گٹھ جوڑ کی تحقیقات کی جا سکیں[479]۔

یہ مطالبات – جن کی تشکیل میں بظاہر سیکولر مزاج ہزارہ رہنماؤں کا نمایاں کردار شامل تھا، جو مجلسِ وحدتِ مسلمین (MWM) کے اشتراک سے کوئٹہ سولڈیریٹی کونسل (QSC)[480] کے پلیٹ فارم پر اِس احتجاج کی قیادت کر رہے تھے- قابلِ توجہ طور پر اُن تمام اشاروں سے خالی تھے جو امریکی سرپرستی کے تحت شیعہ مخالف دہشت گردی سے متعلق ہوتے ہیں اور جو عموماً MWM کے خطابات اور بیانیے کا مستقل حصہ سمجھے جاتے ہیں۔ دوسری جانب، اِس فہرست کا نکتہ نمبر 14 زیادہ واضح طور پر ملک گیر شیعہ تنظیموں کے مؤقف کی ترجمانی کرتا تھا، یعنی اس بات کی سختی سے نفی کہ کوئٹہ میں شیعہ مخالف تشدد کو محض ہزارہ کمیونٹی تک محدود یا نسلی محرکات کا نتیجہ قرار دیا جائے۔ جہاں تک "سنّی بمقابلہ شیعہ فرقہ وارانہ تشدد" کی اصطلاح کا تعلق ہے- جو پاکستانی مرکزی دھارے کے میڈیا میں عام رائج ہے- تو اس کے ردّ میں ہزارہ سیکولر حلقے اور MWM جیسے شیعہ اسلام پسند گروہ یکساں طور پر متفق تھے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ یہ اصطلاح باہمی تشدد یا دونوں گروہوں کی جانب سے مساوی ردِعمل کا تاثر دیتی ہے، حالانکہ حقیقت میں زیادہ تر واقعات میں بے گناہ شیعہ افراد یکطرفہ، کھلی دہشت گردی اور سفاکانہ قتل و غارت کا نشانہ بنتے رہے ہیں۔ کچھ ہفتے بعد امین شہیدی نے بیان کیا:

سُنّی–شیعہ لڑائی جیسے الفاظ کا استعمال دراصل امریکہ اور مغربی طاقتوں کی پاکستان کے خلاف ایک سازش ہے۔ بعض این جی اوز اور یہاں تک کہ میڈیا کے چند ایسے عناصر بھی، جو مغرب یا امریکی مفادات کے ساتھ وابستہ ہیں، بار بار اِن اِصطلاحات کو استعمال کرتے ہیں تاکہ فرقہ واریت کو ہوا دی جا سکے۔ ... پاکستان میں فرقہ وارانہ تشدد کسی بھی طور سنّیوں اور شیعوں کی باہمی لڑائی نہیں۔ یہ درحقیقت دہشت گردوں اور مسلمانوں کے درمیان ایک جنگ ہے۔ ... دہشت گرد عناصر اور گروہ کسی طور پر بھی سنّی مسلمانوں کی نمائندگی نہیں کرتے۔ ... مغرب نواز حلقے اِن اصطلاحات

کا استعمال پاکستان میں فرقہ واریت کو بڑھاوا دینے کے لیے کرتے ہیں[481]۔

یقیناً اِس بات کا کوئی امکان نہیں تھا کہ حکومت درج بالا تمام مطالبات مان لے گی[482]۔لیکن اِس کے باوجود ناصر عبّاس جعفری نے 14 جنوری کو علمدار روڈ کے دھرنے کے خاتمے کا اعلان کرتے ہوئے کوئٹہ یکجہتی کونسل (QSC) کے سربراہ عبدالقیوم چنگیزی کے ساتھ[483]نت یہ دعویٰ کیا کہ حکومت اِن مطالبات کے سامنے جھک گئی ہے۔ بہر حال، سب سے اہم اور علامتی کامیابی صوبائی وزیرِ اعلیٰ کی برطرفی اور بلوچستان میں گورنر راج کا نفاذ (مطالبہ نمبر ا) تھی، جب کہ غالب گمان ہے کہ فہرست میں شامل چند دیگر مطالبات کے بارے میں بھی حکومت نے کچھ وعدے کیے ہوں گے۔لیکن گورنر راج بھی 16 فروری کو کوئٹہ میں ہزارہ برادری پر ہونے والے ایک اور شدید دہشت گرد حملے کو نہ روک سکا[484]۔ایک بار پھر پورے ملک میں شدید ردِّعمل دیکھنے میں آیا، اور متعدد احتجاجی ریلیاں نکلیں جو صرف شیعہ حلقوں تک محدود نہ تھیں 485؛ پاکستان کے باہر بھی احتجاجی سرگرمیاں ہوئیں[486]۔تحریک ملت جعفریہ (MWM) نے ایک مرتبہ پھر بھرپور انداز میں احتجاجی مہم میں حصہ لیا اور اس مرتبہ اس نے حکومت سے تحریری معاہدے کا مطالبہ کیا، تاکہ کوئٹہ اور اس کے گردونواح میں شیعہ مخالف دہشت گردوں کے خلاف ایک مخصوص اور ہدفی کارروائی کی جائے[487]۔تاہم 20 فروری تک، بلوچستان کے گورنر اور وفاقی حکومت کی جانب سے یقین دہانیوں کے بعد، MWM اور QSC ایک اور دھرنا، جس میں مقتولین کے تابوت رکھے گئے تھے، ختم کرنے پر آمادہ ہو گئے[488]۔

مارچ 2013ء میں، الیکشن کمیشن میں MWM کی رجسٹریشن کے فوراً بعد، اُس کی قیادت کو بھرپور اعتماد تھا کہ پارٹی 11 مئی کے پارلیمانی انتخابات میں نمایاں کارکردگی دکھائے گی۔اُس کے سیاسی وِنگ کے سیکرٹری، ناصر عباس شیرازی نے اعلان کیا کہ MWM قومی اسمبلی کی 60 اور صوبائی اسمبلی کی 40 نشستوں پر اپنے امیدوار کھڑے کرے گی، خصوصاً اُن حلقوں میں جہاں شیعہ آبادی غالب ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ انتخابات میں حصہ لینے کا بنیادی مقصد انتہاپسند عناصر کو سیاست میں داخل ہونے سے روکنا ہے، اور انہیں توقع تھی کہ بڑی تعداد میں سُنّی ووٹرز، بالخصوص بریلوی مکتبِ فکر کے افراد، فطری طور پر MWM کے حامی ہوں گے۔ بریلوی سنی اتحاد کونسل اور سید ساجد نقوی کی شیعہ علماء کونسل کے ساتھ انتخابی اتحاد کی کوششیں بھی کی گئیں۔ کراچی میں، جہاں MWM نے صوبائی اسمبلی کی دس اور قومی اسمبلی کی گیارہ نشستوں پر امیدوار کھڑے کرنے کا منصوبہ بنایا تھا، اس کے مرکزی رہنما اصغر زیدی نے اعلان کیا کہ نشستوں کی ایڈجسٹمنٹ کسی بھی جماعت کے ساتھ ممکن ہے، بشرطیکہ تین شرائط پوری کی جائیں:

اوّل-- وہ امریکی خارجہ پالیسیوں کے دوہرے معیار کے خلاف واضح موقف رکھتی ہو؛

دوم - وہ ہر قسم کی دہشت گردی، خصوصاً پاکستان کو متاثر کرنے والی دہشت گردی، کی مخالفت کرتی ہو؛

سوم-- وہ اسلام سمیت تمام مذاہب کا احترام کرتی ہو[491]۔

11 اپریل تک کراچی میں MWM کے منظور شدہ امیدواروں کی تعداد گھٹ کر 12 رہ گئی تھی، جن میں پانچ قومی اسمبلی کے امیدوار شامل تھے[492]،تاہم کراچی بدستور اس کی انتخابی مہم کا مرکز رہا[493]۔ایک ہفتے بعد دیے گئے ایک انٹرویو میں، زیدی نے دعویٰ کیا کہ

کراچی میں" پچاس لاکھ سے زائد شیعہ" آباد ہیں، جو اب تک بنیادی طور پر MQM کو ووٹ دیتے آئے تھے، مگر اب یہ صورتِ حال MWM کی وجہ سے بدل جائے گی۔ اُن کے الفاظ میں: "ہماری کمیونٹی کے بہترین لوگ نشانہ بنائے گئے اور کسی نے ہماری فریاد نہ سنی۔ اب ہم اپنے حقوق اور شیعہ کمیونٹی کے تحفظ کے لیے کھڑے ہو گئے ہیں[494]"۔

MWM نے 6 اور 7 اپریل 2013ء کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والے اپنے کنونشن میں انتخابی حکمت عملی کو حتمی شکل دی، جہاں 500 نمائندوں نے سیکریٹری جنرل ناصر عباس جعفری کے لیے مزید تین سالہ مدت کی توثیق بھی کی[495]۔ 21 اپریل کو انہوں نے کراچی کے نشتر پارک میں منعقدہ ایک اور بڑے کنونشن سے خطاب کیا، جہاں انہوں نے MWM کا منشور پیش کیا اور یہ اعلان کیا کہ جماعت "ہر محب وطن، مذہبی یا سیاسی تنظیم کے ساتھ ہاتھ ملانے کے لیے تیار ہے جو ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائے۔" انہوں نے تاجروں کا اعتماد بحال کرنے کا وعدہ بھی کیا اور کہا کہ MWM "کراچی ہی نہیں بلکہ پورے ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کرنے کے لیے اپنی پوری کوشش کرے گی[496]۔" MWM کا منشور 22 اپریل کو لاہور میں میڈیا کے سامنے بھی پیش کیا گیا۔ اس کی توجہ پاکستان کے اقتصادی مسائل پر مرکوز تھی، اور اس میں چالیس سے پچاس برس پر محیط ایک جامع "قومی منصوبہ" تشکیل دینے کی تجویز دی گئی۔ اگرچہ MWM چاہتی تھی کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں فلسطین اور کشمیر کو مرکزی حیثیت دی جائے، لیکن اس نے "ریاست کے اندر ریاست"، "دہشت گردی" اور "جنونیوں کے نام نہاد جہاد" کو یکسر مسترد کر دیا[497]۔

24 اپریل کو روزنامہ ڈان نے، جس نے اب تک تقریباً MWM کو نظر انداز کیا تھا، ایک مضمون شائع کیا جس میں اُس کے انتخابی امکانات پر تبصرہ کیا گیا، اور اُس میں دیگر باتوں کے ساتھ یہ کہا گیا:

پیپلز پارٹی کی بڑھتے ہوئے شیعہ مخالف حملوں کو روکنے میں ناکامی کے تاثر نے کمیونٹی میں اُس کے روایتی حامیوں کو مایوس کر دیا ہے۔ یہ تاثر کافی مضبوط ہے، حالانکہ دو پرانی شیعہ جماعتیں ابھی بھی پیپلز پارٹی کے ساتھ ہیں— ITP، جس کی قیادت ساجد نقوی کر رہے ہیں، نے پیپلز پارٹی کے ساتھ اتحاد کیا ہوا ہے، جبکہ TNFJ کے حامی، جن کی قیادت حامد علی موسوی کر رہے ہیں، روایتی طور پر پیپلز پارٹی کو ووٹ دیتے آئے ہیں۔تاہم، MWM کے انتخابات میں حصہ لینے اور ملک بھر میں الیکشن لڑنے کے فیصلے نے اِس بار شیعہ ووٹ کے حوالے سے سوالات اور قیاس آرائیوں کو جنم دیا ہے کہ کہیں اِس مرتبہ یہ توازن بگڑ نہ جائے۔

درحقیقت، MWM کئی وجوہات کی بنا پر توجہ حاصل کر رہی ہے۔ سب سے پہلی وجہ اِس کی حیران کن ابتدائی کارکردگی ہے جو ہزارہ حملوں کے بعد احتجاجات میں نظر آئی۔ ملک بھر میں پُرامن احتجاجات نے سب کو حیران کر دیا اور اسلام آباد میں پیپلز پارٹی کی قیادت والی حکومت کو بلوچستان میں گورنر راج نافذ کرنے پر مجبور کر دیا۔ سب سے زیادہ متاثر کن بات یہ تھی کہ پارٹی نے کراچی میں بھی احتجاجات کو منظم کیا، جہاں MQM کو سڑکوں پر اثر و رسوخ رکھنے والی

جماعت کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔[...] لیکن پارٹی کی اِس بلند پروفائل اور شیعہ کمیونٹی کے جذبات کے باوجود، کیا یہ واقعی نشستیں جیت پائے گی؟ اِس وقت اِس بارے میں یقینی طور پر کچھ کہنا مشکل ہے، نہ صرف اِس لیے کہ MWM نئی جماعت ہے، بلکہ اِس لیے بھی کہ ماضی میں شیعہ کمیونٹی نے کبھی بھی یکجا/بطور بلاک ووٹ نہیں دیا[498]۔

دس دن بعد، ایک ہزارہ دانشور جو MWM کے مخالف تھے، نے درج ذیل معقول پیشگوئیاں کیں، جو بعد میں درست ثابت ہوئیں:

MWM ان تمام حلقوں میں الیکشن لڑے گی جہاں شیعہ ووٹ بینک کا خاطر خواہ حصہ موجود ہے۔ زیادہ تر یہ علاقے پاراچنار، کوئٹہ، اور کراچی کے کچھ حصے ہوں گے۔یہ بات یقینی ہے کہ MWM پاراچنار میں کامیاب نہیں ہو پائے گی کیونکہ مقامی طوری قبائل پیپلز پارٹی کے ساتھ ہیں، اور کراچی میں اردو بولنے والے اپنے قوم پرست پارٹی، MQM کے دِلی حامی ہیں۔ MQM کبھی بھی MWM کو اپنے حلقے میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دے گی۔وہ تمام متحرک 'شیعہ کارکن ' جو ابتدا میں MWM کی حمایت کر رہے تھے، اب پیچھے ہٹ چکے ہیں اور اب وہ اپنی اپنی سیاسی جماعتوں (پیپلز پارٹی اور MQM) کی حمایت کر رہے ہیں۔اگر ایم ڈبلیو ایم PB-2 میں کامیاب ہوئی، تو یہ پورے پاکستان میں واحد حلقہ ہوگا جو کسی شیعہ اسلام پسند جماعت کو اسمبلی میں بھیجے گا۔ ایسی جماعت کے قائدین کھلے عام کسی اور ملک کے سیاسی رہنما سے وفاداری کا اظہار کرتے ہیں[499]۔

درحقیقت کراچی کی پشتون آبادی میں حالیہ برسوں کے دوران بڑھتے ہوئے ٹی ٹی پی کے نفوذ کے باوجود، اور بعض مشترک دشمنوں، خصوصاً ٹی ٹی پی، کے خلاف مضبوط موقف کے باوجود، ایم کیو ایم ہی ایم ڈبلیو ایم کی سب سے سخت سیاسی حریف ثابت ہوئی[500]۔اگرچہ ایم کیو ایم کے ایک بڑے طبقے کے کارکن شیعہ تھے اور اُن میں سے کچھ لشکر جھنگوی کے ہاتھوں ہدف بھی بنے تھے[501]، تاہم ایم ڈبلیو ایم مسلسل اِس جماعت پر ایس ایس پی/اے ایس ڈبلیو جے سے گٹھ جوڑ کے الزامات عائد کرتی رہی ہے[502]۔انتخابات سے پہلے کے دنوں میں ایم ڈبلیو ایم نے شکایت کی کہ ایم کیو ایم اس کی انتخابی مہم میں رکاوٹیں ڈال رہی ہے، اور اس نے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ووٹروں اور امیدواروں کی حفاظت کے لیے فوج تعینات کی جائے[503]۔انتخابات میں شکست کے بعد ایم ڈبلیو ایم کے رہنماؤں نے الزام لگایا کہ ایم کیو ایم نے چار کراچی حلقوں میں دھاندلی کی اور اس کے امیدواروں پر جارحانہ کارروائیاں کیں[504]۔

9 مئی کو انتخابی مہم کے اختتام تک قومی اسمبلی کی نشستوں کے لیے ایم ڈبلیو ایم کے امیدواروں کی تعداد گھٹ کر صرف 20 رہ گئی تھی، جن میں 12 سندھ، 7 پنجاب اور ایک کوئٹہ سے تھا۔اِس کے علاوہ ایم ڈبلیو ایم نے صوبائی اسمبلی کی نشستوں کے لیے 52 امیدوار کھڑے کیے (27 سندھ، 20 پنجاب اور 5 بلوچستان سے)[505]۔جماعت نے بریلوی سنی تحریک اور جے یو پی کے ساتھ انتخابی مفاہمت کر لی تھی[506] لیکن سید ساجد نقوی کی شیعہ علماء کونسل کے ساتھ مجوزہ اتحاد قائم نہ ہو سکا۔بعد ازاں، شیعہ علماء کونسل نے آئی ٹی پی کے پلیٹ فارم سے

انتخابات لڑنے کو ترجیح دی اور پیپلز پارٹی کے ساتھ اتحاد برقرار رکھا[507] لیکن اُسے بدترین ناکامی کا سامنا کرنا پڑا؛ 11 مئی کو قومی اسمبلی کے لیے ڈالے گئے 4,53,88,404 ووٹوں میں سے وہ صرف 2,694 ووٹ حاصل کرسکی۔ ایم ڈبلیو ایم نے بھی قومی اسمبلی کے لیے صرف 41,520 ووٹ (0.09 فی صد) حاصل کیے[508] اور کوئٹہ کی واحد صوبائی نشست (PB-2) حاصل کی[509]۔ یہ کارکردگی 2010ء سے مختلف اجتماعات میں ایم ڈبلیو ایم کی جانب سے دکھائی گئی عوامی بسیج کے مقابلے میں نہایت کم تھی، اور 2013ء میں عمران خان کی پی ٹی آئی کی غیر معمولی کامیابی کے بالمقابل بھی بہت مایوس کن تھی۔ پی ٹی آئی، جس نے 2002ء میں صرف ایک قومی اسمبلی کی نشست جیتی تھی اور 2008ء کے انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا، 2013ء میں قومی اسمبلی کے امیدواروں کے لیے ڈالے گئے 76,79,954 ووٹ (16.92 فی صد) لے کر دوسری بڑی جماعت بن کر اُبھری[510]۔ ایم کیو ایم کا قومی اسمبلی کے ووٹوں میں حصہ 2008ء کے 7.43 فی صد (25,73,795 ووٹ) سے کم ہو کر 2013ء میں 5.41 فی صد (2,456,153 ووٹ) رہ گیا لیکن یہ کمی بنیادی طور پر پی ٹی آئی کے عروج کا نتیجہ تھی، نہ کہ کراچی میں ایم ڈبلیو ایم سے کسی حقیقی انتخابی مقابلے کا۔ اسی طرح پیپلز پارٹی کو 2008ء کے 30.79ء فی صد (10,666,548 این اے ووٹ) سے گر کر 2013ء میں 15.23 فی صد (6,911,218 ووٹ) تک آنے والے بھاری نقصان کا فائدہ بھی صرف ن لیگ اور پی ٹی آئی کو ہوا، ایم ڈبلیو ایم کو نہیں۔

اِمکان غالب ہے کہ انتخابات میں ایم ڈبلیو ایم کی ناکامی کی بنیادی وجہ پاکستان میں رائج اکثریتی ووٹنگ نظام تھا، جو ہمیشہ ہی چھوٹی جماعتوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوا ہے، خصوصاً ایسے حالات میں جب شیعہ آبادی جغرافیائی طور پر منتشر ہو[511]۔ چنانچہ بہت سے پُرخلوص حامیوں نے بھی اُن حلقوں میں ایم ڈبلیو ایم کو ووٹ نہیں دیا ہوگا جہاں اس کے امیدواروں کے جیتنے کے امکانات سرے سے موجود ہی نہیں تھے۔ یہی رکاوٹ مرکزی دھارے کی سنّی مذہبی جماعتوں جمعیت علمائے اسلام (ف) اور جماعتِ اسلامی کو بھی ہمیشہ درپیش رہی، اور وہ صرف 2002ء میں نمایاں کامیابی حاصل کرسکیں، جب وہ مزید چار جماعتوں کے ساتھ مل کر متحدہ مجلسِ عمل (ایم ایم اے) کی شکل میں میدان میں تھیں[512]۔ لیکن حیرت انگیز امر یہ ہے کہ ایم ڈبلیو ایم، قابل انکار عوامی پذیرائی اور بڑی تعداد میں شیعہ اجتماعات اپنی طرف کھینچنے کے باوجود، 2013ء کے انتخابات میں اُن ووٹوں سے بھی کم ووٹ حاصل کرسکی جو ٹی این ایف جے نے 1988ء میں حاصل کیے تھے، حالانکہ 1988ء میں ڈالے گئے کُل ووٹوں کی تعداد 2013ء کے مقابلے میں نصف سے بھی کم تھی[513]۔

ایم ڈبلیو ایم کے سیکرٹری جنرل نے شکست تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ اُن کے مطابق امریکا اور سعودی عرب نے انتخابات میں مداخلت کرکے ”اپنے من پسند نتائج حاصل کرلیے“۔ اُنہوں نے الیکشن کمیشن، نگران حکومت، اور سیکیورٹی وخفیہ اداروں پر بھی قوم کے ”ووٹ چرانے“ کا الزام عائد کیا[514]۔ تاہم اِس کے باوجود، ایم ڈبلیو ایم 2010ء سے شیعہ برادری کے اجتماعی مسائل اور شکایات کی ایک مؤثر ترجمان جماعت کے طور پر ابھر چکی ہے، اور انتخابات میں اپنی پہلی آزمائش میں ناکامی کے باوجود آئندہ برسوں میں بھی یہ کردار جاری رکھے گی۔ اِس کے آئندہ اثر و رسوخ کا دارومدار بڑی حد تک اِس بات پر ہوگا کہ آیا ریاست پاکستان میں پرتشدد انتہا پسندی کے خلاف اپنی کارکردگی بہتر بنا سکتی ہے اور اپنے شیعہ شہریوں کو مؤثر تحفظ فراہم کرسکتی ہے یا نہیں۔

9
خلاصہ اور نتیجہ

یہ کتاب بنیادی طور پر پاکستان میں شیعیت کے تین ایسے پہلوؤں پر بحث کرتی ہے جو بڑی حد تک ایک دوسرے میں پیوست ہیں۔ اوّل، اُن افراد اور تنظیموں کی سرگرمیاں جنہیں" اشتراکی شیعہ" کہا جا سکتا ہے، اور جو جب بھی شیعہ اقلیت کی منفرد شناخت یا اس کے مساوی شہری حقوق کو خطرے میں محسوس کرتے ہیں، پورے اعتماد اور شدت کے ساتھ اُن کا دفاع کرتے رہے ہیں۔ دوم، پاکستان میں شیعہ علماء کی ایک ایسی جماعت کا ارتقا، جس کے بہت سے ارکان نے شیعہ اجتماعی تنظیموں میں نمایاں قیادی کردار ادا کیے اور اس جماعت کے اندرونی تنازعات، جو بظاہر مذہبی عقائد کے اختلافات کے گرد گھومتے رہے، مگر دراصل سماجی مرتبے اور معاشی وسائل کی سرد جنگ سے بھی متعلق تھے۔ اور سوم، سنّی اکثریت کے ساتھ وہ کشیدگیاں جو پاکستان کے ابتدائی تین عشروں میں بھی متعدد تھیں اور بسا اوقات پُرتشدد صورت اختیار کر لیتی تھیں، مگر 1980ء کی دہائی کے بعد ایک سنگین مسئلے کی شکل میں سامنے آئیں، جب مسلکی جنونیت تیزی سے پھیلنے لگی اور شیعہ اقلیت کے خلاف تشدد بڑھتے بڑھتے 2003ء کے بعد ہولناک حد تک پہنچ گیا۔

پاکستان میں شیعیت برصغیر کے اثنا عشری شیعوں کی سات سو برس سے زائد پر محیط تاریخی وراثت کی امین ہے۔ اِس طویل تاریخ میں چودھویں صدی سے ایسے طاقتور علاقائی سلطنتیں اور ریاستیں بھی شامل رہی ہیں جن پر شیعہ حکمران برسرِ اقتدار تھے (سیکشن 1.1)۔ برصغیر میں شیعیت کے فروغ کے جو عوامل نمایاں رہے، اُن میں بعد کے مسلم سلاطین کے عہد میں فارسی ثقافت کا گہرا اثر، اور اُن سیّاح و مبلغین کا مرکزی کردار شامل ہے جو فاتحین کے عقب میں آئے اور مقامی ہندو آبادی کے بڑے حصے کو اِسلام قبول کرنے کی دعوت دیتے رہے۔ اِن مبلغین میں اکثریت صوفیوں اور/ یا ایرانی یا وسط ایشیائی نژاد سادات کی تھی، جو ایسے دینی افکار و تعلیمات پیش کرتے تھے جن کی روح شیعہ اسلام سے خاصی قربت رکھتی تھی۔ برصغیرِ ہند و پاکستان میں عوامی اسلام آج بھی صوفی اِزم کے گہرے اثرات کا حامل ہے، جس میں پیروں اور اُن کی اولاد کی تعظیم مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ صوفی اِزم سے شیعیت کی طرف منتقلی اکثر نہایت ہموار اور تدریجی رہی ہے۔ اور جب اٹھارہویں صدی سے ہندوستان کے کئی شہروں میں شیعوں کی باقاعدہ تعزیہ جلوسوں کے ذریعے شناخت زیادہ نمایاں ہوئی، تو اِن تقریبات نے بڑی تعداد میں سنّی مسلمانوں کو بھی اپنی طرف متوجہ کیا، جو اکثر اِن رسوم میں شرکت کرتے تھے۔ ہندوستان اور پاکستان کے شیعہ اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ اُن کی رنگارنگ اور جذباتی عزاداری کی رسومات نے نہ صرف ماضی میں نئے لوگوں کو تشیع کی طرف مائل کرنے میں اہم کردار ادا کیا، بلکہ آج تک اپنی قوم کے اجتماعی تعلق اور باہمی رشتے کو مضبوط بنانے کا بنیادی ذریعہ بنی ہوئی ہیں۔ یہی بات اُن سنی ناقدین کے ہاں بھی تسلیم کی جاتی ہے جو عوامی عزاداری کے جلوسوں پر اعتراض کرتے ہیں اور بعض اوقات اُنہیں اپنے ہم مذہب افراد کے صحیح عقائد کے لیے ایک" خطرہ" کے طور پر پیش کرتے ہیں (سیکشن 4.6.3؛ 5)۔

اگرچہ گنگا کے وسطی میدان میں واقع ریاستِ اودھ اٹھارہویں صدی کے اوائل سے ہندوستان میں سب سے اہم شیعہ مرکز سمجھی جاتی رہی ہے، تاہم شیعیت نے پنجاب اور اُن دیگر علاقوں میں بھی بنیاد پکڑی جو 1947ء میں مغربی پاکستان کا حصہ بنے یعنی سندھ کے بعض حصے، کرم ویلی، اور گلگت بلتستان۔ تقسیم کے بعد ہندوستان سے آنے والے شیعہ پناہ گزینوں اور دیگر مہاجرین کی بڑے پیمانے پر آمادگی

نے اِس وابستگی کو مزید تقویت بخشی، جن میں سے بہت سے افراد علمی و پیشہ ورانہ اعتبار سے ممتاز طبقے سے تعلق رکھتے تھے۔ 1950ء کی دہائی سے یہ عمومی اندازہ چلا آرہا ہے کہ مغربی پاکستان کی کل آبادی کا 10 سے 15 فیصد حصہ شیعہ ہے جو ایک طرف بڑے شہروں میں مضبوط موجودگی رکھتے ہیں، تو دوسری طرف دیہی پنجاب اور دیہی سندھ کے وسیع علاقوں میں بھی منتشر طور پر آباد ہیں۔ تاہم 1950ء کی دہائی میں پاکستان میں مقامی شیعہ علما کی تعداد بہت کم تھی، اور بعض متعصب افراد کے درمیان یہ حقیقی تشویش پائی جاتی تھی کہ عام شیعوں میں مذہبی تعلیم کی شدید کمی کے باعث شیعہ قوم کے وجود کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے (سیکشن 3.4)۔

1972 کے بعد جب پاکستان میں مشرقی پاکستان شامل نہ رہا، اُس کے بعد ملک میں شیعہ آبادی کا تناسب تقریباً وہی ہے جو آج کی سنّی اکثریتی مسلم دنیا میں مجموعی طور پر شیعہ آبادی کا ہے۔ جیسا کہ ساتویں صدی عیسوی میں سنّی-شیعہ اختلاف کے آغاز سے لے کر مسلم دنیا کے دیگر خطّوں میں ہوتا آیا ہے، برصغیر میں شیعوں کو بھی اکثر سنّی اکثریت کی دشمنی، بلکہ بعض اوقات باقاعدہ ظلم وستم کا سامنا کرنا پڑا، خصوصاً سترہویں اور اٹھارہویں صدیوں میں، جب مغل بادشاہ اکبر کے دَور کی زیادہ سے زیادہ رواداری کی پالیسی کے خاتمے کے بعد حالات تبدیل ہوگئے تھے (سیکشن 1.2)۔ جوں جوں شیعہ تعزیہ جلوس زیادہ نمایاں اور عام ہوتے گئے، اُنہیں نشانہ بنانے والی مہمات میں بھی اضافہ ہوا۔ اٹھارہویں صدی سے اب تک سنّی اور شیعہ مصنّفین کی جانب سے مذہبی مناظرانہ لٹریچر کی ایک بڑی مقدار تصنیف ہوئی، جس کا بڑا حصہ آج بھی دوبارہ شائع ہوتا ہے اور حوالہ جات میں استعمال ہوتا رہتا ہے۔

لیکن اُنیسویں صدی کے اوائل سے لے کر برصغیر میں برطانوی حکمرانی کے بتدریج پھیلنے کے بعد، شیعوں کو عموماً اِس سے فائدہ پہنچا۔ برطانوی حکمرانوں نے پنجاب کے بعض شیعہ جاگیرداروں میں اپنے سب سے وفادار غلام تلاش کیے اور تمام مکاتب فکر کے لیے مذہبی آزادی کی ضمانت دی، اور ضرورت پڑنے پر مسلکی تنازعات کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے سخت اقدامات بھی کیے۔ مجموعی طور پر ہندو اور مسلمان کے درمیان وہ "تقسیم اور حکمرانی" (divide and rule) کی پالیسی پر عمل کرتے رہے، مگر سنّی اور شیعہ مسلمانوں کے درمیان نہیں۔ دوسری جانب، مذہبی آزادی، جسے شیعوں نے دن بدن ایک فطری حق کے طور پر قبول کرلیا تھا، نے اُن کی "مسلکی" شناخت کو مزید واضح اور مضبوط کرنے میں بھی کردار ادا کیا۔ 1907ء سے شیعہ اشترا کیوں نے خود کو آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے تحت منظم کیا (سیکشن 1.3)، اور 1939ء میں لکھنؤ میں ہونے والی تبرا تحریک نئی شیعہ جرأت وخود اعتمادی کی ایک مضبوط یاد دہانی کے طور پر سامنے آئی (سیکشن 1.2)۔

1947ء میں پاکستان کے قیام کے بعد سے، شیعوں کا موقف رہا ہے کہ اُنہوں نے اِس ملک کے قیام اور آزادی کے بعد اس کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اٹھارہویں اور انیسویں صدی کے ہندوستان میں مسلم سیاسی بیداری میں شیعہ افراد کا نمایاں کردار، اور بعد میں "پاکستان تحریک" میں اُن کی شراکت، ناقابل انکار ہے اور شاید اِس تحریک کی کامیابی کے لیے فیصلہ کن بھی رہی ہو (سیکشن 2.1)۔ تاہم 1940ء تا 1947ء کے سالوں میں بہت سے شیعہ اِس خدشے کا شکار تھے کہ مسلمانوں کی واضح سنّی اکثریت والی ممکنہ ریاست میں اُن کا مرتبہ اور حقوق محفوظ رہیں گے یا نہیں، اور اُنہوں نے آل انڈیا مسلم لیگ سے اِس ضمن میں ضمانتیں طلب کیں۔ محمد علی جناح، پاکستان کے بانی اور علامتی شخصیت (جنہوں نے 1904ء کے لگ بھگ رسمی طور پر اِثنا عشری شیعیت اختیار کی تھی)، ایسے مطالبات سے کچھ پریشان ہوئے اور 1940ء کی دہائی میں زیادہ پرجوش شیعوں سے علیحدہ ہوگئے، تاہم اُنہوں نے مساوی حقوق سے متعلق چند وعدے ضرور کیے جو بعد کے

عشروں میں بار بار حوالہ کے طور پر پیش کیے گئے۔ 1946ء تک، اُن بھارتی ریاستوں کے بیشتر شیعوں نے جو 1947ء میں پاکستان کا حصہ بنیں، جناح کی مسلم لیگ کے لیے بلاشرط حمایت اختیار کرلی تھی (سیکشن 2.2)۔

مارچ 1948ء میں لاہور میں آل پاکستان شیعہ کانفرنس (APSC) کا انعقاد ہوا، جس کی پہل کچھ معروف شیعہ علما اور جاگیرداروں نے کی، جن میں سب سے نمایاں نواب مظفر علی خان قزل بخش تھے، جو 1951 میں APSC کے چیئرمین منتخب ہوئے اور 1982ء میں وفات تک اس عہدے پر برقرار رہے۔ تاہم، APSC کے ابتدائی اجلاس میں منظور ہونے والا ایک فیصلہ، جس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ" پاکستان کے تمام مسلمان ایک قوم کے طور پر تسلیم کیے جائیں، چاہے ان کا تعلق کسی بھی مسلک یا نسل سے ہو، اور ایسے قوانین ختم کیے جائیں جو کسی خاص مسلک کے لیے بنائے گئے ہوں" نے زیادہ متحرک شیعہ اشتراکیوں کی شدید مخالفت کو جنم دیا۔ چند دنوں کے اندر، انہوں نے" پاکستان میں شیعہ حقوق کے تحفظ کے لیے ایک تنظیم" (ادارہ تحفظ حقوق شیعہ، ITHS) قائم کی، جسے ملک گیر حمایت حاصل ہوئی اور 1960ء کی دہائی کے اوائل تک یہ APSC کا سب سے بڑا حریف رہی۔ اِس کی پہلی صدارت مفتی جعفر حسین نے سنبھالی، جو 1979-1980 میں بھی نمایاں کردار ادا کرنے والے تھے، لیکن ITHS کی اصل محرک قوت سیاسی خواہش رکھنے والے عام شہری، سید مظفر علی شمسی تھے (سیکشن 3.1)۔

1950ء کی دہائی میں APSC اور ITHS کبھی کبھار مشترکہ اہداف کے لیے ایک ساتھ آئے، لیکن دونوں تنظیمیں" پاکستان کے شیعہ عوام کی مرکزی ترجمان جماعت" بننے کے لیے باہم مقابلہ کرتی رہیں اور سنّی اکثریت ومتواتر حکومتوں کے بارے میں اُن کے رویے مختلف تھے۔ نواب قزلباش، جن کا سیاسی کیریئر 1958ء میں مغربی پاکستان کے وزیرِ اعلیٰ کے عہدے تک پہنچا وہ بعد میں 1969ء تا 1971ء میں جنرل یحییٰ خان کے تحت وفاقی وزیرخزانہ بھی بنے، ہمیشہ اِس بات کا خیال رکھتے کہ وہ اپنے سنّی ووٹرز اور سیاسی اتحادیوں کو ناراض نہ کریں، اور یہی رویہ دیگر APSC کے رہنماؤں کا بھی رہا۔ ITHS بھی آہستہ آہستہ شیعہ جاگیرداروں کے زیرِ اثر آ گئی، مگر اِس کے کارکن عموماً زیادہ سخت گیر اور جارحانہ رویہ اختیار کرتے تھے، خاص طور پر شیعہ مطالبات، جیسے ریاستی اداروں میں" مناسب نمائندگی" اور اسکولوں وکالجوں میں علیحدہ مذہبی تعلیم (دینیات) کے لیے۔ ایک اور اہم مسئلہ APSC اور ITHS دونوں کے لیے یہ رہا کہ پاکستان کے پہلے آئین کے 1956ء میں نفاذ تک سنّی مذہبی لابی کی کسی ایسی قانون سازی کو روکیں جو مستقبل میں شیعہ حقوق کو نقصان پہنچا سکتی ہو، اور اس معاملے میں شیعہ تنظیمیں کافی کامیاب رہیں (سیکشن 3.2)۔ اگلے دو سالوں میں سنّی سخت گیروں نے عوامی مقامات پر ہونے والے شیعہ محرم جلوسوں پر توجہ مرکوز کی اور ریاستی حکام سے یہ چاہتے تھے کہ اُنہیں محدود کیا جائے، اور ITHS نے شیعہ عزاداری کی روایات اور اُن کے" مذہبی آزادی کے حق" کے دفاع کی قیادت کی (سیکشن 3.5)۔ اگست 1957ء میں شیعہ محرم جلوسوں پر متعدد پرتشدد حملے اور ضدی مخالف شیعہ پروپیگنڈے میں اضافہ ہوا، جس کے نتیجے میں دسمبر 1957ء میں منعقدہ آل پارٹی شیعہ کانفرنس میں ITHS اور APSC کے اراکین نے" محفوظ نشستوں" کا مطالبہ کیا۔ اُس وقت یہ خدشہ ظاہر کیا گیا کہ 1958ء میں ہونے والے پہلے ملک گیر انتخابات میں زیادہ تر شیعہ امیدواروں کے لیے نشستیں جیتنا ممکن نہیں ہوگا۔ لیکن چند ماہ کے اندر یہ مطالبہ ترک کر دیا گیا، اور قومی اسمبلی کے انتخابات کی بجائے پاکستان نے اکتوبر 1958ء میں اپنا پہلا فوجی انقلاب دیکھا (سیکشن 3.6)۔

جنرل ایوب خان کے دورِ حکومت (1958ء-69ء) کا آغاز کئی شیعوں، بشمول ITHS کے رہنماؤں، نے خوش دلی سے سراہا، کیونکہ اِس دوران سنّی انتہا پسندوں کی سرگرمیوں پر قابو پایا گیا۔لیکن جون 1962ء میں مارشل لا کے خاتمے کے بعد، عزاداری کے خلاف مہم دوبارہ زور وشور سے شروع کی گئی، اور جون 1963ء میں لاہور اور دیگر علاقوں میں محرم کے جلوسوں پر حملے کیے گئے، جو پاکستان میں اب تک کی سب سے شدید مخالف شیعہ تشدد کی وارداتیں تھیں۔1963ء کے فسادات کے اسباب کی تحقیقات کے لیے ایک خصوصی کمیشن قائم کیا گیا، جس نے کئی سفارشات پیش کیں جو بڑی حد تک نافذ کی گئیں۔اگلے چھ سالوں کے دوران محرم میں کوئی سنجیدہ تشدد نہیں ہوا، لیکن شیعوں کو اپنے عزاداری جلوسوں پر مزید پابندیاں قبول کرنی پڑیں (سیکشن 4.2)۔اِس دوران ایک "توازن" (symmetry) کا اصول قائم ہوا، جسے بعد از اں پاکستان کی تمام وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے اپنایا: یعنی سنّی انتہا پسندوں کے خلاف کسی بھی سخت کارروائی کے جواب میں شیعہ عناصر کے خلاف بھی متناسب اقدامات کیے جاتے، خواہ اُن کا معیار یا شدت قابلِ تقابل نہ بھی ہو۔

1963ء کے مخالف شیعہ فسادات کا ایک اور نتیجہ ایک نئی تحریک کی شکل میں سامنے آیا، جس کی قیادت مذہبی عالم اور مبلغ سید محمد دہلوی نے کی۔اِس تحریک نے ITHS اور APSC دونوں کی اہمیت کو پیچھے چھوڑ دیا اور 1966ء-1968ء کے دوران شیعہ کمیونٹی کی اب تک کی سب سے بڑی اجتماعی سیاسی تنظیم نو کے لیے راستہ ہموار کیا۔یہ تحریک جنوری 1964ء میں کراچی میں منعقدہ "آل پاکستان شیعہ علما کانفرنس" سے شروع ہوئی اور تین اہم مطالبات پر مرکوز تھی، شیعوں کے لیے علیحدہ دینیات، شیعہ مذہبی اوقاف پر مکمل کنٹرول، اور عزاداری کی آزادی اور تحفظ۔اِن تینوں مطالبات کو "خالصتاً مذہبی" قرار دیا گیا، اور دہلوی کو مارچ 1964ء میں صدر ایوب خان سے ملاقات کا موقع ملا، جہاں اُنہیں مبہم وعدے دیے گئے۔تاہم حکومت کی جانب سے مسلسل تاخیری حربے اور APSC و ITHS کے رہنماؤں کی جانب سے اِن تین مطالبات پر اپنی الگ سودے بازی کرنے کی کوششوں نے دہلوی کو اپنی تحریک 1966ء میں شروع کرنے پر مجبور کیا۔اُنہوں نے مرکزی "شیعہ مطالبات کمیٹی" (SMC) قائم کی اور SMC کی شاخیں سینکڑوں شہروں میں قائم کیں۔دہلوی ایک پرکشش اور مؤثر رہنما کے طور پر اُبھرے، جن کے وفادار حامیوں نے متعدد بڑے اجتماعات اور منظم سڑک احتجاج کے ذریعے حکومت پر دباؤ ڈالا، اور آخر کار نومبر 1968ء میں اِن "تینوں مطالبات" کی مکمل منظوری حاصل کی گئی (سیکشن 4.3 اور 4.5)۔

اِس بیرونی کامیابی کے باوجود، عزاداری کی مذہبی روایات اور رسومات کو پاکستان کے بعض شیعہ علما ہی نے شدید چیلنج کرنا شروع کر دیا تھا۔1950ء کی دہائی میں، جب پاکستان میں شیعہ مدارس کی تعداد بہت کم تھی اور فارغ التحصیل طلبہ کی تعداد نہ ہونے کے برابر تھی، کچھ علما یہ شکایت کرتے کہ شیعہ عزاداری کے جلوسوں اور اماموں کی یاد میں شاندار مجالس پر بڑی دولت خرچ کرتے ہیں، لیکن مذہبی تعلیم پر بخیلی کرتے ہیں۔اُنہوں نے انتباہ کیا کہ مجالس محض ایک "نمائش" کی شکل اختیار کر چکی ہیں، جہاں زیادہ تنخواہ لینے والے پیشہ ور ذاکر حضرات بارہ اماموں کے مصائب پر اپنی ساختہ جذباتی کہانیاں بیان کر کے لوگوں کو رلاتے ہیں، لیکن کبھی انہیں شیعہ عقیدت مندوں کے بنیادی فرائض ہی جیسے باقاعدہ نماز اور دینی واجبات جیسے خمس کی ادائیگی ہی پر عمل کرنے کی تلقین نہیں کرتے (سیکشن 4.3)۔

1990ء کی دہائی کے اوائل میں جب شیعہ علماء کی ساکھ انتہائی کمزور ہو گئی تھی (سیکشن 4.3)، ایک مذہبی عالم اور مجالس کے نہایت کامیاب مبلغ محمد اسماعیل نے اُن علما پر الزام لگایا جو مدارس چلا رہے تھے کہ وہ خمس کو اپنے ذاتی فائدے کے لیے غلط استعمال کر رہے

ہیں۔ مذہبی رسومات کے صحیح طریقے اور وسائل کی تقسیم کے حوالے سے اِختلاف 1964ء سے محمد حسین ڈھکو کی تحریروں کے ساتھ مزید شدت اختیار کر گیا، جن میں اُنہوں نے ذاکروں کو سخت الفاظ میں پاکستان میں شیعہ عقائد کو مسخ کرنے کا الزام دیا۔ ڈھکو کو اُن علما کی جانب سے شدید مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا جو مجالس میں خطابت کر کے روزی کماتے تھے، لیکن اُنہوں نے اپنے مشن پر اٹل رہتے ہوئے اسے جاری رکھا، جس کے نتیجے میں 1960ء کی دہائی میں شیعہ علما دو متضاد گروہوں میں تقسیم ہو گئے (سیکشن 4.4)۔ یہ اِختلاف 1970ء کی دہائی میں اور شدید ہو گیا، جب محمد اسماعیل اور اُن کے گروہ نے "خمس خور" علما پر الزام لگایا کہ وہ شیعہ عقائد کو اپنے مفاد کے مطابق محدود کر رہے ہیں، جبکہ ڈھکو گروہ نے پیشہ ور مبلغین، بشمول کئی علما، کی "لالچ" کی مذمت کی، جن پر انہوں نے عام شیعہ عوام میں بے بنیاد، مبالغہ آمیز عقائد اور خرافات پھیلانے کا الزام لگایا (سیکشن 5.6)۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ مبالغہ آمیز تعلیمات جو پیشہ ور مبلغین کی سرپرستی میں پروان چڑھیں، پاکستان میں سنّی مسلمانوں میں شیعہ مخالف جذبات کو بھڑکانے کا ایک اہم سبب بھی بنیں، اور اِس طرح وہ انتہا پسند مبلغین کے لیے راہ ہموار ہوئی جنہوں نے 1980ء کی دہائی سے شیعوں کو "غیر مسلم اقلیت" قرار دینے کے ہدف کو آگے بڑھایا (سیکشن 6.4)۔

1969ء میں ایوب خان کے اِقتدار سے ہٹائے جانے کے بعد SMC کے لیے 1968ء میں کیے گئے ان کے وعدوں پر عمل درآمد میں مزید چھ سال مذاکرات اور کبھی کبھار احتجاج کی ضرورت پڑی، اگرچہ جنرل یحییٰ خان اور ذوالفقار علی بھٹو کی حکومتیں بنیادی طور پر شیعہ مطالبات کے حق میں تھیں (سیکشنز 5.2 اور 5.5)۔ اس دوران، جب بھٹو کی پاکستان پیپلز پارٹی (PPP) مغربی پاکستان میں تیزی سے مقبول ہوئی، شیعہ اشتراکی تنظیمیں زیادہ تر بھٹو کی "سوشلسٹ" تقریروں کی مخالفت کرتی رہیں، سوائے 1969ء میں قائم ہونے والی مختصر مدت کی "شیعہ سیاسی پارٹی" کے۔ لیکن بظاہر دسمبر 1970 میں اکثریت شیعوں نے PPP کو ووٹ دیا (سیکشن 5.3)، ایک رجحان جو بعد کے تمام قومی اسمبلی کے انتخابات میں بھی دہرایا گیا۔ SMC، جس نے بعد میں بھٹو کے حوالے سے اپنا رویہ معتدل کیا، 1974ء کے بعد بالآخر اپنے اثر و رسوخ کھو بیٹھی (سیکشن 5.8)، جبکہ ITHS اور APSC پہلے ہی 1966ء-68ء کے SMC کے عروج کے دوران بڑی حد تک غیر مؤثر ہو چکی تھیں۔ 1970ء کی دہائی کے اوائل میں شیعہ مخالف مسلکی پروپیگنڈہ اور تشدد دوبارہ اُبھرنے لگے، لیکن یہ اب بھی ایسے حد میں رہے کہ PPP کی حکومت کے ذریعے قابو میں رکھا جا سکتا تھا (سیکشن 5.7)۔

شیعوں کا "پاکستان نیشنل الائنس" کی بھٹو مخالف تحریک میں تقریباً کوئی کردار نہیں تھا، جس نے جولائی 1977ء میں جنرل ضیاالحق کے فوجی انقلاب کا راستہ ہموار کیا۔

جنرل ضیاالحق کی گیارہ سالہ حکومت، جس نے سنّی اسلام پسندوں کو فوج کے سہولت کار چھوٹے شراکت دار کے طور پر اپنایا، پاکستان کے شیعوں کے لیے نئے اور سنگین چیلنجز لے کر آئی۔ اسی دوران شیعہ کمیونٹی پر ہمسایہ ملک ایران میں کامیاب "اسلامی انقلاب" (1978ء-79ء) کا گہرا اثر بھی پڑا۔ پاکستان میں قوانین کو "اسلامائز" کرنے کی جنرل ضیا کی کوششوں کو ابتدا میں شیعہ کمیونٹی اور علما کی جانب سے بھی سراہا گیا، لیکن دسمبر 1977ء تک اُنہوں نے واضح طور پر مطالبہ کیا کہ شیعہ شہریوں پر صرف اُن کی اپنی مذہبی فقہ (فقہ جعفریہ) کا اِطلاق ہونا چاہیے۔ جب ضیاء نے فروری 1979ء میں بعض "اسلامائزڈ" فوجداری قوانین کے حوالے سے اپنے پہلے آرڈیننس جاری کیے جو حنفی-سنّی تشریح پر مبنی تھے، تو شیعوں نے سخت ردعمل دیا اور بھکر (پنجاب) میں ایک عظیم کانفرنس کا انعقاد کیا، جہاں اپریل

1979ء میں "تحریک نفاذ فقہ جعفریہ" (TNFJ) کا اعلان کیا گیا۔ TNFJ، جس کی قیادت مفتی جعفر حسین نے 1983ء میں وفات تک کی، نے جلد ہی پرانی تنظیموں APSC، ITHS اور SMC کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بعد کی تنظیموں کے برخلاف، TNFJ سیاسی خواہش رکھنے والے علما کے زیرِ اثر تھی، جنہیں اُسی سال ایران میں آیت اللہ خمینی کی کامیابی سے زبردست حوصلہ ملا۔ TNFJ کو امامیہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (ISO) کی بھی بھرپور حمایت حاصل تھی، جس کی بنیاد 1972ء میں لاہور میں رکھی گئی تھی اور جس نے 1979ء میں "اسلامی انقلاب" کے نظریات کو پورے دل سے اپنایا تھا (سیکشن 6.1)۔

1970ء میں پاکستان کے بعض شیعہ علما کے درمیان پہلے ہی خمینی کے پرجوش حامی موجود تھے (سیکشن 6.5)، لیکن ایران کا اثر و رسوخ پاکستان کی شیعہ کمیونٹی تنظیموں میں صرف 1979ء میں غالب ہوا۔ مفتی جعفر حسین اب بھی علماء کی" پرانے دَور کی صف" سے تعلق رکھتے تھے اور سیاسی خواہشات نہیں رکھتے تھے، مگر اُنہیں TNFJ کی نمائندہ شخصیت کے طور پر استعمال کیا گیا، اِس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ 1979ء میں وہ "کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی" میں واحد شیعہ نمائندہ تھے، جنہوں نے 1977ء سے ضیاالحق کو "اسلامائزیشن" کے حوالے سے مشورے دیے تھے۔ جولائی 1980ء میں TNFJ نے اسلام آباد میں پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے شیعہ مظاہرے کا انعقاد کیا تاکہ ضیا کے اس نئے آرڈیننس کی مخالفت کی جاسکے، جو بینک کھاتوں سے مذہبی زکوٰۃ کی جبری سالانہ کٹوتی کا حکم دیتا تھا۔ ضیا نے پیچھے ہٹتے ہوئے شیعوں کو زکوٰۃ کی کٹوتی سے مستثنیٰ قرار دیا (سیکشن 6.2)، لیکن بعد میں اُنھوں نے منظم شیعہ کمیونٹی کو ایک خطرہ سمجھا جسے قابو میں رکھنا ضروری تھا۔ مفتی جعفر حسین کی وفات کے بعد فوج نے TNFJ میں اِنتشار پیدا کرنے میں سہولت فراہم کی (سیکشن 6.3)، اور 1981ء سے ضیاالحق نے شیعہ مخالف انتہا پسندوں کو ڈھیلی چھوٹ دے دی، جنہوں نے 1984ء میں سپاہ صحابہ) قائم کی، ایک ایسی تنظیم جس نے نعرہ بنایا: "شیعہ کافر ہیں!" (سیکشن 6.4)۔

1980ء کی دہائی میں پاکستان کی سنّی اکثریت کے ایک حصے میں انتہا پسندی، خاص طور پر پنجاب کے بعض اضلاع میں جہاں شیعہ کمیونٹی مضبوط تھی، بڑھ گئی، اور اِس کا عکس کسی حد تک پاکستان کے شیعہ نوجوانوں میں بھی نظر آیا، جو ایران سے آنے والی امریکہ مخالف اور "ضد سامراجی" پروپیگنڈے سے متاثر تھے۔ 1984ء میں سید عارف حسین الحسینی، کرم ایجنسی کے ایک نوجوان پشتون مذہبی عالم اور آیت اللہ خمینی کے پرجوش مداح، TNFJ کے اکثریتی دھڑے کے سربراہ منتخب ہوئے۔ ایران کی سیاسی قیادت کے مطابق، انہوں نے پاکستان میں بڑھتی ہوئی شیعہ مخالف شدت پسندی کو "امریکی سامراجیت" کا نتیجہ قرار دیا، جو مبینہ طور پر بعض سنّی گروہوں کو اپنے "حربے" کے طور پر استعمال کرتی ہے اور اس میں اس کا سعودی عرب کے ساتھ اتحادی کردار بھی شامل ہے، تاکہ اسرائیل اور بھارت جیسے مشترکہ دشمنوں کے خلاف مسلمانوں کی وحدت کو کمزور کیا جاسکے۔ حسینی نے سنّی اسلام پسندوں کے ساتھ مشترکہ بنیاد تلاش کرنے کی بھی کوشش کی، جولائی 1987ء میں لاہور میں ایک عظیم اجتماع منعقد کیا جسے "قرآن وسنت کانفرنس" کہا گیا، لیکن اُنہیں زیادہ کامیابی نہ ملی۔ وہ اگست 1988ء میں شہید ہوگئے، غالباً ضیاالحق کے سیاسی حلیفوں کی سازش پر، اور ضیا خود اِس کے صرف 12 دن بعد ایک پراسرار ہوائی حادثے میں ہلاک ہوگئے (سیکشن 3.6)۔ پاکستان میں جنرل ضیا کی آمریت کا اختتام ایران وعراق کے جنگ (198ء–1988ء) کے اختتام سے مل کر ہوا، جس کے بعد خمینی کی وفات (جون 1989ء) اور ایران کی خارجہ پالیسی میں زیادہ عملی رجحان آیا۔ حسینی کے جانشین سید ساجد علی نقوی نے

بدلتے ہوئے ماحول کے مطابق TNFJ کو اس کے نظریاتی بوجھ سے آزاد کیا۔ اس کا نام 1993ء میں تحریک جعفریہ پاکستان (TJP) رکھا گیا تاکہ کم جارحانہ اور کم "مسلکی" لگے۔ TNFJ نے 1988ء کے انتخابات میں PPP کے ساتھ اتحاد کیا، لیکن اس کے امیدواروں نے صرف 0.22 فیصد ووٹ حاصل کیے اور کوئی نشست نہ جیت سکے، اور 1990ء اور 1993ء کے انتخابات میں (تب TJP کے نام سے) بھی ناکام رہے (سیکشن 7.1)۔ 1990ء کی دہائی میں، سپاہ صحابہ کی شیعہ مخالف پروپیگنڈہ اور اس کی ذیلی تنظیم لشکر جھنگوی کے دہشت گردانہ اقدامات شیعہ تحریک کے لیے سب سے بڑا مسئلہ بن گئے۔ ساجد نقوی کے قانونی ردعمل نے نوجوان شیعہ سخت گیر کارکنان کو مطمئن نہ کیا، جنھوں نے 1992ء میں سپاہ محمد کے نام سے ایک گروہ قائم کیا، جس نے اپنے دہشت گردانہ اِقدامات کے ذریعے جواب دیا، اور اس میں معصوم سنّیوں کو بھی نشانہ بنایا۔ منتخب حکومتیں بڑھتی ہوئی مسلکی تشدد کی روک تھام کے لیے حکمت عملی وضع کرنے میں بے بس نظر آئیں، جس کا زیادہ تر ہدف شیعہ کمیونٹی ہی رہی (سیکشن 7.2)۔

TJP واقعی بڑی مرکزی سنّی اسلام پسند جماعتوں کے ساتھ نسبتاً اچھے تعلقات قائم کرنے میں کامیاب رہی، جیسا کہ مارچ 1995ء میں ملی یکجہتی کونسل (MYC) کے قیام میں دیکھا جا سکتا ہے، لیکن اس کی شیعہ حمایت یافتہ بنیاد 1990ء کی دہائی میں مسلسل کم ہوتی گئی (سیکشن 7.3)۔ جیسا کہ TNFJ کے قیام 1979ء سے ہوتا آیا تھا، TJP بھی سب سے پہلے شیعہ علما اور مذہبی مدارس کے مفادات کی ترجمانی کرتا رہا، اور یہ پاکستان کے زیادہ تر شیعوں کے لیے کم پرکشش ہو گیا، خاص طور پر اس وقت جب جنرل ضیا کی سنّی تشریح کے مطابق ریاست کو "اسلامائز" کرنے کے اقدامات ماضی کا حصہ بن چکے تھے۔ یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ پاکستان میں شیعہ گروہی دلچسپی کبھی مرکزی سیاست تک نہیں پہنچ سکا، اور اس کا واحد ممکنہ استثناء 1980ء میں ضیا کے زکوٰۃ آرڈیننس کے خلاف احتجاج تھا۔ چنانچہ زیادہ تر شیعہ TJP میں دلچسپی کھو بیٹھے، اور یہاں تک کہ علما کے درمیان بھی ساجد نقوی کے خلاف شدید مزاحمت سامنے آئی، کیونکہ اُن کے ذاتی رویے میں کمی پائی گئی۔ اُن کے مخالفین نے اگست 1988ء میں اُن کی قیادت کو نقصان پہنچانے کے لیے ایک بظاہر "اسلامی اتحاد کونسل" (شوریٰ وحدتِ اسلامی) قائم کی، اور اکتوبر 1999ء میں انھوں نے ساجد نقوی کو TJP کے سربراہ کے عہدے سے ہٹانے کی کوشش کی، مگر وہ اِس میں کامیاب نہ ہو سکے (سیکشن 7.3)۔

جنرل پرویز مشرف، جنھوں نے اکتوبر 1999ء سے اپنی جبری رخصتی (اگست 2008ء) تک پاکستان پر حکومت کی، کے دور میں ابتدا ہی میں "فرقہ واریت" کو قابو میں لانے کی کچھ کوششیں کی گئیں۔ اس سلسلے کا آغاز اگست 2001ء میں لشکر جھنگوی اور سپاہِ محمد پر پابندی کے نفاذ سے ہوا، جس کے بعد جنوری 2002ء میں سپاہِ صحابہ اور تحریک جعفریہ پاکستان (TJP) پر بھی پابندی عائد کی گئی۔ TJP جس نے کبھی کسی قسم کے تشدد کا اِرتکاب یا اعانت نہیں کی تھی، کے ساتھ وہی برتاؤ کیا جانا جو شدید شیعہ مخالف سپاہِ صحابہ کے ساتھ روا رکھا گیا، دراصل "توازن" یا "برابری" کی اُس پالیسی کی ایک اور مثال تھا، جو 1963ء کے فسادات کے بعد سے شیعہ برادری کے نقصان میں استعمال ہوتی چلی آ رہی تھی۔ تاہم 2002ء میں پابندی کے باوجود دونوں تنظیمیں نئے ناموں سے اپنا کام جاری رکھتی رہیں، اور TJP نے "اسلامی تحریک پاکستان (ITP)" کے نام سے سرگرم عمل رہنے کا سلسلہ برقرار رکھا۔ پابندی سے کچھ ہی عرصہ قبل TJP نے پانچ سنّی اسلام پسند جماعتوں کے ساتھ مل کر متحدہ مجلسِ عمل (MMA) میں شمولیت اختیار کی، جو اکتوبر 2002ء کے عام انتخابات میں ایک کامیاب

سیاسی اتحاد کے طور پر اُبھرا۔ اگرچہ TJP/ITP کو اِن انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت دے دی گئی، تاہم وہ ایک بھی نشست حاصل نہ کر سکی۔ نتیجتاً یہ MMA کے اندر محض ایک ثانوی شریک کار کی حیثیت ہی رکھ سکی، اور بالآخر یہ اتحاد بھی 2008ء کے انتخابات سے قبل منتشر ہو گیا (ملاحظہ ہو: باب 8.3)۔

اگر حکومت TJP/ITP پر عائد پابندی کے نفاذ کے بارے میں سنجیدہ نہ تھی، تو سپاہِ صحابہ کے معاملے میں وہ مزید غیر مؤثر ثابت ہوئی۔ معروف کارکنان کی گرفتاری کی کبھی کبھار ایسی مہمات ضرور چلائی گئیں، مگر ان افراد کو مختصر حراست کے بعد باقاعدگی سے رہا کر دیا جاتا رہا۔ اِس تنظیم نے 2003ء میں اپنا نام ''ملت اسلامیہ پاکستان (MIP)'' اور 2009ء میں ''اہلِ سنت والجماعت (ASWJ)'' رکھ لیا اور 2002ء کی ''پابندی'' کے باوجود تمام انتخابات میں حصہ لیتی رہی۔ تاہم اِس کا رہنما اعظم طارق اکتوبر 2003ء میں قتل کر دیا گیا، جسے غالب گمان کے مطابق شیعہ عناصر کے کھاتے میں ڈالا گیا۔ MIP/ASWJ کی شیعہ مخالف مہمات بڑی حد تک بلا روک ٹوک جاری رہیں، لیکن مشرف کے دورِ حکومت، اور بعد ازاں جمہوری طور پر منتخب ہونے والی پیپلز پارٹی کی حکومت (2008-2013) کے عہد میں، زیادہ سنگین مسئلہ شیعہ مخالف دہشت گردی کا خوفناک پھیلاؤ تھا، جس کا بڑا حصہ لشکرِ جھنگوی (LeJ) کے سر ڈالا گیا۔ اگرچہ 2002ء میں لشکرِ جھنگوی کے خلاف ایک مؤثر کریک ڈاؤن کیا گیا، جس میں متعدد بدنام زمانہ دہشت گرد یا تو مقابلوں میں مارے گئے یا سزائے موت پائی، مگر اِس کے باوجود تنظیم نے آنے والے برسوں میں شیعہ ٹارگٹ کلنگ کو غیر معمولی شدت کے ساتھ دوبارہ شروع کر دیا۔ اِن حملوں کے نشانہ صرف شیعہ مذہبی اجتماعات کے شرکاء ہی نہیں تھے، جہاں ایک ہی حملے میں درجنوں جانیں ضائع ہو جاتیں، بلکہ شیعہ پیشہ ور طبقے کے نمایاں افراد بھی مسلسل ٹارگٹ کلنگ کا شکار بنتے رہے۔ 2003ء سے 2013ء تک کی دہائی میں شیعہ مخالف دہشت گرد حملے زیادہ تر کوئٹہ، کراچی، لاہور اور پاکستان کے دیگر بڑے شہروں میں رونما ہوئے، تاہم ہنگو اور گلگت جیسے دیگر فرقہ وارانہ حساس علاقے بھی متاثر رہے، اور ملک کا کوئی بھی ضلع جس میں نمایاں شیعہ آبادی موجود ہو، لشکرِ جھنگوی کے دہشت گردوں سے محفوظ نہ تھا (ملاحظہ ہو: 8.1)۔ صورتِ حال خصوصاً کرم ایجنسی میں نہایت سنگین تھی، جہاں 2007ء سے کئی برس تک مقامی شیعہ آبادی نہ صرف بارہا مسلح حملوں اور بم دھماکوں کا نشانہ بنتی رہی، بلکہ ایک حقیقی محاصرے سے بھی دوچار رہی (ملاحظہ ہو: 8.2)۔ اسی طرح کوئٹہ میں بھی آسانی سے پہچانے جانے والے ہزارہ شیعہ، جو افغانستان سے ہجرت کر کے آنے والے افراد اور اُن کی نسلیں ہیں، وحشیانہ حملوں کی ایسی زد میں آئے کہ نہ صرف شیعہ کمیونٹی بلکہ دیگر مبصرین نے بھی اِن واقعات کو اُن کے خلاف ایک حقیقی ''نسل کشی'' سے تعبیر کیا۔

شیعہ برادری کے خلاف اِس پر تشدد لہر کا پس منظر پاکستان میں شدت پسند عناصر کی اُس ہمہ گیر دہشت گردانہ مہم سے جڑا ہوا تھا، جس کی قیادت 2007ء سے تحریک طالبان پاکستان (TTP) کر رہی تھی، یہ وہ سلسلہ ہے جس نے صرف 2009ء تا 2012ء کے درمیانی برسوں میں دس ہزار سے زائد شہریوں کی جان لی، اور جو پڑوسی ملک افغانستان کے تنازعے سے بھی گہرے طور پر وابستہ تھا۔ تاہم پاکستان کے شہریوں میں شیعہ اس دہشت گردی کے سب سے زیادہ غیر امتیازی اور اندھے حملوں کا شکار ہونے کے خطرے سے دوچار رہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اگرچہ متعدد مواقع پر جرائم پیشہ شدت پسندوں کے خلاف غیر معمولی عزم اور جرات کا مظاہرہ کیا، لیکن اُنہیں ہمیشہ سیاسی قیادت اور عدلیہ کی وہ پشت پناہی حاصل نہ ہو سکی جس کی اِن حالات میں ناگزیر ضرورت تھی۔ اِس کی ایک نمایاں مثال لشکرِ جھنگوی کے

بدنام زمانہ قاتل ملک محمد اسحاق کی جولائی 2011ء میں ”ناکافی شواہد“ کی بنیاد پر ضمانت پر رہائی ہے، حالانکہ 1997ء میں اس کی گرفتاری کے بعد اُس پر 44 مختلف مقدمات میں ستر افراد (جن میں اکثریت شیعہ کی تھی) کے قتل کا الزام عائد کیا گیا تھا۔ مزید برآں، بعض مواقع پر لشکرِ جھنگوی سے تعلق رکھنے والے ایسے مجرم، جو اجتماعی قتل عام کے مقدمات میں سزا یافتہ تھے، کو بھی اپنی جیلوں سے فرار ہونے کا موقع مل گیا (ملاحظہ ہو: 8.1)۔

گزشتہ دہائی میں شیعہ منظم تنظیموں کے لیے سب سے اہم مسئلے کے طور پر شیعہ مخالف دہشت گردی اُبھری ہے، اور اِس نے پاکستان کے اُن خاموش اکثریتی شیعہ باشندوں کو بھی متاثر کیا ہے جو کبھی اِن تنظیموں کی سرگرمیوں میں زیادہ دلچسپی نہیں رکھتے تھے۔ TJP/ITP عملی طور پر اپنی معنویت کھو چکی ہے، جبکہ 2008ء-2009ء میں ایک نئی شیعہ جماعت ”مجلسِ وحدتِ مسلمین“ (MWM) کے نام سے سامنے آئی، جس نے گزشتہ چند برسوں میں عظیم الشان کنونشنز اور ملک گیر احتجاجی تحریکوں کے ذریعے شیعوں کو دوبارہ قابلِ ذکر سطح پر منظم کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ اِن اجتماعات میں ریاست کے سامنے پیش کیے جانے والے بنیادی مطالبات بدیہی طور پر یہی رہے ہیں کہ شیعہ شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ تاہم، چونکہ یہ جماعت ایسے سیاسی اُمنگوں کے حامل علما پر مشتمل ہے جو اُس نسل سے تعلق رکھتے ہیں جو ایران کی اسلامی جمہوریہ کے نظریے کے ساتھ پروان چڑھی اور اُسے پوری طرح اپنا چکی ہے، اِس لیے MWM نے اپنے عوامی اجتماعات میں شیعہ مخالف دہشت گردی، اور پاکستان کی دیگر خرابیوں، کا ذمہ دار سب سے پہلے امریکہ اور اسرائیل کو ٹھہرانا مناسب اور ضروری سمجھا۔ ممکن ہے کہ اِس طرزِ بیان نے مرکزی دھارے کے سنّی اسلام پسندوں کے ساتھ ایک مشترکہ بیانیہ قائم کرنے میں مدد دی ہو، وہی طرزِ فکر جو 1984ء سے TNFJ کے رہنما سید عارف حسینی نے اختیار کی تھی اور بعد ازاں اُن کے جانشین سید ساجد علی نقوی نے بھی قائم رکھی، لیکن اِس اندازِ فکر کو پاکستان کے کم نظریاتی رجحان رکھنے والے شیعوں کی طرف سے بجا طور پر تنقید کا سامنا بھی کرنا پڑا ہے (ملاحظہ ہو: 8.3)۔

2012ء کے وسط میں MWM نے آئندہ عام انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا اور ایک بھرپور، مربوط اور پیشہ ورانہ انتخابی مہم کے بعد مئی 2013ء میں قومی اسمبلی کے لیے 20 اور چاروں صوبائی اسمبلیوں کے لیے 52 امیدوار کھڑے کیے۔ لیکن حیرت انگیز طور پر MWM کو قومی اسمبلی میں محض 0.09 فیصد ووٹ ملے اور صوبہ بلوچستان میں کوئٹہ کی ایک واحد نشست کے سوا اُسے کوئی کامیابی نہ مل سکی۔ قومی اسمبلی کے امیدواروں کو ملنے والے تمام ووٹوں کی مجموعی تعداد 41,520 رہی، جو گزشتہ برسوں میں کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں منعقدہ مختلف MWM کنونشنز میں شریک افراد کی تعداد سے بھی کم تھی۔ یہ صورتِ حال ایک مرتبہ پھر اس مستقل سیاسی حقیقت کی تصدیق کرتی ہے جو 1950 کی دہائی سے پاکستان میں قائم ہے: صرف شیعہ گروہی ایجنڈا لے کر چلنے والے شیعہ امیدوار انتخابی کامیابی حاصل نہیں کر سکتے۔ دوسری جانب پاکستان کی مرکزی دھارے کی سیاسی جماعتوں نے آج تک شیعہ اور سنی ووٹرز میں امتیاز نہیں برتا، اور یہ بات نہایت حوصلہ افزاء ہے۔

آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ 1948ء سے پاکستان میں سرگرم مختلف شیعہ تنظیمیں اگرچہ کبھی بھی شیعہ آبادی کے ایک محدود حصّے سے زیادہ کو منظم نہ کر سکیں، لیکن اُنھوں نے اپنے پیروکاروں کے قانون کے سامنے مساوی حقوق کے تحفظ میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔

